وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ (سورۃ یٰسین - 39)

ترجمہ: اور چاند (کیلئے) ہم نے مقرر کی ہیں منزلیں، یہاں تک کہ ہو جاتا ہے کھجور کی شاخ کی طرح پرانی

ویدک نجوم کی خفیہ راز منازلِ قمری کے اسرار و رموز

الارض

تحقیق و تحریر

ڈاکٹر سید انور فراز

مکتبہ آئینہ قسمت

کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 نزد مین مارکیٹ لاہور 54660

حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ (سورۃ یٰسین۔39)

ترجمہ: اور چاند (کیلئے) ہم نے مقرر کی ہیں منزلیں، یہاں تک کہ ہو جاتا ہے کھجور کی شاخ کی طرح پرانی

ویدک نجوم کے خفیہ راز منازلِ قمری کے اسرار و رموز

ISBN: 978-969-9571-54-1

قیمت:-/500 روپے

کاشانہ زنجانی، D-125 گلبرگ۔2، حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ نزد ملن مارکیٹ، لاہور 54660

مکتبہ آئینہ قسمت

ناشر

شہزادہ سید محمد علی زنجانی

نام کتاب : اِک جہانِ حیرت

مصنف : ڈاکٹر سید انور فراز

معاون : شہزادہ سید معصوم علی زنجانی

اشاعت اول : مارچ 2015ء

تعداد اشاعت : 1000

کمپوزنگ ٹائٹل : شہزاد شاکر

پرنٹرز : حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور

پبلشرز : انجم شہزادہ سید محمد علی زنجانی

قیمت : -/500 روپے

صفحات : 256

ISBN: 978-969-9571-54-1

مکتبہ آئینہ قسمت

کاشانہ زنجانی، D-125، گلبرگ 2،

حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ نزد مین مارکیٹ، لاہور پوسٹ کوڈ 54660

فون نمبر: 35752277-35872277

برانچ آفس کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ، کراچی۔ فون: 32217544

شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی
کے لیے بصد محبت و خلوص کہ یہی اس کتاب
کی تصنیف کا اصل محرک ہیں۔

گر قبول اُفتد زہے عزّ و شرف

ڈاکٹر سیّد انور فراز

فہرست

مکالمۂ اوّل

''اک جہانِ حیرت'' علم نجوم کی معرفت اپنی ذات کی آگاہی ہے' فرمانِ خدا ہے کہ جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اُس نے خدا کو پہچان لیا۔
علم نجوم علوم کائنات میں وہ واحد لطیف علم ہے جو ہمیں مستقبل کی آگاہی دیتا ہے' قرآن احوال نجوم یوں بیان کرتا ہے۔

سورۃ ابراہیم، آیت: فنظر نظرة فی النجوم ٥ فقال انی سقیم

ترجمہ: ابراہیمؑ نے ستاروں پر ایک نظر ڈالی پھر کہا'' میں بیمار ہونے والا ہوں'' ماضی، حال اور مستقبل زمانے کی اُن گردشوں کا نام ہے جو گردش سیارگان کے طابع ہے زمانہ ماضی تاریخ بن جاتی ہے۔ قرآن، قصص الانبیا سے بھرا ہوا ہے' عبرت اور راہنمائی بھی دے رہا ہے۔ زمانہ حال ہم سب کا جاری ہے لیکن سبھی مستقبل سے آگاہی کے خواہاں ہیں۔ علم الفلکیات ونجوم ہمہ وقت ان دوستوں کا راہنما بن جاتا ہے جو اس سے فیض پانا چاہیں، منازل قمر، بروج اور سیارگان اللہ رب العزت کی وہ نشانیاں ہیں جو عقل مندوں کے لیے رہنمائی کا کام انجام دیتی ہیں۔

زیر نظر کتاب ''اک جہانِ حیرت'' اسی سلسلے کی عظیم منجم سید انور فراز کی عظیم کاوش ہے۔ یہ کتاب نہ صرف معرفت افلاک و نجوم بلکہ شائقین نجوم کے لیے دعوتِ سعادت نجوم و کمال ہے۔ اس کتاب کی عرفانی و افلاکی حیثیت ایک مبتدیٔ نجوم سے لے کر اساتذۂ نجوم کی دلچسپی، علمی، روحانی، افلاکی حیثیت و معرفت کا سبب بنے گی اور یقیناً طالب علم نجوم کے علمی، افلاکی در کھلتے چلے جائیں گے۔

صاحب مصنف کی کتاب ثانی ''پیش گوئی کا فن'' بھی دورِ حاضر کی وہ انمول کتاب ہے جو یقیناً طلبہ کی پیاس بجھائے گی۔ یکے بہ دیگرے ہر دو کتب دورِ حاضر کی اہم ضرورت ہیں' آج جب کہ کمپیوٹر، انٹرنیٹ سے ہفتوں میں بنایا گیا زائچہ منٹوں میں بن تو جاتا ہے مگر اس کی فہم وفراست کے لیے ایک مدرسہ نجوم یا اُساتذۂ نجوم کا ہونا ضروری ہے' ہر دو

کتب انتہائی سادہ فہم سے ترتیب دی گئی ہیں' یہ کتب ہمہ وقت استاد کی حیثیت میں آپ کی راہنما دوست رہیں گی' جن سے ہر کم و ناقص اور میرے جیسا طالب علمانہ ذہن رکھنے والا بھی بہ آسانی استفادہ کر سکے گا اور کر سکتا ہے۔

''اک جہانِ حیرت'' قدیم نجوم سے جدید نجوم کی طرف ہوا کا ایک تازہ اور خوش گوار جھونکا ہے۔ بارہ منطقۃ البروج کی 27 منازل قمری (پچھتر) جنہوں نے افلاک و کائنات کا احاطہ کر رکھا ہے' انسانی فطرت اور نفسیات کی بنیادی طور پر عکاس ہیں' ہر منزل ہمیں اپنا وہ چہرہ دکھاتی ہے جس سے ہم شاید واقف نہیں ہیں' اس حوالے سے یقیناً یہ کتاب اپنی ذات سے بھرپور آگاہی حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوگی' بلکہ اس کتاب کی معاونت میں عزیزم محمد ممتاز اکبر صاحب کی کاوش بھی گراں قدر ہے' ہم اپنی خوبیوں اور خامیوں کے بارے میں جان کر خوبیوں سے استفادہ کر سکتے ہیں اور خامیوں کی اصلاح پر توجہ دی جاسکتی ہے' اس کا مطالعہ یقیناً نہ صرف دوسروں کی درست راہنمائی بلکہ ہمیں خود شناسی میں بھی مدد دے گا۔ ''اک جہانِ حیرت'' نجوم کی وہ روشن شمع ہے جس سے ہزاروں لاکھوں علمی شمعیں روشن کی جاسکیں گی۔

دعاگو
شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی
ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ قسمت
کاشانۂ زنجانی
حضرت میراں حسین زنجانی روڈ،
D-125، گلبرگ II، نزد مین مارکیٹ،
لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54660

تعارف

دنیا بھر میں علم نجوم کے مختلف اسکول آف تھاٹ موجود ہیں جن میں یونانی جسے آج کل ویسٹرن سسٹم بھی کہا جاتا ہے' بہت مشہور ہے اور تقریباً دنیا کی نصف سے زیادہ آبادی اس سسٹم کی پیروی کرتی ہے' دوسرے نمبر پر ویدک علم نجوم ہے جسے ''جوتش'' یا ویدک سسٹم بھی کہا جاتا ہے' اس کے علاوہ چائنیز' جاپانی طریقہ کار بھی مروج ہے' چاند کی منزلیں (Lunar mensions) تقریباً ہر سسٹم میں موجود ہیں اور بنیادی اہمیت رکھتی ہیں' عربی میں انہیں ''منازل قمر'' اور جوتش ودّیا میں انہیں ''نچھتر'' (Nakshatra) کہا جاتا ہے' یہ سنسکرت کا لفظ ہے۔

منازل قمر یا نچھتر علم نجوم میں نہایت دقیق حسابات پیش کرتی ہیں' یونانی علم نجوم سے زیادہ ویدک نجوم میں ان پر انحصار کیا جاتا ہے اور زندگی کے ادوار، فطری رجحانات اور عادات واطوار، دو افراد کے درمیان موافقت وہم آہنگی، کسی اہم کام کی ابتدا کے لیے سعد وقت کا تعین وغیرہ الغرض ویدک نجوم کا کوئی مسئلہ ایسا نہیں ہے جہاں نچھتر کی اہمیت نہ ہو' خاص طور پر صاحب زائچہ کی شخصیت' کردار' فطرت اور بنیادی حالات زندگی اس کے دائرہ کار میں آتے ہیں۔

یونانی ماہرین نجوم نے قمر کی 28 منزلیں مقرر کی ہیں جبکہ ویدک نجوم میں 27 منزلیں یا نچھتر مقرر ہیں' دائرہ بروج کے 360 درجات کو 27 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے' اس طرح ایک حصہ یعنی ایک نچھتر 13 درجہ 20 دقیقہ طوالت رکھتا ہے پھر ایک حصے کو یعنی ایک نچھتر کو مزید 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا' اس طرح ایک نچھتر کے چار ٹکڑے کیے گئے ہیں اور ہر ٹکڑے کو ایک قدم' چرن یا کوارٹر کہا جاتا ہے۔

جس طرح 360 درجات پر 12 بروج کو تقسیم کیا گیا ہے اسی طرح منازل قمری کے لیے 360 درجات کو یونانی نجوم میں 28 اور ویدک نجوم میں 27 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور جیسے 12 بروجوں کے مخصوص نام حمل' ثور' جوزا وغیرہ مقرر ہیں اسی طرح منازل کے نام بھی مقرر ہیں' فرق

یہ ہے کہ لاطینی زبان میں ان کے نام کچھ اور ہیں اور عربی میں کچھ اور جبکہ ویدک نجوم میں یہ نام سنسکرت میں ہیں۔

ہم یونانی منازل قمری پر پہلے تفصیل سے لکھ چکے ہیں اور اس کتاب کے آخر میں یونانی منازل قمری کا مضمون بھی دیا جا رہا ہے، اردو زبان میں ویدک منازل قمر کے بارے میں پہلے کبھی تفصیل سے نہیں لکھا گیا' ہماری کوشش ہے کہ اردو زبان کی تہی دامنی کا ازالہ ہو اور ہمارے اردو زبان کے قارئین بھی اس جہان حیرت کی سیر کریں۔

ویدک منازل قمری کا سسٹم نہایت قدیم ہے' تقریباً 5ہزار سال سے بھی زیادہ عرصے سے اس پر تحقیق ہو رہی ہے لیکن ابتدا ہی سے تحقیق کا یہ کام ہندو منجمین کرتے رہے ہیں جس کے نتیجے میں ہندو دیو مالا اس معاملے میں ایک مخصوص رنگ میں شامل نظر آتی ہے۔

گزشتہ بیسویں صدی میں جب ویدک علم نجوم کا دائرہ کار مغرب تک دراز ہوا تو مغربی ماہرین نجوم نے بھی اس پر کام کیا لیکن اکثریت ہندو مائیتھالوجی کے اثر سے مغلوب رہی اور اسے تبدیل کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی' یا اس کی ضرورت نہیں سمجھی گئی' بہر حال ہم نے حسب توفیق کوشش کی ہے کہ ہندو مائیتھالوجی کے مخصوص نظریات کو کم سے کم بیان کیا جائے اور نچھتر کے بنیادی اثرات و خصوصیات پر توجہ مرکوز رکھی جائے۔

منازل قمر یونانی ہوں یا ویدک یا چائنیز ان کی ابتداء دائرہ بروج کے پہلے برج حمل کے پہلے درجے سے ہوتی ہے' یونانی میں پہلی منزل یا نچھتر کا نام ''الشرطین'' ہے جبکہ ویدک نجوم میں اسے ''اشونی'' کہا جاتا ہے' ہم یہاں 27 نچھتروں کے بارے میں مکمل تفصیلات دے رہے ہیں' ان سے فائدہ اٹھانے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کا حتمی طور پر درست زائچہ پیدائش موجود ہو اور آپ کو اپنے پیدائشی نچھتر کے بارے میں واقفیت ہو' واضح رہے کہ درست ترین زائچہ پیدائش کے لیے آپ کی درست تاریخ پیدائش اور وقت پیدائش معلوم ہونا ضروری ہے' اگر وقت پیدائش میں کمی بیشی ہوگی تو آپ کا پیدائشی نچھتر یا قمری نچھتر تبدیل ہو سکتا ہے' خاص طور پر طالع پیدائش کا درست نچھتر معلوم کرنے کے لیے اور نچھتر کا درست قدم معلوم کرنے کے لیے وقت پیدائش کی درستگی انتہائی ضروری ہے' ہمارے عام منجمین اس طرف زیادہ توجہ نہیں دیتے کیوں کہ عام لوگوں کو بھی اپنا وقت پیدائش معلوم نہیں ہوتا یا اس میں کوئی کمی بیشی ضرور ہوتی ہے' ایک قابل منجم اگر چاہے تو

بتائے گئے وقت کی درستگی کر سکتا ہے' اس سلسلے میں زندگی کے اہم واقعات کی تاریخیں دریافت کر کے اور ان کا موازنہ زائچے سے کر کے وقت کو درست کیا جا سکتا ہے۔

علم نجوم اور خاص طور پر ویدک علم نجوم جسے قدیم سنسکرت میں جوتش کہتے ہیں' صرف دائرہ بروج کے بارہ برجوں پر ہی انحصار نہیں کرتا' یہ ان برجوں کی مزید تقسیم پر زور دیتا ہے تاکہ پیش گوئی کی انتہائی قریب ترین اور طاقت ور تیکنیک سے کام لیا جا سکے۔

برجوں کی یہ تقسیم ستائیس قمری' شمسی یا دیگر سیارگان کی منازل سے تعلق رکھتی ہے' یہ منازل تقریباً 300 سے 400 برسوں کی دوری پر ثوابت سیارگان (FIXED STARS) سے وجود میں آئی ہیں' منزل کو سنسکرت میں "نچھتر" (NAKSHATRA) کہا جاتا ہے' اس اصطلاح کو اگر اس کے ضروری اجزا میں توڑا جائے تو "نکش" کے معنی آسمان اور "شتر" کے معنی علاقہ کے ہیں جس کا ترجمہ آسمان کا نقشہ ہو سکتا ہے' ایک اور ترجمہ نقشہ اور تارا بھی ہو سکتا ہے' دونوں معنوں سے واضح ہو جاتا ہے کہ قدیم ویدک ماہرین فلکیات کی نظر میں 12 بروج نہیں بلکہ 27 نچھتر یا قمری منزلیں ہیں۔

یاد رکھنا چاہیے کہ وہ چاند یا قمر ہی تھا جسے قدیم زمانے کے لوگوں نے سورج کے بعد سب سے زیادہ اہمیت دی' اس کے اثرات کا جائزہ لیا اور وقت کا حساب لگانے کے لیے چاند اور سورج کی گردش پر غور و فکر کیا' اس طرح غور و فکر کا یہ سلسلہ بالآخر آسمانی ستاروں اور سیاروں سے جڑ گیا ہے۔

یقین کرنا چاہیے کہ فلکیاتی مشاہدے کا آغاز قدیم لوگوں نے تاروں بھری راتوں میں چاند کی گردش کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا ہوگا' اس اعتبار سے نچھتروں یعنی منازل قمری کا سسٹم بہت ہی قدیم ہے' یعنی 5000 برسوں سے بھی زیادہ قدیم' اہل ہند ہوں یا یونان یا مصر' قدیم تحریروں میں ان کے مشاہدات اور تجربات ملتے ہیں' یہ قمری منازل چین اور عرب میں بھی موجود ہیں اور اللہ کی آخری کتاب قرآن حکیم میں بھی ان کا تذکرہ موجود ہے لیکن مغربی ماہرین نجوم نے ان پر زیادہ توجہ نہیں دی' صرف دائرہ بروج کے مطالعے اور مشاہدے کو کافی سمجھا اور علم نجوم کی بنیادی اساس بنایا جو زیادہ دقیق حساب و مشاہدہ پیش نہیں کرتا۔

اگر مسلمانوں میں تحقیق و جستجو کا سلسلہ جاری رہتا تو ممکن تھا کہ مسلمان ماہرین

فلکیات اس حوالے سے بھی مزید شاندار کارنامے انجام دیتے' کیوں کہ اس کی ابتدا عربوں میں نویں صدی عیسوی میں ہوگئی تھی' حضرت شیخ محی الدین ابن عربی کی مرتب کردہ منازل قمری کی ایک جدول آج بھی ہمارے مطالعے میں آتی ہے' آپ نے تمام منازل قمری کے لیے عربی حروف تہجی بھی مخصوص کیے تھے لیکن نہایت افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ جب مذہب اسلام میں کلیسائی کلچر پروان چڑھنے لگا تو تمام علوم وفنون بے جا اور نامناسب قدغنوں کا شکار ہو کر اپنی موت آپ مرنے لگے' ہر قسم کی خصوصاً سائنسی ترقی رک گئی' یہی صورت حال پندرھویں صدی سے پہلے یورپ میں تھی جب عظیم ماہر فلکیات گلیلو نے اپنے کائناتی مشاہدے کے بعد یہ اعلان کیا کہ زمین سورج کے گرد گردش کر رہی ہے تو کیتھولک چرچ نے اسے مذہبی نظریات سے متصادم قرار دے کر گلیلو کو موت کی سزا سنادی' آخر کار اسے اپنی جان بچانے کے لیے اپنے ایک درست نظریے سے انکار کرنا پڑا اور معافی نامہ پیش کرنا پڑا۔

ہم آج تک ایسی ہی صورت حال کا شکار ہیں' کم علم' بددیانت اور متشدد مذہبی پادری آج بھی دنیاوی علوم وفنون کی ترقی میں رکاوٹ کا باعث بن رہے ہیں' وہ انگریزی زبان سیکھنے کے خلاف ہوئے تو کبھی سائنس کو مذہب سے متصادم قرار دے دیا اور اپنی کم فہمی یا جہالت کے سبب کائنات کی ہر حقیقت سے انکار کیا تاکہ اپنی برتری کو برقرار رکھ سکیں لیکن اس کوشش کے نتیجے میں رفتہ رفتہ وہ اپنے اصل مقام سے بھی گر گئے۔

ہندو معاشرے میں علم نجوم کو ابتدا ہی سے دیوی دیوتاؤں کا علم تصور کیا گیا اور مذہب کا حصہ بنایا گیا' لہٰذا ہندو ماہرین فلکیات کو اس میدان میں داد تحقیق دینے کے لیے کسی مذہبی مزاحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑا لیکن مذہب سے علم نجوم کی وابستگی بعض دیگر خرابیوں کا باعث بن گئی' انہوں نے ستاروں اور سیاروں' برجوں اور نچھتروں کو اپنے دیوی دیوتاؤں سے منسوب کر کے ستارہ پرستی کی شرکیہ لعنت کو فروغ دیا' اس طرح ایک خالص سائنسی علم کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا۔

ہم نے زیر نظر کتاب میں کوشش کی ہے کہ ایسے باطل نظریات کی نفی کی جائے اور خالص سائنسی اور علمی تحقیق کی روشنی میں بات کی جائے۔

ہندو پنڈت اور اسکالر سخت متعصب ہیں اور ان کے تعصب کا ایک نمونہ یہ بھی ہے

کہ وہ ہندی اور سنسکرت کی اصطلاحات کا بے تحاشا استعمال کرتے ہیں' اردو زبان سے تو ان کے بغض و عداوت کی وجہ سمجھ میں آتی ہے کیوں کہ یہ برصغیر کے مسلمانوں کی زبان کہلائی مگر انگریزی میں بھی وہ سنسکرت کی ٹھیٹھ اصطلاحات کے استعمال پر کاربند رہتے ہیں' ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ ایسی اصطلاحات کی حسب ضرورت تشریح کر دی جائے تاکہ ہمارے قارئین اصل مفہوم کو سمجھنے میں الجھن محسوس نہ کریں۔

ہمیں یہ اعتراف ہے کہ اس موضوع کی جانب ہمارے بہت ہی محترم' مخلص اور اعلیٰ اخلاق کے حامل شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی نے ہمیں متوجہ کیا، اُن کی حوصلہ افزائی نہ ہوتی تو شاید یہ کتاب آپ کے سامنے نہ ہوتی، امید ہے کتاب سے فیض یاب ہونے والے ہمارے ساتھ شاہ زنجانی کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

❖❖❖

ویدک منازل قمری (نچھتر) مع منسوبات

نمبر شمار	نام نچھتر	حاکم نچھتر	سعد یا نحس	معنی	حیوانی علامت	حکمران قوت	ذات
01	اشونی	کیتو	سعد	شہ سوار	نر گھوڑا	دو آفاقی گھڑ سوار	ویسیا
02	بھرنی	زہرہ	نحس	بوجھ اٹھانے والا	ہاتھی	فرشتہ اجل	نچلا ترین
03	کرتکا	شمس	نحس	کلہاڑی یا کاٹنے والا	بھیڑ	اگنی دیوتا	برہمن
04	روہنی	قمر	سعد	گلابی رنگت	سانپ	مخلوقات کا مالک	شدر
05	مرگسرا	مریخ	سعد	ہرن کا سر	سانپ	چاند دیوتا	نوکر
06	اردرا	راہو	نحس	مرطوب	کتا	طوفان کا دیوتا	قصاب
07	پنر وسو	مشتری	سعد	اچھا، عمدہ	بلی	ادیتی	ویسیا
08	پشیا	زحل	سعد	پرورش کرنے والا	بھیڑ	استادوں کا استاد	چھتری
09	اشلیشا	عطارد	نحس	گلے لگانے والا	بلی	ناگ دیوتا	نچلا ترین
10	مگھا	کیتو	نحس	طاقت ور	چوہا	حیات جاودانی پانے والے	شدر
11	پروا پھالگنی	زہرہ	نحس	پھل	چوہا	اپال کے سردار	برہمن
12	اتر پھالگنی	شمس	سعد	پھل	گائے	دولت، محبت، شادی عطا کنندہ	چھتری
13	ہست	قمر	سعد	ہاتھ	بھینسا	شمسی توانائی کا بدل	ویسیا
14	چترا	مریخ	سعد	روشن	شیر	معمار، جعل ساز	نوکر
15	سواتی	راہو	سعد	تلوار	بھینسا	ہواؤں کا دیوتا	قصاب
16	وشاکھا	مشتری	سعد	پھیلتی ہوئی شاخیں	شیر	اندرا اور آگ	نچلا ترین
17	انورادھا	زحل	سعد	کامیابی	ہرن	.متر	شدر
18	جیشٹھا	عطارد	نحس	قدیم	ہرن	اندرا	نوکر
19	مولا	کیتو	نحس	جڑ	کتا	آفت	قصاب
20	پرواشادھا	زہرہ	سعد	ناقابل شکست	بندر	پانی کا دیوتا	برہمن
21	اتر شادھا	شمس	سعد	ناقابل شکست	گائے	دیوتاؤں کا مجموعہ	چھتری
22	سرونا	قمر	نحس	سماعت	بندر	وشنو	نچلا ترین
23	ابجیت یا دھنشٹھا	مریخ	سعد	اعلیٰ ترین سماعت	شیر	آٹھ واسو	نوکر
24	ستابھیشا	راہو	سعد	سو طبیب	گھوڑا	ورونا	قصاب
25	پروا بھدراپد	مشتری	نحس	خوبصورت گھر	شیر	ایک پیر والی بکری	برہمن
26	اتر بھدراپد	زحل	نحس	خوبصورت گھر	گائے	ہدنیا	چھتری
27	ریوتی	عطارد	سعد	دولت مند	ہاتھی	خوشحالی دینے والا	شدر

پہلا پچھتر اشونی (Ashvini)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Ashvini	M	♉	♈	Tama	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Dhama	Horse Head	Asvini Kumars	Top of foot	Vaisya

اس پچھتر کی ابتدا برج حمل کے صفر درجے سے ہوتی ہے اور 13 درجہ 20 دقیقہ پر اختتام ہوتا ہے' یہ مذکر پچھتر ہے' اس کا نشان گھوڑے کا سر' حاکم کیتو ہے' فطرت دیوا (سونے جیسا) بنیادی محرک مذہب ہے' حیوانی علامت نر گھوڑا اور سمت جنوب ہے' خاصیت آگے کی طرف دیکھنا' مسیحائی یا رہنمائی کرنا' روشنی اور خوشیاں لاتا ہے' اسے پو پھٹنے یا معجزات سے بھی منسوب کیا جاتا ہے، سامان کی نقل وحمل کے معاملات بھی اس کے زیر اثر آتے ہیں۔

ستائیس منازل قمری میں اشونی پہلی منزل ہے جو مکمل طور پر برج حمل کے ابتدائی درجات میں واقع ہے' برج حمل پر مریخ کی حکمرانی ہے لیکن پچھتر پر کیتو (ذنب) حکومت کرتا ہے جو چاند کا جنوبی سایہ ہے لہذا اس پچھتر میں پیدا ہونے والے عورت ومرد مریخ اور کیتو کی مشترکہ توانائی کا مرکب ہوتے ہیں' توانائیوں کے اس امتزاج سے فعالیت' ہٹ دھرمی یا استواری' غضب ناک سرگرمی اور زندگی کی امنگ کی عکاسی ہوتی ہے' اس پچھتر سے اولین توانائیوں کی فعالیت کے ساتھ شعور کی بیداری وابستہ ہے' یہ پچھتر تین ثابت سیاروں پر مشتمل ہے جو دائرہ بروج کے تھوڑا سا شمال میں واقع ہیں' اشونی کو ''ٹرانسپورٹ کا ستارہ'' بھی کہتے ہیں۔

بعض مصنفین نے لکھا ہے اس کا مطلب ''گھڑ سوار خاتون'' یا ''گھوڑوں والی یا گھوڑوں کو جوتنے والی'' ہے' دلچسپ بات یہ ہے کہ گھوڑوں کے شوقین مشہور افراد اکثر اس پچھتر میں پیدا ہوئے ہیں مثلاً شہزادہ چارلس اور جیکی اوناسس' گھوڑوں جیسی طاقت اور برداشت' سرکشی کی فطرت اس پچھتر میں پائی جاتی ہے۔

اشونی پچھتر میں کھلنڈرا پن اور بچگانہ فطرت بھی دیکھی جاسکتی ہے' ایک نڈر اور بے خوف جذبہ جو نئے جہان دریافت کرنا چاہتا ہو' سامنے آتا ہے۔ سفر کا آغاز کرنے کے لیے اشونی ایک موافق پچھتر ہے، جب چاند اشونی میں حرکت کررہا ہو تو نئے سفر کا آغاز کرنا چاہیے۔ مشہور مصنف پین بہاری لکھتا ہے' ''اگر کوئی گھڑ سوار کسی جنگلی گھوڑے کو رام کرلے تو وہ اس پر طویل سفر کرسکتا ہے اور یہ کام اُسی وقت ممکن ہے جب قمر اشونی میں ہو۔

چونکہ سورج برج حمل میں شرف یافتہ ہے لہٰذا لیڈر شپ' جنگ جو یانہ صلاحیت' اختیارات اور قدر و منزلت کی چاہت بھی اشونی سے وابستہ ہے' اس پچھتر کا بنیادی محرک مذہبی کارنمایاں اور سرگرمی کا اصول ہے' قانون' فرض' مذہب اور اخلاقی رویہ پر یہاں زور دیا جاتا ہے۔

اشونی سے متعلق ہندو دیو مالا خاصی عجیب اور پراسرار ہے' اشونی کو سورج یعنی سوریا دیوتا سے جوڑ دیا گیا ہے کہا جاتا ہے کہ سوریا اتنا روشن اور گرم تھا کہ کوئی بھی اس کی موجودگی برداشت نہیں کرسکتا تھا لہٰذا اس کی مدد کرنے کے لیے اس کے باپ نے اسے 12 حصوں میں تقسیم کردیا، ہر حصہ اپنے عالم میں ایک سورج ہوگیا، بہرحال ہم اسے نظرانداز کرنا بہتر سمجھتے ہیں۔

مختصر یہ کہ اشونی کو آفاقی' عارفانہ ڈاکٹر کے طور پر دکھایا گیا ہے جو ایک سنہرے رتھ پر سوار اپنی مسیحائی کی توانائی کو زمین پر لارہا ہے' اشونی میں تیزی سے زخم بھرنے اور چیزوں تک پہنچنے کی صلاحیت ہے اسے اعادہ شباب کے لیے بھی بہتر سمجھا جاتا ہے اور دیوتاؤں کا معالج کہا جاتا ہے' اس پچھتر میں علاج معالجہ مفید ثابت ہوتا ہے' قوت حیات متحرک ہوتی ہے۔ یونان میں اشونی کا ہمسر ایسکلی پیوس ہے جو قدیم دور کا بابائے طب ہے۔ یہ پچھتر ادویات کا انصرام کرنے' زخم بھرنے کا کام کرنے کے لیے بہتر ہے اور معجزوں کو جنم دیتا ہے۔

تاریک رخ

اشونی کا تاریک پہلو ہیجان' جارحیت' ایک ضدی اور گھمنڈی فطرت ہے' امیر تیمور اور ایڈولف ہٹلر کا پیدائشی شمس اشونی میں تھا' جذبہ' شہوت اور تمیز کا فقدان ہوسکتا ہے' اگر اس پچھتر میں متاثرہ سیارے ہوں یہاں زہرہ کی موجودگی جنس کے معاملے میں مشکلات لاسکتی ہے' عدم تسکین' مایوسی' ذہنی سکون کا فقدان اور تنقید کا خوف ظاہر ہوسکتا ہے' اگر زحل اس پچھتر میں ہو تو اپنے برج ہبوط میں ہوگا اور فطری عجز و انکساری کا خاتمہ کردے گا' گویا یہ لوگ کم تر درجے کے کاموں کی طرف متوجہ نہیں ہوتے ، مریخ کی یہاں موجودگی جارحیت کا نشان ہوسکتی ہے۔

اشونی کے چار قدم

پچھتر اشونی کا پہلا قدم صفر درجہ حمل سے تین درجہ بیس دقیقہ حمل تک ہے' اس قدم پر پیدائش کو سعد تصور نہیں کیا جاتا کیوں کہ صاحب زائچہ غیر مستقل مزاج' گناہوں سے وابستہ' شہوانی لذتوں کا رسیا اور دوسروں پر تنقید کرنے والا ہوسکتا ہے۔

اشونی کا دوسرا قدم تین درجہ بیس دقیقہ سے چھ درجہ چالیس دقیقہ حمل تک دراز ہے اسے سعد تصور کیا جاتا ہے' صاحب زائچہ ہرفن مولا' خوب صورت' سیکھنے سمجھنے کی عمدہ صلاحیتوں کا مالک' تحریروں کا علم رکھنے والا ہوگا۔

اشونی کا تیسرا قدم 6.40 درجہ سے 10 درجہ حمل تک دراز ہے' یہ بھی سعد اثرات کا حامل ہے' صاحب زائچہ جسمانی محنت کے لیے موزوں' ایک اچھا معلم یا تشہیر کرنے والا' علم ریاضی کی صلاحیت' بواسیر کا مریض اور فطرت میں تھوڑی سی خباثت رکھتا ہوگا' سیکھنے سمجھنے کی عمدہ صلاحیت کا حامل اور مذہب کی طرف جھکاؤ رکھتا ہوگا۔

اشونی کا چوتھا قدم 10 درجے سے 13.20 درجہ حمل تک دراز ہے' یہ بھی سعد قدم ہے' سچا' عقل مند اور دولت مند بناتا ہے' ایسٹرولوجی کا علم دیتا ہے' یہ لوگ جنس مخالف کو پسند کرتے ہیں لیکن اس پچھتر میں پیدا ہونے والا بعض مخصوص صورتوں میں زنخا بھی ہوسکتا ہے۔

اشونی میں طالع

اگر طالع پیدائش کے درجات اشونی نچھتر میں ہیں تو ہمیں ایک پسندیدہ شخص ملتا ہے جو خوش جمال' خوش لباس اور حسن افزا ہے' کام میں اہل' باعزت ذرائع سے روزی کمانے والا اور گھر کا ایک نمایاں فرد ہے' یہ ایک پرعزم شخص ہے جو اپنے کھانے کی عادتوں کو کنٹرول کرنے کا بھی اہل ہے' خوش باش' آزاد منش اور منکسر المزاج ہے' بہت سوں سے زیادہ مالی طور پر مستحکم اور کامیاب ہے' مہم جویانہ جذبہ رکھتا ہے، سفر کا شوق، چمکیلی آنکھیں، مقناطیسی نظر، معزز، نمایاں، شرمیلا پن، اہل، ڈائٹ کنٹرول کرنے کی ضرورت، منشیات کا رجحان ہوسکتا ہے۔

مشہور شخصیات میں امیر تیمور گورگانی' موتی لال نہرو' بہائی مذہب کا بانی عبدالبہا' مارٹن لوتھر کنگ' رابرٹ ایف کینیڈی' ہدایت کار ستیہ جیت رے' اداکار کمل ہاسن' اداکارہ سری دیوی اور جیا شاہا سو وغیرہ۔

اشونی میں شمس

اگر پیدائشی شمس اشونی نچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ شاہانہ مزاج کا مالک اور اقتدار پسند ہوگا' گھمنڈی فطرت، عمدہ کاروباری صلاحیت رکھتا ہوگا' بااختیار حیثیت کا حامل اور اقتدار و شہرت کی خواہش رکھتا ہوگا' عسکریت پسندانہ قیادت اور جارح ہوگا' اسے اپنے غصے پر قابو رکھنا مشکل ہوگا' جلد اشتعال میں آنے والا ہوسکتا ہے۔

مشہور شخصیات میں امیر تیمور گورگانی' الپسینو' ایڈولف ہٹلر' جے پی مورگن' جنرل اشفاق پرویز کیانی' کامیڈین چارلی چپلن' پاکستان کے ورسٹائل فنکار عمر شریف اور اداکار محمد علی وغیرہ شامل ہیں۔

اشونی میں قمر

قمر اگر اشونی نچھتر میں ہو تو ذہین' پرکشش' وجیہ اور روشن دماغ بناتا ہے' صاحب زائچہ خوش مزاج اور دوسروں کو امید دلانے والا ہوگا' موسیقی کا شوقین' مسیحائی کے وصف کا حامل' دوسروں کی پرورش کرنے والا' فنون لطیفہ کا شوقین' سفر کا شائق' روحانی زندگی سے

رغبت، خدا پر پختہ یقین، مخلص، اپنی فیملی سے محبت کرنے والا۔
مشہور شخصیات میں رسوائے زمانہ رومن شہنشاہ کیلی گولا، چنگیز خان، جھانسی کی رانی، بھارتی صدر ذاکر حسین، جسٹس افتخار محمد چوہدری، عمران خان، پرنس چارلس، جیکی اوناسس، جیری لوئس، الفریڈ آرڈلر، اداکارہ انگرڈ برگمین، جینا ڈیوس وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

برج حمل کا حاکم مریخ ہے جو نہایت جارح اور غضب ناک سیارہ ہے چنانچہ ذنب اور مریخ کے مشترکہ اثرات کی وجہ سے آپ بھی مزاجی طور پر غصہ ور اور جلد اشتعال میں آنے والے لوگوں میں سے ہیں۔ فطری طور پر آپ ذہین، متحرک، ہوشیار اور سخت مزاج ہیں۔ اپنی وجاہت اور دلکشی کی وجہ سے دوسرے لوگوں میں ممتاز نظر آتے ہیں اور لوگ آپ کو پسند کرتے ہیں۔

اس منزل میں سیارہ شمس کو باقوت مقام حاصل ہوتا ہے لہٰذا آپ کا رجحان لیڈر شپ عزت و وقار اور اختیارات کے حصول کی جانب رہتا ہے۔ آپ اچھے لیڈر اور منتظم ہو سکتے ہیں اور زندگی میں ہمیشہ پہلی پوزیشن پر رہنا پسند کرتے ہیں، دوستوں اور رشتہ داروں سے اچھے تعلقات رکھتے ہیں جس کی وجہ سے آپ کی مقبولیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

آپ ہوائی قلعے بنانے کا رجحان بھی رکھتے ہیں لیکن آپ کے خیالات ہمیشہ صاف اور صحت مند رہتے ہیں۔ آپ کے اندر جسمانی طور پر اچھی قوت مدافعت پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے آپ جلد صحت یاب ہونے کی طاقت رکھتے ہیں۔ ذہنی اور جسمانی طور پر آپ ہمیشہ جوان رہتے ہیں۔

اگر آپ اپنے اہم کاموں کی ابتدا اُس وقت کریں جب چاند منزل شرطین (اشونی) میں ہو تو وہ کام ضرور فائدے مند ثابت ہوں گے اور آپ کو یقینی کامیابی حاصل ہوگی۔ خاص طور پر اپنے علاج معالجے کے سلسلے میں اسی منزل کا انتخاب کرنا چاہیے۔

عمومی حلیہ: اس منزل میں پیدا ہونے والے مرد افراد کی آنکھیں بڑی اور پیشانی چوڑی ہوتی ہے۔ ہاتھ چہرے کے مقابلے میں ناک قدرے بڑی اور لمبی ہوتی ہے۔ عام طور سے یہ لوگ چھریرے بدن کے لیکن بہت مضبوط کاٹھی کے حامل ہوتے ہیں۔

اس منزل میں پیدا ہونے والی خواتین خاصی خوش جمال اور مقناطیسی کشش کی حامل ہوں گی۔ وہ اچھے لباس اور زیورات کی شوقین ہوتی ہیں لیکن سادہ زندگی بسر کرنا پسند کرتی ہیں، عموماً ان لڑکیوں کی شادی 27 سے 32 سال کی عمر تک ہو جاتی ہے۔ (خیال رہے کہ مندرجہ بالا باتوں میں کمی وبیشی آپ کے زائچے میں سیارگان کی مختلف پوزیشنوں کی وجہ سے واقع ہو سکتی ہے)

یہ خواتین عملی سوچ کی مالک اور فعال ہوتی ہیں' ضروری نہیں ہے کہ خود کو گھر کی چار دیواری تک محدود رکھیں' موسیقی اور فنون لطیفہ میں بھی دلچسپی لیتی ہیں اور رقص وموسیقی میں کسی اعلیٰ مقام پر فائز ہو سکتی ہیں' بعض پیشہ ور رقاص اسی نچھتر میں پیدا ہوئے ہیں' اپنے شوہر کی وفادار اور مذہبی ارکان کی پابندی کرتی ہیں' ایک مثالی ماں ثابت ہوتی ہیں' اگر نچھتر یا اس کا حاکم متاثرہ نہ ہو تو اپنے سسرالیوں کی خدمت کر کے ماحول کو مزید خوش گوار بنا دیتی ہیں لیکن تنک مزاج بھی ہوتی ہیں اور معمولی باتوں کا نوٹس لیتی ہیں جب ایک بار ان کے دل میں برائی آ جائے تو بہت بے چین ہوتی ہیں، اپنے دشمنوں کو معاف نہیں کرتیں، انہیں تباہ و برباد کرنے کی اہلیت رکھتی ہیں۔ اگر شوہر کو کسی بھی نوعیت کی مدد درکار ہو تو یہ مردانہ وار اُس کے ساتھ کھڑی نظر آئیں گی۔

اشونی کے پیشے اور صحت

پیشے: اس منزل کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد تجارت سے خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ وہ بزنس مین یا کاشت کار، صنعت کار بن سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ فوجی، جنرل، ڈاکٹر، ایسٹرولوجر، وزیر، بیوٹیشن، ڈیلر، پولیس مین، کرمنل کورٹ میں کام کرنے والے، سیلز مین، میوزیشن، گھوڑوں کو تربیت دینے والے یا جا کی وغیرہ ہو سکتے ہیں مگر پیشے کا انتخاب یا زندگی میں مختلف کاموں میں دلچسپی زائچے کے دوسرے عوامل پر بھی منحصر ہے۔ (اگر زائچے میں نحس سیارگان طالع یا دسویں گھر کو متاثر کر رہے ہوں یا ان گھروں کے مالکان نحس گھروں میں ہوں تو اشونی میں پیدا ہونے والے افراد کی منفی خصوصیات میں اضافہ ہو سکتا ہے اور وہ نہایت ظالم وسفاک یا جرائم پیشہ بھی بن سکتے ہیں)

مردانہ صحت: اشونی میں پیدا ہونے والے مردوں کی بیماری کا اصل

سبب غیر ضروری ذہنی پریشانی اور ذہنی انتشار ہوتا ہے۔ ان لوگوں کو ہلکا سا دماغی خلل ہو سکتا ہے، کسی وقت کوئی پاگل پن بھی کر سکتے ہیں، سر میں چوٹ، سر میں درد، چیچک، ملیریا یا کوئی ذہنی بیماری مسئلہ بن سکتی ہے۔

زنانہ صحت :اشونی میں پیدا ہونے والی خواتین کو ہمیشہ کھانا پکاتے وقت یا آگ سے متعلق کوئی کام کرتے وقت محتاط رہنا چاہیے ورنہ نقصان پہنچ سکتا ہے اگر وہ گاڑی ڈرائیو کرتی ہیں تو ایکسیڈنٹ کر سکتی ہیں، سر درد، سر کی چوٹ یا کسی ذہنی بیماری کا خدشہ رہتا ہے۔

❖❖❖

دوسرا پچھتر بھرنی (Bharani)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Bharani	F	♉	♈	Raja	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Artha	Vagina	Vagina	Sole of Foot	Lower

برج حمل سے تعلق رکھنے والا دوسرا پچھتر بھرنی ہے جو برج حمل کے 13:20 درجے سے 26:40 درجے تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ تین ستاروں کا جمگھٹا ہے جو الٹا مثلث بناتا ہے۔اس کی فطرت انسانی ہے، بنیادی تحریک دولت اور سمت مغرب ہے، اس کا حکمران حسن اور فن کا سیارہ زہرہ ہے اس طرح مریخ اور زہرہ کی توانائی کا باہمی عمل نمایاں ہوتا ہے، مریخ مرد اور زہرہ عورت کا ملاپ تخلیقی صلاحیت کی عکاسی کرتا ہے جس کا اس پچھتر میں تجربہ ہوتا ہے۔

بھرنی فنکارانہ صلاحیتوں کا چینل ہے، اس کا نشان نسوانی عضوِ تولید ہے، مٹی کا بنا ہوا برتن بھی جو تخلیقی عمل کی نمائندگی کرتا ہے، اس کا نشان ہے۔

اس پچھتر کو ''بندش کا ستارہ'' کہتے ہیں جو خواہشات وفریب کی دنیا میں مگن رہنے کی عکاسی کرتا ہے، زہرہ اور مریخ کے اثر کی وجہ سے زبردست جنسی خواہش کا تجربہ ہوسکتا ہے، بھرنی کا مطلب ''برداشت کرنا'' یا ''برداشت کرنے والی'' ہے، یہ صبر وتحمل کی ضرورت ،سخت محنت، اور نظم وضبط کی نشان دہی کرتا ہے، اس پچھتر کی حیوانی علامت ایک نر ہاتھی ہے جو انسانیت کا بوجھ اُٹھانے کی اہلیت کا عکاس ہے، سماجی فعالیت پسند اور فلسفی کارل مارکس کا پیدائشی قمر اسی پچھتر میں تھا۔

اس پچھتر کو موت کے دیوتا ''یاما'' سے تشبیہ دی گئی ہے جو ہندو دیو مالا کے مطابق شو کا ہرکارہ ہے، یاما کا مطلب باندھنے والا ہے، گویا یہ پچھتر کنٹرول کرنے اور عورت اور مرد کو یکجا کرنے کی خصوصیات رکھتا ہے، سانس پر کنٹرول، یوگا یا مراقبہ بھی اس سے تعلق رکھتا ہے ، ایثار اور نظم و ضبط بھی اس سے منسوب ہیں، سچائی، ایثار، ذات، پاک بازی اور مذہب کے اوصاف بھی موجود ہیں، اس پچھتر کے زیر اثر روحانی گہرائی اور یوگا کی مشقوں کا تجربہ ہو سکتا ہے، اس میں صفائی کرنے اور خالص کرنے کی طاقت ہے لیکن تخلیقی عمل کو لگام دینے کے لیے سختی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

شمس اگر اس پچھتر میں ہو تو اپنے برج شرف میں ہوتا ہے اور لیڈر شپ، اختیار اور اقتدار کے اوصاف عطا کرتا ہے، نفسیات کے باوا آدم سگمنڈ فرائڈ کا شمس اسی پچھتر میں تھا، ایسا شخص فعال اور چھان بین کرنے میں پہل کرنے کی فطرت کا حامل ہوگا، یہاں بنیادی تحریک میں دولت اور خوش حالی پائی جاتی ہے لہٰذا بھرنی میں شمس، شہرت، کامیابی اور دولت دے سکتا ہے۔

تاریک رخ

بھرنی پچھتر کا دوسرا رخ جدوجہد اور مصائب جھیلنے کے معنوں میں لیا جاتا ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ یہ بندش کا ستارہ ہے، یہ غضب ناک پچھتر ہے جس کا تعلق قید یا کسی اور طرح محدود کیے جانے سے ہے، ایک مضطرب، چڑچڑی اور بے صبر فطرت موجود ہو سکتی ہے، ایسا شخص ناصح، قوت فیصلہ کا حامل اور ہر چیز کو انتہا پسندی کی طرف لے جانے والا ہو سکتا ہے، اس کی مثال سابق عراقی صدر صدام حسین ہیں، ان کا شمس بھرنی میں تھا، غرور، گھمنڈ اور بندش کا تجربہ ہو سکتا ہے، یہاں حد سے بڑھی ہوئی جنسی موج مستی، عیاشی، بے جا فخر و ناز اور خود پسندی کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے، شہرہ آفاق گلوکارہ میڈونا کا مریخ بھی اسی پچھتر میں ہے۔

بھرنی کے چار قدم

پچھتر بھرنی کا پہلا قدم 13.20 درجہ سے 16.40 درجہ حمل تک دراز ہے اور سعد تصور کیا جاتا ہے صاحب زائچہ مضبوط مزاج کا حامل، اپنے دشمنوں کو شکست دینے والا، کشادہ ذہن، شجاع اور سرخی مائل بالوں والا ہوگا لیکن سرخی مائل بالوں کی شرط حتمی نہیں ہے۔

بھرنی کا دوسرا قدم 16.40 درجہ سے 20 درجہ حمل تک دراز ہے اور سعد تصور کیا جاتا

ہے' صاحب زائچہ اس قدم کے زیر اثر مذہبی مزاج کا حامل اور تحریر کا علم رکھنے والا ہوگا' جنس مخالف کے لیے کشش' کاہل اور چالاک۔

بھرنی کا تیسرا قدم 20 درجہ سے 23 درجہ 20 دقیقہ حمل تک پھیلا ہوا ہے' یہ قدم صاحب زائچہ کے باپ اور ماں کو متاثر کرتا ہے' لہٰذا سعد تصور نہیں کیا جاتا' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد دُبلے اور طویل قامت ہوسکتے ہیں' کشادہ آنکھیں' عقل مند اور متوازن مزاج کے حامل' بہت فخر و ناز کرنے والے۔

بھرنی کا چوتھا قدم 23.20 درجہ حمل سے 26.40 حمل تک دراز ہے' یہ سعد ہے اور صاحب زائچہ جرأت مند' مغرور' ڈھیٹ اور ظالم ہوسکتا ہے' بری صحبت میں رہتا ہے لیکن چند اچھے اوصاف کا مالک بھی ہوتا ہے۔

بھرنی میں طالع

اگر طالع کے درجات بھرنی پچھتر میں ہوں تو صاحب زائچہ متلوّن مزاج اور جنس مخالف کا رسیا ہوسکتا ہے' ہمت ور' پہل کاری کا جذبہ رکھنے والا' مغرور' پُر اعتماد' مشہور' اچھی صحت کا مالک' مرتعش' اپنے دوستوں اور فیملی کی مدد کرنے والا' فیملی کا شائق ہوگا لیکن کثیر الاولاد نہیں ہوگا' یہ ایک اہم کردار ہے جسے آسانی سے مشکوک اور بدکردار لوگ گمراہ کرسکتے ہیں' یہ لوگ دوسروں کے حسد اور جلن کا شکار ہوکر پریشان ہوسکتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں جارج لوکاس' جان ڈینور' سوامی مکتا نند' اداکارہ نرگس' راکھی گلزار' پریانکا چوپڑا' گلوکارہ آشا بھونسلے' اداکار سلمان خان وغیرہ۔

بھرنی میں شمس

اگر شمس بھرنی پچھتر میں ہو تو ذہین اور باتدبیر بناتا ہے' مشہور اور معزز افراد شمس کی اس پوزیشن کے حامل رہے ہیں' ایسے لوگ دولت مند ہوتے ہیں' تخلیقی فطرت' غصہ اور گھمنڈ کے مسائل بھی یہاں مشاہدہ کیے جاسکتے ہیں' عسکریت پسندانہ فطرت کا اظہار ہوتا ہے' ان لوگوں کو بھی مشکوک اور بدکردار لوگوں سے دور رہنا چاہیے' ان کی انا کے مسائل لوگوں کو ان کا مخالف اور دشمن بنا سکتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں بابائے نفسیات سگمنڈ فرائڈ' شاہ حسین آف اردن' صدر صدام حسین' جیک نکلسن' ڈبلیو آر ہرسٹ' رڈولف ہس' موتی لال نہرو' رابندر ناتھ ٹیگور' ستیہ جیت رے وغیرہ شامل ہیں۔

بھرنی میں قمر

اگر قمر اس نچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ بیماریوں سے آزاد' اپنے کام میں طاق' خوش باش اور فرض شناس ہوتا ہے' یہ لوگ پُرکشش اور کرشماتی شخصیت کے مالک' لیڈر شپ کی صلاحیت رکھنے والے اور عوامی زندگی میں اچھی مقبولیت حاصل کرتے ہیں' فنکار اور فرض شناس ہوتے ہیں' پراسرار علوم میں چھان بین کا شوق رکھتے ہیں' انہیں تحریری میدان اور اشاعت کے شعبے میں کامیابی ملتی ہے' اگر یہ نچھتر متاثرہ ہو تو یہ لوگ منفی رجحانات کے زیر اثر ظالم و سفاک ہو سکتے ہیں' جرأت اور شرافت سے عاری' خون کی ہولی کھیلنے والے' اپنے دشمنوں کو شکست دینے والے۔

مشہور شخصیات میں مسلم ریاضی داں اور شاعر عمر خیام' ٹیپو سلطان' کارل مارکس' مشہور پیش گو ایڈگر کیسی اور جیمز براہا' کشمیری سیاست داں فاروق عبداللہ' گلوکارہ آشا بھونسلے' اداکار دھرمیندر' اداکارہ بپاشا باسو شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ جس کام کا بھی ذمہ لیں اُسے مکمل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آپ سچے اور صابر انسان ہیں۔ خوش مزاج، تفریح کے دلدادہ اور گرم جوش ہیں۔ مریخ اور زہرہ کی خصوصیات آپ کے اندر موجود ہیں یعنی مرد اور عورت، آپ تخلیقی صلاحیتیں رکھتے ہیں۔ آرٹسٹ، شاعر اور ادیب اس منزل میں پیدا ہوتے ہیں اگر آپ کا شمس بھی اُس منزل میں موجود ہے تو آپ طاقت ور کمانڈ کرنے والے اور با اختیار انسان ہیں۔

اس نچھتر میں پیدائش ایسے کارناموں کی نشان دہی کرتی ہے جن کی نوعیت نامعلوم مقامات کی دریافت، تلاش و جستجو اور کسی ایسے کام میں دلچسپی جو پہلے کبھی نہ کیا گیا ہو اور ایسے کاموں کے نتیجے میں شہرت، کامیابی اور دولت حاصل ہوتی ہے۔ اگرچہ یہ منزل

برج حمل میں واقع ہے جس کا حاکم مریخ ہے مگر زہرہ کے اثر کی وجہ سے مریخ کی جارحیت کو لگام ملتی ہے لہٰذا آپ کی فطرت میں تحمل اور نرمی بھی موجود ہے۔

آپ ایماندار، مضبوط قوت ارادی کے مالک، پرعزم اور سیدھے راستے پر چلنے والے انسان ہیں۔ آپ تھوڑے سے مغرور بھی ہیں اور خوش مزاج وخوش باش بھی ہیں۔ ممکن ہے آپ کو صرف سبزیاں کھانا ہی پسند نہ ہو بلکہ گوشت، مچھلی، انڈا بھی آپ اپنے لیے ضروری سمجھتے ہوں۔ دورانِ تعلیم میں ضروری نہیں ہے کہ آپ زیادہ کامیابی حاصل کر پائیں۔ آپ کو پانی سے خوف ہو سکتا ہے۔

اگرچہ آپ صاف دل کے مالک ہیں اور کسی کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیں گے اور آسان ذرائع سے اپنے لیے کچھ حاصل کرنا نہیں چاہیں گے لیکن جب اپنی رائے کا اظہار کریں گے تو کسی کے بھی جذبات کا پاس کرنے کی زحمت گوارہ نہیں کریں گے اس وجہ سے لوگوں میں آپ کے لیے مخالفانہ جذبات پیدا ہو سکتے ہیں، آپ دوسروں کے مطابق صحیح ہوں یا غلط، اس سے قطع نظر آپ اپنے ضمیر کے خلاف کوئی کام کرنے کو تیار نہیں ہوں گے، آپ کے اس رویے کے باعث آپ کو بہت سی مزاحمت اور رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ آپ چھوٹی موٹی معمولی باتوں پر اپنے قریبی عزیزوں اور چاہنے والوں سے رشتہ یا تعلق خراب کر سکتے ہیں لیکن جب آپ اپنی غلطی تسلیم کرلیں یا جب آپ کا حریف آکر آپ سے معذرت کرلے تو آپ اسے دل سے معاف کر دیتے ہیں اور تمام اختلافات بھول جاتے ہیں۔

آپ فطرتاً لیے دیے رہنے والے انسان ہیں اور چالاکی یا چال بازی سے کوسوں دور ہیں، آپ کسی سے دبتے یا کسی کے آگے جھکتے نہیں ہیں بلکہ ایسا کرنا اپنی توہین سمجھتے ہیں جس کی وجہ سے اکثر و بیشتر آپ مشکلات اور مصائب کا شکار بھی ہوتے ہیں، آپ دوسروں کے مشوروں اور حوصلہ افزائی کو کوئی اہمیت نہیں دیتے، یہ خصوصیت آپ کی خامیاں ہیں، آپ کو اپنا رویہ بدلنا اور دوسروں کے نقطہ نظر کو قبول کرنا چاہیے، تب ہی معاملات آپ کے حق میں ہو سکیں گے۔

آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو تمام علوم اپنی گہرائیوں کے ساتھ حاصل ہوں، آپ معاملات کی تہہ تک پہنچنے اور صحیح صورت حال کو سمجھنے کی اہلیت رکھتے ہیں لیکن آپ رکاوٹوں کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتے اور سخت مقابلے کا سامنا کرتے ہیں، زندگی میں وقتاً فوقتاً آپ کو ناکامی کا

منہ دیکھنا پڑسکتا ہے، اپنے مزاج اور فطرت کی وجہ سے آپ دوسروں کی ہمدردیاں اور مکمل حمایت حاصل کرنے میں ناکام ہوسکتے ہیں لہٰذا آپ کی زندگی میں بہت اُتار چڑھاؤ آنے کا امکان ہے، آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے آپ غیر ضروری بحث مباحثے میں نہ اُلجھیں یا خواہ مخواہ کی دشمنی مت مول لیں، اپنے بنائے ہوئے اصولوں پر غیر ضروری جنگ نہ کریں' اس حقیقت کا ادراک کیے بغیر کہ ایسی کوششیں آپ کے لیے پریشانیاں پیدا کرنے کا سبب بنیں گی' ان سے بچا جاسکتا ہے' آپ افواہیں پھیلانے اور ان سے لطف اندوز ہونے میں بھی اپنا وقت ضائع کرسکتے ہیں' آپ کے اپنے کرتوتوں کی وجہ سے آپ کی زندگی میں سخت اتار چڑھاؤ آسکتے ہیں' لہٰذا استحکام نام کی چیز مفقود ہوگی اور زندگی ہمیشہ اچھائیوں اور برائیوں کا ایک ملغوبہ بن جائے گی' بے شک آپ دوسروں کا خیال رکھنے کے خاصے اہل ہیں لیکن خود آپ کو بھی کسی ایسی ہستی کی ضرورت ہے جو آپ کی رہنمائی کرسکے' ورنہ آپ کسی کے ساتھ بھی اچھے تعلقات رکھنے کے قابل نہیں ہوں گے اور خود آپ کے قریبی ساتھی یا رفقا بھی آپ کے خلاف ہوجائیں گے۔

اگر آپ کی پیدائش دوپہر میں ہوئی ہے تو آپ کشیدہ قامت ہوسکتے ہیں ورنہ قد درمیانہ ہوگا' آپ کے بال کم ہوں گے اور پیشانی یا رفشادہ' آنکھیں چمکیلی ہوں گی۔

(اگر زائچے میں ناموافق اثرات کا غلبہ ہو تو آپ جرائم کی طرف متوجہ ہوسکتے ہیں اور اپنے مقاصد کے حصول کے لئے جائز و ناجائز کا فرق ختم کرسکتے ہیں)۔

اس پختر کی منفی خصوصیات میں پابندی، قید تنہائی، اضطراب، بے چینی اور افسردگی بھی شامل ہیں۔ بھرنی میں پیدا ہونے والے بعض افراد 35 سال کی عمر کے بعد گھر بساتے ہیں۔

اس پختر میں قمر کی موجودگی خواتین کو بھی غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازتی ہے اور وہ صرف امور خانہ داری تک ہی محدود نہیں رہتیں بلکہ اپنے فطری ٹیلنٹ کا اظہار چاہتی ہیں' اس کے لیے وہ کوشش و جدوجہد بھی کرتی ہیں جس کے نتیجے میں اکثر ان کی نجی زندگی متاثر ہوتی ہے۔

عام طور سے مرد یا خواتین کی شادی 27 سال کی عمر کے آس پاس ہوتی ہے اور ازدواجی زندگی خوش گوار ہوتی ہے۔

مرد حضرات کی بیوی امور خانہ داری میں ماہر ہوگی اور خیال رکھنے والی' خوش سلیقہ ہوگی' وہ اپنی فیملی سے محبت کریں گے اور اس سے دور رہنا پسند نہیں کریں گے۔

بھرنی کے پیشے اور صحت

پیشے : بزنس مین' پبلشر' ڈانسر' ایکٹر' میوزک ڈائریکٹر' گلوکار' ادیب' رپورٹر' ماہر نفسیات' سائیکک' ہپناٹسٹ' ایسٹرولوجر' منجم' جو قانون داں اور ماہر تعمیرات' مالی مشیر' گارمنٹس کے کام' پرفیوم' قیمتی پتھروں کا کاروبار' کاشت کار' پھولوں اور پھلوں کے بیوپاری' شکاری' پوسٹ مین وغیرہ۔

مردانہ صحت : بیشتر افراد خرابی صحت سے آزاد لیکن جسم کے نچلے حصے میں کسی جسمانی نقص کا شکار ہو سکتے ہیں یعنی کمر سے نیچے کسی حصے میں کسی قسم کا کوئی نقص ہو سکتا ہے' اعضائے تولید کے مسائل' جنسی بیماریاں' چہرے اور بینائی کے مسائل' دانتوں کی تکلیف' شوگر' جسمانی درد' دماغی تکلیف' تیز بخار' ملیریا' پیشانی یا آنکھوں کے گرد چوٹ وغیرہ۔ آپ جین اسموکر ہو سکتے ہیں لہٰذا پھیپھڑوں سے متعلق تکالیف پریشان کر سکتی ہیں۔

زنانہ صحت : اس منزل کے زیر اثر پیدا ہونے والی خواتین کو ماہانہ نظام میں بے قاعدگی کے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ خون کی کمی' بچے دانی سے متعلق شکایات اور بعض کیسوں میں ٹی بی کی بیماری بھی دیکھنے میں آئی ہے۔

❖❖❖

تیسرا پچھتر کرتکا (Krittika)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Krittika	F	O	♈ ♉	Raja	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Kama	Razor	Agnidev	Head	Brahmin

اس پچھتر کا آغاز برج حمل کے 26 درجہ 40 دقیقہ سے ہو رہا ہے اور اختتام برج ثور کے 10 درجے پر ہے' گویا یہ پچھتر مینڈھے اور سانڈ کا امتزاج ہے' اس کا صرف پہلا قدم برج حمل میں ہے اور باقی تین قدم برج ثور میں ہیں' سیارہ شمس اس پچھتر کا حاکم ہے' پچھتر کے پہلے قدم اور باقی برج ثور میں گرنے والے تین قدموں کے اثرات میں نمایاں فرق آ جاتا ہے' پہلا قدم چونکہ برج حمل کے آخری درجوں میں ہے لہٰذا اس عرصے میں پیدائش شمس اور مریخ کی فعالیت کو نمایاں کرتی ہے اور لیڈرشپ' اختیار اور اقتدار کا رجحان یا حصول سامنا آتا ہے' سابق امریکی صدر بل کلنٹن کا قمر یہاں موجود ہے۔ اس قمری منزل کی فلکیاتی لوکیشن "پلیداس" ہے اور پلیداس کے سات سب سے روشن ستارے اس پچھتر کو تشکیل دیتے ہیں۔

دیو مالا میں انہیں "عظیم غیب داں کی سات بیویوں کی نظر سے دیکھا جاتا ہے' مغربی علم نجوم میں ان کے نام الکیون' ریٹا' سیلینو' الیکٹرا' ٹیگیٹی' مایا اور ایسٹروپ ہیں' الکیون کو سب سے خوبصورت اور گروپ کا سب سے روشن ستارہ سمجھا جاتا ہے' اس پچھتر کے ستارے سانڈ کے اوپری دھڑ میں ہیں' قمر اس پچھتر میں ثور کے تین درجے پر شرف یافتہ ہے۔

کرتکا عظمت حاصل کرنے کی استقامت اور عزم کی نمائندگی کرتا ہے' یہ سماجی کاز

کے لیے لڑنے والا روحانی جنگ جُو ہے' اسے تبدیلی کے دیوتا اگنی سے تشبیہ دی گئی ہے' کرتکا کا نشان ایک شعلہ' ایک اُسترا' ایک کلہاڑی اور دیگر تیز دھار ہتھیار ہیں' یہ پچھتر جلانے یا سچائی کی گہرائی تک پہنچنے کے لیے منفیت کو کاٹ پھینکنے کی نمائندگی کرتا ہے۔

کرتکا کے لغوی معنی ''کاٹنے والا'' کے ہیں اور یہ آگ کا ستارہ کہلاتا ہے چونکہ ہندو دیومالا میں آگ کو مقدس دیوتا کا مقام حاصل ہے لہذا پاکیزگی اس قمری منزل کی غالب فعالیت ہے (اگنی دیوتا کو منانے کے لیے اس پچھتر میں آگ کی پوجا کی جاتی ہے) کرتکا کی فطرت راکھشس (بھوت) اور حیوانی علامت مادہ بھیڑ جبکہ سمت شمال ہے۔

اس پچھتر کو ملا جلا پچھتر سمجھا جاتا ہے جو عام طور سے روز مرہ کی سرگرمیوں کے لیے اچھا ہے جیسے کھانا پکانا وغیرہ' یہ ذاتی اور سماجی زندگی میں بنیادی تبدیلی کی شدید آرزو بھی ظاہر کرتا ہے' اس کے باقی دس درجے برج ثور میں گرتے ہیں جن پر سیارہ زہرہ کی حکمرانی ہے یہاں زہرہ اور سورج کا امتزاج فنون لطیفہ کی سوغات عطا کرتا ہے' اگر یہاں مزید سیارے بھی واقع ہوں تو بچے پیدا کرنے کی شدید خواہش ہوسکتی ہے' خوبصورتی' شان وشوکت اور فیشن اس پچھتر میں نمایاں ہیں' شہزادی ڈیانا کا زہرہ یہاں موجود ہے۔

تاریک رخ

کرتکا ایک ضدی اور جارح فطرت کا حامل ہے' تخریب کاری کے رجحانات اور غصہ کے مسائل کا بھی یہاں مشاہدہ کیا جاسکتا ہے' ایک خاموش لیکن جارحانہ شخصیت موجود ہوسکتی ہے' اس کا نتیجہ غضب ناک جذبات اور دوبدو جنگ کرنے کی فطرت میں نکل سکتا ہے' اس میں ناجائز تعلقات اور دوسروں کے دوستوں میں کشش محسوس کرنا بھی پایا جاسکتا ہے' ایسے مرد وخواتین کو اپنی غذائی عادات اور ڈائٹ کے معاملے میں دشواری ہوسکتی ہے' کرتکا کا بنیادی محرک ''خواہش'' ہے ایک بچگانہ فطرت کا بھی یہاں مشاہدہ کیا جاسکتا ہے' اس قمری منزل میں اہم سبق اپنی خواہش کی فطرت کو نظم وضبط کا پابند کرنا اور پُرلطف سرگرمیاں تلاش کرنا ہے جو صحیح معنوں میں شفا اور اعادہ شباب کرنے والی ہوں۔

کرتکا کے چار قدم

پہلا قدم 26.40 درجہ حمل سے 0 درجہ ثور تک ہے' اسے سعد اور بے عیب سمجھا جاتا ہے'

اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد عقل مند' شائستہ اطوار کے مالک' مختلف لذتوں اور علم کا ذوق رکھنے والے ہوتے ہیں لیکن جسمانی طور پر کمزور نظر آتے ہیں' لمبی عمر پاتے ہیں۔

دوسرا قدم 0 درجہ ثور سے 3 درجہ 20 دقیقہ ثور تک ہے' قمر کو اسی قدم پر شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے' یہ بھی سعد ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے روحانی شخصیات کو ناپسند کرتے ہیں' ایسی حرکتیں یا فعال انجام دیتے ہیں جس سے دوسروں کو غصہ آئے اور جو اخلاقیات کے منافی ہوں' دوسروں کو مشتعل کرتے ہیں۔

تیسرا قدم 3.20 درجہ سے 6.40 درجہ تک دراز ہے' اسے نحس خیال کیا جاتا ہے' ماں باپ متاثر ہوتے ہیں' اس قدم پر پیدا ہونے والے بہادر اور مغرور ہوتے ہیں' بے وقوفی اور بد مزاجی بھی یہاں موجود ہے' ان کے ذرائع آمدن مشکوک ہو سکتے ہیں' طوائفوں کی جانب رجحان ہو سکتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والی خواتین کا کردار بھی مشکوک ہو سکتا ہے۔

چوتھا قدم 6.40 درجہ سے 10 درجہ ثور تک دراز ہے اور سعد ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے اگرچہ منکسر المزاج نظر آتے ہیں لیکن مغرور ہوتے ہیں' ذہنی طور پر پریشان رہتے ہیں' مشکلات کا شکار' غریب' جسمانی طور پر کمزور اور ذہنی بدحالی میں مبتلا ہوتے ہیں۔

کرتکا میں طالع

اگر طالع کے درجات کرتکا نچھتر میں گریں تو صاحب زائچہ مغرور' باوقار' پرعزم' معزز' ہنرمند' سچا' ایماندار' فخر کرنے والا ہوگا' کبھی کبھی متزلزل ذہن اور تیز بھوک کی نشاندہی ہوتی ہے' یہ لوگ طاقت یا اختیار کے حصول کے لیے پُرعزم ہوتے ہیں' اپنی صلاحیتوں سے صاحب جائیداد بنتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں کانگریسی لیڈر ولبھ بھائی پٹیل' مشہور ہالی ووڈ اسٹار گریگری پیک' آسٹرولوجر جیمز براہا اور بپن بہاری' ڈینس فلریئے' لازارس وغیرہ شامل ہیں۔

کرتکا میں شمس

اگر شمس نچھتر کرتکا میں ہو تو صاحب زائچہ مختلف صلاحیتوں کا مالک ہوگا' روحانی جنگ جو' نظم و ضبط کا حامل' لیڈر شپ کے لیے موزوں' عوام پر گرفت رکھنے والا ہوگا' آگ سے

با اختیار لوگوں کے ساتھ مسائل پیش آسکتے ہیں' الگ تھلگ رہنے کی ضرورت یہاں مشاہدے میں آتی ہے' تنہائی' موسیقی کی خداداد صلاحیت' رقص اور ڈرامے کی خداداد صلاحیت' غصہ ور' تخریب کار۔

مشہور شخصیات میں مہاتما گوتم بدھ' پوپ جان پال دوم' سوامی کریا نند' سوامی مکتا نند' آیت اللہ خمینی' میلکم ایکس' جینٹ جیکسن' جم جونز' رسوائے زمانہ گریگری راسپوٹین' اداکارہ سادھنا اور مادھوری ڈکشٹ' گلوکار علی ظفر شامل ہیں۔

کرتکا میں قمر

اگر قمر پختر کرتکا میں ہو تو صاحب زائچہ مشہور ہوتا ہے اور شخصیت میں ذہانت نمایاں ہوتی ہے' خوش خوراک اور مضبوط مقاصد کا حامل لیکن متزلزل ذہن رکھتا ہے' دوسروں کے دوست احباب میں دلچسپی لیتا ہے' پرامن فطرت کا حامل' عمدہ مشیر' پرعزم' دلیر' قابل' فنون لطیفہ میں طاق' اپنی جائے پیدائش سے دور جانے والا' ماں سے وابستگی' باپ کے ساتھ مشکلات' کبھی کبھی جھگڑالو ہوسکتا ہے۔

مشہور شخصیات میں ترک سلطان سلیمان ذیشان' امریکی صدر بل کلنٹن' رونالڈ ریگن' باکسر جارج فورمین' اداکار پیٹر سیلرز' بوب ڈیلن' سنجے دت' اداکارہ سری دیوی' وجنتی مالا اور ڈاکٹر عشرت العباد وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

اگر آپ کی پیدائش کرتکا کے پہلے قدم پر ہوئی ہے جو برج حمل میں واقع ہے تو آپ مریخ کے جارحانہ اثرات کے حامل ہیں لیکن اگر پیدائش برج ثور میں گرنے والے حصے میں ہوئی ہے تو آپ خاموش طبع اور مستقل مزاج ہیں اور آپ کے اندر چاند اور زہرہ کی شاندار خصوصیات موجود ہیں جن کا اظہار اکثر ہوتا رہتا ہے۔

آپ کے نزدیک عزت نفس کی بہت اہمیت ہے، آپ خود اعتماد اور مضبوط کردار کے حامل ہیں لیکن تنقید پسند نہیں کرتے۔ آپ خاصے چست اور متحرک انسان ہیں۔ اپنی طاقت کا اظہار کرنا جانتے ہیں۔ آپ کو فنون لطیفہ، ڈیزائننگ اور موسیقی وغیرہ سے دلچسپی ہوسکتی ہے۔

یہ درست ہے کہ آپ بہت ذہین ہیں لیکن دوسری طرف آپ کسی کام کو انجام دینے میں صبر واستقامت کا مظاہرہ نہیں کرتے بلکہ نفع اور نقصان کی پروا کیے بغیر یا کسی معاملے کو پرکھے بغیر پٹری بدلنے کی عادت میں مبتلا ہیں حالانکہ آپ دوسروں کو صائب مشورہ دینے اور رہنمائی کرنے کے اہل ہیں تاکہ وہ اپنی پریشانیوں سے نکل سکے لیکن آپ خود اس پر عمل نہیں کرتے جس کی دوسروں کو نصیحت کرتے رہتے ہیں۔

اپنی زندگی میں آپ صورت حال کے تقاضوں کے مطابق فوری فیصلہ کرنے کی عادت میں مبتلا ہیں' آپ کو اپنی آزادی بھی بہت عزیز ہے اور آپ تھوڑے بہت انا پرست بھی ہو سکتے ہیں' دوسروں کے پیسوں پر عیش کرنا پسند نہیں کریں گے اور کسی کے رحم وکرم پر گزارا نہیں کریں گے' آپ کی توقعات معقولیت پر مبنی ہوں گی اور آپ میں دولت جمع کرنے کی فطری صلاحیت ہوگی' آپ کسی کے احسان سے اپنی آزادی کا سودا نہیں کریں گے' خوش گمانی اور انا آپ کا طرہ امتیاز ہے۔

آپ کو اپنے عمل میں کبھی کوئی خامی نظر نہیں آئے گی' آپ کی انا اور ہٹ دھرمی آپ کے دوستوں کو ناراض کر سکتی ہے' بے شک آپ روایات کا احترام کرنے والے ہوں گے لیکن قدیم رسم ورواج اور عقائد کی اندھی تقلید نہیں کریں گے' آپ صورت حال کے تقاضے کے مطابق چالیں چلنے کے اہل نہیں ہیں جس کی وجہ سے ناکامی کا خطرہ موجود رہتا ہے۔

آپ کا منفی پہلو ہٹ دھرمی، غصہ، تخریبی رجحانات اور بے قابو خواہشات ہیں۔ آپ جب غضب ناک ہوتے ہیں تو قابو میں نہیں آتے' اُس وقت آپ کی سخت کلامی بھی نمایاں ہوتی ہے جو بدزبانی اور غیر معقولیت کی حد تک جا سکتی ہے، عموماً آپ کے خیالات و افکار اور افعال میں منطق کا فقدان ہوتا ہے۔ دوستوں اور رشتے داروں سے آپ کے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں' آپ زیادہ کھانے اور چٹ پٹے کھانوں کے شوقین ہو سکتے ہیں۔

آپ مہذب ہیں، جنس مخالف میں خصوصی کشش رکھتے ہیں اور آپ کی خصوصی دلچسپی اس حوالے سے نمایاں رہتی ہے' آپ فضول خرچ نہیں ہیں لیکن کبھی کبھی سخت کنجوسی کا مظاہرہ بھی کرتے ہیں بظاہری طور پر آپ ہشاش بشاش نظر آتے ہیں' آپ کو شہرت سے بھی دلچسپی ہے اور آپ مشہور ہو سکتے ہیں' (اگر آپ کا شمس بھی اسی منزل میں ہے تو پھر آپ اپنی جائے پیدائش سے

بہت دور جاکر آباد ہوسکتے ہیں، آپ کے پھلنے پھولنے کا وقت 30 سے 50 سال کی عمر تک ہے)۔

اگر چہ آپ عوامی زندگی میں اچھی ترقی کریں گے لیکن آپ کا حد سے بڑھا ہوا خلوص اور حد سے بڑھی ہوئی جذباتیت آپ کی راہ میں حائل ہوسکتی ہے' آپ کا بحث و مباحثہ اور تکرار اگر چہ منطقی اور مدلل ہوگا لیکن آپ بہت جلد مایوسی اور بد دلی کا شکار ہوکر بھڑک اٹھیں گے' اگر آپ اپنے غصے پر قابو پانے میں ناکام رہے تو ناکارہ ہوسکتے ہیں اور بے ایمانی کاوشوں میں اپنا وقت برباد کرسکتے ہیں۔

قمر کی اس منزل میں موجودگی خواتین کو غیر معمولی فنکارانہ صلاحیتوں کا حامل بناتی ہے لیکن ان کی بہت سی اچھی خصوصیات میں کوئی عجیب نوعیت کا عیب بھی ہوسکتا ہے جو بیان نہیں کیا جاسکتا' ان کی ازدواجی زندگی اکثر تنازعات کا شکار ہوتی ہے۔

کرتکا کے پیشے اور صحت

پیشے : روحانی استاد' اصول و قواعد بنانے والے، مشیر' موسیقار' رقاص' گلوکار' ماڈلز' فیشن ڈیزائنر' فوجی' کان کن، بلڈنگ کنٹریکٹر' مذہبی اور روحانی پیشوں سے وابستہ افراد، صنعت کار، ایسٹرولوجر، مبصر، سونے کا کام کرنے والے یا لوہے کا کام کرنے والے۔ (اگر زائچے میں منفی اثرات موجود ہیں تو جرائم اور غیر اخلاقی کاموں کی طرف متوجہ ہوسکتے ہیں)۔

مردانہ صحت : دانتوں کی تکالیف اور گلے اور حلق کی بیماریاں، بینائی کی کمزوری، ٹی بی، بواسیر، دماغی بخار، ملیریا، کوئی حادثہ اور کوئی زخم لگنے کا خطرہ' آپ کو وقت پر باقاعدگی کے ساتھ کھانا کھانے کی عادت نہیں ہوگی' صحت کا زیادہ خیال رکھنے کی ضرورت ہے۔

زنانہ صحت : اس پچھتر میں پیدا ہونے والی خواتین کام کی زیادتی سے متاثر ہوتی ہیں اور انہیں صحت سے متعلق شدید مسائل کا سامنا ہوتا ہے۔ ماہانہ نظام کی خرابیاں، غدودوں کی ٹی بی، ہارمون ڈسٹربنس، ٹانسلز یا گلے کی خرابیاں، گلے کے غدودوں کا فنکشن متاثر ہونا وغیرہ۔

❖❖❖

چوتھا پچھتر روہنی (Rohini)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Rohini	F	☽	♉	Raja	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Moksha	Chariot	Lord Brahma	Forecad	Sudra

چوتھا پچھتر روہنی مکمل طور پر برج ثور میں واقع ہے' قمر اس کا حکمران ہے' حسن' شہوانیت' کرشمہ اور سحر انگیزی یہاں منعکس ہیں' اس کا بنیادی محرک ''روحانی آزادی'' ہے' اس کی فطرت انسانی ہے اور حیوانی علامت نر سانپ جبکہ سمت مشرق ہے' اس کا نشان یا علامت بیل گاڑی' رتھ' مندر اور برگد کا درخت ہے۔

اس پچھتر میں قمر یا دیگر سیارگان کی موجودگی کا نتیجہ زبردست فنون لطیفہ کی خداداد تخلیقی صلاحیت ہے' برج ثور پر زہرہ حکمران ہے اور اس منزل پر قمر اور زہرہ، دونوں کا مشترکہ اثر تخلیقی کیمسٹری کے لیے ایک عمدہ امتزاج ہے جو تخلیقی اور فنکارانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھاتا ہے۔

روہنی سے مراد لال گائے یا ''بڑھنے والا'' ہے، یہ ثور کے سر میں پانچ ستاروں پر مشتمل ہے' اس پچھتر سے گزرنے والے سیارے آسانی سے دیکھے جا سکتے ہیں' جنوبی ہند میں اسے برگد کے درخت سے مشابہ سمجھا جاتا ہے جو انسانیت کو سایہ اور تحفظ فراہم کرتا ہے' روہنی کو عروج کا ستارہ کہا جاتا ہے اور یہ سماج میں عروج اور بلندی عطا کرتا ہے۔

دیومالا کے مطابق خالق کائنات روہنی میں رہنے والا دیوتا ہے، اس کی طاقت بڑھوتری (روہا شکتی) ہے' طاقت ہر سطح پر نشوونما اور تخلیق کی پرورش کرتی ہے اور زرخیزی عطا

کرتی ہے' اس پنجتر کے زیر اثر دنیاوی خواہشات کی تکمیل اور فن کا اظہار ہوسکتا ہے' گہرے استغراق اور خدا پر یقین کا تجربہ ہوسکتا ہے' روحانی قوت اور ذمے داری ظاہر ہوتی ہے۔

تاریک رخ

اس پنجتر کا دوسرا رخ عیاشی اور مادہ پرستی کا حامل ہوسکتا ہے' ایسا شخص قیمت کی فکر کیے بغیر تعیش چاہتا ہے' سلطنت حاصل کرسکتا ہے لیکن اپنی روح سے محروم ہوسکتا ہے' ایک ضدی ہٹ دھرم فطرت کبھی کبھی ظاہر ہوسکتی ہے۔

ثور ایک ثابت برج ہے اس کا تعلق اکثر ایک ضدی شخصیت سے ہے' اس پنجتر میں حسد اور ملکیت جتانے کے مسائل ہوسکتے ہیں' تاریخ اسلام کے عظیم ریاضی داں' ماہر فلکیات اور شاعر عمر خیام کا طالع اور شمس اسی پنجتر میں ہیں' اپنی بے پناہ تخلیقی صلاحیتوں کے ساتھ عمر خیام کا رجحان عیش پرستی کی جانب رہا۔ اگر زائچہ پیدائش میں یہ پنجتر یا اس کا حاکم قمر کسی اعتبار سے بھی متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ کی عیش پرستی اور شہوت انگیزی اس کے لیے تباہ کن بھی ثابت ہوسکتی ہے۔

روہنی کے چار قدم

پہلا قدم برج ثور کے 10 درجے سے 13.20 درجے تک دراز ہے اور ماں اور ماموں کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد ایک مضطرب شخصیت کے حامل اور لالچی فطرت رکھتے ہیں' گفتگو میں ناشائستگی اور لچر پن پایا جاتا ہے لیکن خوش شکل ہوتے ہیں۔

دوسرا قدم برج ثور کے 13.20 درجے سے 16.40 درجے تک دراز ہے اور یہ بھی ماں اور ماموں کے لیے نحس ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد کی آنکھیں بڑی ہوتی ہیں' وہ شائستہ اطوار اور اچھی گفتگو کرنے والے ہوتے ہیں' اپنے حواس پر کنٹرول رکھنا جانتے ہیں' بعض اچھے خطیب اس قدم پر پیدا ہوئے ہیں' جسمانی طور پر یہ لوگ کمزور نظر آتے ہیں۔

تیسرا قدم برج ثور میں 16.40 درجے سے 20 درجے ثور تک دراز ہے' یہ ماں کے بھائی کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوش باش' مخیر' اور ریاضی میں باصلاحیت ہوتے ہیں' ان کی عادتیں قابل تعریف ہوتی ہیں' عقیدت یا بندگی میں مضبوط جذبات کا اظہار

کرتے ہیں۔

چوتھا قدم 20 درجہ ثور سے 23 درجہ 20 دقیقہ ثور تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد دولت مند ہوتے ہیں' دوسروں کا ذہن سمجھنے کی اور واقعات کی پیش گوئی کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں' عقل مند ہوتے ہیں اور لوگوں میں مقبول بھی ہوتے ہیں' یہ لوگ معاشرے میں ایک ہم آہنگی کی زندگی گزارتے ہیں' ان کے بازو مضبوط ہوتے ہیں۔

روہنی میں طالع

اگر طالع کے درجات روہنی نچھتر میں ہوں تو صاحب زائچہ ذہین' پرکشش' مقناطیسی آنکھیں' مقبول' قوی' رومینٹک' فنکار' شہوانی فطرت کا حامل' عیاش' جنس کی لت میں مبتلا ہوسکتا ہے۔

وہ ایک کرشماتی لیڈر بن سکتا ہے' دوسروں میں نقص تلاش کرنے کی ذہنیت ہوسکتی ہے' والدین سے کم عمری میں علیحدگی ہوسکتی ہے یا پھر ماں کی مدد نہ کرنے کا رجحان ہوسکتا ہے' روہنی ایک دولت مند' مقبول اور مذہبی شخص کی نشان دہی کرتا ہے جس کی بینائی کمزور ہوسکتی ہے۔

مشہور شخصیات میں شری کرشنا (جن کی گوپیوں سے چھیڑ چھاڑ مشہور ہے) عمر خیام' سکندر اعظم' بھگوان شری رجنیش' ملکہ وکٹوریا' پیٹر دی گریٹ' برٹرینڈ رسل' چاند پر پہلا قدم رکھنے والے نیل آرم اسٹرانگ' اداکارہ وینا ملک' پابلو پکاسو وغیرہ شامل ہیں۔

روہنی میں شمس

اگر شمس روہنی نچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ خوبصورت' ورغلانے والا' شہوانی' فنکارانہ فطرت' مضبوط جذبات' شاعر' موسیقی کی خداداد صلاحیت' لوگوں میں پسندیدہ اور بہت سے دوستوں کا حامل ہوگا' ایسے لوگوں کی فطری توانائی بہت فعال ہوتی ہے۔

مشہور افراد میں عمر خیام' عبدالبہا' ملکہ وکٹوریا' جان ایف کینڈی' اداکارہ مارلن منرو' بھارتی اداکارہ نرگس' لوتن' اداکار کلنٹ ایسٹ ووڈ اور جان وائن شامل ہیں۔

روہنی میں قمر

اگر چاند روہنی پچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ متوہنی شخصیت کا مالک' سچا' شیریں کلام' شجاع' متوازن ذہن' موسیقی' رقص اور ڈرامے کی خداداد صلاحیت کا حامل۔ کامیاب کرئیر' لمبی عمر' اچھی صحت' مضبوط عضلات' شہرت' دولت اور سیاست میں کامیاب ہوسکتا ہے' عمر کے 30 سے 50 سال کا عرصہ بہت اچھا ہوگا' شادی قبل از وقت ہوسکتی ہے اور پریشانی کا باعث ہوگی۔

مشہور افراد میں شری کرشنا' سگمنڈ فرائڈ' ملکہ وکٹوریا' امریکی صدر بارک اوباما' مدر ٹریسا' ہالی ووڈ اسٹار اور مرشریف' اداکار پریم ناتھ وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ سیدھے سچے، پاک باز، مضبوط جسم کے مالک، خوش بخت، نیک، شائستہ اور خوش شکل ہیں۔ آپ علم اور مطالعے کے شوقین ہیں، لوگوں میں مقبول ہیں اور بہت اچھے کردار کے حامل ہیں۔ آپ کو مالی معاملات میں کبھی پریشانی نہیں ہوگی اور ہمیشہ اپنے خاندان سے جڑے رہیں گے۔ اس منزل کا حاکم قمر اور برج ثور کا حاکم زہرہ ہے' اگر چہ یہ ایک دوسرے کے مقابل سمجھے جاتے ہیں تاہم آپ دوسروں کی خوبیوں کا اعتراف کرتے ہیں اور اُن کی تعریف کرتے ہیں۔

خواتین کے لئے یہ سب سے عمدہ پچھتر ہے۔ اس منزل میں بعض حسین ترین خواتین پیدا ہوئی ہیں۔ ایسی خواتین گول چہرے کی مالک، خوبصورت، خوش اندام، فرض شناس، والدین اور شوہر کی اطاعت گزار ہوتی ہیں۔ خوش لباسی اور خودنمائی بھی آپ کی فطرت میں شامل ہوسکتی ہے لیکن دل کے معاملات میں خواتین بہت کمزور ثابت ہوتی ہیں اور تنک مزاج بھی ہوتی ہیں، اشتعال دلانے پر فوراً مشتعل ہوسکتی ہیں، اپنی ذمہ داریوں کا پوری طرح احساس رکھتی ہیں، فیشن ڈیزائننگ آپ کو سب سے زیادہ پرکشش محسوس ہوگی۔

آپ ہر اس کام کو انجام دینے کی فطری صلاحیت رکھتے ہیں جو آپ کو سونپا جائے اور جسے آپ انجام دینے پر قادر ہوں' آپ کی تعلیم اوسط درجے کی ہوگی لیکن اچھی ہوگی اور

آزادانہ طور پر اپنی روزی کمانے کے لیے کوئی ملازمت کر سکتے ہیں' بعض لوگ ڈیری فارمنگ' ہوٹل یا زرعی پیداوار کے ذریعے روزی حاصل کرتے ہیں۔

آپ کی ازدواجی زندگی خوشیوں سے بھرپور ہوگی' شریک حیات وفاشعار اور بچے معقولیت پسند ہوں گے' اپنی ازدواجی زندگی میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے آپ کو اپنی ضدی طبیعت پر قابو پانا ہوگا' خواتین شوہر پر شک کرنا چھوڑ دیں تو ازدواجی زندگی زیادہ خوشگوار ہو جائے گی' ایسی خواتین کے لیے پختر ماگھ میں پیدا ہونے والے لڑکے بہت موزوں ثابت ہوتے ہیں۔

روحانی کے پیشے اور صحت

پیشے : آپ کے لئے ایسے پیشے موزوں ہیں جن میں سچائی کی اہمیت اور قدر و قیمت ہو۔ بینکر، آفیسر، سیاست داں، ماہر کاریگر، دستکار اور تفریح فراہم کرنے والے لوگ' فیشن ڈیزائنر' ہوٹل مینجمنٹ اور زراعت سے وابستہ افراد' یہ لوگ لنک میں بھی نمایاں مقام حاصل کرتے ہیں۔

مردانہ صحت : خون سے تعلق رکھنے والی بیماریوں کا رجحان پایا جا سکتا ہے۔ خون کا کینسر، یرقان، پیشاب سے متعلق شکایات، بلڈ شوگر، ٹی بی، سانس کی تکلیف، فالج اور حلق کی تکالیف۔

زنانہ صحت : اس منزل میں خواتین کی صحت عام طور سے اچھی رہتی ہے۔ آپ کو ٹانگوں اور پیروں میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ پستان میں درد، پستان کا کینسر، حیض کی بے قاعدگی، حلق کی تکلیف، مہاسے اور گردن کے اوپر سوجن وغیرہ۔

❖❖❖

پانچواں پچھتر مرگسرا (Mrigashira)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Mrigashira	~	♂	♉ ♊	Tama	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Moksha	Deer Head	Candrama	Eyebrows	Servant

پانچواں پچھتر مرگسرا برج ثور اور جوزا پر برابر تقسیم ہوا ہے،اس کا پہلا نصف حصہ ثور کے آخری درجات میں اور باقی جوزا کے ابتدائی درجات تک پھیلا ہوا ہے یعنی 23 درجہ 20 دقیقہ ثور سے 06:40 جوزا تک۔

مرگسرا تین مدھم ستاروں پر مشتمل ہے،اس پچھتر کو ''تلاش کرنے والا ستارہ'' کہتے ہیں جو تلاش کے آغاز کی نشان دہی کرتا ہے،اس کی علامت ''ہرن کا سر'' ہے۔حاکم سیارہ مریخ ہے۔فطرت، دیوا (سونے جیسا) بنیادی محرک، روحانی آزادی۔حیوانی علامت مادہ سانپ اور سمت جنوب ہے،اس پچھتر سے منسوب دیوتا سوما یعنی چاند دیوتا ہے۔

انڈیا کے عظیم ویدک ایسٹرولوجر ڈاکٹر بی، وی رامن اور ان کے ایسٹرولوجر بیٹے رجن بابو کا پیدائشی چاند اسی پچھتر میں ہے،یہ پچھتر روحانی ذہانت اور ریسرچ کی قابلیت کو نکھارنے میں مددگار سمجھا جاتا ہے،اس کو دیوتا جیسی فطرت والا کہتے ہیں جس کا بنیادی محرک روحانی آزادی کی خواہش ہے،اس سے منسوب چاند دیوتا سماوی امرت اور آگہی عطا کرتا ہے۔

مرگسرا کا پہلا نصف حصہ جو برج ثور میں واقع ہے، زہرہ اور مریخ کی امتزاجی تخلیقی تحریک پیدا کرتا ہے،لوگوں کو مادی سطح پر اپنے آئیڈیاز کے اظہار میں مدد ملتی ہے، شاعری اور موسیقی کی صلاحیت موجود ہو سکتی ہے،یہ پچھتر خوبصورت، ذہین اور تخلیقی صلاحیت

کے حامل بچے پیدا کرنے کے لیے اچھا ہے اور مادّی فراوانی لاسکتا ہے۔

مرگسرا کا دوسرا نصف جوزا میں گرتا ہے، تحریر و تقریر یہاں ظاہر ہوسکتے ہیں، ایسا شخص بے حد متجسس، چالاک اور ریسرچ کرنے والا ہوسکتا ہے۔ تعمیرات، شادی بیاہ اور سفر کے لیے مناسب ہے۔

مرگسرا سے مراد "ہرن کا سر" یا "ہرن کے چہرے والا" ہے، خوبصورت ہرن جیسی اداکارہ بروک شیلڈ کا پیدائشی چاند اس نچھتر میں ہے، یہ نچھتر خوشیاں دیتا ہے اور اُس خوبصورت کپڑے کی طرح ہے جو زندگی کو مزید پُرکشش بنا دیتا ہے، اسے ایک نرم اور لطیف نچھتر سمجھا جاتا ہے، ایک شریف، پُرامن، حساس اور ادراک کی فطرت یہاں موجود ہے، اس میں سامنا کرنے کا خوف بھی ہوسکتا ہے، اس کی دوسری حیوانی علامت مادہ سانپ ہے جو اس نچھتر کی شہوانی، اور غالب آنے والی فطرت کی عکاسی ہے۔ نچھتر سے متعلق دیو مالا بہت عجیب ہے جسے یہاں بیان کرنا ہم ضروری نہیں سمجھتے لیکن اس کا خلاصہ یہ ہے کہ مرگسرا کسی خلفشار کے بعد ایک نئے تعلق کو جنم دیتا ہے، اس لیے اس نچھتر کے تحت پیدائش اور شادی کو مبارک سمجھا جاتا ہے۔

تاریک رخ

مرگسرا کا دوسرا رخ موج مستی اور عیاشی ہوسکتا ہے، زندگی میں آسائشوں اور لذتوں کے پیچھے بھاگنا "سنہرے ہرن" کے پیچھے بھاگنے کے مترادف ہے، اس کا نتیجہ مضبوط زمینی ضروریات سے شہوانی وابستگی اور سنسنی خیزی کی شدید آرزو کی صورت میں نکل سکتا ہے، یہاں حلوّن مزاجی کا مشاہدہ بھی کیا جاسکتا ہے، خاص طور پر مرگسرا کے جوزا والے حصے میں ہوشیاری، چالاکی اور بعض صورتوں میں مکاری اور بہانے بازی کا مشاہدہ بھی ہوسکتا ہے۔

مرگسرا کے چار قدم

پہلے قدم کی ابتدا برج ثور میں 23 درجہ 20 دقیقہ سے ہورہی ہے اور اختتام 26 درجہ ثور پر ہے یہ سعد اثرات رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ دولت مند بنتے ہیں اور اپنے دشمنوں پر غالب آتے ہیں لیکن اپنی فطرت میں اچھے نہیں ہوتے خوبصورتی کا فقدان ہوسکتا

ہے' موٹاپے کی طرف مائل ہو سکتے ہیں۔

دوسرا قدم ثور کے 26.40 درجہ سے صفر درجہ جوزا تک دراز ہے اور سعد ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوبصورت' اچھی فطرت کے مالک ہوتے ہیں' علم کے حصول پر توجہ دیتے ہیں' سچائی کو اپناتے ہیں لیکن غصہ ور اور دوسروں سے حسد کرنے والے ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم برج جوزا کے صفر درجہ سے 3.20 درجہ جوزا تک پھیلا ہوا ہے یہ بھی سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد شکر گزار اور دوسروں کو فیض پہنچانے والے ہوتے ہیں' غیر معمولی ذہانت کا مظاہرہ دیکھنے میں آتا ہے لیکن ان کی زندگی میں سفر زیادہ ہوتا ہے۔

چوتھا قدم برج جوزا کے 3.20 درجہ سے 6.40 جوزا تک ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد بڑی بے چین فطرت رکھتے ہیں' مباحثوں یا مقابلوں میں دوسروں کی مخالفت کرتے ہیں' فحاشیات کے موضوع میں قابل ہوتے ہیں' ان کے جسم پر زخموں کے نشان ہو سکتے ہیں۔

مرگسرا میں طالع

اگر طالع کے درجات پختر مرگسرا میں ہوں تو صاحب زائچہ پرکشش، ورغلانے والی فطرت اور نسوانی شخصیت کا مالک ہو سکتا ہے، عارف یا صوفی، سادھو یا جوگی' حق کا متلاشی، پُرجوش، باتونی، متقرر، چست ذہن' ذہنی تذبذب' غیر مستقل مزاج، جرأت مند' سفر کرنے کا شوقین، بچپن میں بیماری اور بہت سے دشمن، ماں سے گہری عقیدت کا حامل ہوگا، وہ کوئی خطیب یا گلوکار بھی بن سکتا ہے۔

مشہور شخصیات میں فلسفی والٹیئر' گرو رجنیش، پامیلا اینڈرسن، ہنری کیسنجر' جمائما خان' ڈریو بیری مور' گلوکارہ لتا منگیشکر' اداکار راجیش کھنہ' ونود کھنہ' اداکارہ پدمنی نمایاں شخصیات ہیں۔

مرگسرا میں شمس

اگر سیارہ شمس پختر مرگسرا میں ہو تو صاحب زائچہ مہم جو، ہمت ور، انٹیلیکچوئل، مسابقت باز، لیڈر، بااختیار، ہرفن مولا' تخلیق کار، شاعر، ایشو عیاش طبع لیکن کاہل ہو سکتا ہے۔

مشہور افراد میں مولانا احمد رضا خان بریلوی' سابق شاہ ایران رضا شاہ پہلوی' ملعون سلمان رشدی' فریک لائڈ رائٹ اور جوڈی گارلینڈ' اداکار و گلوکارہ ثریا' ڈمپل کپاڈیا' شلپا سیٹھی نمایاں ہیں۔

مرکسرا میں قمر

واضح رہے کہ مرکسرا دو برجوں کے آخری اور ابتدائی درجات پر محیط ہے لہٰذا برج ثور اور جوزا کے حوالے سے زہرہ اور عطارد کے اثرات کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔

اگر چاند مرکسرا میں ہو تو صاحب زائچہ ذہین، تحریر کے فن سے واقف، سیاسی فطرت کا مالک، دولت مند، سچا، مذہبی، شہوت پرست، خوبصورت، بزدل یا دلیر ہوسکتا ہے، اسے کاروباری پارٹنر شپ میں مشکلات کا سامنا رہے گا، راہو کے دور اکبر کے بعد اس کی زندگی میں بہتری آئے گی، وبائی امراض اور تنازعات کا شکار ہوگا۔

مشہور شخصیات میں فاتح سومنات محمود غزنوی' صلیبی جنگوں کے ہیرو سلطان صلاح الدین ایوبی' تحریک آزادی کے رہنما مولانا محمد علی جوہر' بھارتی منجم ڈاکٹر بی وی رامن' بھارت کے پہلے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد' سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو' ملعون سلمان رشدی' مصور گل جی' گلوکار کندن لال سہگل' اداکار اشوک کمار' مارلن برانڈو' اداکارہ بروک شیلڈز' شرلے ٹمپل' ڈورس ڈے وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ ذہین، اچھے مقرر، بہت خوش امید، فقرے باز، خوش مذاق، دولت مند اور عیش پسند ہیں۔

اگر آپ کی پیدائش ابتدائی حصے میں ہوئی ہے جو برج ثور میں ہے تو آپ کی شخصیت میں استحکام اور اپنے آپ کو وقف کر دینا شامل ہے۔ آپ ہمیشہ چست، تیز فہم لیکن تھوڑے سے بدزبان یا دریدہ دہن ہوں گے، آپ کو بحث مباحثے میں محتاط رہنا ہوگا، تکرار اور غصے میں اپنی زبان پر قابو پانا ہوگا اور گالم گلوچ سے پرہیز کرنا پڑے گا، اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو لوگوں سے آپ کے تعلقات خراب ہو جائیں گے اور دشمنی پیدا ہوگی۔

آپ علم دوست ہیں اور فنونِ لطیفہ سے دلچسپی رکھتے ہیں، اپنی بیوی سے محبت کریں گے اور آپ کے بچے بھی قابل ہوں گے، آپ کچھ لالچی ہو سکتے ہیں اور مناسب دولت حاصل کر سکتے ہیں، عمدہ کھانوں، عیش و عشرت اور آرام و آسائش سے لطف اندوز ہوں گے، آپ کے پاس عمدہ ملبوسات، قیمتی زیورات ہوں گے، مجموعی طور پر آپ خوش اندام، تیکھے نقوش کے حامل ایک وجیہہ شخص ہو سکتے ہیں' آپ دبلے پتلے اور چمکیلی آنکھوں کے مالک ہوں گے' آپ طویل قامت ہو سکتے ہیں' آپ ایک وجیہہ شخص ہوں گے۔

اس پچھتر میں پیدا ہونے والی خواتین شادی کے بعد بھی مختلف سرگرمیوں میں خود کو مصروف رکھتی ہیں، اپنے شوہر پر مکمل کنٹرول حاصل کرنا چاہتی ہیں، مردان کے حسن اور دل رُبائی کے گرویدہ ہوتے ہیں، اپنے شوہر سے حد درجہ جذباتی وابستگی رکھتی ہیں' انہیں کسی ایسے شخص سے شادی نہیں کرنی چاہیے جو پچھتر پروپھالگنی میں پیدا ہوا ہو کیوں کہ اس کے ساتھ آپ کا جوڑ موافق نہیں ہوگا۔ اگر پیدائش دوسرے حصے میں ہوئی ہے تو آپ تخلیقی صلاحیتوں کے مالک، ہمہ گیر اور ڈائنا مک ہیں۔ تلون مزاجی، نیکی، چالاکی، بزدلی، محنت، آپ کی صفات میں شامل ہیں۔ آپ ہمیشہ حرکت میں رہنے والے انسان ہیں اور شہوت پرست بھی ہیں' آپ کی طبیعت میں فخر کا عنصر شامل ہے' آپ ہمیشہ مالی اور ذاتی پریشانیوں میں مبتلا رہتے ہیں۔

مرگسرا کے پیشے اور صحت

پیشے: قلم کار' شاعر' ایسٹرولوجر' محقق' صوفی' سادھو' نیچر' اداکار' گلوکار' موسیقار' بزنس مین' پانی، ٹینک، کنال سے متعلق پیشے، مذہبی شخصیات کے معاون، میکینکل یا الیکٹریکل انجینئرنگ، ٹیلی کمیونیکیشن، محکمہ جنگلات سے متعلق کام یا جنگلات میں رہنے والے، پوسٹ مین، شکاری، ماہی گیر، سیاست داں اور جسمانی ورزشوں کے استاد وغیرہ۔

مردانہ صحت: بچپن میں صحت کی خرابیاں، مسلسل قبض کی شکایت نظامِ ہضم کی خرابیوں کو جنم دیتی ہے۔ چوٹ اور زخم، شانوں میں کالر بون کے پاس درد وغیرہ اور جنسی امراض۔

زنانہ صحت: وقتے وقتے سے صحت میں خرابی پیدا ہوگی۔ گلے کا گلہڑ، کیل مہاسے، کندھوں کا درد، ماہانہ نظام کی بے قاعدگیاں، کبھی کبھی پیروں اور پستان کے کسی حصے میں درد کی شکایت وغیرہ۔

چھٹا پچھتر اردرا (Ardra)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Ardra	F	♄	♊	Tama	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Kama	Head	Lord Rudra	Eyes	Butoher

برج جوزا کے 6 درجہ 40 دقیقہ سے 20 درجہ جوزا تک چھٹا پچھتر اردرا ہے، یہ مکمل طور پر جڑواں برج جوزا کے اندر ہے، اس کی علامت انسانی سر ہے جو سوچنے کی صلاحیت کی عکاسی کرتا ہے، اس پچھتر کا حاکم راہو ہے جو برج جوزا کے حاکم عطارد کے ساتھ مل کر بہت ہی عجیب امتزاج پیدا کرتا ہے، ایک بے تابانہ سوچ کے ساتھ گہرا احساس اردرا میں مشاہدہ کیا گیا ہے، اسے طوفان اور تباہی و بربادی کے دیوتا سے تشبیہ دی گئی ہے اور شِو کی غضب ناک شکل کہا گیا ہے، موت، دکھ درد اور مصائب اس کے عام موضوعات ہیں۔

اگر قمر اس منزل میں ہو تو ایسے افراد راہو کے طوفانی سمندر میں پیدا ہوتے ہیں اور زندگی کے ابتدائی حصے میں ہی حالات کی سختی کا سامنا کرتے ہیں کیوں کہ زندگی کے ابتدائی حصے میں ہی راہو کا دورا کبر شروع ہو جاتا ہے، اگر راہو زائچے میں اچھی پوزیشن کے ساتھ شرف یافتہ نہ ہو تو ایسا لوگوں کو بڑی پُر فریب زندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اردرا کے معنی ''تر یا گیلا'' کے ہیں اور یہ آنسو کے قطروں سے متشابہ ہے، اسے سبز، تازہ، نرم، بھیگا ہوا اور موتی کی طرح چمک دار بتایا جاتا ہے، اردرا شفافیت کے ادراک کی عکاسی کرتا ہے، اس میں موسم بہار کی بارش بھی ہے اور رنج و غم کے آنسو بھی، اس کا بنیادی محرک خواہش ہے، فطرت انسانی ہے جب کہ حیوانی علامت مادہ کتا اور سمت مغرب ہے۔

یہ تیز فطرت کا ستارہ ہے اور خاکی ہے، غضب ناک سرگرمیاں، جوش وخروش اور وسعت کی خواہش سے جڑا ہوا ہے، بے خوفی، دلیری، طاقت کا استعمال اور عاقبت نا اندیشی کی سرگرمیوں کو جنم دے سکتا ہے، اس کی طاقت کوشش ہے، خاص طور سے زندگی میں سخت جدوجہد سے فوائد کا حصول' بے شک جدوجہد سے عظیم فوائد حاصل ہو سکتے ہیں لیکن راسخ عزم اور خوش قسمتی کے بغیر نہیں۔

تاریک رخ

اردرا کا دوسرا رُخ طاقت کے ناجائز استعمال اور مادی چیزوں کے پیچھے بھاگنے کا حامل ہے، اس پچھتر کی حرکتوں سے دوسروں کو تکلیف یا پریشانی ہو سکتی ہے، اگر چہ یہ لوگ دوسروں کی مدد کرنے والے پیشوں میں بھی کام کر سکتے ہیں اور لوگوں کے مصائب دور کر سکتے ہیں۔

اس پچھتر میں گھمنڈ، انا پرستی اور پُر تشدد رجحانات بھی ظاہر ہو سکتے ہیں، ایک نکتہ چیں اور شاکی فطرت بھی موجود ہو سکتی ہے، شکاری اور جانوروں کو ہلاک کرنے والے اس پچھتر کے حامل ہو سکتے ہیں، سیاست، مکروفریب اور ناجائز ذرائع سے آمدن بھی اکثر صورتوں میں راہو کی ناموافق پوزیشن کی وجہ سے اس پچھتر کے حامل افراد کے کیسوں میں مشاہدہ ہو سکتی ہے۔

ان لوگوں کو سبزیاں زیادہ استعمال کرنی چاہئیں اور پروٹین والی اغذیہ سے پرہیز کرنا چاہیے۔

اردرا کے چار قدم

پہلا قدم 6.40 درجہ جوزا سے 10 درجہ جوزا تک ہے اور سعد ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد شریف اور قابلِ تعریف عادت واطوار کے حامل ہوتے ہیں' سچے ذہین اور حواس کو قابو میں رکھنے والے۔

دوسرا قدم 10 درجہ جوزا سے 13.20 درجہ جوزا تک دراز ہے اور سعد ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد صاف گو منہ پھٹ ظالم مغرور اور کنجوس ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 13.20 درجہ جوزا سے 16.40 درجہ جوزا تک ہے اور سعد ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والا غصہ ور ہوتا ہے وہ ظالم اور چغل خور ہو سکتا ہے' اچھے لوگوں کی مخالفت کرتا ہے۔

چوتھا قدم 16.40 درجہ جوزا سے 20 درجہ جوزا تک ہے' اس قدم کو عیبی سمجھا جاتا ہے' ایسا شخص بدصورت' گندا' خبیث ذہن کا مالک ہو سکتا ہے' اپنے بھائیوں سے نفرت کرتا ہے اور بدکردار ہوتا ہے' برے مشورے قبول کرتا ہے۔

اردرا میں طالع

اگر طالع اردرا پچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ مغرور، لمبی عمر پانے والا، ذہین، عیار، متزلزل ذہن کا مالک، رابطے کے ہنر میں ماہر، متلون مزاج، انٹیلیک، چابک دست، ناشکر گزار، دھوکے باز ہو سکتا ہے، اس کے چند بچے ہوں گے، حافظہ اچھا ہوگا۔

مشہور شخصیات میں البرٹ آئین اسٹائن، سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو' ہیلری کلنٹن، ملکہ میری انتونی' ایسٹرولوجر رابرٹ ہینڈ' اداکار شمی کپور' بانسری نواز ہری پرشاد چوراسیا شامل ہیں۔

اردرا میں شمس

اگر سیارہ شمس اس پچھتر میں واقع ہو تو سیاسی ذہن کا مالک بناتا ہے ایسے لوگ سماجی ہنر مند ہوتے ہیں لیکن ذہنی عدم استحکام کا شکار رہتے ہیں' متذبذب، نکتہ چیں، بے ایمان، عیار، غضب ناک ہو سکتے ہیں' ان کا مضطرب یا بے چین ذہن خود ان کے لیے مسائل و پریشانی کا باعث بنتا ہے۔

مشہور شخصیات میں سابق بھارتی وزیراعظم وی پی سنگھ' محترمہ بے نظیر بھٹو' کانگریسی لیڈر پی وی نرسمہا راؤ' گلزاری لال نندا' نپولین بونا پارٹ کی محبوبہ جوزیفائن' لیڈی ڈیانا' ڈیوڈ ڈیوک اداکارہ کرشمہ کپور اور ہری پرشاد چوراسیا شامل ہیں۔

اردرا میں قمر

اگر چاند اردرا پچھتر میں ہو تو متجسس ذہن اور علم کی پیاس ظاہر کرتا ہے لیکن زائچہ میں اگر منفی اثرات کی زیادتی ہو تو ذہنی تجسس اور علمی دلچسپی کا رخ منفی بھی ہو سکتا ہے جس کے نتیجے میں خراب اعمال کا اندیشہ رہتا ہے' اکثر ایسے لوگوں کی شادی میں تاخیر اور ازدواجی زندگی

میں مشکلات ہوتی ہیں' بعض اوقات یہ لوگ مثبت کاموں میں دلچسپی نہیں لیتے' اگر چہ اعلیٰ درجے کی ابلاغی صلاحیت کے مالک ہوتے ہیں' عمدہ خطیب ہوتے ہیں' اس پختصر کا پہلا قدم اچھے نتائج دیتا ہے' سچائی پسند لیکن انا پرست بنا تا ہے' باقی قدم شراراتی اور ناشکرا بناتے ہیں' سماج دشمنی بھی اس پختصر میں پائی جاتی ہے' ان لوگوں کے دوستوں اور رفقاء کی تعداد بہت زیادہ ہو سکتی ہے۔

مشہور شخصیات میں عظیم سائنس داں آئزک نیوٹن' سابق امریکی صدر روز ویلٹ' شاہ حسین آف اردن' بھارتی کانگریسی رہنما سونیا گاندھی ہمفرے بوگارٹ' اداکارہ آشا پاریکھ' پدمنی وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ دوسرے لوگوں سے الگ تھلگ نظر آتے ہیں اور کچھ اکڑے ہوئے یا خلافِ معمول وضع قطع کے مالک، دوسروں سے خود کو ممتاز رکھنے اور کچھ مختلف نظر آنے کا شوق یا خبط موجود ہو سکتا ہے۔

آپ یا تو انتہائی دُبلے پتلے ہو سکتے ہیں یا پھر موٹے، لمبے یا چھوٹے۔ اس منزل میں پیدا ہونے والے افراد کی جسمانی وضع قطع خاصی مختلف ہوتی ہے اور اس کا سبب راہو کے اثرات ہیں۔

آپ ذہین، ہمہ گیر اور کسی بھی موضوع پر گفتگو کرنے کے اہل ہیں۔ آپ کو آل راؤنڈر بھی کہا جا سکتا ہے۔

آپ بہت گھنّے بھی ہیں اور کوئی نہیں کہہ سکتا کہ آپ کے دماغ میں کیسی کھچڑی پک رہی ہے اور آپ کیا کرنے والے ہیں۔ کبھی کبھی آپ کوئی عجیب وغریب حرکت کر بیٹھتے ہیں اور آپ کا رویہ اتنا عجیب ہوتا ہے کہ آپ کو اچھی طرح جاننے کا دعویٰ کرنے والے بھی حیران ہو سکتے ہیں۔

آپ کفایت شعار، ناشکر گزار لیکن مہربان اور فیاض ہیں۔ گناہ سے بچنا آپ کے لئے آسان کام نہیں ہے۔ آپ کی ہمدردیاں آسانی سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ کفایت شعاری کے باوجود کبھی کبھی آپ احمقانہ فضول خرچیاں کر بیٹھتے ہیں۔

آپ کھانے کے شوقین ہیں اور بے چین فطرت کے مالک ہیں۔ آپ کی صحت

گیری ظالمانہ حد تک ہوسکتی ہے۔ اپنی فضول خرچی کی وجہ سے آپ کبھی کبھی مالی مشکلات کا شکار ہوسکتے ہیں۔

آپ کو اگر کوئی کام سونپا جائے تو آپ بہت ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہیں' کسی محفل یا میٹنگ میں آپ ایک پُرمزاح فضا قائم کردیں گے اور لوگ آپ کی طرف متوجہ رہیں گے' آپ دوسروں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کا فن جانتے ہیں۔

آپ کی سوچ وجدانی ہے' ایک اچھے ماہر نفسیات کی خوبیاں آپ کے اندر موجود ہیں' دوستوں اور رشتہ داروں سے آپ کا رویہ نہایت پُرتپاک اور پُرجوش ہوگا جو لوگ آگے بڑھ کر آپ کی مدد کرنا چاہیں گے ان کے لیے آپ کے احساسات میں سپاس گزاری نہیں ہوگی' آپ موڈی اور جذبہ شوق سے سرشار ہوں گے۔

آپ مختلف علوم اور فنون میں دلچسپی لیں گے اور تقریباً ہر موضوع پر گفتگو کرنے کے اہل ہوں گے لیکن ان خوبیوں کے باوجود آپ کو شہرت اور صلے کے لیے جدوجہد کرنا پڑے گی' آپ کے لیے مشورہ ہے کہ باقاعدگی سے مراقبہ کیا کریں تاکہ اپنی بعض کمزوریوں اور خرابیوں پر قابو پاسکیں۔

آپ اپنے کام سے حد سے زیادہ مخلص اور سنجیدہ ہیں لہٰذا کوئی چھوٹی سی چھوٹی رکاوٹ بھی آپ کے لیے ذہنی تناؤ اور ذہنی کرب کا باعث ہوسکتی ہے لیکن آپ ہر صورت میں صبر اور استقامت کا دامن تھامے رہتے ہیں اور انتہائی وضع داری کا مظاہرہ کرتے ہیں' آپ کے صبر و استقامت کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور سراہا جائے گا۔

آپ کسی ایک کام سے چپکے نہیں رہیں گے بلکہ ایک وقت میں کئی کاموں کا ذمہ لے لیں گے' آپ دوسروں کی رائے اور نقطۂ نظر کو اطمینان سے سنیں گے اور اسی کے مطابق عمل کریں گے حالانکہ آپ یہ جانتے ہوں گے کہ آپ کی اپروچ درست ہے' آپ تحقیق اور تفتیش کے شعبے میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔

یہ نوٹ کیا گیا ہے کہ اس پچھتر میں پیدا ہونے والے بے لوث کارگزاری دکھاتے ہیں' سماجی کاموں کے لیے نہایت موزوں ہوتے ہیں' آپ ذاتی کاروبار میں بھی بہت کامیاب رہیں گے' اگر آپ ایک سے زیادہ کام اپنے ذمے لیں تو کاملیت کے ساتھ سب

کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکتے ہیں۔

عام طور پر اس پختسر میں پیدا ہونے والے اپنے گھر اور فیملی سے دور رہ کر روزی کماتے ہیں' دوسرے لفظوں میں وہ غیر ممالک میں بود وباش اختیار کرتے ہیں عمر کے 32 اور 42 سال کا درمیانی عرصہ ان کی زندگی کا سنہرا دور ہوتا ہے۔

عموماً شادی میں تاخیر ہوتی ہے' اگر شادی جلدی ہو جائے تو فیملی سے الگ رہنے پر مجبور ہو سکتے ہیں' اس کی وجہ بیوی سے خیالات میں اختلاف یا ایسے حالات ہو سکتے ہیں جو کنٹرول سے باہر ہوں۔

اگرچہ آپ کو زندگی میں کئی فطری مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے لیکن آپ دوسروں پر اپنے حقیقی مسائل ظاہر نہیں کریں گے' اگر شادی دیر سے ہو تو ازدواجی زندگی اچھی ہوگی' بیوی آپ کو پوری طرح اپنے کنٹرول میں رکھے گی۔

اردرا خواتین بہت ہوشیار اور ہنر مند ہوتی ہیں' وہ شوہر کی تمام حرکات وسکنات پر نظر رکھتی ہیں' خاندانی معاملات میں لاتعلق نہیں رہ سکتیں' تمام سرگرمیوں میں خواہ وہ مثبت ہوں یا منفی پوری طرح ملوث نظر آتی ہیں' چھوٹی چھوٹی باتوں کا نوٹس لیتی ہیں اور شوہر پر حاوی ہونے کی کوشش جاری رکھتی ہیں' ان کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ گھریلو کاموں اور ذمہ داریوں کے علاوہ بھی دیگر سرگرمیوں میں معروف رہیں۔

اردرا کے پیشے اور صحت

پیشے : سماجی خدمات' تعلقات عامہ' سیاست' ادیب' استاد' سیلز مین' انسانیت کی خدمت کے منصوبے' اسمگلنگ' جانوروں کے شکاری، علوم خفیہ میں دلچسپی لینے والے، رنگ ساز، گوشت اور جانوروں کی خرید وفروخت، ڈرائی کلینرز کا کام، دست کار، جڑی بوٹیوں، پھلوں، دواؤں یا کیمیکلز کا کام، زہر، حشرات الارض اور رینگنے والے جانوروں سے متعلق پیشے۔ ٹرانسپورٹ' شپنگ' کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ میں ملازمت' کتب فروشی' مالیاتی کمیشن ایجنٹ وغیرہ۔

مردانہ صحت : نروس سسٹم کی خرابی آپ کا سب سے بڑا مسئلہ ہو سکتی ہے' جلد کی حساسیت یا الرجی' ذہنی خرابی بھی پریشانی کا باعث ہو سکتی ہے آپ کو ایسے

امراض لاحق ہوسکتے ہیں جو شاید نا قابلِ علاج ہوں۔ مثال کے طور پر فالج، دل کی بیماریاں، دانتوں، سینے کی تکالیف وغیرہ اس کے علاوہ دمہ، خشک کھانسی اور کانوں کی تکلیف کا رجحان پایا جاتا ہے۔

زنانہ صحت: ماہانہ نظام کی خرابیاں، دمہ، خون کی خرابیاں، خون کی کمی، بچے دانی کی تکالیف، کان کی تکلیف، گلسوئے اور بلغمی تکالیف ہوسکتی ہیں۔

❖❖❖

ساتواں پچھتر پنروسو (Punarvasu)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Punarvasu	M	♃	♊ ♋	Satva	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Artha	Bow	Sri Aditi	Nose	Vaisya

برج جوزا کے 20 درجہ سے برج سرطان کے 3 درجہ 20 دقیقہ تک مبارک پچھتر پنروسو ہے، اس کا زیادہ حصہ یعنی 10 درجے برج جوزا میں ہیں، اس منزل میں کیسٹر اور پولکس سمیت پانچ ستارے ہیں۔

اس پچھتر کا حاکم سیارہ مشتری ہے، ابتدائی 10 درجے چوں کہ برج جوزا میں ہیں لہٰذا عطارد اور مشتری کا مشترکہ اثر یہاں ظاہر ہوتا ہے اور آخری قدم برج سرطان میں ہے لہٰذا قمر اور مشتری کا امتزاج ظاہر ہوتا ہے۔

عطارد اور مشتری کا امتزاج عظیم فہم وفراست اور روحانی ذہن کو جنم دے سکتا ہے، قمر اور مشتری کا امتزاج فہم وفراست کے ساتھ جذبات پر زور دیتا ہے اور احساسات میں گہرائی لاتا ہے، بعض روحانی شخصیات کا قمر اسی پچھتر میں پایا گیا ہے۔

صحت مندی اور زرخیزی کے لیے اس پچھتر کی طاقت مشہور ہے، دولت حاصل کرنے کی لیاقت رکھتی ہے، وسعت وفراوانی لاتی ہے۔

پنروسو کی علامت کمان اور ترکش ہے۔ فطرت، دیوا (سونے جیسا) بنیادی محرک، مادی ترقی، حیوانی علامت مادہ بلی اور سمت شمال ہے۔

ابتدائی 10 درجات میں عطارد ومشتری کے اثر کی وجہ سے یہاں ابلاغ کے میدان میں زبردست اہلیت کو فروغ حاصل ہوسکتا ہے، اس کی بنیادی علامت "تیروں کا ترکش" کامیاب

منصوبے شروع کرنے کی اہلیت کی عکاسی کرتا ہے، یہ ایک حرکت پذیر بچھتر سمجھا جاتا ہے اور اس کا اثر زندگی میں تبدیلی لانے خاص طور پر کرائے یا رہائش کی منتقلی کے لیے اچھا ہے، تخلیقی صلاحیتیں اور اُمنگ یہاں نمایاں ہیں، حیوانی علامت ایک بلی ہے جو آزادی کی ضرورت اور حساسیت کی عکاسی کرتی ہے۔

اس بچھتر کا نام پنروسو 2 لفظوں پر مشتمل ہے "پنر" کے معنی دہرانا اور "وسو" کے معنی روشنی کی کرن، کوئی جوہر یا گھر کے ہیں، وسو سے مراد پھلنا پھولنا یا اچھا بھی ہے، دیو مالا میں وسو 8 دیوتا ہیں جو کائناتی اور زمینی ظہور کو بنیاد فراہم کرتے ہیں کیوں کہ پنروسو جڑواں کیسٹر اور پولکس سے جڑا ہوا ہے لہٰذا اس کے معنی ومفہوم کچھ یوں ہیں "وہ دو جو اچھی چیزیں واپس کر دیتے ہیں" یا "وہ دو جو پھلنے پھولنے والے یا اچھے ہیں"

اس بچھتر کا بنیادی محرک مادی ترقی ہے، اس کو "تجدید کا ستارہ" کہتے ہیں اور یہ ذات کے خالص پن، شخصیت کی تبدیلی اور "روشنی کی واپسی" کی نمائندگی کرتا ہے۔

تاریک رخ

پنروسو میں زندگی کے تجربات کو ضرورت سے زیادہ سمجھنے کا رجحان ہے جو ایک نکتہ چیں فطرت کو جنم دے سکتا ہے، یہ بات خاص طور پر پہلے تین قدموں کی حد تک درست ہے جو برج جوزا میں گرتے ہیں، آخری قدم "ورگوتما" ہے کیوں کہ برج سرطان کے ابتدائی تین درجہ 20 دقیقہ میں طالع اور نو ہبرہ دونوں سرطان میں ہیں لیکن سنگم کے قریب ہونے کی وجہ سے آخری قدم کمزور ہو گیا ہے لہٰذا یہاں ذہنی تذبذب کا تجربہ ہو سکتا ہے، ایسے افراد کی قوتِ ارادی کمزور ہو سکتی ہے۔

بہر حال یہ بچھتر 27 منازلِ قمری میں سب سے مبارک بچھتر ہے اور ایک نہایت قابل محقق "موہن بہاری" کے بقول "پنروسو احساس کی عکاسی کرتا ہے کہ انسانی روح کا اپنی فلکی قیام گاہ سے جلا وطن ہونا بعض مجبوریوں یا گناہوں کے سبب ہے، یہ وہ مجبوریاں ہیں جو روح کو اس کے فلکی توازن سے محروم رکھتی ہیں، یہ منزل ارادے کی مضبوطی کی طرف بڑھنے کے عظیم عمل کو قوت محرکہ فراہم کرتی ہے، شعور کا روحانی تیر اس بچھتر میں چلانے کے لیے تیار کیا گیا ہے، پنروسو اظہار ذات کا وہ "تختہ ء زقند" ہے، جو تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، ایک حدِ آسمان ہے۔

پنروسو کے چار قدم

پہلا قدم 20 درجہ جوزا سے 23 درجہ 20 دقیقہ جوزا تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد عقل مند لیکن مغرور ہوتے ہیں' بے چینی اور بد مزاجی بھی ان لوگوں میں پائی جاتی ہے' عدم توازن کا شکار ہوتے ہیں' مائل بہ فربہی اور جسم پر بالوں کی زیادتی نظر آتی ہے۔

دوسرا قدم 23.20 درجہ جوزا سے 26.40 درجہ جوزا تک ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اچھی عادتوں کے مالک ہوتے ہیں' وہ اپنے بھائیوں کی حفاظت کرنے کے اہل اور اپنے کاموں میں چالاک ہوتے ہیں' صفراوی مزاج رکھتے ہیں اور مذہبی ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 26.40 درجہ جوزا سے صفر درجہ سرطان تک ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد لالچی اور منافق ہو سکتے ہیں' وہ لمبی عمر پاتے ہیں اور شاعرانہ ذہن کے مالک ہوتے ہیں' انہیں دانتوں کے مسائل پریشان کرتے ہیں۔

چوتھا قدم صفر درجہ سرطان سے 3.20 درجہ سرطان تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوب صورت اور اچھے مقرر ہوتے ہیں' وہ جنس مخالف میں مقبولیت حاصل کرتے ہیں۔

پنروسو میں طالع

اگر طالع کے درجات پنروسو میں ہیں تو صاحب زائچہ اکثر رہائش بدلتا رہتا ہے، زندگی میں شخصیت کی تبدیلی کے عمل سے گزرتا ہے یا اپنی تطہیر کرتا ہے، یہ برنس مین طبقے سے وابستہ ایک حرکت پذیر ستارہ ہے، آزادی کا متوالا بناتا ہے، اسے باندھ کر نہیں رکھا جا سکتا، وہ پارٹنر یا جگہ بدلتا رہتا ہے، ایک اچھا، تخیر اور ذہین انسان تخلیق کرتا ہے جو آسانی سے مطمئن ہو جاتا ہے، کمزور دماغ کا مالک ہے، شاعرانہ مزاج اور مضطرب، وفادار، تفریح طبع اور کاروبار میں محتاط، مالی اعتبار سے اوسط کامیابی، مفکر، ادیب، بہت زیادہ متحرک، بڑا حلقہ احباب، روحانی دوست کی ضرورت محسوس کرتا ہے، اداکاری کا ہنر جانتا ہے۔

مشہور لوگوں میں ماہر فلکیات جوہانس کیپلر' مادام بلاوٹسکی' سابق بھارتی صدر ذاکر حسین' دلائی لامہ' ارب پتی بل گیٹس' دانشور اور سیاست دان بسول بخش بلیجو' جے للیتا'

ادیب و فلم ساز علی سفیان آفاقی، کمال امروہوی، اداکار جیری لوئس، اداکار آرنلڈ شیوازنگر، رابرٹ ڈی نیرو، بھارتی اداکارہ ممتاز شامل ہیں۔

پنروسو میں شمس

اگر سیارہ شمس پنروسو میں ہو تو تقریر کی اچھی صلاحیت، ضبطِ نفس، مذہبی رجحان دیتا ہے، صاحب زائچہ سادہ زندگی بسر کرتا ہے، شادی میں پریشانی لیکن عورتوں کے لیے بہتر ہے، لکھنے کا ہنر، پبلشنگ کی صلاحیت دیتا ہے، متذبذب فطرت اور قوتِ فیصلہ سے عاری بناتا ہے۔

مشہور لوگوں میں دلائی لامہ، نیلسن منڈیلا، شامی صدر بشار الاسد، راک فیلر، رائٹر ارل اسٹینلے گارڈنر، اداکار ہیریسن فورڈ، ڈیل برائنز، کھلاڑی او جے سمسن، ٹام ہینکس، سنجیو کمار، اداکارہ ہیما مالنی، کترینہ کیف، پریانکا چوپڑا شامل ہیں۔

پنروسو میں قمر

اگر قمر اس منزل میں ہو تو زبردست فراست، ابلاغ کے میدان میں خداداد صلاحیت، بے قابو جذبات، اچھی سماجی حیثیت دیتا ہے، یہ لوگ خوش مزاج، ملنسار اور آسانی سے قناعت کرنے والے، مذہبی رجحان کے حامل ہوتے ہیں، ضبطِ نفس پر قادر ہوتے ہیں، سادہ زندگی بسر کرتے ہیں، شادی میں پریشانی کا شکار ہوتے ہیں، لکھنے اور شائع کرنے کا ہنر جانتے ہیں، متذبذب فطرت کے حامل اور قوتِ فیصلہ سے محروم ہوتے ہیں۔

مشہور افراد میں امام ابن تیمیہ، حضرت شاہ ولی اللہ، اداکار اُتم کمار، ایلتھونی کوئن، معروف ایسٹرولوجر لنڈا گڈ مین، اداکارہ ریکھا، مینا کماری، زینت امان اور گلوکار علی ظفر شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

اگر آپ کا قمر پختہ تر پنروسو میں ہے تو آپ نہایت خوش امید ہیں، مثبت سوچ کے حامل ہیں اور زندگی میں جو کچھ حاصل کرنا چاہیں اُس کی طاقت رکھتے ہیں۔ آپ خوش و خرم رہنا جانتے ہیں اور یقیناً مالدار اور خوشحال ہو سکتے ہیں۔ آپ دوسروں کی خیرخواہی چاہنے والے، سیدھے، اچھے، باوقار اور مذہبی سوچ کے حامل انسان ہیں۔ اپنے آپ پر قابو رکھنا جانتے ہیں۔ اچھی فطرت کے مالک، باصلاحیت اور ہوشیار ہیں، آپ باتیں کر کے لُطف

اندوز ہوتے ہیں۔ اپنے خیالات اور گفتگو میں زیرک اور دور اندیش ہیں۔ عام طور سے آپ تنہائی پسند ہیں۔

آپ مصنف بن سکتے ہیں یا کسی زبان میں مہارت حاصل کر سکتے ہیں۔ موسیقی، گلوکاری کے میدان میں بھی آپ نام کما سکتے ہیں۔ آپ کو اپنی صلاحیتوں کو منوانے سے روکا نہیں جا سکتا۔ ممکن ہے ابتدائی زندگی میں آپ کے مشاغل اور رویہ کچھ اور ہو اور بعد میں تبدیل ہو جائے، آپ کو عام لوگوں سے تعلقات بڑھاتے ہوئے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

آپ کے باطنی خیالات کو جاننا بہت ہی مشکل ہے، آپ کے پاس جو کچھ بھی ہے آپ اس پر قانع ہوں گے، آپ کو اپنے مزاج کو چیک کرتے رہنے کی ضرورت ہے، قدیم روایات اور عقائد کی دُرستگی پر پختہ ایمان رکھتے ہیں۔

آپ ناجائز یا غیر قانونی سرگرمیوں میں کسی کے حمایتی نہیں بنیں گے اور دوسروں کو ایسی سرگرمیوں سے روکیں گے، آپ دوسروں کے لیے مشکلات کھڑی کرنا نہیں چاہتے بلکہ ضرورت مندوں کی مدد کرنا چاہتے ہیں، آپ سادہ زندگی پسند کریں گے۔

آپ کو کاروباری پارٹنر شپ کے علاوہ تمام کاموں میں زبردست کامیابی حاصل ہو سکتی ہے اور اپنا نام روشن کر سکتے ہیں' آپ ایک استاد' رائٹر' ڈاکٹر' اداکار وغیرہ کی حیثیت سے بھی شہرت حاصل کر سکتے ہیں لیکن 32 سال کی عمر تک آپ کو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا' لہٰذا بہتر ہو گا کہ اس عرصہ میں کسی بڑے بزنس میں خود کو نہ ڈالیں۔

آپ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جو دولت جمع کرتے ہیں لیکن آپ کو عزت حاصل ہوگی' کاروباری چالاکی اور ہوشیاری کا فقدان اور آپ کا کھرا پن دولت جمع کرنے میں رکاوٹ کا باعث ہوگا' آپ کے چہرے پر ایک خاص تاثر ہوگا اور وہ ہے معصومیت کا تاثر۔

آپ وجیہہ ہو سکتے ہیں، رانیں لمبی ہوں گی اور چہرہ بھی لمبوترا ہو سکتا ہے، آپ کے چہرے یا سر کے پیچھے کوئی علامتی نشان ہوگا۔ آپ اپنے والدین کے سب سے فرماں بردار بچے ہوں گے، ماں باپ اور اُستاد کا احترام کریں گے۔

آپ کی ازدواجی زندگی میں اُلجھاؤ اور تناؤ آ سکتا ہے، ہو سکتا ہے آپ کو اپنی بیوی سے علیحدگی اختیار کرنی پڑے، دوسری شادی کا امکان بھی پایا جاتا ہے، آپ کی

بیوی کو آپ کی توجہ، دل جوئی اور شفقت کی ضرورت ہے، آپ کو کٹھن حالات میں اپنے آپ کو سنبھالنے رکھنا اور پُرسکون رہنا چاہیے، اگرچہ آپ کی بیوی میں ایک اچھی گھریلو بیوی ہونے کی تمام خوبیاں موجود ہیں تاہم گھریلو ناچاقی برقرار رہے گی۔

اس پنجتر میں پیدا ہونے والی خواتین نیک فطرت اور مبارک قدم ہوتی ہیں لیکن گھریلو زندگی میں اور خاص طور پر شادی کے بعد انہیں مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے' اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ نہایت سادہ مزاج اور سچائی پسند ہوتی ہیں' مذہبی سوچ رکھتی ہیں اور زندگی کے معاملات میں زیادہ ہیر پھیر سے کام نہیں لیتیں' ان کی شادی میں تاخیر کا امکان رہتا ہے اس کی وجہ سے بددلی اور مایوسی کا شکار بھی ہوتی ہیں۔

شادی کے بعد بہت اچھی بیوی اور ماں ثابت ہوتی ہیں' خاص طور پر اپنے بچوں کی تربیت بہت عمدہ طریقے سے کرتی ہیں لیکن اپنی سادہ مزاجی اور نیک فطرت کی وجہ سے انہیں بہت سے دکھ درد برداشت کرنا پڑتے ہیں جو وہ اپنی اولاد کی خاطر خوش دلی کے ساتھ برداشت کر لیتی ہیں کیونکہ وہ کسی صورت بھی اپنا گھر برباد کرنا پسند نہیں کرتیں۔

پنروسو کے پیشے اور صحت

پیشے: لوگوں کی فلاح و بہبود کے کاموں سے متعلق پیشے، بینکار، آفیسر، ماہر کاریگر، بزنس مین، اداکار' ادیب' ڈرامہ نگار' سیاست داں' پبلشر' روحانی استاد' صوفی' سادھو' راہب' تفریحی شعبوں سے متعلق افراد' اناج کے بیوپاری، ملازم، دست کار وغیرہ۔

مردانہ صحت: آپ کو سنگین نوعیت کی کوئی بیماری لاحق نہیں ہوسکتی کیوں کہ آپ پانی بہت پیتے ہیں۔ آپ کا نظام ہضم بہت مضبوط ہے البتہ نروس سسٹم بہت حساس ہے' کانوں میں سوجن' درد' جگر کی کمزوری' یرقان اور پھیپھڑوں کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔

زنانہ صحت: آپ اچھی صحت سے لطف اندوز نہیں ہوسکتیں۔ یرقان، ٹی بی، گلہڑ اور نمونیا، ہاضمے کی خرابیاں اور کان کی تکالیف سے آپ کو پریشانی ہوسکتی ہے۔

❖❖❖

آٹھواں پنچھتر پشیا (Pushya)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Pushya	M	♄	♋	Tama	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Dhama	Flower	Brihaspati	Face	Kshatriya

Pushya

آٹھواں پنچھتر پشیا مکمل طور پر برج سرطان کے تین درجہ 30 دقیقہ سے 16 درجہ 20 دقیقہ تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ تین مدھم ستاروں کے مثلث جیسا نظر آتا ہے اور آسمان پر دو خچروں یا چھوٹے گدھوں کی صورت میں نظر آتا ہے جو ناند سے چارا کھا رہے ہوں۔

سنسکرت میں پشیا کے لغوی معنی ''تقویت دینے والا'' کے ہیں یا اس سے مراد ''پالنا'' یا ''غذا فراہم کرنا'' ہے' اس پنچھتر کو گائے کے تھن سے بھی تشبیہ دی جاتی ہے۔

برج سرطان میں واقع ہونے کی وجہ سے یہاں قمر کی حکمرانی ہے لیکن پنچھتر کا حاکم زحل ہے' سرطان دودھ فراہم کرنے اور بچوں کی پرورش کرنے کی نمائندگی کرتا ہے' بہت سے ویدک اسکالرز کے مطابق پشیا ایک دیوا یعنی سونے جیسا پنچھتر ہے' اور روحانی بلوغت کے لیے تمام منازل قمری میں سب سے مبارک سمجھا جاتا ہے' دیو مالا کے مطابق اس کا حاکم دیوتا مقدس تقریروں اور دعا کا دیوتا ہے' اس پنچھتر میں سیارہ مشتری کو شرف حاصل ہوتا ہے لہذا یہ پنچھتر وجدانی عقل' اچھی قسمت' مؤثر تقریر اور سچائی کو خالص بنانے کی عکاسی کرتا ہے اس کی طاقت روحانی توانائی کو تخلیق کرنے کی اہلیت رکھتی ہے' یہاں عبادت اور روحانی مشق پر زور دیا جاتا ہے' پاکستان کے مشہور مذہبی اسکالر ڈاکٹر طاہر القادری کا قمر اسی پنچھتر میں ہے۔

پنچستر کا حاکم زحل استحکام لاتا ہے اور کلی طور پر نئے طریقوں سے تخلیق کاری کو ثمر آور ہونے کے قابل بناتا ہے' ایک مرتعش طمانیت' اپنے آپ پر یقین اور زندگی کی تکمیل' مشتری اور زحل کے باہمی عمل کی وجہ سے واقع ہو سکتی ہے۔

زحل کے اثر کی وجہ سے سخت محنت اور نظم وضبط کے ذریعے ہماری مثبت کوششوں اور اچھے کاموں میں اضافہ ہوتا ہے' یہ ایک روشن پنچستر ہے جو نیا کاروبار شروع کرنے یا کسی نئے کام کے آغاز کے لیے عمدہ ہے' اس کی علامات میں پھول' ایک دائرہ اور تیر شامل ہیں۔

پھول' کھلنے کے عمل کی نمائندگی کرتا ہے جس کا یہاں تجربہ ہوتا ہے' ویدک اسکالرز کہتے ہیں کہ پھول ایک مخصوص محبوب منزل کی نمائندگی کرتا ہے جو فرد کو تفویض کی جاتی ہے کہ وہ اس کی آرزو کرے گا اور جو حسن وموزونیت کے لیے طے ہے' دائرہ تمامیت یا کاملیت کے حصول کا امکان ظاہر کرتا ہے' تیر قوت اور مضبوطی کے ساتھ ہدف کو نشانہ بنانے کی کوشش ظاہر کرتا ہے۔

اس پنچستر کے اثر کے تحت روحانی جنگ جو کو ''مارچ کرنے کے احکامات'' ملتے ہیں اور وہ اپنی طاقتوں کو حرکت میں لے آتا ہے' پنچستر کا بنیادی محرک ''مذہب'' ہے۔ حیوانی علامت ''نر بھیڑ یا مینڈھا'' ہے اور سمت مشرق ہے' اس کا مزاج ''آگے دیکھنا'' اور بعض معاملات میں اندھا ہونے کی حد تک بے خبری ہے یعنی جب وہ آگے قدم بڑھاتا ہے تو پھر یہ نہیں دیکھتا کہ آگے کیا ہے؟

اس پنچستر میں سفر' نئے گھر میں داخل ہونا اور نکاح یا معاہدہ کرنا مبارک ہے' متعلقہ مقام جنگل ہے۔

تاریک رخ

پشیا کا تاریک یا منفی پہلو ایک ضدی اور خود غرض فطرت ہو سکتی ہے۔ گھمنڈ' فخر اور حسد کا وقتاً فوقتاً تجربہ ہو سکتا ہے' بدنام زمانہ انجیلی مبلغ جمی سواگارٹ کا پیدائشی قمر بھی پشیا میں ہے۔ پشیا والوں کو اپنے دوستوں کے انتخاب میں زیادہ تمیز سے کام لینے کی ضرورت ہو سکتی ہے' پشیا میں منفی اثرات پر غالب آنے اور اس کی سعد فطرت کو نافذ کرنے کی طاقت ہے' ان پر تنقید کر کے فوراً غرور اور نخوت کے غبار سے ہوا نکالی جاسکتی ہے اور وہ دوسروں

کی رائے کی وجہ سے خود اپنے بارے میں شک وشبے میں پڑ جاتے ہیں کہ ان کی کیا اوقات ہے۔ عدم تحفظ اور فیملی کے ساتھ مضبوط وابستگی ان کی نشوونما میں رکاوٹ ڈال سکتی ہے۔
اگر پشیا بہت سی چیزوں کا آغاز کرنے کے لیے سعد ہوسکتا ہے لیکن یہ کسی تقریب کے لیے اچھا نچھتر نہیں ہے مثلاً شادی یا ولیمے' سالگرہ وغیرہ کی تقریب۔

پشیا کے چار قدم

پہلا قدم 3.20 درجہ سرطان سے 6.40 درجہ سرطان تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد انتہائی پسند ہوتے ہیں وہ دوسروں کی بدخواہی چاہ سکتے ہیں' ظالم اور بدمزاج ہو سکتے ہیں' طویل قامت ہوتے ہیں اور جسم میں درد کی شکایات ہو سکتی ہے۔
دوسرا قدم 6.40 درجہ سرطان سے 10 درجہ سرطان تک ہے باپ اور ماں کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد بے شمار لوگوں کی نظروں میں محترم ہوتے ہیں' اوسط درجے کی دولت مندی اور دوسروں کے لیے پسندیدگی کا رجحان پایا جاتا ہے۔
تیسرا قدم 10 درجہ سرطان سے 13.20 درجہ سرطان تک ہے' باپ اور ماں کے لیے اچھے اثرات نہیں رکھتا' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوش باش' صاحب علم اور روحانی فراست کے حامل ہوتے ہیں' عقل مند لوگ انہیں پسند کرتے ہیں اور معزز ہوتے ہیں' گہری عقیدت یہاں مشاہدہ میں آتی ہے' نرم طبیعت اور دوسروں کو معاف کرنے کی خوبی۔
چوتھا قدم 13.20 درجہ سرطان سے 16.40 درجہ سرطان تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد سخت دل اور جھگڑالو ہوتے ہیں' منا پا انہیں پریشان کرتا ہے' یہاں زنا سے رغبت پائی جاتی ہے۔

پشیا میں طالع

اگر طالع کے درجات نچھتر پشیا میں ہوں تو صاحب زائچہ پرخلوص' سوچنے والا' مذہبی' ضدی لیکن خوش بیان ہوتا ہے' اپنے پیشے میں آزادانہ روش اختیار کرتا ہے اور کامیاب رہتا ہے' رشتہ داروں کی مدد کرتا ہے اور دنیا میں ایک مقام بناتا ہے' پشیا نچھتر غور وفکر کرنے کی فطرت' دلیری' موسیقی کی خداداد صلاحیت دیتا ہے' فصاحت وبلاغت' وجدانی

علم، اچھی حیثیت، تخلیقی صلاحیت بھی اس پختر کا خاصہ ہے۔

مشہور شخصیات میں نپولین کی محبوبہ جوزیفائن، آغا خان سوم، معروف روسی ادیب دستوفسکی، سابق امریکی صدارتی امیدوار الگور، شہزادہ چارلس، پیش گو جین ڈکسن، سائنس داں مادام کیوری، نوبل انعام یافتہ بھارتی سائنس داں چندر شیکھر، ال پینو، اداکار جان ٹروولٹا، اداکارہ انجلینا جولیانا، ایوا گارڈنر، ہیما مالنی اور کلاسیکل گائک پنڈت جسراج شامل ہیں۔

پشیا میں شمس

اگر سیارہ شمس پشیا پختر میں ہو تو صاحب زائچہ اچھا مقرر، با اختیار، دولت مند، کامیاب، حساس، فنکار لیکن کنجوس ہوگا، اسے تحفظ کی ضرورت محسوس ہوگی، گھمنڈی اور آمریت پسند ہوگا۔

مشہور شخصیات میں اٹلی کا ڈکٹیٹر مسولینی، امریکی ارب پتی ہنری فورڈ، ناول نگار ارنسٹ ہمنگوے، جیکولین کینیڈی، اداکار آرنلڈ شواز نگر، مونیکا لونسکی، مک جیگر، نصیر الدین شاہ، منوج کمار، سنجے دت، اداکارہ مینا کماری، ممتاز وغیرہ شامل ہیں۔

پشیا میں قمر

اگر آپ کا پیدائشی قمر پشیا میں ہے تو یقیناً آپ ایک مربوط ذہن کے مالک، قابل، اچھی سیرت کے حامل اور سب کے لیے پسندیدہ ہیں، دولت مند ہیں، سیاست میں دلچسپی لیتے ہیں، زندگی میں 33 سال کی عمر سے ترقی کا سفر شروع کریں گے، آپ کو خاندانی مسائل کا سامنا ہوگا اور آپ کی ماں بھی مسائل کا شکار ہو سکتی ہیں۔

مشہور شخصیات میں شاہ انگلستان شیر دل رچرڈ، شاعر لارڈ بائرن، سابق روسی صدر گورباچوف، ڈاکٹر طاہر القادری، جمی سوئگارٹ، جمی ہینڈرکس، کلنٹ ایسٹ وڈ، راج کپور، سنجیو کمار، سلمان خان، گلوکار کشور کمار، اداکارہ شبانہ اعظمی وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ کی پیدائش چوں کہ اس منزل میں ہوئی ہے جس کا حاکم سیارہ زحل ہے لہٰذا آپ کو زندگی میں کامیابی بڑی سخت محنت، مشقت اور جدوجہد کے بعد حاصل ہوگی۔ آپ پُر

خلوص، اپنے آپ کو وقف کر دینے والے، محنتی اور انتہائی صابر و شاکر ہیں۔ ذہنی طور پر آپ پر سکون، دل کش خد و خال کے مالک، معزز، باوقار، عقل مند، تعلیم یافتہ، قابل، مال دار، مذہبی اور مخیر ہیں۔ آپ یقیناً کسی آفس میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہو سکتے ہیں۔ آپ بہت بامروت اور گداز دل کے مالک ہیں' کسی معاملے میں نتیجے پر پہنچنے میں آپ کو دشواری ہو سکتی ہے' یہی وہ بنیادی وجہ ہے کہ آپ دوسروں کی طرف سے مشکوک رہیں گے' آپ خوش اخلاق ضرور ہیں لیکن آپ کا یہ رویہ صرف ذاتی مفاد کے لیے ہوگا اس سے اس بات کی واضح نشاندہی ہوتی ہے کہ آپ کے بیرونی تاثرات اور اندرونی تاثرات میں یکسانیت نہیں ہوتی اور آپ کے جذبات اور خیالات آپ کو کوئی واضح اشارہ نہیں دیتے۔ آپ کے لیے عزت حاصل کرنا اتنا آسان نہیں ہوگا لیکن آپ چاہیں گے کہ لوگ آپ کی عزت اور احترام کریں' آپ اپنی تعریف پر خوش ہوں گے اور تنقید کو اپنی ذلت سے تعبیر کریں گے۔ آپ ایسی محبت اور شفقت کے آرزومند ہوں گے جو خلوص اور توصیف پر مبنی ہو' آپ چھوٹی سے چھوٹی ناکامی یا کوتاہی پر چوکنا ہو جائیں گے اور کوئی مضبوط وابستگی تشکیل دینے میں ہچکچائیں گے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے' زندگی کے تمام شعبوں میں حاصل ہونے والی فطری آزادی کے باعث آپ بری صحبت اختیار کر سکتے ہیں لہٰذا اپنے دوستوں کے معاملے میں بہت محتاط ہونے کی ضرورت ہے' آپ اچھے لباس کے شوقین ہیں۔

آپ کی جسمانی بناوٹ یا ساخت اور صورت کے بارے میں بیان کرنا بہت ہی مشکل ہے کیونکہ پشیا کے تحت پیدا ہونے والوں کی کوئی خاص جسمانی بناوٹ نہیں ہوتی' دوسرے لفظوں میں یہ لوگ مختلف بناوٹ اور قد و قامت کے حامل ہوتے ہیں' شاذ و نادر ایک شناختی علامت آپ کو دوسروں سے ممتاز کر سکتی ہے اور وہ یہ کہ آپ کے چہرے پر کوئی تل ہوگا یا زخم کا کوئی نشان بھی ہو سکتا ہے۔

آپ یہ سوچے سمجھے اور اندازہ لگائے بغیر کہ آپ کسی کام کے اہل بھی ہیں یا نہیں' کسی بھی میدان میں کود پڑنے کا رجحان رکھتے ہیں' اس سے ہمیشہ مطلوبہ نتائج برآمد نہیں ہوتے' بہرحال یہ بات طے ہے کہ آپ اندازہ لگانے کے اہل نہیں ہیں لیکن آپ بعض کام بہت خوبی سے انجام دینے کے اہل ہیں' آپ کی زبان میٹھی ہے' یہ وہ خوبیاں ہیں جن کے آپ فطری طور پر مالک ہیں۔ بہتر یہ ہوگا کہ آپ کوئی جاب شروع کرنے سے پہلے اپنی اہلیت اور صلاحیت کا

اندازہ لگا لیا کریں کہ آپ کس خاص شعبے میں ترقی کر سکیں گے، اگر آپ یہ کام پہلے سے کر لیں تو دنیا کی کوئی طاقت آپ کو آپ کے منتخب شعبے میں ترقی کرنے اور مطلوبہ نتائج حاصل کرنے سے نہیں روک سکے گی، آپ میں یہ اضافی خوبی ہے کہ آپ آسانی سے ہار نہیں مانتے اور بہت سی رکاوٹوں کو پھلانگتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

اگر آپ نے باقاعدہ تعلیم حاصل نہ کی ہو تو بھی آپ اپنی غیر معمولی ذہانت اور علم سے کسی بھی معاملے پر بحث کر سکتے ہیں، آپ قانون کے دائرے میں رہیں گے اور ایسے کسی بھی آئیڈیے، پروگرام یا کام کی جان توڑ مزاحمت کریں گے جسے آپ قانون کے مطابق نہیں سمجھتے، آپ اس موقف کے حامی ہیں کہ تمام غلط کاروں کو سزا ضرور ملنی چاہیے' چاہے وہ آپ کے دوست، رشتہ دار یا دشمن ہوں، آپ کو جو کام بھی سپرد کیا جائے گا' آپ اسے انتہائی فرض شناسی، خلوص اور یقین کے ساتھ سرانجام دیں گے، حالاں کہ آپ کا شروع کیا جانے والا یا آپ کو تفویض کیا جانے والا ہر کام ہمیشہ پایہ تکمیل کو پہنچنے پر ضروری نہیں ہے کہ مطلوبہ نتائج کا حامل بھی ہو۔ یاد رکھیں قواعد پر چلنے میں کوئی حرج نہیں ہے، آپ کی صلاحیتیں بہترین ہو سکتی ہیں اور آپ پرفارمنگ آرٹ کے ماسٹر ہو سکتے ہیں، تھیٹر یا کمرشل آرٹس میں بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

بیشتر کیسوں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ پچھیا کے تحت پیدا ہونے والوں کو عمر کے 15 سے 16 سال تک مالی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہٰذا حالات کبھی آپ کے حق میں اور کبھی آپ کے خلاف ہوتے ہیں، آپ کو عمر کے 32 سال تک زندگی کی سختیوں اور چیلنجوں کا مردانہ وار مقابلہ کرنا ہوگا، اس کے بعد آپ کو معاشی، سماجی اور صحت میں بہتری، غیر معمولی کامیابی حاصل ہوگی۔

اگر آپ کی پیدائش پچھیا کے پہلے قدم پر ہوئی ہے تو آپ کو زیادہ محتاط اور خبردار رہنے کی ضرورت ہوگی، بعض کیسوں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ روزگار کے سلسلے میں اپنے آبائی مقام سے دور رہتے ہیں یا وہ کوئی ایسا کام کر سکتے ہیں جس میں بہت زیادہ سفر کرنا پڑتا ہو۔ آپ کو گھریلو مسائل گھیر سکتے ہیں جس کی وجہ سے آپ کو مادی اور روحانی خوشیوں کے لیے دوسروں پر انحصار کرنا پڑ سکتا ہے، آپ کو بچپن ہی سے اپنے بل بوتے پر، اپنی زندگی کے چیلنجوں سے نمٹنا سیکھنا چاہیے، ورنہ آپ کو ہمیشہ کسی کا دست نگر رہنا پڑے گا، حالات ایسے

ہو سکتے ہیں کہ آپ زیادہ تر اپنے بیوی بچوں سے دور رہنے پر مجبور ہو جائیں، حالاں کہ آپ ان کے ساتھ رہنے کے بے حد خواہش مند ہوں گے، آپ یہ توقع کرتے ہیں کہ آپ کی بیوی مکمل طور پر خود کفیل ہو جس میں قابل قدر صلاحیتیں ہوں اور جو اپنے اطوار اور لباس کے معاملے میں اعتدال پسند ہو۔ اگر ایسے صاحب زائچہ کی شادی باہمی میچنگ کو نظر انداز کر کے کر دی گئی تو وہ عقلی سوچ سے محروم ہو سکتا ہے اور اپنی خامیوں اور تمیز کے فقدان کو تسلیم کرنے کے بجائے بیوی کو شک وشبے کی نظر سے دیکھ سکتا ہے یا اُس پر کوئی شک کر سکتا ہے۔

پشیا کے پیشے اور صحت

پیشے: وزیر و مشیر، جسمانی ورزش سے متعلق کام، سیاست داں نیوز ریڈر، ماہر ارضیات یا آبی حیات، آرٹسٹ، موسیقار، سرکاری عہدوں پر فائز افراد وغیرہ۔

مردانہ صحت: بچپن میں یعنی 15 برس کی عمر تک صحت کے مسائل رہتے ہیں۔ پتے میں پتھری، گیسٹرک، حلق کی شکایات، السر، یرقان، کھانسی، ٹی بی، سینے کے عوارض، ایگزیما اور چیسٹ کینسر جیسے ممکنہ امراض۔

زنانہ صحت: عورتوں میں سانس کی تکلیف، ٹی بی، السر، بریسٹ کینسر، یرقان، ایگزیما، گیسٹرک وغیرہ کی شکایات۔

❖❖❖

نواں پچھتر اشلیشا (Ashlesha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Ashlesha	F	☿	♋	Satva	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Dhama	Serpent	Nagas	Ears	Lowest

نواں پچھتر اشلیشا بھی کُلی طور پر برج سرطان میں ہے یعنی 16 درجہ 20 دقیقہ سے 30 درجہ سرطان تک پھیلا ہوا ہے، یہ 6 ستاروں کے دائرے پر مشتمل ہے اور ثابت ستارہ ہائیڈرا میں واقع ہے جو ''آبی مادہ سانپ'' کی شکل رکھتا ہے۔

اشلیشا کے معنی ''لپٹنے والا'' کے ہیں، اسے ''چمٹا ہوا ستارہ'' کہتے ہیں، یہاں اُس چیز کو لپٹنے کی خواہش موجود ہے جس پر دھیان ہوتا ہے۔

اس پچھتر کا نشان یا علامت ایک ''کُنڈلی مارنے والا سانپ'' ہے، اس کا دیوتا ''آہی'' ہے جو''ناگ دانش''، یعنی سانپ کی عقل کی نشان دہی کرتا ہے۔

اشلیشا کا بنیادی محرک مذہب ہے، یہ کُنڈالنی شکتی یعنی سانپ کی قوت کی نمائندگی کرتا ہے جو انسانی جسم میں ریڑھ کی بنیاد میں واقع ہے، اگر یہ فعال ہو تو عارفانہ قوت، روحانی آگہی اور برقیاتی صلاحیت کا اظہار ہوتا ہے مگر اس کی منفی فعالیت نہایت تباہ کن بھی ہوسکتی ہے۔

اشلیشا کے زیرِ اثر پیدا ہونے والے افراد کی آنکھیں سانپ جیسی ہوسکتی ہیں جو فہم و فراست کی گہرائیوں میں سرایت کرکے روح کی چھان بین کرسکتی ہیں، سانپ عارفانہ عقل، جنسیات، افزائشِ نسل اور ترقی کے ساتھ ساتھ خطرہ، پریشانی اور غیر متوقع حملے کی

علامت ہے۔

اس پچھتر میں گنڈالنی شکتی کو اہمیت دینی چاہیے اور اسے سنوارنا چاہیے تاکہ اس کے منفی اثرات سے بچا جا سکے۔ اس پچھتر میں زہر کو نقصان دہ بنانے کی طاقت ہے اور اپنی ہپناٹائز کرنے والی نظر سے دشمنوں کو مفلوج کرنے کی اہلیت ہے۔

اشلیشا پر سیارہ عطارد کی حکمرانی ہے جو ذہانت، ہوشیاری اور چالاکی کا نمائندہ ہے جب کہ برج سرطان کا حاکم قمر ہے۔

اس کی فطرت، راکھشس (بھوت) ہے، حیوانی علامت نر بلی (بلا) اور سمت جنوب ہے۔ دیومالا کے مطابق منسوبی دیوتا سانپوں کا بادشاہ ہے۔ یہ پچھتر مؤنث، روحانی اور سخت یا درشت ہے، اپنے عمل میں منفی رجحانات کو جلد قبول کرنے والا، جھگڑالو، قمار باز، کسی لت میں مبتلا اور غصہ ور ہے۔

عطارد اور قمر اپنی فطرت میں ذہنی اور دماغی ہیں لہٰذا ایک گہرے فلسفیانہ، متفکرانہ، سرائیت کرنے والے اور ذہین دماغ کی نمود ہو سکتی ہے، ایک درشت، گوشہ نشین، آزاد اور خوددار رویّے کا مشاہدہ ہو سکتا ہے، دلچسپ بات یہ ہے کہ زہریلی اس پچھتر کی علامت ہے لہٰذا ایک مقناطیسی کشش، شہوت پرستی اور ورغلانے والی فطرت موجود ہو سکتی ہے۔ تاریخ کے چند عجیب کردار اس پچھتر سے وابستہ ہیں، امریکہ کے کینیڈی خاندان کو متاثر کرنے والی ہالی ووڈ اسٹار مارلن منرو کا طالع پیدائش اسی پچھتر میں ہے، یہ اداکارہ ہالی ووڈ میں ایک ''سیکس سمبل'' کے طور پر نمایاں ہوئی اور اس نے فلمی دنیا میں بہت سی حدود و قیود کو توڑ دیا، نہیں معلوم کینیڈی خاندان کے علاوہ مزید کتنے افراد اس کی زلفِ گرہ گیر کے اسیر ہوئے، یہ ورغلانے والی فطرت کی ایک مثال ہے۔ شہرۂ آفاق گلوکارہ میڈونا کا شمس اشلیشا پچھتر میں ہے اور ہم سب جانتے ہیں کہ اس گلوکارہ نے دنیا میں کون سے طوفان اُٹھائے ہیں۔

اشلیشا پچھتر جنسیات میں چھان بین پیدا کرنے کا شوق ابھارتا ہے جس کی عکاسی ایک پبلشر ''لیری فلنٹ'' سے ہوتی ہے، اُس کا پیدائشی چاند اسی پچھتر میں تھا اور اس نے سیکس کے موضوں پر کتابوں کی اشاعت میں بہت دلچسپی لی، مشہور اکلٹ سائنس کا ماہر الیسٹیر کراؤلی جو ٹیروٹ کارڈ کا بانی بھی سمجھا جاتا ہے اور پراسرار خاتون مادام ایچ پی بلواٹسکی بھی

اسی پچھتر سے تعلق رکھتے ہیں، الیسٹیر کراؤلی کو فرانس کا جادوگر کہا جاتا ہے۔

تاریک رخ

اشلیشا کا تاریک پہلو ذہنی عدم استحکام، ذہنی پریشانی، خوف اور ایک مراقی ذہن ہے، یہ پچھتر اپنی فطرت میں تیز ہے، غصہ اور تنگ مزاجی کے مسائل ہو سکتے ہیں، علیحدگی اختیار کرنے جیسے طلاق یا کاروباری شراکت کو ختم کرنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔

اس پچھتر میں پیدا ہونے والے افراد کسی بھی نوعیت کی اپنی بے عزتی برداشت نہیں کر سکتے، عطارد اور قمر کا امتزاج ایک حساس نروس سسٹم دیتا ہے، نفسیاتی عدم تحفظ اور خود فریبی موجود ہو سکتی ہے، یہ لوگ چال باز، طرح دینے والے اور اپنے مطلب یا ضرورت کو پورا کرنے کے لیے جھوٹ بولنے والے ہو سکتے ہیں۔

اس پچھتر میں ساوی بے چینی لیکن ماورائی عروج کی تمنا بھی ہوتی ہے جب کہ درد ناگزیر ہے اور مصائب اختیاری ہیں، ان لوگوں کو اپنی خوراک پر کنٹرول حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے، شاید یہ نکتہ انڈین کانگریس رہنما مہاتما گاندھی کو معلوم تھا، اُن کا پیدائشی قمر اشلیشا میں تھا، انہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر وقت نفس کشی میں گزارا۔

اشلیشا والوں کو چاہیے کہ وہ اپنے اندر شکر گزاری کا احساس پیدا کریں، حقیقت کا سامنا کرنے کی ہمت پیدا کریں اور زندگی ویسے ہی گزاریں جیسی ہے، بجائے اس کے کہ وہ جیسا چاہتے ہوں ویسی گزارنے کی کوشش کریں۔ اکثر کیسوں میں یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ اشلیشا والے اپنی خواہشات کی غلامی کرتے ہوئے دُرست راستے سے بھٹک جاتے ہیں۔

اشلیشا کے چار قدم

پہلا قدم برج سرطان کے 16.40 درجہ سے 20 درجہ سرطان تک دراز ہے اور کسی حد تک شمس اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے' افراد مشہور اور تخیر ہوتے ہیں' چوڑا سینہ اور لمبے بازو ان کی پہچان ہیں' خوش باش اور عقل مند ہوتے ہیں' اچھے پیسے کماتے ہیں، موسیقی میں دلچسپی اور خوب صورت خواتین کے ساتھ نشست و برخاست پسند کرتے ہیں، پانچ سال کی عمر میں پانی میں ڈوبنے کا خطرہ ہو سکتا ہے، اپنے قریبی عزیزوں سے تعلقات خراب رہتے ہیں۔

دوسرا قدم 20.20 درجہ سرطان سے 23.20 درجہ سرطان تک ہے اور دولت کے معاملے میں نحوست اثر سمجھا جاتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد بدصورت' کنجوس' احمق اور کمزور نظر آتے ہیں' عام طور پر لکیر کے فقیر اور غیر متحرک ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 23.20 درجہ سرطان سے 26.40 درجہ سرطان تک دراز ہے اور ماں کے لیے نحس اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مٹاپے کی جانب مائل ہوتے ہیں' کسی جانب جھکا ہوا یا کچھ ٹیڑھا جسم' بہت غصہ اور ذہنی طور پر کاہل' کام میں چالاک ہوتے ہیں' سائنسی علوم میں دلچسپی لیتے ہیں' مذہبی لوگوں کی مخالفت کرتے ہیں۔

چوتھا قدم 26.40 درجہ سرطان سے 30 درجہ سرطان تک ہے اور زیادہ نحس نہیں سمجھا جاتا' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خاصے بے چین اور مضطرب ہوتے ہیں' اخلاقی بندشوں سے آزاد رہنا پسند کرتے ہیں' سیکس سے وابستہ اور اکثر بیمار رہتے ہیں' اولاد کم ہوتی ہے۔

اشلیشا میں طالع

اگر طالع کے درجات اشلیشا نچھتر میں گریں تو صاحب زائچہ شہوت پرست، ورغلانے والی فطرت کا حامل، ظالم، ناشکرا ہوسکتا ہے، اُسے تدبیر کو فروغ دینے اور ساتھ ہی تنہا وقت گزارنے کی بھی ضرورت ہوگی، مراقبہ ایسے لوگوں کے لیے بہترین ہے، اُن کی روحانی اصلاح کرسکتا ہے اور مثبت توانائیوں کو بروئے کار لانے میں معاون ہوسکتا ہے، صاحب زائچہ کے ساتھ دھوکا دہی اور سازش کے مسائل ہوسکتے ہیں، یہ نہ جھکنے والے لوگ ہوتے ہیں، صرف چند بچے، کم آمیز، بے ہنگم اطوار اور ماں سے مطابقت پیدا کرنے کی نااہلیت۔

ان لوگوں کو دانش مندانہ شعور اور انسانیت کی خدمت کرنے کی ضرورت ہے، یہ والدین کے لیے پریشانی پیدا کرسکتے ہیں، نامہربان ہوتے ہیں۔

مشہور افراد میں اکلٹ سائنسز کا ماہر جان ڈی' جون آف آرک' یاسر عرفات' سونیا گاندھی' ہالی ووڈ اسٹار مارلن منرو کے علاوہ اکلٹ سائنسز کا ایک بڑا نام اور میرو کارڈ کا ماہر اسٹنگ ایلیسٹر کرولی' گوتم بدھ' باکسر محمد علی' امریکی سابق صدر لنڈن بی جانسن' اداکار اج کپور' شاعرہ پروین شاکر شامل ہیں۔

اشلیشا میں شمس

اگر پیدائشی شمس اشلیشا نچھتر میں ہے تو کاروباری ذہنیت کی نشان دہی ہوتی ہے، صاحب زائچہ خود رائے، ہٹ دھرم، لالچی ہو سکتا ہے لیکن اس کی وجدانی قوت عمدہ ہوگی، تصوف کی جانب رجحان ہوگا، اچھی اخلاقی صلاحیت اور ایک سیلانی کریکٹر کی نشان دہی ہوتی ہے، ایسے لوگ ناقابل پیش گوئی، فریبی، گریز پا ہو سکتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں سکندرِ اعظم' مادر ملکہ الزبتھ، ڈاکٹر بی، وی رامن، نیل آرم اسٹرانگ' جنرل پرویز مشرف' امریکی صدر بارک اوباما' ہدایت کار سیسل بی ڈیمل' الفریڈ ہچکاک' گلوکارہ میڈونا' مشہور جاسوسہ ماتا ہری' اداکارہ سری دیوی' وجنتی مالا' راکھی گلزار' منشیا کوئرالہ' گلوکار کشور کمار' اداکار سیف علی خان اور مشہور جرائم پیشہ الکپون شامل ہیں۔

اشلیشا میں قمر

اگر قمر اشلیشا نچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ غیر سنجیدہ اور ناشکرا ہو سکتا ہے' اپنی بد پرہیزی کی عادت پر اسے قابو نہیں ہوتا' جلد گناہ کی جانب راغب ہو سکتا ہے' یہ لوگ قائدانہ صلاحیت بھی رکھتے ہیں اور سیاسی کامیابیاں حاصل کرتے ہیں' وجدانی یا صوفیانہ فطرت کے حامل ہوتے ہیں' ایسٹرولوجی' سراغ رسی' جاسوسی کی خداداد اہلیت کے مالک ہوتے ہیں' تحریر و تقریر کی عمدہ صلاحیت ہوتی ہے اور تنظیمی کاموں میں بھی نمایاں نظر آتے ہیں' ادب و شاعری کے میدان میں یا ریسرچ کے شعبہ میں ان کی فطری خوبیاں نمایاں ہوتی ہیں' لوگوں کو تفریح فراہم کرنے کے کام میں بھی خوب ترقی کرتے ہیں' اشلیشا ایک مشکل اور پیچیدہ قمری منزل ہے' زائچے کے نحس اثرات اس منزل کے زیر اثر خوب پھلتے پھولتے ہیں اسی لیے ہمیں اس نچھتر کے زیر اثر رنگ برنگی منفی و مثبت شخصیات نظر آتی ہیں۔

مشہور شخصیات میں مہاتما گاندھی' بھارتی وزیر اعظم جواہر لال نہرو' پال میکارٹنی' ایسٹرولوجر اور محقق بی بی بہاری' سوامی کرپا نندا' سیکس پبلشر لیری فلنٹ' ناول نگار آسکر وائلڈ' اداکار دلوو دھنا' بھارتی اداکارہ کاجل' ہالسری لواڈ ہری پرشاد چوراسیا وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ اپنی عمر کے مقابلے میں کم نظر آتے ہیں اور زندگی بھر نوجوان اور ہشاش و بشاش رہتے ہیں۔ گٹھے ہوئے جسم اور سرخ وسفید رنگت کے مالک ہوسکتے ہیں۔ چست، دلیر، فقرے باز، ناشکر گزار یعنی ہمیشہ اپنی محرومیوں کا رونا رونے والے، غیر سنجیدہ، جلد گناہ کی طرف راغب ہونے والے، پرفریب، دوسروں کو چھیڑ کر پریشان کر کے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ کسی ایسے کام یا دفتر سے وابستہ ہوتے ہیں جہاں رشوت چلتی ہو۔

اس منزل میں پیدا ہونے والے ناجائز ذرائع سے پیسہ کمانے میں کسی ہچکچاہٹ کا شکار نہیں ہوتے تاہم ان میں بعض عمدہ ڈاکٹر اور فزیشن ہوتے ہیں جو زہر کا شکار ہونے والے مریضوں کا بہت اچھا علاج کرتے ہیں۔

آپ حرفوں کے بنے ہوئے ہیں اور اچھی طرح جانتے ہیں کہ کون سی چال چل کر اپنے دشمن یا مخالف کو زیر کیا جاسکتا ہے۔ ادھیڑ عمری میں آپ کا وزن بڑھ سکتا ہے۔ اگر زائچے میں مضبوط مریخ نہ ہو تو جارحیت کا فقدان ہوتا ہے۔

آپ شائستہ، نرم گفتار، نیک دل اور معصوم چہرے کے مالک ہیں، اگر معاشرے میں کسی اعلیٰ پوزیشن کے حامل ہوں تو کسی طمطراق کا اظہار نہیں کرتے بلکہ آپ کا لباس بہت سادہ ہوگا، آپ سب کی عزت کریں گے اور خاص طور پر عورتوں کی، آپ خدا ترس بھی ہیں، دوسرے لوگوں کے لیے آپ کی شخصیت کے پیچھے چھپی ہوئی خوبیوں اور خامیوں کا پتا چلانا آسان نہیں ہے، آپ کے ساتھ کافی عرصہ گزارنے اور آپ سے معاملات کرنے کے بعد ہی کوئی آپ کے رویے کے بارے میں کسی نتیجے پر پہنچ سکتا ہے یا کوئی رائے قائم کرسکتا ہے۔

آپ کی کلائی کے آس پاس یا چہرے پر تل ہوسکتا ہے، آنکھیں بھورا شیڈ لیے ہوئے ہوں گی۔

اپنے طرزِ عمل میں آپ بہت سادگی پسند ہیں اور جس کام کا بھی ذمہ لیں گے، اس میں نہایت مخلص ہوں گے، آپ کسی کے لیے کوئی مشکل کھڑی نہیں کریں گے، کسی کو دھوکا نہیں دیں گے یہاں تک کہ اپنے اچھے سلوک کی وجہ سے اکثر غیر متوقع پریشانیوں میں گھر جائیں گے۔

آپ کسی کا ناجائز دباؤ برداشت کریں گے اور نہ ہی کسی پر بھرپور اعتماد کریں گے،

کسی حد تک آپ خوشامد پسند ہو سکتے ہیں اور چاہیں گے کہ دوسرے آپ کی فلاح و بہبود کا خیال رکھیں، عجلت میں آپ کوئی فیصلہ نہیں کریں گے بلکہ آپ بااعتماد ساتھیوں کے ساتھ باہمی مشورے کے بعد ہی کسی نتیجے پر پہنچیں گے' آپ کسی حد تک سست اور کاہل بھی ہیں۔

آپ عام طور پر سخت الفاظ استعمال کرنے سے گریز کرتے ہیں' چاہے کوئی تنازع یا بحث وتکرار ہی کیوں نہ ہو اور نہ ہی دوسروں پر اپنی ناخوشی ظاہر کریں گے۔ آپ نوجوانی ہی میں بہت سی ذمہ داریاں اپنے کاندھوں پر لے لیں گے اور اس کے نتیجے میں خاصے تربیت یافتہ اور تجربہ کار ہو جائیں گے' اگر آپ کو اپنی غلطی کا احساس ہو جائے تو آپ معذرت کرنے اور شرمندگی کا اظہار کرنے سے نہیں ہچکچائیں گے' آپ کے کاموں کی تعریف ہونا چاہیے اور انہیں تسلیم کیا جانا چاہیے ورنہ آپ غمگین اور اداس ہو سکتے ہیں' آپ کسی مرحلے پر حد سے زیادہ خوش اور اگلے مرحلے پر انتہائی ناخوش ہوں گے۔

آپ کو کوئی متنازع معاملات کرنے سے پہلے بے حد محتاط رہنے کی ضرورت ہے' کسی بھی اشتراک عمل سے پہلے آپ اس شخص کے بارے میں سب کچھ کھنگال لیں جس کے ساتھ شراکت کرنے جا رہے ہیں ورنہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا' عمر کے 38 برس کے بعد غیر معمولی کامیابی اور ترقی حاصل ہوتی ہے۔

اشلیشا میں پیدا ہونے والی خواتین کی ازدواجی زندگی اس صورت میں خاصی مشکل اور مسائل سے بھرپور ہوتی ہے جب ان کی شادی مناسب میچنگ کے بغیر ہو جائے' خاص طور پر پسند کی شادی میں یہ خواتین عموماً غلط فیصلے کر سکتی ہیں اور بعد میں پچھتانا مقدر ہوتا ہے، اگر شادی کسی ایسے پچھتر کے حامل سے ہو جو ارکا شس خصوصیات رکھتا ہو تو کامیاب رہے گی۔

اس پچھتر میں پیدا ہونے والی خواتین روحانی اور وجدانی طور پر نہایت طاقت ور ہوتی ہیں لیکن کم علمی یا ناواقفیت ان کے لیے عذاب جان بن سکتی ہے اور وہ مختلف قسم کے وہم وگمان میں مبتلا ہو کر عجیب وغریب نوعیت کی بیماریوں یا شکایات کا اظہار کرتی نظر آتی ہیں لیکن یہ تمام خرابیاں اسی صورت میں جنم لیتی ہیں جب ان کی شادی بے جوڑ ہو جائے۔

اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں ہے کہ یہ خواتین اپنی غیر معمولی وجدانی اور روحانی قوتوں کے زیر اثر غیر معمولی کارنامے انجام دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں ان کو اچھی صلاحیتوں

کے اظہار سے روکا جائے تو پھر یہ خوش نہیں رہ سکتیں اور کوئی طوفان کھڑا کر سکتی ہیں۔

اشلیشا کے پیشے اور صحت

پیشے: نرس، ڈاکٹر، ہر درجے کے فزیشن، ماہر کاریگر اور خفیہ علوم کے ماہر، سیاست داں، قانون داں، ادیب، ٹیچر، ایسٹرولوجر، صوفی یا یوگی، سپیرے، بروکر، طوائف، زولوجیکل گارڈن کے نگراں۔

مردانہ صحت: یہ لوگ یرقان، ٹانگوں اور گھٹنوں میں درد اور پیٹ کی خرابیوں کا شکار ہوتے ہیں۔ ان میں منشیات کے استعمال کا رجحان بھی پایا جاتا ہے، اعصابی خلل یا نفسیاتی امراض، امراض خبیثہ اور آرتھرائٹس کی بیماریوں کا اندیشہ رہتا ہے۔

زنانہ صحت: جوڑوں کے درد، ہسٹیریا، ڈراپسی، یرقان اور بد ہضمی۔ ایسی عورتیں کثرت سے نروس بریک ڈاؤن کا شکار ہوتی ہیں۔

نوٹ: اشلیشا نچھتر میں پیدا ہونے والے بعض لوگ پیدائشی آوارہ گرد ہوتے ہیں یعنی بے مقصد زندگی گزارتے ہیں اور مارے مارے پھرتے ہیں۔ فتنہ پرور، دوسروں کو مشتعل کرنے والے، اپنی دولت عیاشیوں پر لٹانے والے اور شہوت پرست ہوتے ہیں اور یہ صورت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب قمر یا طالع کے درجات یا شمس نحس اثرات سے متاثرہ ہوں۔

❖❖❖

دسواں پچھتر ماگھ (Magha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Magha	F	☿	♌	Tama	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Artha	Palanquin	Pitnis	Lips/Chin	Sudra

صفر درجہ اسد سے دسواں پچھتر ماگھ شروع ہو رہا ہے جو برج اسد کے 13 درجہ 20 دقیقہ تک پھیلا ہوا ہے، یہ درانتی کی شکل کے 6 ستاروں کا گروپ ہے، اس میں سب سے روشن ستارہ ریگولس ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ سورج کے برابر روشن ہے۔

ماگھ کا مطلب ہے طاقت ور یا عظیم اور یہ برج اسد کی پیشانی کے قریب واقع ہے، کیتو اس کا حاکم ہے، اس کی علامت پالکی ہے، شاہی سواری جس پر بیٹھ کر بادشاہ سیر کرتا ہے، کیتو اور شمس کے مشترکہ امتزاج کا نتیجہ صوفیانہ لیڈرشپ ہو سکتا ہے، ماگھ کسی فرد کو جسم چھوڑنے کی قوت دیتا ہے، یہ نظریہ مائتھالوجی سے لیا گیا ہے، اس کی فطرت راکھشس (بھوت) ہے، بنیادی محرک مادی ترقی ہے، حیوانی علامت نر چوہا اور سمت مغرب ہے۔

ماگھ عزم، لیڈرشپ، طاقت گھرانے کے فخر اور روحانی سلسلے سے وفاداری کا اظہار کرتا ہے، یہ لوگ نہایت فراخ دل ہوتے ہیں اور ان کے لیے خود کو وقف کر دیتے ہیں جن سے وہ محبت کرتے ہیں، وہ روایت کی پاس داری کرتے ہیں اور تقریبات یا مذہبی تقریبات سے لطف اندوز ہوتے ہیں، اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ ماگھ لوگ زندگی کے اسٹیج کے عظیم اداکار ہیں جو رہنمائی کا فریضہ بھی انجام دیتے ہیں۔

یہ پختہ اپنی انفرادی شکل میں روح کے ارتکاز کی نمائندگی کرتا ہے، اس میں ایک مضبوط انا کے فروغ کا انحصار ہوتا ہے جس کی روح کو اپنا مشن پورا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، ماگھ تابانی، ترقی، طاقت اور رفع عطا کرتا ہے۔

تاریک رخ

ماگھ کا دوسرا پہلو گھمنڈ، نسلی برتری، تعصب اور اعلیٰ طبقے سے شناخت ہے، صاحب زائچہ مادّی ترقی سے وابستہ ہو سکتا ہے، کسی وقت سلطنت فتح کر سکتا ہے لیکن اپنی روح سے محروم ہو سکتا ہے، ایک عارفانہ بے چینی یا کسی پرانے مرض جیسی نا آسودگی کا اس صورت میں تجربہ ہو سکتا ہے اگر صاحب زائچہ اپنے اونچے آئیڈیوں میں کامیابی حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ اپنے آپ پر شک کا امکان موجود ہے جس کا نتیجہ اپنے آپ کو دوسروں پر ثابت کرنے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

ماگھ افراد اپنے کام کے لیے اعلیٰ معیار کی کاملیت پسندی رکھتے ہیں لیکن ان کی جدوجہد ہمیشہ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوتی، اس پختہ میں کڑوا پن بھی ہے جس کا تعلق ظالمانہ یا غضب ناک سرگرمیوں سے جوڑا جا سکتا ہے۔

ماگھ کے چار قدم

پہلا قدم 0 درجہ اسد سے 3.20 درجہ اسد تک ہے اور صاحب زائچہ کو متاثر کرتا ہے یعنی اس کی نحوست یا نحوست صاحب زائچہ محسوس کرتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد سرخی مائل یا رنگ دار شخصیت رکھتے ہیں، آنکھوں میں غیض و غضب نمایاں رہتا ہے ایک جوشیلا سرگرم لیکن پیٹو شخص سامنے آتا ہے۔

دوسرا قدم 3.20 درجہ اسد سے 6.40 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد جنگ جویانہ مزاج کے حامل اور تھوڑے بہت فتنہ پرور ہو سکتے ہیں جسمانی طور پر کمزور اور دروغ گوئی میں مبتلا، بہت خرچیلے اور بری چیزوں کا علم رکھنے والے۔

تیسرا قدم 6.40 درجہ اسد سے 10 درجہ اسد تک دراز ہے اور صاحب زائچہ کے باپ اور ماں کو متاثر کرتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مضبوط لیکن فطرتاً جھگڑالو، چاپلوس اور چغل خور ہو سکتے ہیں بسیار خوری کا رجحان پایا جاتا ہے انہیں اس سے متعلق مسائل سامنے آتے ہیں۔

چوتھا قدم 10 درجہ اسد سے 13.20 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد تصور ہوتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور اور چرب زبان ہوتے ہیں' گناہ کی طرف جلد مائل ہوتے ہیں' انتہائی جنس زدہ۔

ماگھ میں طالع

جب یہ پچھتر طالع پر ہو تو ہمیں ایک ایسا شخص ملتا ہے جس کے پاس دولت اور خدمت گار ہیں اور جو دنیا کی لذتوں سے لطف اندوز ہوتا ہے، خدا کی بندگی کرتا اور بزرگوں سے گہری عقیدت رکھتا ہے جس کی اچھے لوگ تعریف کرتے ہوں' ایسا شخص قابل اور محترم ہوتا ہے لیکن جنسِ مخالف کی عشوہ طرازیوں کے آگے گھٹنے ٹیک دیتا ہے، بعض مخصوص لوگوں کو ناپسند کرتا ہے، اس کی جڑیں گہری ہوتی ہیں، کوئی اہم کام انجام دیتا ہے اور جسمانی طور پر مضبوط ہوتا ہے، اپنے والدین اور آباؤ اجداد سے گہری عقیدت رکھتا ہے۔ مشہور شخصیات میں رسوائے زمانہ رومن شہنشاہ کیلی گولا' شیر دل رچرڈ' ٹرک سلطان سلیمان ذیشان' دارا شکوہ' بھارتی وزیر اعظم اندرا گاندھی' نواب آف کالاباغ ملک امیر محمد خان' برصغیر میں فلم انڈسٹری کا بانی دادا صاحب پھالکے' ہدایت کار سیسل بی ڈیمل' مشہور ایسٹرولوجر ایلن لیو، سائنس داں گیلی لو' میری کیوری' او بے جمسن' اداکار سنیل دت' راج کمار' اداکارہ ثریا اور شرمیلا ٹیگور شامل ہیں۔

ماگھ میں شمس

اگر شمس اس پچھتر میں ہے تو لیڈر شپ کی صلاحیت دیتا ہے، صاحب زائچہ بااختیار پوزیشن پسند کرتا ہے، موسیقی سے شغف، تفریح فراہم کرنے والا، دوسروں کی توجہ چاہتا ہے، شاہانہ مزاج، گھمنڈی فطرت، مہم جویانہ جذبہ، سفر کا شوق، روحانی سلسلے سے وابستہ۔

مشہور شخصیات میں نپولین بونا پارٹ' امریکی صدر بل کلنٹن' لنڈن بی جانسن' راجیو گاندھی' لارنس آف عربیہ' مادام بواری' علامہ عنایت اللہ خان مشرقی' یاسر عرفات' آغا شاہی' مائیکل جیکسن' مدر ٹریسا' ادیب و دانشور اشفاق احمد' جیمز بونڈ فیم اداکار سین کونری' چمن جیوی' اداکارہ سائرہ بانو' کلاسیکل ڈانسر گوپی کرشنا اور عظیم کرکٹر سر ڈان بریڈ مین شامل ہیں۔

ماگھ میں قمر

اگر قمر اس نچھتر میں ہو تو معزز اور قابل لوگوں سے تسلیم شدہ بناتا ہے، آباؤ واجداد کی پرستش اور ان پر فخر کرنے والا، بعض اہم عارفانہ کاموں میں ملوث، مہم جو زندگی سے لطف اندوز ہوتا ہے، جسمانی طور پر مضبوط بنٹھ لیکن تنگ مزاج بناتا ہے۔

مشہور لوگوں شخصیات میں برطانوی وزیراعظم سرونسٹن چرچل روسی آمر جوزف اسٹالن، چینی رہنما ماؤزے تنگ، سائنس داں مارکونی، پامسٹ کیرو، مادام بواری، فلم ساز اور ادیب علی سفیان آفاقی، ہدایت کار لیش چوپڑا، مہیش بھٹ، اداکار رچرڈ برٹن، جوڈی فوسٹر شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ کسی بھی شعبے میں خدمات انجام دیتے ہوں، بلندترین مقام پر پہنچنے کے لئے مسلسل جدوجہد کرتے ہیں۔ اس منزل میں پیدا ہونے والا ہر شخص کسی بلند مرتبے پر پہنچنے کے لئے اپنی صلاحیت میں مسلسل اضافہ کرتا رہتا ہے، وہ بڑوں کی عزت کرتا ہے اور اُن کے تجربوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ وہ اپنی روایات اور مذہبی ورثے سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔

آپ مضبوط دل کے مالک ہیں۔ اپنے والد کی عزت کرتے ہیں۔ قابل، ذہین اور فتح مند ہیں۔ صاف گو ہیں، ایماندار ہیں اور کوئی بھی ذمہ داری لینے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ آپ پُرتعیش زندگی گزاریں گے اور آپ انتہائی محنتی بھی ہیں۔ تعلیم یافتہ اور معزز طبقہ آپ کی عزت کرے گا، آپ اپنی فیلڈ میں مشہور ہوں گے، خدا ترس اور مذہبی ہوں گے، ہمیشہ روشن پہلو کو مدِنظر رکھیں گے، خوش فہم اور پُرعزم ہوں گے، آپ کو پُراسرار علوم کے مطالعے سے دلچسپی ہو سکتی ہے۔

آپ متناسب جسم اور درمیانہ قد یا لمبے قدر کے مالک ہوں گے، مجموعی طور پر آپ کے خدوخال خوش منظر اور دل رُبا ہوں گے، چہرہ جاذب نظر ہوگا، آنکھیں سرایئت کرنے والی ہوں گی۔

آپ انتہائی قابل اور اپنی فیلڈ میں مشہور ہوں گے، کسی ایسے پیشے سے وابستہ ہو سکتے ہیں جہاں اختیارات اور اتھارٹی ہوتی ہے، بشرطیکہ زحل اس نچھتر میں نہ ہو، اگر زحل بھی اس نچھتر میں ہو تو آپ کثرت سے جاب بدلتے رہیں گے اور کاروبار کریں گے تو

وہ بھی مستقل نوعیت کا نہیں ہوگا بلکہ آپ پٹری بدلتے رہیں گے۔

آپ دوسری شادی کر سکتے ہیں، آپ کے کئی بچے ہوں گے اور عمر کے 27 ویں سال تک آپ کو مالی مسائل گھیرے رہیں گے اس کے بعد آپ کی مالی حالت خاصی بہتر ہونے لگے گی، آپ کے بچے بھی اپنے پیشے اور سوسائٹی میں اعلیٰ مقام حاصل کریں گے لیکن آپ اپنے بڑے بیٹے کے ساتھ رہنا پسند کریں گے۔

اس نچھتر کے زیر اثر پیدا ہونے والی خواتین کی ازدواجی زندگی اطمینان بخش نہیں ہوتی' خاص طور پر اس صورت میں جب لائف پارٹنر کے ساتھ میچنگ نہ ہو' انانیت کے مسائل انہیں اپنے سسرال میں پریشان کرتے ہیں' البتہ خودمختارانہ ماحول میں وہ خوش رہ سکتی ہیں' یہ خواتین اپنے شوہر پر غالب رہنے کی خواہش مند اور دوسری خواتین کے درمیان ممتاز نظر آتی ہیں' مذہبی ذہن کی مالک اور روحانیت سے یا تصوف سے دلچسپی رکھتی ہیں' بعض صورتوں میں انہیں ہسٹیریائی مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔

ماگھ کے پیشے اور صحت

پیشے : سیاست داں، وزیر یا وزیر اعلیٰ، قانون داں، بزنس مین، سول انجینئر، گوداموں کے انچارج، کارپوریشن کے سربراہ، ایکٹر، ڈائریکٹر، موسیقار، ماہر آثار قدیمہ، مورخ، فنیر، چاول کے بیوپاری اور پہاڑی علاقوں سے متعلق کام انجام دینے والے۔

مردانہ صحت : آپ کو بینائی سے متعلق تکالیف ہو سکتی ہیں مثلاً رتوندھی کی بیماری۔ اگر سورج اور مریخ دونوں ایک ساتھ اس منزل میں قمر کے ناظر ہوں یا قمر سے قِران کرتے ہوں تو دمہ اور مرگی کی بیماری ہو سکتی ہے' اس کے علاوہ دل کے امراض، السر، جلدی امراض خصوصاً چہرے پر، بچپن میں آپ کی صحت خراب رہے گی اور والدین آپ کی صحت کی طرف سے پریشان رہیں گے لیکن عمر کے بیسویں سال کے بعد صحت میں بہتری آنے لگے گی، 19 ویں اور 20 ویں سال میں صحت کو سنگین مسائل پیش آ سکتے ہیں۔

زنانہ صحت : آنکھوں کی تکالیف، خون کے مسائل، بچہ دانی کے مسائل اور ہسٹیریا، یرقان بھی ہو سکتا ہے۔

❖❖❖

گیارھواں پچھتر پُروا پھالگنی
(Purva Phalguni)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Purva Phalguni	F	☉	♌	Raja	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Kama	Front Legs of Cot	Bhaga	Right Hand	Kshatriya

گیارھواں پچھتر مکمل طور پر برج اسد کے اندر واقع ہے، یہ 13:20 درجہ سے 26:30 درجہ اسد تک پھیلا ہوا ہے، 2 ستاروں ٹیسونس اور زوسما پر مشتمل ہے۔

پُروا پھالگنی کے معنی ہیں ''درختوں کا پھل'' دیو مالا کے مطابق اس کا منسوبی دیوتا ''بھاگ'' ہے جو اچھی قسمت اور ترقی کا دیوتا کہلاتا ہے، مادّی خوشیوں کی حفاظت کرتا ہے اور فیملی کی وراثت عطا کرتا ہے' شیولنگ بھی اس پچھتر کی علامت کہا جاتا ہے جو طاقت اور تخلیقی عمل کی نشانی ہے۔

پُروا پھالگنی جنم دینے کی طاقت رکھتا ہے، اس پچھتر کے زیر اثر فنون لطیفہ میں بے پناہ دولت اور خداداد صلاحیتیں حاصل ہوتی ہیں، ایک شاندار، بے فکر، پُر جوش یا سرخوشی سے لبریز شخصیت سامنے آتی ہے جسے زندگی سے بے حد رغبت ہو، اس کے ساتھ ہی لذت اور خوشی، شہوت انگیزی، محبت، سبقت اور جذبہ بھی اس پچھتر میں پائے جاتے ہیں۔

اس پچھتر کا حاکم سیارہ زہرہ ہے، فطرت انسانی، بنیادی محرک خواہش، حیوانی علامت مادہ چوہا (چوہیا) اور سمت شمال ہے، مؤنث اور نفسانی ہے، اپنے عمل میں جحت، تشدد اور جنگ کے علاوہ بعض اوقات انتہائی مذموم سرگرمیاں، ہیرا پھیری وغیرہ کا بھی مشاہدہ ہو سکتا

ہے،اس کے مقامات میں پھانسی کا تختہ، موت کی کوٹھری، مذبح خانہ اور میوزیم ہیں۔

اپنے بنیادی محرک کی وجہ سے صحت مندانہ لطف اندوزی، تکمیل، اچھی قسمت، سلامتی اور خوشی اس قمری منزل میں نمایاں ہیں۔

پُروا پھالگنی عام طور سے ایک پُرکشش اور قوی شخص کو ظاہر کرتا ہے جو دوسروں کو اپنی شیریں کلامی سے زیر کرتا ہے، اس میں ماگھ کی بہ نسبت مسابقت بازی کم ہے، اس کا ایک نام بِنا بھی ہے اور یہ کامیابی کی نوید دیتا ہے، اپنے مخالفوں پر فتح یاب ہوتا ہے، یہ اپنی بہت سی خواہشوں کے اظہار کے لیے آفاقی ترنگ کے ساتھ فعال توانائی کا اظہار کرتا ہے، براہ راست تجربہ کرنے کی زبردست پیاس اور سرگرمیوں کے لیے مشہور ہے، اس نچھتر میں موسیقی، رقص اور ڈرامے سے بے پناہ محبت کے ساتھ ملن سار فطرت بھی پائی جاتی ہے، اس کا حاکم زہرہ درحقیقت موج مستی کا سیارہ ہے۔

تاریک رُخ

پُروا پھالگنی کا دوسرا پہلو بے جا فخر و ناز، نرگسیت اور عیاشی ہے، بلیک میجک کا تعلق بھی اس نچھتر کے ساتھ ہے، اگر متاثرہ ہو تو غضب ناک یا سفاک فطرت کا حامل ہو سکتا ہے، ایسا شخص تبدیلی کی آرزو کر سکتا ہے، ترنگ اور پراگندہ ذہن کا اظہار کر سکتا ہے، اسے تحریک اور شہوت انگیزی کی طلب ہو سکتی ہے، ایک آزاد جنسی میل جول کی فطرت کے ساتھ کسی لت میں مبتلا ہونا پایا جاتا ہے یا ایک شو باز اور نمائش پسند شخصیت جو گھمنڈ اور تکبر کی عکاسی کرتی ہو، یہاں دیکھی جا سکتی ہے، ان لوگوں کو چاہیے کہ اپنی شہوانی وابستگیوں پر قابو پائیں اور فیاضی، انسانیت، مہربانی اور وفاداری اپنائیں، حجت، تشدد، جنگ، ہیرا پھیری اور دیگر مذموم سرگرمیوں سے خود کو دور رکھیں۔

پُروا پھالگنی کے چار قدم

پہلا قدم 13.20 درجہ اسد سے 16.40 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد شیریں گفتار، دلیر لیکن متلون مزاج یا تنک مزاج ہوتے ہیں' کسی قدر سستی اور کاہلی بھی ان میں پائی جاتی ہے۔

دوسرا قدم 16.40 درجہ اسد سے 20 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مشہور اور جنگ جویانہ خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں' غضب ناکی اور جوشیلا پن نمایاں ہوتا ہے' محنتی ہوتے ہیں اور صاف ستھرا رہنے کی عادت ہوتی ہے۔

تیسرا قدم 20 درجہ اسد سے 23.20 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اپنی شریک حیات اور خاندان کے لیے وقف ہوتے ہیں' فنکارانہ صلاحیتوں کے حامل لیکن تھوڑا سا بد معاشی پر مائل' جنس زدہ اور بری سوچ۔

چوتھا قدم 23.20 درجہ اسد سے 26.40 درجہ اسد تک دراز ہے اور نحس اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد غیر مہذب اور گناہوں کی طرف راغب ہو سکتے ہیں' نیک لوگوں کو تنگ کرنے والے' جسم پر ایک یا زیادہ زخموں کے نشان' ان کے کئی بیٹے ہو سکتے ہیں لیکن یہ لوگ غیر معمولی تربیت یافتہ اور مختلف طور طریقوں کے ماہر ہوتے ہیں' مشہور ہوتے اور لوگوں میں گھل مل جاتے ہیں' آپ انہیں ہمیشہ مصروف دیکھیں گے۔

پُروا پھالگنی میں طالع

اگر طالع کے درجات اس نچھتر میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ ایک متحرک اور عملی انسان ہوتا ہے جو ہمیشہ حرکت میں رہتا ہے اور مشہور ہوتا ہے، دوسروں کو کمانڈ کر سکتا ہے، اس کا رجحان فطری زندگی کی طرف ہوگا، فیاض ہوگا، اچھی صحت اور اسپورٹس سے محبت یہاں دیکھی جا سکتی ہے، موسیقی، رقص اور ڈرامے کی خداداد صلاحیت، پُرکشش اور کرشماتی شخصیت، تخلیقی ذہانت، قابل، سرکاری پوزیشن اور لیڈر شپ۔

مشہور شخصیات میں سابق امریکی صدر رچرڈ نکسن' جان ایف کینیڈی اور جارج بش' راجیو گاندھی' امریکی مجبلی ارب پتی ہاورڈ ہیوز' کراچی میں کوڑھ زدہ لوگوں کے لیے اپنی زندگی وقف کرنے والی جرمن ڈاکٹر روتھ فاؤ' گلوکارہ میڈونا' موسیقار موزارٹ' باکسر جارج فورمین' مصنف ارنسٹ ہمنگوے' جاسوسی ناول نگار آگاتھا کرسٹی' ارل اسٹیلے گارڈنر' رومانی شاعر جان کیٹس' اداکار شاہ رخ خان' پیٹر سیلرز' اداکارہ کیتھرائن ہیپ برن'

مالا سنہا، شلپا سیٹھی شامل ہیں۔

پُروا پھالگنی میں شمس

اگر شمس اس پچھتر میں ہو تو تخلیقی ذہانت، ڈرامے سے محبت، قائدانہ صلاحیت، سیلف میڈ، سفر کا شوقین، آوارہ گرد، شیریں گفتار، فیاض، صوفیانہ فطرت، ٹیچنگ کی صلاحیت لیکن پراگندہ ذہن اور جنس کا شائق بناتا ہے۔

مشہور شخصیات میں امریکی صدر جان ایف کینیڈی، ڈاکٹر رتھ فاؤ، اداکار جان ٹرولاٹا، رابرٹ سیریڈفورٹ، رشی کپور، اداکارہ شرلے میکلین، راکیل ویلچ، سادھنا، کتھک ڈانسر لچھو مہاراج، گلوکارہ میڈونا اور آشا بھونسلے شامل ہیں۔

پُروا پھالگنی میں قمر

اگر قمر پُروا پھالگنی میں ہو تو ایسا شخص اپنے علم و ہنر کے ذریعے دولت کماتا ہے، مشہور اور مقبول ہوتا ہے، اپنی محنت سے جائداد حاصل کرتا ہے، خوش باش اور ملنسار ہوتا ہے، اس کی شخصیت شہوت انگیز ہوتی ہے۔

یہ پچھتر رحم دل اور مہربان لوگوں کی نشاندہی کرتا ہے اور ان لوگوں کی بھی جو پاکیزہ زندگی بسر کرتے ہیں، مخیر، دولت مند، اپنے فرائض کے لیے خود کو وقف کردینے والے، عبادت گزار، عارفانہ کاموں میں دلچسپی، مہم جوئی کے شائق زندگی سے لطف اندوز ہونے والے، جسمانی طور پر مضبوط لیکن بےتُک مزاج۔

یہ لوگ آزادی کے متوالے اور اپنے مخصوص شعبے میں مشہور ہوتے ہیں، دوسروں کی مصیبتوں اور پریشانیوں میں اُن کی مدد کرنے کے لیے فوری طور پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑا شریف، برطانوی وزیراعظم سرونسٹن چرچل، روسی آمر جوزف اسٹالن، جان ایف کینیڈی، دلائی لامہ، راجیو گاندھی، سیاست داں آغا شاہی، احمد شیر پاؤ، شیخ رشید احمد، شاعر ولیم ورڈز ورتھ، افتخار عارف، جون ایلیا، اداکار دلیپ کمار، والٹ وٹ مین، اداکار جوڈی فاسٹر، بھارتی اداکارہ ممتاز، پروین بوبی،

گلوکارہ میڈونا اور کرکٹر گریگ چیپل شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ نرم گفتار، فیاض، خوش شکل، سفر کرنے کے شوقین اور بڑوں کا احترام کرنے والے انسان ہیں۔

آپ کا چہرہ کتابی ہوسکتا ہے اور آپ کی وجاہت نمایاں ہوگی۔ آپ ایماندار ہیں، رشوت کے لین دین کو ناپسند کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی غلط حرکتوں سے روکتے ہیں۔

آپ بہت دلیر ہیں اور دوسرے لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔ ہوشیاری کے ساتھ کمزور دراپن بھی آپ کے اندر موجود ہے۔ مذہب کی طرف آپ کا رجحان زیادہ ہوسکتا ہے۔

اگر آپ کے زائچے میں زہرہ ناقص اثر رکھتا ہو تو آپ کا رجحان عیاشی کی طرف ہوسکتا ہے۔

آپ پوری آزادی چاہیں گے اور کسی نہ کسی فیلڈ میں شہرت حاصل کریں گے لیکن آپ کا ذہن کسی نہ کسی معاملے میں اُلجھا رہے گا، آپ کو دوسروں کی پریشانیوں سے واقف ہونے کی فطری طور پر وجدانی صلاحیت حاصل ہے، آپ دوسروں کی مدد کرنے میں پہل کرنے والوں میں سے ہیں، پُرکشش شخصیت اور گٹھے ہوئے جسم کے مالک ہوسکتے ہیں، آپ کو پسینہ بہت آئے گا، آپ کوئی ایسی جاب نہیں کریں گے جو صحیح معنوں میں ماتحتی کا تقاضا کرتی ہو اور آپ کی عزتِ نفس کو مجروح کرتی ہو، آپ کی ایک کمزوری یہ بھی ہے کہ آپ ملازم ہوکر بھی اپنے باس کی جی حضوری نہیں کرسکتے لہٰذا ہمیشہ اپنے اعلیٰ افسران یا حکام کی نوازشات سے محروم رہیں گے۔

آپ جو بھی کام اپنے ذمہ لیں گے اُسے پوری دیانت داری اور سنجیدگی سے سر انجام دیں گے، کسی غیر قانونی کام میں پارٹی بنیں گے اور نہ ہی ایسی سرگرمیوں کو برداشت کریں گے، آپ کی یہ فطرت زندگی میں آپ کو کئی پیچیدگیوں میں مبتلا کرسکتی ہے لیکن آپ ایسے مسائل کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔

آپ کے کئی پوشیدہ دشمن ہوں گے جو آپ کی ترقی کے راستے میں ایک بڑی رکاوٹ بنے رہیں گے لیکن آپ اپنے دشمنوں کو شکست دے کر اپنے تمام کاموں میں کامیابی حاصل کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں، آپ پیسے پر پوزیشن اور اتھارٹی کو ترجیح دیں گے، ترقی کی جائز یا درست راہ اختیار کریں گے اور کسی کاز کے لیے اپنا قیمتی وقت وقف کردیں گے لیکن

پھر بھی آپ اس پوزیشن پر نہیں پہنچ سکیں گے جس کی خواہش رکھتے ہوں گے۔

ملازمت کے شعبے میں آپ کو بہت سی جاب بدلنا پڑیں گی، خاص طور پر عمر کے 22,27,30,32,37,44 سال کی عمر میں۔ آپ 45 برس کے بعد اپنی مطلوبہ پوزیشن حاصل کر سکیں گے، آپ کو ادھار دینے سے گریز کرنا چاہیے کیوں کہ لوگ آپ کے پیسے آسانی سے واپس نہیں کریں گے۔

آپ کی ازدواجی زندگی خوش و خرم ہوگی، بیوی، بچے اچھے ہوں گے (اگر زائچے میں کوئی اور خرابی نہ ہو) یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی پسند کی لڑکی سے شادی نہ کر سکیں یا آپ کی شادی کسی غلط لڑکی سے ہو جائے اور اس کا نتیجہ بعد میں علیحدگی کی صورت میں برآمد ہو، خاص طور پر اگر زائچے میں زحل اور مریخ مقابلے پر ہوں، آپ اپنے آبائی مقام اور خاندان سے دور زندگی بسر کریں گے۔

پروبھالگنی میں پیدا ہونے والی خواتین فنون لطیفہ میں خصوصی دلچسپی لیتی ہیں اور اپنے ٹیلنٹ کا اظہار بھی چاہتی ہیں' اگر انہیں اپنے پسندیدہ شعبے میں کام کرنے کا موقع ملے تو نمایاں پوزیشن حاصل کرتیں ہیں' وہ کسی ایسے شریک حیات کے ساتھ خوش نہیں رہ سکتیں جو کسی غلط کام یا شعبے سے وابستہ ہو' شوہر کی یا سسرال والوں کی تنقید اور بے جا دباؤ برداشت نہیں کر سکتیں' اگر ان کی فطری صلاحیتوں کے اظہار پر پابندی لگانے کی کوشش کی جائے تو یہ بھی ان کے لیے ناقابل برداشت ہوگا' ایسی خواتین قابل اور ذہین ہوتی ہیں' اگر ہم مزاج شریک حیات مل جائے تو بہت ترقی کرتی ہیں۔

پروبھالگنی کے پیشے اور صحت

پیشے :اداکار و گلوکار، موسیقار، آرٹسٹ، ڈانسر، پینٹر، فیشن ڈیزائنر، منی چینجر، بزنس منیجر، جوس یا شربت وغیرہ کے ڈیلر، ڈرائی فوڈ کے ڈیلر، نمک، شہد اور تیل کے بیوپاری، ریڈیو، ٹیلی ویژن، فوٹو گرافی، کاسمیٹکس، جیولری سے متعلق کام، گورنمنٹ سرونٹ، سیاست داں، ٹیچر، پروفیسر وغیرہ۔

مردانہ صحت :معدے کی خرابیاں، جلدی امراض، دل کی تکالیف، دوران خون سے متعلق مسائل، شوگر اور دانت کی بیماریوں کا امکان پایا جاتا

ہے، آپ کو آگ سے حادثہ ہو سکتا ہے اور کسی عادت یا لت کے مسائل بھی پریشان کر سکتے ہیں' امراض خبیثہ سے محتاط رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

زنانہ صحت: ماہانہ نظام کی بے قاعدگیاں، دمہ، یرقان یا سانس کی تکالیف۔

❖❖❖

بارھواں پچھتر اتر پھالگنی
(Uttara Phalguni)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Uttara Phalguni	F	☉	♌ ♍	Tama	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Moksha	Back Legs of Cot	Aryaman	Left Hand	Kshatriya

بارھواں پچھتر 26 درجہ 40 دقیقہ برج اسد سے شروع ہوکر سنبلہ کے دس درجے تک دراز ہے، اتر پھالگنی شیر کی دم پر دو ساکت ستاروں سے برج سنبلہ تک پھیل جاتا ہے، اس پچھتر پر سیارہ شمس کی حکمرانی ہے جو نشو ونما اور تخلیقی وسعت کے لیے زبردست مواقع فراہم کرسکتا ہے۔

اتر پھالگنی کا پہلا قدم جو برج اسد کے آخری درجات پر ہے، فرد کو رکاوٹ کے کسی بھی احساس اور تخلیقی رکاوٹ پر غالب آنے میں مدد کرتا ہے، کامیاب فلم ڈائریکٹر اولیور استون کی پیدائش اتر پھالگنی کے اسی قدم پر ہوئی تھی، باقی تین قدم جو برج سنبلہ میں گرتے ہیں، یوگی یا صوفیانہ طاقت ظاہر کرسکتے ہیں اور زندگی کے گہرے رازوں کی چھان بین کرنے کی حوصلہ افزائی کرسکتے ہیں۔

اتر پھالگنی کی علامت بستر یا کھٹولے کے دو پچھلے پائے ہیں، یہ دوسروں کی سچائی پر زور دیتا ہے، اسے سکوت اختیار کرنے والے دیوتا آریاض سے تشبیہ دی گئی ہے جو لیڈرشپ، عزت و وقار اور سماج کے اصولوں پر حکومت کرتا ہے، وہ انسانیت کے دکھ درد دور کرتا ہے اور ضرورت مند دوست کی مدد کرتا ہے۔

یہ قمری منزل دوستی، مدد کرنے اور محبت کرنے والی فطرت سے جڑی ہوئی ہے،

اس کی قوت شادی یا ملاپ کے ذریعے ترقی دیتا ہے، اس لیے اس قمری منزل میں فیملی کے اتحاد پر زور ہے، اس کی فطرت انسانی، حیوانی علامت سانڈ یعنی نر گائے، بنیادی محرک روحانی آزادی اور سمت مشرق ہے۔

اتر پھالگنی کو ''سرپرستی کا ستارہ'' کہتے ہیں، یہاں مہربانی و مروت کا تجربہ ہوتا ہے، یہ خوش باش لوگ ہوتے ہیں، ان کی فراخ دلی کے باعث سب لوگ انہیں پسند کرتے ہیں اور یہ بھی تعلیم و تجربے کے ذریعے روزی کماتے ہیں۔

اس نچھتر کے تحت لیڈر بھی پیدا ہوتے ہیں جو عمدہ اوصاف کے حامل، مستحکم اور کامیاب رہتے ہیں، ہمت، برداشت، عزم اور درست کاز کے لیے لڑنے کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے، یہاں روحانی نشوونما اور ذہنی وسعت کسی فرد کو اچھی سمت میں کوشش کے ذریعے بلندیوں پر لے جاتی ہے۔

اتر پھالگنی نئے کاموں کی ابتداء کے لیے سعد اور مبارک منزل ہے'اس منزل میں شادی بیاہ'نئی جاب یا کاروبار کا آغاز' نئے گھر کی تعمیر یا نئے گھر میں داخل ہونا مبارک ہے۔

اپنی فطرت میں یہ مونث' ثابت اور ذریعہ نجات خیال کی جاتی ہے۔

تاریک رُخ

اُتر پھالگنی کا تاریک پہلو یہ ہے کہ یہ لوگ اگر معنی خیز تعلق کے حامل نہ ہوں تو انہیں گہری تنہائی کا احساس آگھیرتا ہے، ایک دوسرے پر انحصار کرنے کے مسائل سامنے آسکتے ہیں، آزردگی اور ناشکرے پن کا نتیجہ نکل سکتا ہے، ایسے لوگوں کو چاہیے کہ تنہائی کا احساس کرنے کے بجائے اسے اپنا دوست بنالیں یعنی مراقبہ کریں، دوسروں کو کنٹرول کرنے کی خواہش کی وجہ سے ایسے لوگ کالا جادو یا سفلی عملیات میں ملوث ہو سکتے ہیں چوں کہ اس کی حیوانی علامت بیل یا سانڈ ہے اور اس کی عکاسی ایک ہٹ دھرم اور ضدی فطرت سے ہوسکتی ہے، دوسروں پر تنقید کرنے کا شائبہ بھی مشاہدے میں آسکتا ہے'خصوصاً برج سنبلہ والے قدموں پر۔

اتر پھالگنی کے چار قدم

پہلا قدم 26.40 درجہ اسد سے 0 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور والدین کے لیے خس

ثابت ہوتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مشہور اور دولت مند ہوتے ہیں' یہ لوگ دلیر اور اچھے کام انجام دینے والے ثابت ہوتے ہیں' ایک پھلتا پھولتا گھرانہ ان کی نمایاں خصوصیت ہے۔

دوسرا قدم 0 درجہ سنبلہ سے 3.20 دقیقہ سنبلہ تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ اچھی فطرت کے مالک ہوتے ہیں لیکن ایک غیر مستحکم زندگی گزارتے ہیں' تنقیدی رویے کے مالک اور غربت کا شکار ہوتے ہیں' زراعت میں انہیں کچھ کامیابی ملتی ہے' عموماً دوسروں کے دست نگر ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 3.20 درجہ سنبلہ سے 6.40 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور اور مضطرب مزاج کے حامل ہوتے ہیں' صاف ستھرے رہتے ہیں اور صفائی کو پسند کرتے ہیں' علمی مشاغل کو عزیز رکھتے ہیں' یہاں ایسے شخص کی نشاندہی ہوتی ہے جس کے پاس بہت علم ہو۔

چوتھا قدم 6.40 درجہ سنبلہ سے 10 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور تھوڑے سے عیب کی وجہ سے سعد تصور نہیں کیا جاتا' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد بُرے مزاج ہوتے ہیں لیکن ناشکر گزار اور گناہ گار ہو سکتے ہیں' اولاد کم ہوتی ہے۔

اتر پھالگنی میں طالع

اگر طالع کے درجات اس بچھتر میں گریں تو صاحب زائچہ خوبصورت، قابل، ذہین لیکن ناشکرا اور مادی آسائشوں کے عوض کفارہ ادا کرنے یا عارفانہ قوت حاصل کرنے کے رجحان میں مبتلا ہو سکتا ہے اور یہ رجحان کوئی منفی رخ بھی اختیار کر سکتا ہے، وہ باتونی اور شہوت پرست ہوگا، بزنس کرنے یا دستکاری کی صلاحیت ہو سکتی ہے، اگر زائچے میں مثبت عناصر کارفرما ہوں تو انسانیت نواز، باہنر، پرکشش، دولت مند، وسیع حلقہ احباب، وجدانی اور صوفیانہ یا روحانی طاقت کا حامل ہوگا۔

مشہور شخصیات میں عیسائی پروٹسٹنٹ فرقے کا بانی مارٹن لوتھر' مادام بواری' عظیم ماہر فلکیات نکولس کوپرنیکس' سابق روسی وزیر اعظم نکیتا خروشچیف' چینی رہنما ماؤزے تنگ' سرونسٹن چرچل' والٹ ڈزنی' بیٹلز گروپ کا جارج ہیری سن' گلوکار طلعت محمود' مصری اداکار راول شریف' وارن بیٹی' ہیریسن فورڈ' شرلے میکلین' بروک شیلڈز' اداکارہ کرشمہ کپور' ٹینگ آمدن

شامل ہیں۔

اترا پھالگنی میں شمس

اگر شمس اس نچھتر میں طلوع ہو تو انسانیت پسندی، لیڈر شپ، لکھنے پڑھنے کا شوق، خود اعتمادی، بے حد فخر اور گھمنڈ کی نشان دہی ہوتی ہے، صاحب زائچہ ذاتی انا کی تسکین کے لیے دنیاوی یا روحانی قوت حاصل کرنے کا خواہش مند ہو سکتا ہے یا اس حوالے سے کوئی ڈرامہ کر سکتا ہے یعنی جو کچھ وہ نظر آ رہا ہوگا یا ظاہر کر رہا ہوگا، معاملہ اس کے برعکس ہوگا۔

مشہور شخصیات میں ابوریحان البیرونی، شاہ انگلستان شیر دل رچرڈ، ایم کیو ایم کے بانی الطاف حسین، بلاول بھٹو زرداری، اداکار رِدوانند، مائیکل ڈگلس، مصنف ایچ جی ویلز، آغا تھا کرسٹی، اداکارہ صوفیہ لورین، کرینہ کپور شامل ہیں۔

اترا پھالگنی میں قمر

قمر اس منزل میں ہو تو ایسے افراد سب سے محبت کرتے ہیں اور وہ خوش باش ہوتا ہے۔ چوں کہ اس منزل کا پہلا حصہ برج اسد میں ہے جس کا حاکم شمس ہے اور اس کے آخری دو حصے برج سنبلہ میں ہیں جس کا حاکم عطارد ہے لہٰذا پہلے حصے میں پیدا ہونے والوں کے خصائل آخری حصے میں پیدا ہونے والوں کے خصائل سے مختلف ہیں۔

پہلے حصے میں پیدا ہونے والے افراد اچھی جسمانی ساخت، تیز بینائی کے مالک اور عام طور سے بے حد پر عزم ہوتے ہیں۔ ان کی انا بلند ہوتی ہے اور خیالات اونچے ہوتے ہیں، زندگی میں اعلیٰ مقاصد کے لیے جدوجہد کرتے ہیں، یہ لوگ مخیر، رحم دل اور صابر ہوتے ہیں۔ شہرت حاصل کرتے ہیں، زیادہ عرصے تک کسی کے ماتحت کی حیثیت سے کام کرنا پسند نہیں کرتے۔ بلند ترین عہدے یا پوزیشن کے حصول کے لئے مختلف ذرائع استعمال کرتے ہیں۔

اگر پیدائش برج سنبلہ میں گرنے والے حصے میں ہوئی ہے تو یہ لوگ غیر معمولی ذہانت کے حامل اور تنقیدی مزاج کے حامل ہوتے ہیں، اعلیٰ درجے کی تجزیاتی صلاحیت رکھتے ہیں البتہ انا اور خود پسندی ان میں بھی نمایاں ہوتی ہے، عموماً شادی دیر سے کرتے ہیں، موجدانہ ذہن، ملنسار فطرت، اچھے لائف پارٹنر، باتدبیر موقع شناس، ہوشیار، آزادی پسند

اور صاف دل ہوتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں اردن کے شاہ حسین' نواب آف کالا باغ امیر محمد خاں' ٹیلیفون کا موجب الیگزینڈر گراہم بیل، جاسوسی ناول نگار اگاتھا کرسٹی، اشفاق احمد' سیاست داں چودھری پرویز الٰہی، اداکار سین کونری، جیک نکلسن، میل گبسن' راجیش کھنہ' نصیرالدین شاہ' اداکارہ کیتھرائن ہپ برن' شرمیلا ٹیگور' ودیا بالن' کرکٹر ایم ایس دھونی اور کرس گیل وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ خوش باش اور کئی اعتبار سے خوش قسمت ہیں، آپ کا رویہ مہذبانہ ہے، اپنے ذمے لینے والا ہر کام انتہائی فرض شناسی کے ساتھ انجام دیتے ہیں، آپ کا رجحان مذہب کی طرف ہوگا اور اپنے سماجی کاموں کی وجہ سے آپ کی ساکھ بہت اچھی ہوگی، اگرچہ صاف دل ہوں گے لیکن اس کے ساتھ ہی غصہ ور بھی، آپ بہت آسانی سے صبر و برداشت کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیں گے، ایک مرتبہ غضب ناک ہو جائیں تو آپ کو ٹھنڈا کرنا بہت مشکل ہوگا لیکن آپ ایسا کچھ مت کریں کہ بعد میں پچھتانا پڑے، آپ کسی بھی قیمت پر اپنی غلطی تسلیم نہیں کریں گے، اگرچہ آپ اس کے قائل بھی ہو جائیں کہ آپ نے غلطی کی ہے پھر بھی آپ حقیقت تسلیم نہیں کریں گے، بہرحال آپ دلیل و منطق کے آدمی ہیں اور بہت ہوشیار اور چالاک بھی۔

آپ قد آور ہو سکتے ہیں، آپ کے خدوخال نمایاں اور ناک لمبی ہوگی، ممکن ہے گردن کے دائیں طرف کوئی سیاہ تل بھی ہو، آپ بہت آزاد منش ہیں لیکن بہت سی ذمہ داریاں اپنے سر لیں گے اور انہیں پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے، آپ کسی کو دھوکا دینا یا کسی سے دھوکا کھانا پسند نہیں کریں گے۔

آپ ایسے پیشے میں یا کام میں خوب ترقی کریں گے جس کا تعلق عوامی رابطہ مہم سے ہو، آپ کی کامیابی کا سہرا آپ کی خوش اخلاقی اور حکمت کے سر ہے جو آپ کی فطری خوبی ہے، آپ اپنے معاملات میں اتنے سنجیدہ نہیں ہوں گے جتنا دوسروں کے معاملات میں ہوں گے، اگر آپ ایک مرتبہ کوئی فیصلہ کر لیں تو کوئی بھی اسے بدل نہیں سکتا چوں کہ آپ پیدائشی

طور پر محنتی ہیں لہٰذا اپنی محنت سے اچھی پوزیشن پر پہنچ جائیں گے، آپ ٹیچر، رائٹر یا سائنسی ریسرچ کے شعبوں میں دلچسپی لے سکتے ہیں اور یہ آپ کے لیے سب سے بہتر شعبے ہیں، بعض کیسوں میں یہ نوٹ کیا گیا ہے کہ اتر پھالگنی کے دوسرے حصے میں پیدا ہونے والے افراد ٹیوشن کے ذریعے اضافی پیسے کماتے ہیں۔

آپ کی عمر کے 32 سال سخت محنت اور جدوجہد میں گزریں گے اس کے بعد 38 سال کی عمر تک آپ کے معاملات درست ہو جائیں گے اور 38 ویں برس سے آپ کی ترقی کی رفتار تیز ہو جائے گی، آپ کی بیشتر خواہشات پوری ہو جائیں گی، 62 سال کی عمر تک زندگی آرام سے گزرتی رہے گی اور کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہوگی، 50 کے عشرے میں آپ دولت، نعمت اور شہرت سے سرفراز ہوں گے، اس کا سبب آپ کی انتھک محنت اور خدا کی مہربانی ہوگی، آپ ریاضی، انجینئرنگ، ایسٹرونومی یا ایسٹرولوجی کے لیے بھی موزوں ہیں اور ایڈورٹائزنگ کے شعبے میں بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کی ازدواجی زندگی کم و بیش اچھی رہے گی، بشرطیکہ زائچے میں دیگر نحس عوامل خصوصی کارفرمائی نہ کر رہے ہوں، آپ کی بیوی سلیقہ شعار، گھریلو عورت ہوگی۔

اس قمری منزل میں پیدا ہونے والی خواتین اگر برج اسد والے حصے میں پیدا ہوئی ہوں تو اپنی ازدواجی زندگی میں مشکلات کا شکار ہوتی ہیں' کیوں کہ یہاں انا کے مسائل اور فطری صلاحیتوں کے اظہار پر زور ہے' یہ خواتین دوسروں کا کنٹرول یا بالادستی کم ہی برداشت کر سکتی ہیں' انھیں اپنی عزت نفس کا بہت زیادہ خیال رہتا ہے۔

برج سنبلہ والے حصے میں پیدائش نفاست پسند اور تنقیدی مزاج کا حامل بناتی ہے' ایسی خواتین کسی حد تک سرد مزاج اور خشک طبیعت کی حامل ہوتی ہیں' وہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتی ہیں' محبت میں زیادہ پرجوش اور جذباتی رویہ اختیار نہیں کرتیں' مادہ پرستی کی جانب جھکاؤ اور سوشل سرگرمیوں سے لاتعلقی انہیں تنہائی پسند بنا دیتی ہے لیکن شادی اگر ہم مزاج شخص کے ساتھ ہو جائے تو بہت اچھی خیال رکھنے والی اور مددگار شریک حیات ثابت ہوتی ہیں' اولاد کی پرورش بہت اچھے انداز میں کرتی ہیں۔

اتر پھالگنی کے پیشے اور صحت

پیشے : ریاضی داں، ماہر فلکیات، ایسٹرولوجر، جج، قانون داں، فنانسر، خزانچی، سرکاری یا سماجی خدمت انجام دینے والے، روحانیات کا علم رکھنے والے، بیوروکریٹ، ادیب، اداکار، میڈیا پرسن اور کاروباری ذہن کے لوگ، سفیر وغیرہ۔

مردانہ صحت : ان لوگوں کی صحت عام طور سے اچھی ہوتی ہے لیکن ان کے بدن میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ دانتوں کی تکلیف، گیسٹرک، جگر اور آنتوں کی تکلیف، ہاتھ، بازو اور حساس جلد کے مسائل، خراب ہاضمہ، جنسی اعضاء کے مسائل کا امکان رہتا ہے۔

زنانہ صحت : ہلکی سی دمے کی شکایت، ماہانہ نظام کی بے قاعدگی، اعضائے مخصوصہ سے متعلق بیماریاں، جلدی امراض اور شدید سر کا درد وغیرہ۔

تیرھواں پچھتر ہست (Hasta)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Hasta	M	☽	♍	Raja	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Moksha	Palm	Suryadev	Fingers	Vaisya

تیرھواں پچھتر ہستا برج سنبلہ کے دس درجے سے 23 درجہ 20 دقیقہ تک پھیلا ہوا ہے یعنی کلی طور پر برج سنبلہ میں واقع ہے، اس پر سیارہ قمر کی حکمرانی ہے، ہست کی علامت ایک ہاتھ ہے یعنی پھیلی ہوئی ہتھیلی، یہ پچھتر پانچ ستاروں پر مشتمل ہے، اس کا مشاہدہ آسمان میں ایک کھلے ہاتھ کے طور پر کیا جاتا ہے جو انسانیت کو نوازرہا ہو۔

پچھتر کا حاکم سیارہ چاند ہے جب کہ عطارد برج سنبلہ کا حاکم ہے، قمر اور عطارد کا امتزاج گویا دماغ اور ذہانت کا اشتراک ہے، اس لیے ایک مضبوط ذہنی اور فطری نوعیت کے نتیجے میں ایک تخلیقی ذہانت اور عمدہ تقریر کی صلاحیت نمایاں ہوتی ہے۔

سیارہ عطارد اس قمری منزل میں شرف پاتا ہے، اس لیے خیالات کی پاکیزگی اور ضبط نفس کی قوت کے ساتھ کار نمایاں کا تجربہ ہوسکتا ہے، صاحب زائچہ ہنرمند اور دست کاری میں ماہر ہوسکتا ہے۔

ہست ایک مکمل اور فوری طریقے سے اپنے اہداف کے حصول کی صلاحیت عطا کرتا ہے، یہ لوگ محنتی ہوتے ہیں اور اپنے کام میں مگن رہتے ہیں، اس پچھتر کی فطرت دیوا یعنی سونے جیسا صاف اور خالص، بنیادی محرک روحانی آزادی ہے جب کہ حیوانی علامت مادہ بھینس اور سمت مغرب ہے۔

دیو مالائی نظریات کے مطابق اس کا دیوتا ''سوتیار'' یعنی سورج دیوتا ہے جو تخلیق اور تبدیلی کی توانائی عطا کرتا ہے، اس کی طاقت ہماری اس اہلیت کو ظاہر کرتی ہے جو ہم چاہتے ہیں، وہ ہماری مطلوبہ شے ہمارے ہاتھ پر رکھ دیتا ہے، وہ حیات بخش ہے جو زندگی دیتا ہے اور بچے کی پیدائش میں مدد کرتا ہے، طاقت اور شفایابی کی ذہانت جو لاعلمی کو دور کردے اس پچھتر میں ممکن ہے۔

برج سنبلہ دائرۂ بروج کا وہ روایتی برج ہے جو مسیحائی سے جڑا ہوا ہے لہٰذا روحانی علاج معالجہ، مراقبے کی پریکٹس، یوگا اور روحانی بالیدگی کے دوسرے عملی طریقوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور انہیں آگے بڑھاتا ہے۔

اس پچھتر کا بنیادی محرک ''موشکا'' یعنی روحانی آزادی ہے اور اس کا مزاج دیوا جیسا ہے ایک لچک دار اور تغیر پذیر خوبی یہاں موجود ہے، ایک نئی شکل اختیار کرنے کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے، سامنا کرنے کے لیے ڈٹ جانے کی مضبوطی بھی یہاں موجود ہے۔

تاریک رخ

اس پچھتر کے حامل افراد کو زندگی کے اوائل میں سختی، رکاوٹوں اور بندشوں سے واسطہ ہوسکتا ہے، جب تک صاحب زائچہ روحانی راستوں پر توجہ مرکوز نہ کرے تب تک غربت یا ناکامی سے واسطہ رہے گا۔

ہست کی حساس فطرت کے باعث صحت کے مسائل زیادہ ہوسکتے ہیں، یہاں قمر اور عطارد اثر انداز ہیں، ذہنی و دماغی معاملات پر زور ہے، ویسے بھی برج سنبلہ صحت کے مسائل میں دائرۂ بروج کا سب سے غیر محفوظ برج ہے، یہاں ماحول کو کنٹرول کرنے پر زور دیا جاتا ہے، ان لوگوں کے لیے سرسبز و شاداب ماحول شفا بخش ہوسکتا ہے، ایک نکتہ چیں بے صبر فطرت اس صورت میں نظر آتی ہے جب صاحب زائچہ دباؤ میں ہو، اگر قمر اور عطارد متاثرہ ہوں یا نحس گھروں میں ہوں تو ایک چالاک اور مکار شخصیت فروغ پاسکتی ہے، ایک بے رحم، چور، دھوکے باز ذہنیت کا مشاہدہ ہوسکتا ہے، مشہور متنازع ٹیچر اور سیلز مین ورنر ارہارڈ کا پیدائشی عطارد ہستا میں ہے اور قمر اور عطارد متاثرہ ہیں۔

ہستا کے چار قدم

پہلا قدم 10 درجہ سنبلہ سے 13.20 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مضبوط اور دشمنوں کو شکست دینے کے قابل ہوتے ہیں' شاید زندگی مختصر ہو فوراً بھڑک اٹھنے والے' ملازمت میں اچھی پوزیشن کے مالک۔

دوسرا قدم 13.20 درجہ سنبلہ سے 16.40 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اعلیٰ خصوصیات کے حامل اور میٹھی گفتگو کرنے والے ہوتے ہیں' یہ لوگ اپنے وطن ہی میں رہنا پسند کرتے ہیں' ان کے چند بھائی ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 16.40 درجہ سنبلہ سے 20 درجہ سنبلہ تک دراز ہیں اور والدین کے لیے نحس اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد موسیقی میں دلچسپی رکھنے والے اور کسی حد تک منفی سوچ کے مالک ہوتے ہیں' انہیں اپنے والد سے علیحدگی یا دوری کا سامنا ہوتا ہے۔

چوتھا قدم 20 درجہ سنبلہ سے 23.20 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مضبوط کردار اور اعلیٰ حیثیت کے مالک ہوتے ہیں' دوسروں سے اچھے تعلقات اور رابطے رکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں' خوش خوراک ہوتے ہیں' انہیں اپنی والدہ اور ننھیال سے مدد ملتی ہے۔

ہستا میں طالع

اگر طالع کے درجات پچھتر ہستا میں طلوع ہوں تو ہمیں ایک پسندیدہ شخصیت حاصل ہوتی ہے جو چابک دست، ملنسار، تفریح فراہم کرنے والا اور اپنے مقصد میں ثابت قدم ہوگا، اپنے رویے میں لکڑ اور نظریات میں صاف ذہن کا مالک، حساس، فنکارانہ مزاج کا حامل، اس کا رجحان عوامی خدمت کی طرف ہوتا ہے، وہ مقابلہ کرنے کے قابل، غیر ممالک کا شائق، خوش بیان اور بعض کیسوں میں چوری کرنے کی ذہنیت کا حامل ہوتا ہے، اس کی ایک عجیب مثال مشہور انڈین کامیڈین اداکار اوم پرکاش ہے، اس نے ایک کامیاب اور کامران زندگی گزاری، دولت کی بھی اسے کمی نہیں رہی مگر ایک عجیب بیماری اسے لاحق تھی، وہ اکثر بڑے بڑے ہوٹلوں میں رہائش کے دوران میں عمدہ قسم کے چمچے چرانے کی عادت میں ساری زندگی مبتلا رہا۔

مشہور شخصیات میں امریکی صدر آئزن ہاور، جاپانی شہنشاہ ہیرو ہیٹو سائنسداں تھامس ایلوا ایڈیسن، رسوائے زمانہ راسپوٹین، اداکار پریم ناتھ، رچرڈ چیمبرلین، اینڈی گرفتھ وغیرہ شامل ہیں۔

ہستا میں شمس

اگر سورج ہستا نچھتر میں ہو تو قلم اور لکھنے سے محبت ظاہر ہوتی ہے، صاحب زائچہ چابک دست، تفصیلات پر توجہ دینے والا، عمدہ حافظے کا مالک اور تجزیہ کرنے کی اہلیت رکھتا ہے، اسے علم نجوم یا دیگر پراسرار علوم سے دلچسپی ہو سکتی ہے، موسیقی کی خداداد صلاحیت، رقص اور ڈرامے کی خداداد صلاحیت کا مالک ہوگا۔

مشہور شخصیات میں امریکی صدر جمی کارٹر، موہن داس کرم چند گاندھی، نازی لیڈر ہنرک ہملر، تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان، ہالی ووڈ اسٹار چارلٹن ہسٹن، اداکارہ جولی اینڈریوز اور ہالی ووڈ سپر اسٹار اداکارہ ریکھا، آشا پاریکھ، گلوکارہ لتا منگیشکر، اداکار راج کمار، ونود کھنہ، ہدایت کار یش چوپڑا، کلاسیکل گائیک استاد امجد علی خان شامل ہیں۔

ہستا میں قمر

قمر ہستا نچھتر میں ہو تو تخلیقی کام میں محنتی اور ایک عملی انسان بناتا ہے، یہ لوگ دلکش مسکراہٹ کے مالک، پُرکشش اور زندگی کے دوسرے دور میں دولت مند ہوتے ہیں، جلد دوست بنا لیتے ہیں لیکن غیر وابستہ رہتے ہیں یعنی ایک طرح سے عجیب طرح کا کھنچا ؤ ان کے مزاج میں نظر آتا ہے "صاف چھپتے بھی نہیں، سامنے آتے بھی نہیں"

یہ لوگ منشیات کی طرف مائل ہو سکتے ہیں، عیاری، چوری کا رجحان ہو سکتا ہے، زندگی میں بہت سے نشیب و فراز دیکھتے ہیں، موڈی فطرت نمایاں رہتی ہے۔

مشہور شخصیات میں روسی شہنشاہ نیرو، میڈم بلواٹسکی، مدر کیھرینی امریکی صدر جمی کارٹر، آغا خان سوم، سابق بھارتی وزیر اعظم لال بہادر شاستری، معروف پیش گو جین ڈکسن، ڈالٹ ڈزنی، مصنف نیکولائی گوگول، اسکواش سپر اسٹار جہانگیر خان، اداکار برٹ رینالڈس، رچرڈ برٹن، اداکارہ وگلوکارہ ثریا، مدھوبالا، اداکار نانا پاٹیکر، ملالہ یوسف زئی شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

اس منزل میں پیدا ہونے والے افراد اپنی وضع قطع میں دبلے پتلے اور طویل قامت ہوسکتے ہیں۔ یہ لوگ مایوسی کا شکار رہتے ہیں اور بڑی آسانی سے کسی بھی چیز کے عادی ہوجاتے ہیں اور کبھی کبھی ظالم بھی ثابت ہوتے ہیں۔ مضبوط شانے اور بھری بھری چھاتیاں ان کی نمایاں خصوصیت ہے۔ یہ لوگ مشہور، مذہبی ذہن کے مالک، قابل لوگوں کی عزت کرنے والے اور دولت مند ہوسکتے ہیں۔ دیکھنے میں وہ خاموش طبع اور بردبار ہوتے ہیں اور انتہائی ذہنی دباؤ کے باوجود ذرا سا بھی اپنی پریشانی کا اظہار نہیں ہونے دیتے۔

اگر پیدائشی زائچے میں سیارہ عطارد کسی دہرے (ذوجسدین) برج میں ہو تو ان لوگوں کو اہم فیصلے کرنے میں دشواری ہوتی ہے۔ یہ لوگ جانتے ہیں کہ دوسروں کا دل کیسے جیتا جاتا ہے لہٰذا یہ بہت اچھے ڈپلومیٹس بن سکتے ہیں یا کسی ایسے پیشے کے لئے موضوع ہوتے ہیں جس میں مختلف ایجنسیوں یا پارٹیوں سے تعلقات قائم رکھنے پڑتے ہیں، لائف پارٹنر کے انتخاب میں انہیں کافی دشواریوں اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیوں کہ یہ آسانی سے مطمئن نہیں ہوتے اور ہر معاملے میں بال کی کھال نکالتے رہتے ہیں جس کی وجہ سے اکثر ان کے بنے بنائے کام بھی بگڑ جاتے ہیں۔

شرمیلا پن ان لوگوں کا ایک اور وصف ہے اور خاص طور پر خواتین میں ایک فطری حیاء موجود ہوتی ہے جو نسوانیت کا تقاضا بھی ہے، وہ اگرچہ بڑوں کی عزت کرتی ہیں لیکن کسی کی غلام بن کر زندگی گزارنا پسند نہیں کرتیں، عورت اور مرد دونوں اپنے واضح نظریے کا اظہار کرنے سے نہیں ہچکچاتے، اکثر معاملات میں اپنے اظہار کے نتائج کی پروا نہیں کرتے لہٰذا اپنے رشتہ داروں یا قریبی دوست احباب کی دشمنی کا شکار ہوسکتے ہیں، اس کی تازہ ترین مثال ملالہ یوسف زئی ہیں، ان لوگوں کو اپنے خیالات کے بہ بانگ دہل اظہار سے گریز کرنا چاہیے تاکہ کم از کم اپنی فیملی کے محاذ پر کامیابی حاصل ہو اور زندگی سے بھرپور طریقے سے لطف اندوز ہوسکیں، خاص طور پر خواتین کو زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہوتی ہے کیوں کہ وہ اپنے خیالات کے کھلے اظہار سے اپنے شوہر یا سسرالی رشتہ داروں کو اپنے خلاف کرسکتی ہیں، جس کے نتیجے میں ان کی ازدواجی زندگی متاثر ہوسکتی ہے۔

آپ کے کان اور آپ کی آنکھیں انتہائی دلکش اور دوسرے نچھتروں میں پیدا

ہونے والوں سے بالکل مختلف ہوں گی ، آپ نرم و گداز جسم اور بھرے بھرے شانوں کے مالک انتہائی پرکشش ہوں گے، عام طور سے آپ روزگار کی وجہ سے اپنا گھر چھوڑنا پسند نہیں کریں گے، آپ کے والد یا شوہر مالی اعتبار سے مستحکم ہوں گے، بعض لوگ جو مضافاتی علاقوں میں پیدا ہوتے ہیں ان کی فیملی کا پس منظر کاشت کاری یا تعمیراتی کاموں سے جڑا ہوتا ہے۔

ان لوگوں کو کبھی ایسے شریک حیات کا انتخاب نہیں کرنا چاہیے جس کی پیدائش مولا پچھتر میں ہوئی ہو، یہ اشتراک تباہ کن ہوگا، عام طور پر یہ لوگ خوش وخرم ازدواجی زندگی سے لطف اندوز ہوتے ہیں ان کو اپنی اولاد سے فائدہ ہوتا ہے، اکثر پہلی اولاد بیٹا اور پھر دو بیٹیاں پیدا ہونے کا امکان رہتا ہے، اس حوالے سے شریک حیات کا پچھتر بھی اہم کردار ادا کرتا ہے لہٰذا دونوں کو دیکھ کر کوئی حکم لگانا چاہیے۔

ہستا کے پیشے اور صحت

پیشے: مصور، آرٹسٹ، میوزیشن، گلوکار، موسیقار، دست کار، اسکالر، ٹیچر، رائٹر، سفیر، ذرائع ابلاغ سے وابستہ افراد، تعلقاتِ عامہ، اسپتال اور رضا کارانہ کام، معالج، سیر و سیاحت کی انڈسٹری، کانفرنس کی منصوبہ بندی کرنے والے افراد، وکیل، قیاس کرنے والے، جواری، چور، حجام، برتن بنانے والے، آئل مینوفیکچر، ٹیلر، فزیشن، بردکر وغیرہ۔

مردانہ صحت: سخت سردی سے انہیں تکلیف پہنچ سکتی ہے اور کھانسی کا رجحان پایا جاتا ہے۔ نزلے کی شکایات مستقل ہوسکتی ہے۔ ناک سے پانی وغیرہ بہتا رہتا ہے، دمہ یا سائنس کے مسائل کی بھی نشان دہی ہوتی ہے، یہ لوگ ایک نہایت حساس نروس سسٹم رکھتے ہیں لہٰذا پیٹ اور آنتوں کی خرابیاں، درد قولنج، پیچش، الرجی، خارش وغیرہ کی شکایات بھی ہوسکتی ہیں۔

زنانہ صحت: اس منزل میں پیدا ہونے والی خواتین مندرجہ بالا امراض کے علاوہ ہائی بلڈ پریشر اور رگوں کے مڑنے کا شکار ہوسکتی ہیں۔ بڑھاپے میں انہیں دمہ بھی ہوسکتا ہے۔

◆◆◆

چودھواں پچھتر چترا (Chitra)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Chitra	F	♂	♍ ♎	Tama	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Kama	Pearl	Yisvakama	Neck	Servant

یہ منطقۃ البروج کا چودھواں پچھتر ہے اور غضب ناک سیارہ مریخ اس کا حاکم ہے۔ یہ برج سنبلہ کے 23:20 درجے سے برج میزان کے 6:40 درجے تک پھیلا ہوا ہے۔ اس طرح اس منزل کے پہلے دو قدم برج سنبلہ میں ہیں اور آخری دو قدم برج میزان میں واقع ہیں۔

چترا کو "موقع کا ستارہ" بھی کہتے ہیں اس کی علامت ایک چمک دار موتی ہے جو صاحب زائچہ کے اندر موجود ایک آفاقی جذبے کی نمائندگی کرتا ہے، دوسرے معنوں میں چترا کے معنی "تابندہ یا روشن یا خوبصورت" کے ہیں، یہ بہت سے ملے جلے رنگوں کی عکاسی کرتا ہے جو ایک سفید ستارے کی چمک میں نظر آتے ہیں، ویدک سسٹم کے مطابق دولت اور خوش قسمتی لانے والا ثابت ستارہ (Fixed Star) اسپیکا اسی منزل میں ہے، چترا کسی پینٹنگ یا خوبصورت تصویر کی بھی ترجمانی کرتا ہے جو دیکھنے میں دلکش اور فن کا منہ بولتا شاہکار ہو، چیزوں کی تخلیقی اعتبار سے ترتیب دینے کی اہلیت اور فنکارانہ صلاحیت اس پچھتر میں موجود ہے۔

چترا میں پیدا ہونے والے لوگ عام طور سے پُرکشش، کرشماتی ہوتے ہیں اور ان کی شخصیت ایک فعال دلکشی کی حامل ہوتی ہے، یہ لوگ گفتگو میں نہایت عمدگی کا مظاہرہ کرتے ہیں، عام طور سے سرخ اور رنگ برنگے کپڑے اور زیور پہننے کے شوقین ہوتے ہیں، چترا والوں کو پھولوں اور فطرت کی دیگر حسین چیزوں کے استعمال کا بھی شوق ہوتا ہے۔

اس پنجھتر کی فطرت نرم ہے، موسیقی، رقص اور ڈرامے کے لیے یہ عمدہ پنجھتر ہے جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے کہ اس کا نشان چمک دار موتی ہے، حاکم سیارہ مریخ، فطرت، غیر انسانی یعنی راکشس (بھوت) ہے، اس کا بنیادی محرک "خواہش" ہے، حیوانی علامت مادہ شیر ہے اور سمت مغرب ہے، دیو مالائی نظریات کے مطابق اسے کائنات کے آفاقی ماہر تعمیرات دیوتا سے منسوب کیا گیا ہے جس کا نام "توشتر" ہے، یہ ترقی، پیدا کرنے کی طاقت اور درازیٔ عمر کی نمائندگی کرتا ہے، ساتھ ہی زندگی میں اہلیت اور لیاقت پر زور دیتا ہے۔

چترا ایک صوفیانہ پنجھتر ہے اور ایک گہری روحانیت کا حامل ہے، ان لوگوں میں القائی خصوصیات پائی جاتی ہیں، اپنی ذات کی اصلیت کا احساس کرنے کی خواہش اور اس کی حوصلہ افزائی یہاں مشاہدے میں آتی ہے، اس کا حاکم سیارہ مریخ روح کے نہاں خانوں کی چھان بین کرنے کی مضبوط خواہش ظاہر کرتا ہے، اس پنجھتر میں اچھے کاموں کا پھل ملتا ہے۔

تاریک رخ

چترا کے چیلنج بھی نہایت شدید نوعیت کے ہیں جن میں جنسی خواہش شامل ہے جسے سنوارنے کی ضرورت ہوتی ہے، اس کی حیوانی علامت مادہ ٹائیگر ہے اور یہاں ایک بے تاب ورغلانے والی شخصیت فروغ پا سکتی ہے، اس کا بنیادی محرک خواہش ہے لہٰذا کسی بھی خواہش کا انتہائی شدید ہونا اس پنجھتر میں پایا جاتا ہے، یہ لوگ دل کش آنکھوں اور متناسب جسم کے مالک ہوتے ہیں، خود پسندی اور گھمنڈ بھی ان میں پایا جاتا ہے، بلا سوچے سمجھے بات کہنے کا رجحان بھی نمایاں رہتا ہے، انہیں اس وقت ہوش آتا ہے جب تیر کمان سے نکل چکا ہوتا ہے، پھر یہ اپنے الفاظ واپس لینے کی کوشش کرتے ہیں۔

چوں کہ یہ پنجھتر اپنی فطرت میں آسیبی ہے، لہٰذا سحر اور جادو کے مسائل بھی ان لوگوں میں پائے جاتے ہیں اور بعض بڑے نامور جادوگروں اور ساحروں کی پیدائش اس پنجھتر میں ہوئی ہے، کسی بگاڑ کی صورت میں یہاں ایک مضبوط انا اور خود غرضی واقع ہوسکتی ہے، ان لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنی انا کو ختم کرنے پر توجہ مرکوز کریں اور اس کے لیے انہیں تصوف کا راستہ اختیار کرنا چاہیے ورنہ دوسری صورت میں یہ لوگ نہایت تباہ کن بھی ہوسکتے ہیں۔

چترا کے چار قدم

پہلا قدم 23.20 درجہ سنبلہ سے 26.40 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور کچھ نحس اثر رکھتا ہے' صاحب زائچہ کے والدین کو متاثر کرتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور' مضبوط لیکن بے فیض اور غیر مخیر ہوتے ہیں' اکثر ان کی پرورش دو گھرانوں میں ہوتی ہے' آنکھوں کی کسی بیماری میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

دوسرا قدم 26.40 سنبلہ سے صفر درجہ میزان تک دراز ہے اور یہ بھی والدین کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مفلس یا غریب ہو سکتے ہیں لیکن اپنی بات کے دھنی ہوتے ہیں' تیز چلتے ہیں اور مشقت کرنا جانتے ہیں۔

تیسرا قدم صفر درجہ میزان سے 3.20 درجہ میزان تک دراز ہے اور مکمل طور پر سعد نہیں سمجھا جاتا' اس میں تھوڑا سا عیب پایا جاتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مشہور ہوتے ہیں' اچھے طور طریقوں کے مالک' بہادر اور اچھی صحبت میں رہنے والے ہوتے ہیں' جائز ذرائع آمدن پر گزارا کرتے ہیں۔

چوتھا قدم 3.20 درجہ میزان سے 6.40 درجہ میزان تک پھیلا ہوا ہے اور یہ بھی مکمل سعدیت نہیں رکھتا' معمولی سا عیب اس میں موجود ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد کاروبار کرنے کی عمدہ صلاحیت رکھتے ہیں' میٹھی اور عیارانہ گفتگو کرتے ہیں' اچھی شکل وصورت کے مالک ہوتے ہیں۔

چترا میں طالع

اگر چترا نچھتر طالع میں طلوع ہو تو مضبوط انا جنم لیتی ہے ایسے لوگ کئی طرح کے کاموں میں مصروف نظر آتے ہیں، دولت مند ہوتے ہیں اور اکثر اپنی جائے پیدائش سے دور رہتے ہیں، رنگ برنگ کے کپڑے اور زیورات پہنتے ہیں، جرأت اظہار اور دل کشی نمایاں ہوتی ہے، روحانی آزادی کی خواہش اور ایمانداری بھی ان کی ایک خصوصیت ہے، جنس مخالف کو پسند کرتے ہیں، نکتہ چیں ہوتے ہیں اور کسی بدمعاشی میں بھی ملوث ہو سکتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں رومن شہنشاہ آگسٹس' ابو ریحان البیرونی' بھارتی رہنما گاندھی' بہائی مذہب کا بانی بہاالله' جرمن آمر ایڈولف ہٹلر' جے ایف کینڈی، علامہ ڈاکٹر محمد

اقبال، ملالہ یوسف زئی، وزیر اعظم نواز شریف، فرینک سناترا، نیلسن راک فیلر' اداکار رچرڈ برٹن' اداکارہ مینا کماری' سلمٰی آغا' اداکار نصیر الدین شاہ' موسیقار اعل بسواس' کرکٹر محمد اظہر الدین شامل ہیں۔

چترا میں شمس

اگر شمس چترا نچھتر میں ہو تو ایسے لوگ جنگ جویانہ فطرت کے مالک اور عسکریت پسند ہوتے ہیں، عیار، کبھی کبھی درشت، آرٹ، فوٹوگرافی اور موسیقی میں دلچسپی، پہچان کی شدید ضرورت۔

مشہور شخصیات میں رومن شہنشاہ آگسٹس' جنرل آئزن ہاور' مشہور باکسر ایونڈر ہالی فیلڈ، برطانوی وزیر اعظم مارگیٹ تھیچر، امریکی صدر روز ویلٹ، اداکار اجتابھ بچن' اشوک کمار' اداکارہ ہیما مالنی' موسیقار نصرت فتح علی خان وغیرہ شامل ہیں۔

چترا میں قمر

اگر سیارہ قمر چترا نچھتر میں ہو تو ایسے لوگ خوش اندام ہوتے ہیں، پرکشش آنکھیں، دور سے ہجوم میں پہچانے جانے والے، آرٹسٹک رجحان، زبردست عاشق، شدید جنسی بھوک، باپ کے ساتھ مسئلہ، ماں کے ذریعے فوائد، خواتین کے لیے شادی میں پریشانیاں، اچھے ایسٹرولوجر، وجدانی، تصوف کی راہ کے مسافر، اعلیٰ القائی خصوصیات کے مالک، عمدہ لباس اور زیورات کے شوقین۔

مشہور شخصیات میں راجہ رام موہن رائے' برمی رہنما آں سان سوچی (نوبل انعام یافتہ) رچرڈ چیمبرلین، جارج بش، صدر آئیزن ہاور، امریکی دانشور نوم چومسکی' وزیر اعظم نواز شریف' اداکار کولس کیج، ٹونی کرٹس' سڈنی پوئیٹر' ششی کپور' سنیل دت' اداکارہ ڈمپل کپاڈیا' امرتا سنگھ' گلوکار طلعت محمود' مشہور ویدک ایسٹرولوجر کے این راؤ وغیرہ۔

آپ کی شخصیت

قمر در چترا کے تحت پیدا ہونے والے افراد عمدہ لباس اور زیورات کے بے انتہا شوقین ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی اچھی صحت سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور اپنی اصل عمر کے

مقابلے میں بہت کم عمر نظر آتے ہیں۔

آپ دبلے اور کمزور نظر آسکتے ہیں لیکن آپ کے اندر قوت برداشت بہت ہے۔آپ اپنے دشمنوں کو بڑی دلیری سے شکست دے سکتے ہیں۔آپ ماہر سیاست داں اور غیر معمولی طور پر ذہین ہیں۔آپ کی وجدانی قوت بڑی اہمیت رکھتی ہے۔یہ ایک ایسی خوبی ہے جس کا ہونا ایسٹرولوجی کی عمدہ صلاحیت دیتا ہے۔آپ بہت سی باتیں وقت سے پہلے جان لیتے ہیں۔آپ کسی بھی ایسے پیشے کے لیے موزوں ہیں جس میں طویل عرصے کے لیے کسی پیش گوئی کی ضرورت ہوتی ہے۔

اگر آپ کے زائچے میں مشتری مضبوط ہو تو آپ ایسے خواب دیکھ سکتے ہیں جن میں مستقبل کی پیش گوئی کی گئی ہو،آپ بڑوں کی عزت کرتے ہیں،کھلم کھلا اپنے نظریات کا اظہار کرنے میں نہیں ہچکچاتے لہٰذا اپنے عزیزوں اور دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں اور دشمنی بھی ہو سکتی ہے،آپ کو چاہیے کہ موقع محل کی مناسبت سے اپنے نظریات کا اظہار کیا کریں،خاص طور پر اپنے دوستوں اور خاندانی افراد کے درمیان۔

اگر آپ کی پیدائش مضافاتی علاقوں میں ہوئی ہے تو امکان ہے کہ آپ کی فیملی کا تعلق کاشت کاری یا کسی تعمیراتی شعبے سے ہوگا۔زندگی کی رکاوٹیں آپ کی نشوونما اور ترقی میں حائل نہیں ہوں گی،آپ تمام رکاوٹوں پر کامیابی سے غالب آجائیں گے اور فتح یاب ہوں گے اپنی ہمت اور سخت محنت سے ہر رکاوٹ کو دور کریں گے،عمر کے 32ویں سال تک ان رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا،33 سال سے 54 سال کی عمر تک آپ کا سنہرا دور ہوگا،اس دوران میں زبردست مادّی اور روحانی ترقی حاصل ہوگی۔

چترا کے تحت پیدا ہونے والوں کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ زیادہ کوشش کیے بغیر غیر متوقع مدد اور انعام ملتا ہے،عمر کے 22،27،30،36،39،43 اور 48 سال آپ کے لیے بہت کٹھن اور پُرآشوب ہو سکتے ہیں،اگر قمر کے ساتھ شمس بھی ہو تو آپ مجسمہ سازی یا کسی میکینیکل جاب سے وابستہ ہوں گے،اگر مشتری ساتھ ہو تو سیاست میں ہوں گے اور اگر عطارد ساتھ ہو تو آپ انجینیئر یا الیکٹرانک ٹیکنولوجسٹ ہوں گے۔

آپ کی ایک خداداد اور پوشیدہ صلاحیت یہ ہے کہ آپ کا کوئی آئیڈیا یا مشورہ

شروع شروع میں دوسروں کو بالکل بے معنی اور واہیات لگتا ہے لیکن بعد میں وہی آئیڈیا یا مشورہ درست قرار پاتا ہے اور رائج ہوتا ہے' آپ کی وجدانی قوت نہایت اہم ہے' لہٰذا آپ اکثر خواب میں بہت سے ایسے واقعات دیکھتے ہیں جو بعد میں سچ ثابت ہوتے ہیں' اسی لیے کہا جاتا ہے کہ آپ کے دماغ میں کوئی عارفانہ طاقت موجود ہوسکتی ہے' آپ اس قسم کے شخص ہیں جسے اس بات کی کوئی پروا نہیں ہوتی کہ دوسرے آپ کے بارے میں کیا سوچتے ہیں یا کیا کہتے ہیں' لیکن آپ ضرورت مندوں کی مدد کریں گے اور ان سے حسن سلوک کریں گے' ان کے ساتھ ہمدردی سے پیش آئیں گے' اکثر و بیشتر لوگ آپ کو متکبر اور گھمنڈی سمجھنے کی غلطی کریں گے لیکن وہ آپ کو نہیں جانتے' آپ کو بولنے سے پہلے دو مرتبہ تولنا چاہیے کیوں کہ جذبات کی رو میں منہ سے نکلنے والی کوئی خود پسندانہ بات دوسروں کو بلاوجہ پریشان حواس باختہ کرسکتی ہے۔

آپ کے دشمن ہر قدم پر آپ کو دیوار سے لگانے کی کوشش کریں گے لیکن آپ ان کی ہر چال کو ناکام اور بچھائے ہوئے پھندوں کو تباہ کردیں گے۔

ایک طرف تو آپ اپنے والدین اور بھائی بہنوں سے بہت پیار کریں گے لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ان پر بھرپور اعتماد نہیں کریں گے' بیشتر کیسوں میں چترا کے تحت پیدا ہونے والے بچوں کو اپنے باپ سے اُنسیت ہوسکتی ہے اور وہ باپ کی محبت اور شفقت میں کمی محسوس کرسکتے ہیں' یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ ایسے بچوں کے والدین کو اپنی جاب یا کسی اور وجہ سے بچوں سے دور جانا پڑتا ہے' آپ کو اپنی ماں سے زیادہ محبت ہوگی اور ننھیال سے فائدہ حاصل ہوگا۔

چترا والوں کے لیے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ اس گھر میں نہیں رہ سکتے جہاں وہ پیدا ہوئے ہوں' آپ کو اپنا گھر چھوڑ کر کہیں اور رہنا پڑے گا' دوسرے لفظوں میں آپ اپنے آبائی گھر سے دور دراز کسی نامعلوم مقام پر بود و باش اختیار کریں گے' عام حالات میں آپ کو گھریلو مسائل پریشان کریں گے' اگرچہ شادی مستحکم ہوگی لیکن میاں بیوی میں آئے روز چھوٹی موٹی باتوں پر جھگڑے ہوتے رہیں گے۔

خواتین کے لیے یہ نچھتر نسوانیت کا اعلیٰ اظہار لاتا ہے' فطری حیاء اور شرم موجود

ہوتی ہے لیکن وہ غلام بن کر زندگی گزارنا پسند نہیں کریں گی، اپنے مؤقف یا نظریے کا مکمل کر اظہار کریں گی، عام طور پر سسرال میں تعلقات خراب ہو سکتے ہیں، ایسی خواتین کے کان اور آنکھیں انتہائی دلکش ہوتی ہیں، وہ نرم و گداز جسم اور قد بھرے بھرے شانوں کی مالک انتہائی پرکشش ہوں گی، ایسی خواتین یا مردوں کو کبھی ایسے شریک حیات کا انتخاب نہیں کرنا چاہیے جو مولا پنجتر میں پیدا ہوا ہو، وہ خوش و خرم ازدواجی زندگی سے لطف اندوز ہو سکتی ہیں، شوہر دولت مند اور محبت کرنے والا ہوگا، بچوں سے فوائد حاصل ہوں گے، پہلی اولاد بیٹا اور پھر دو بیٹیاں ہوں گی۔

چترا کے پیشے اور صحت

پیشے: جوہری، رنگ ساز یا مصور، قلم کاری، گلوکاری، ای این ٹی اسپیشلسٹ، عطر فروش، ریاضی داں، جوہر شناس، کاٹن سے متعلق کام کرنے والے، آنکھوں کے سرجن، ماہر تعمیرات، ڈیکوریٹر، کمپیوٹر پروگرامر، ایسٹرولوجر، قانون داں، جج، پادری، صوفی یا سادھو، سراغ رساں، اشاعتی اداروں سے وابستہ افراد، کاتنے اور بُننے کا کام کرنے والے، کنواں کھودنے والے مزدور وغیرہ۔

مردانہ اور زنانہ صحت: گردے اور مثانے کی سوزش، دماغی بخار، کیڑوں سے جڑے ہوئے امراض، پیٹ میں رسولی یا اپنڈیکس، السر اور جلدی الرجی وغیرہ۔

❖❖❖

پندرھواں پچھتر سواتی (Swati)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Swati	F	♄	♎	Tama	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Artha	Sapphire	Vayu	Chest	Butcher

یہ دائرۂ بروج کی پندرھویں منزل ہے جس میں صرف ایک روشن ستارہ ہے جو سرخی مائل ہے۔ اس کے چاروں قدم برج میزان میں 6:40 درجے سے 20 درجے تک پھیلے ہوئے ہیں چوں کہ یہ پورا پچھتر برج میزان میں ہے جس کا حاکم زہرہ اور منزل کا حاکم راہو ہے لہٰذا یہ لوگ چمک دمک کی طرز زندگی کا رجحان رکھتے ہیں۔

سواتی کے معنی ''تلوار'' کے ہیں اور یہ آزادی کی زبردست خواہش کی عکاسی کرتا ہے، یہاں ایک شیریں گفتار، پاکیزہ اور بامروت فطرت کی نشوونما ہوتی ہے، اسے ''خود رفت'' ستارہ بھی کہتے ہیں، سواتی کی اشکال میں ایک نوخیز پھوٹتی ہوئی شاخ کو دکھایا گیا ہے جسے ہوا لے اُڑی ہے، سواتی لوگوں میں تبدیلی کی طاقتوں میں پنپنے کے لیے ہوا کے ساتھ جھک جانے کی صلاحیت ہوتی ہے جس کا انہیں سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

دیومالائی تصورات کے مطابق ''وایو'' دیوتا سواتی پر حکومت کرتا ہے جس کا تعلق سانس اور جان سے ہے، اسے پاکیزہ اور خالص کرنے والا بتایا جاتا ہے، یہ ہوا کی طرح بکھر جانے کی اجازت دیتا ہے، ایک بے چین اور مہم جو یانہ فطرت اس کا نتیجہ قرار دی جاتی ہے۔
سیارہ زحل سواتی پچھتر میں شرف یافتہ ہے، یہ پچھتر منظم توانائی کے ساتھ دوسروں پر اثر انداز ہونے کے لیے ابلاغی طاقت کی نمائندگی کرتا ہے، اس طرح سواتی افراد ذرائع

ابلاغ میں اپنا مؤثر کردار ادا کرتے ہیں، مشہور ٹاک شو کا میزبان جونی کارسن ان لوگوں میں سے ہے جن کا شمس، طالع اور عطارد سواتی پختر میں ہیں، یہ لوگ اکثر کاروبار، تجارت اور لین دین میں بھی ہوشیار ہوتے ہیں۔

سواتی پختر حصولِ علم کی خواہش کو بے دار کرتا ہے لہٰذا اکثر سواتی افراد حصولِ علم کے بہت خواہش مند ہوتے ہیں اور زندگی کے جذبے سے سرشار رہتے ہیں۔

اس پختر کی علامت مونگا (مرجان) ہے جو مضبوط وجدانی اور نفسی اثاثوں کا مالک ہے، سواتی کو "پادری، پنڈت یا عالم دین" بھی کہا جاتا ہے اور اس کے حامل افراد عام طور سے دینیات کے عالم ہوتے ہیں، یہ لوگ اکثر منکسر المزاج اور بامروت، پاکیزہ ہوتے ہیں، میٹھی گفتگو کرتے ہیں، یہ پختر اپنی فطرت میں "دیوا" یعنی سونے جیسا کہلاتا ہے، مطلق خود اختیاری اور راست اقدام کے اصولوں پر زور دیتا ہے، اکثر سواتی لوگ عام طور سے فراخ دل اور ان لوگوں کے لیے خیر ہوتے ہیں جو مذہبی کام کرتے ہیں۔

اس پختر کی حیوانی علامت نر بھینس (بھینسا) بنیادی محرک مادی ترقی اور سمت شمال ہے۔ اس پختر سے سرسوتی دیوی بھی منسوب ہے، اپنی فطرت میں مؤنث، مادہ، آگے دیکھنے والا، اچھی بینائی کا مالک، حرکت پذیر ہے۔

تاریک رخ

سواتی پختر کا منفی پہلو خود مرکزیت یا خود غرضی ہے جس کا بنیادی مقصد ذاتی مفاد ہے، ایک غیر قانع اور بے چین روح کا تجربہ ہوسکتا ہے، سواتی چیزوں کو حرکت دیتا ہے اور انہیں بکھیر دیتا ہے، اگر صاحب پختر نے یہ نہیں سیکھا کہ تعمیری طریقے سے کس طرح طاقت کو استعمال کیا جائے تو اس کی منفی توانائی تباہ کن ہوسکتی ہے، اس لیے سواتی افراد تعمیری اور تخریبی دونوں قسم کے رجحانات ظاہر کرسکتے ہیں۔

یہ لوگ بہت حساس ہوتے ہیں اور انہیں اپنے اعصاب کو متوازن رکھنے کے لیے تنہائی اور الگ تھلگ رہنے کی ضرورت ہوتی ہے، ان کے لیے ناگزیر سبق یہ ہے کہ اپنی مادی اور شہوانی وابستگیوں پر قابو پائیں، سواتی کا حکمران راہو مالی کامیابی اور زندگی سے رغبت کی ایک شدید خواہش کو جنم دے سکتا ہے اور یہ لوگ دنیا میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد صحیح

معنوں میں روحانی سفر کی جانب متوجہ ہوسکتے ہیں چوں کہ راہو اس منزل پر حکمران ہے لہٰذا سیاست جیسے مکر وفریب کے شعبے کی طرف بھی ان کا رجحان ہوسکتا ہے اور یہ اس فیلڈ میں کامیاب بھی ہوتے ہیں، مشہور امریکی خاتون ہیلری کلنٹن کا شمس اسی پچھتر میں ہے۔

سواتی کے چار قدم

پہلا قدم 6.40 درجہ میزان سے 10 درجہ میزان تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد جرأت مند اور خوش بیان ہوتے ہیں' سائنسی علوم کی طرف راغب رہتے ہیں' آسانی سے دوسروں کی مدد حاصل کرتے ہیں' ملازم اور خدام رکھتے ہیں، اگر شمس سواتی کے اس قدم پر ہو تو زندگی میں مسائل اور مشکلات زیادہ ہوں گے اور ایسا شخص مادیت پرست ہوگا۔

دوسرا قدم 10 درجہ میزان سے 13.20 درجہ میزان تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد کچھ خفی سرگرمیوں کا رجحان رکھتے ہیں' اپنے جذبات کو بھی پوشیدہ رکھتے ہیں اور ان کے ذرائع آمدن مشکوک ہوسکتے ہیں' اکلٹ سائنسز میں دلچسپی لے سکتے ہیں، اُس کی ناک لمبی ہوگی، اپنے خاندان کے ساتھ اچھے تعلقات رکھے گا، لڑکی کو شوہر سے علیحدگی کا سامنا ہوسکتا ہے۔

تیسرا قدم 13.20 درجہ میزان سے 16.40 درجہ میزان تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اچھے طور طریقے کے مالک' مہذب' جرأت مند اور بزرگوں کی صحبت اختیار کرنے والے ہوتے ہیں' یہ لوگ مشہور بھی ہوتے ہیں۔ اگر مریخ بھی سواتی کے اس قدم پر ہو تو ایسا شخص روحانی طور پر آلودگی اور غلط کاموں کا رجحان رکھتا ہوگا، دور دراز مقامات کا سفر کرے گا۔

چوتھا قدم 16.40 درجہ میزان سے 20 درجہ میزان تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد کسی حد تک مغرور اور غصہ ور ہوسکتے ہیں' جذبے سے بھرپور اور جذباتی سوچ کے حامل' غیر مدلل گفتگو کرنے والے' بری صحبت کا شکار ہوسکتے ہیں۔

سواتی میں طالع

طالع کے درجات اگر سواتی پچھتر میں ہوں تو صاحب زائچہ سوچ بچار کرنے والا

اور عمل میں سُست ہوتا ہے، سادگی پسند نظر آتا ہے، لباس بھی سادہ استعمال کرتا ہے، اس کی فیملی مختصر ہوتی ہے، جائے پیدائش سے دور رہتا ہے، مقروض ہوتا ہے، مہربان، خوش باش اور مذہبی معاملات میں مصروف رہتا ہے، ایسے لوگ علم نفسیات یا ادویات میں دلچسپی لیتے ہیں، سیاست سے فطری لگاؤ رکھتے ہیں۔ اگر عطارد بھی اس پچھتر میں ہو تو یہ لوگ انجینئرنگ یا سائنس کے کسی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں مغل شہنشاہ اکبر اعظم، عظیم سائنس داں آئزک نیوٹن' بابائے نفسیات سگمنڈ فرائیڈ، ناول نگار وکٹر ہیوگو' کشمیری رہنما شیخ عبداللہ' بلاول بھٹو زرداری، الفریڈ ایڈلر، جونی کارسن، میوزک ڈائریکٹر راہول دیو برمن، رقاص گوپی کرشنا' گلو کار محمد رفیع' مشہور اداکار چارلی چپلن، چارلٹن ہسٹن' اولیور اسٹون، دیوانند' چرن جیوی' اداکارہ دیویا بھارتی شامل ہیں۔

سواتی میں شمس

اگر سورج سواتی پچھتر میں ہو تو ایسے لوگ سیلف میڈ، کاروباری صلاحیت کے مالک، منطقی، اچھی سماجی حیثیت رکھنے والے، اپنے فیصلوں میں بااختیار ہوتے ہیں، حکومت کے ساتھ انہیں پریشانی ہوتی ہے، ہمیشہ مستقبل میں کامیابی پر نظر رکھتے ہیں، باپ کے ساتھ مشکلات کا سامنا ہوتا ہے، کبھی کبھی قدر و منزلت کھو دیتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر' بہادر شاہ ظفر' سابق شہنشاہ ایران رضا شاہ پہلوی' آغا خان سوم، مشہور پامسٹ کیرو' بل گیٹس، ہلیری کلنٹن، شاعر جان کیٹس' مصور گل جی' اداکارہ ایشوریا رائے، سلمیٰ آغا' ملیکا شراوت' اداکار شاہ رخ خان وغیرہ شامل ہیں۔

سواتی میں قمر

اگر قمر سواتی میں ہو تو صاحب زائچہ راست باز ہوتا ہے' یہ لوگ تجارت میں ہوشیار اور خوش گفتار ہوتے ہیں' منکسر المزاجی اور بامروت ہونا ان کی امتیازی خصوصیات ہیں' یہ لوگ سچائی پسند اور فیاض ہوتے ہیں' شہرت حاصل کرتے ہیں' آزادی

کے خواہاں اور تھوڑے سے تنک مزاج ثابت ہوتے ہیں' تقریر و گفتگو میں عموماً گھما ؤ پھراؤ سے کام لیتے ہیں' سفر کے شوقین ہوتے ہیں اور دولت جمع کرتے ہیں' عمر کے تیسویں سال کے بعد زیادہ ترقی کرتے ہیں' انسانیت پسند' مخیر لیکن خود پسند ہوتے ہیں' شادی کے بعد مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی' قائد اعظم محمد علی جناح' جنرل ضیاء الحق' سائنس داں مادام کیوری' ہیری ٹرومن' نیلسن راک فیلر، چارلی چپلن، جسٹس فخرالدین جی ابراہیم، امرتا پریتم' موسیقار آر ڈی برمن' اداکار اجتابھ بچن، اداکارہ راکیل ویلچ سمیتا پاٹل' سلمیٰ آغا شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ بے حد حسین اور پُرکشش ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت خوش اندام ہیں۔ آپ امن پسند اور نیک طبیعت کے مالک ہیں اور جیو اور جینے دو کے اصول پر یقین رکھتے ہیں۔

آپ بہت مددگار بھی ہیں، دوسروں سے تعاون کرتے ہیں۔ ممکن ہے آپ خطرناک حد تک حسین وجمیل ہوں اور دوسروں کے لیے غیر معمولی کشش رکھتے ہوں۔ آپ رومان پسند ہیں اور مرد کی حیثیت سے بہت سی عورتوں سے رومانس کرتے ہوں۔

آپ خوش باش اور خوش مزاج بھی ہیں۔ عمدہ طریقے سے دولت کما سکتے ہیں، اپنے ساتھ یا کسی کے بھی ساتھ ناانصافی پسند نہیں کرتے لیکن آپ سخت گیر بھی ہو سکتے ہیں اور اپنی ذات پر تنقید برداشت نہیں کر سکتے بلکہ اپنی تعریف سننا چاہتے ہیں۔

آپ دوسروں کو عزت دینے میں کوئی منافقت نہیں کرتے، ان لوگوں کے بہترین دوست ہیں جو ضرورت مند ہیں اور ان کے بدترین دشمن جوان سے نفرت کرتے ہیں، آپ اُس شخص سے انتقام لینے میں ذرا نہیں ہچکچائیں گے جو آپ کا مخالف ہو۔

آپ کا بچپن مشکلات اور آزمائشوں سے بھرپور ہوگا، شروع شروع میں اپنے سب سے زیادہ قریبی لوگوں اور عزیزوں کا خیال کریں گے اور ان کی مدد کرنے کی کوشش کریں گے لیکن بعد میں انہی لوگوں کی طرف سے نامناسب رویہ سامنے آنے پر اپنا ذہن بدل لیں گے۔

سواتی افراد کی ایک عجیب خصوصیت یہ ہے کہ ان کے پاؤں کا تکوا خمیدہ اور ٹخنہ ابھرا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

آپ کسی کا حق مارنا پسند نہیں کرتے اور یہ بھی برداشت نہیں کر سکتے کہ کوئی آپ کا حق غصب کرے' اگر آپ ایک مرتبہ مشتعل ہو گئے تو آپ کو ٹھنڈا کرنا بہت ہی مشکل ہوگا' لہٰذا بہتر ہوگا کہ اپنے ذہن کو متوازن رکھیں' آپ اپنی آزادی کا سودا کسی قیمت پر نہیں کر سکتے' دوسروں کی مدد پر بھی اسی صورت میں آمادہ ہوں گے جب آپ کی آزادی متاثر نہ ہو' آپ ایک دائرہ میں رہتے ہوئے سب کی بلا تفریق عزت کرتے ہیں اور کسی کی پوزیشن یا سٹیج کو خاطر میں نہیں لاتے۔

اس نچھتر میں پیدا ہونے والی خواتین بہت گرم جوش اور رومان پسند ہوتی ہیں، اگر زائچے میں دیگر عوامل ناموافق ہوں تو وہ غلط راہ پر چل سکتی ہیں، طوائف کا پیشہ بھی اختیار کر سکتی ہیں، خصوصاً اگر قمر کے درجات ابتدائی یا انتہائی ہوں اور طالع یا قمر میزان یا عقرب میں گرتا ہو۔

اس منزل میں پیدا ہونے والے بہت سے لوگ ایسے کاموں سے وابستہ ہو جاتے ہیں جن کا تعلق سفر سے ہو سکتا ہے یا ایسے اداروں سے منسلک ہو کر روزی کماتے ہیں جو سفری معاملات سے متعلق ہوتے ہیں۔ آپ کو 30 سال کی عمر سے پہلے اپنے پیشے یا کاروبار میں ترقی کی توقع نہیں کرنا چاہیے' مشاق ستارا اس نچھتر میں پیدا ہوتے ہیں' آپ ٹریول ایجنسی یا کسی اور سفر سے متعلق کام کے لیے نہایت موزوں ہیں' ایک اچھے سفری گائیڈ ہو سکتے ہیں' اس کے علاوہ میڈیسن کا کاروبار بھی آپ کے لیے موزوں ہیں' اگر قمر زہرہ کے ساتھ ہو تو آپ عمدہ اداکار' ڈرامہ نویس' موسیقار بھی بن سکتے ہیں' اگر مریخ ساتھ ہو تو آپ محکمۂ دفاع یا نیوی میں خدمات انجام دے سکتے ہیں' اگر عطارد ساتھ ہو تو آپ ایسٹرولوجر یا ترجمہ نگار ہو سکتے ہیں' اگر سورج اور مریخ بھی اس نچھتر میں ہوں تو آپ میکینکل انجینئر بن سکتے ہیں۔

آپ کی ازدواجی زندگی میں ناآسودگی اور لڑائی جھگڑے کا امکان رہے گا۔

سواتی کے پیشے اور صحت

پیشے: ٹریول ایجنسیاں، ایئر لائن، جاسوسی کے ادارے، کوریئر سروسز، ہیلز

مین شپ، سبزیوں کے بیوپاری، موسیقار، اداکار، گلوکار، پوسٹ مین اور کاروباری حضرات، اسٹاک بروکر، مذہبی عالم، قانون داں، جج، منشیات اور شراب کا کاروبار کرنے والے وغیرہ۔

مردانہ صحت: پیٹ سے متعلق امراض، ہرنیا، ایگزیما، جلدی امراض، امراض مثانہ وگردہ، دل کی بیماریاں، بواسیر، گٹھیا وغیرہ۔

زنانہ صحت: سانس کی تکلیف، دمہ اور پستان میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ ٹخنے کا فریکچر اور بچے دانی کی تکلیف بھی لاحق ہوسکتی ہیں۔

❖❖❖

سولہواں پچھتر وشاکھا (Vishakha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Vishakha	F	♃	♎ ♏	Satva	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Dhama	Potters Wheel	Indra & Agni	Breasts	Lowest

دائرہ بروج کی سولہویں منزل کا نام ویدک سسٹم میں وشاکھا ہے اور یہ برج میزان کے بیس درجے سے تین درجہ بیس دقیقہ عقرب تک پھیلی ہوئی ہے۔

وشاکھا سے مراد ''مقصد کا ستارہ'' ہے، برج میزان میں یہ پچھتر چار ستاروں پر مشتمل ہے اور میزان سے عقرب کی طرف بڑھتا چلا جاتا ہے، اسی لئے اس پچھتر کو دوشاخہ کہتے ہیں، اس کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ اس شخص کی طرح ہے جس کا اثر آہستہ آہستہ آگے بڑھتا جاتا ہے اور جب وہ عمر کے ساتھ پختہ ہو جاتا ہے تو نہایت ثمر بار ہوتا ہے اسے مسرور یا کامیاب بھی کہتے ہیں۔

اپنی فطرت میں یہ راکھشش، ہجوا، اندھا، نرم یا سخت یعنی ملا جلا اور نیچے دیکھنے والا ہے، اس کا بنیادی محرک راست بازی ہے، حیوانی علامت نر ٹائیگر اور سمت مشرق ہے۔

ہندی یا سنسکرت میں اسے ''رادھا'' بھی کہا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ کرشنا کی گوپیاں یہاں رہتی ہیں، وشاکھا کی دوسری علامتوں میں ایک محراب ہے جو پتوں اور کمار کے پہیے سے سجی ہوئی ہے۔

دیومالا کے مطابق دیوتا ''اندرا'' تبدیلی اور آگ کا دیوتا ہے' یہ دونوں چیزیں مل کر اس پچھتر کی توانائی' مضبوطی اور طاقت کی عکاسی کرتے ہیں۔

مشتری اس پچھتر کا حکمران ہے جو جوش وخروش' یقین' خوش گمانی اور مستقبل کی امید دلاتا ہے۔ یہ زندگی میں بہت سے اور مختلف ثمرات کے حصوں کی قوت فراہم کرتا ہے' وشاکھا کی عکاسی ہل جوتنے' کاشت کرنے اور آخر میں فصل کا پھل کھانے سے ہوتی ہے' یہ صاحب پچھتر کو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کثرت سے اپنے اہداف کے حصول میں مدد کرتا ہے۔

وشاکھا کی دوسری شبیہ ایک کمہار کی ہے جو بڑے صبر کے ساتھ پہیے پر بیٹھا اپنے فن کی تکمیل کر رہا ہے' گویا تخلیق کا عمل بھی اس پچھتر میں مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔

یہ قمری منزل انسان کو صبر' استقامت اور کام کی تکمیل کا عزم عطا کرسکتی ہے' اس کا حامل ہمت ور ہوتا ہے جو زندگی کے دوسرے حصے میں کامیابیاں حاصل کرتا ہے۔

تاریک رخ

پچھتر وشاکھا کا تاریک پہلو جارحیت پسندی' آمرانہ فطرت ہوسکتا ہے' یہ لوگ جنگ جیت سکتے ہیں لیکن اپنا ایجنڈا انتہا پسندی سے پیش کرنے کی وجہ سے جنگ ہار بھی جاتے ہیں' یہاں ایک جھگڑالو شخصیت موجود ہوسکتی ہے' دبے ہوئے غصے اور فرسٹریشن کے مسائل ہو سکتے ہیں' یہ لوگ بہت سے عزائم رکھتے ہیں اور انہیں پورا کرنا چاہتے ہیں۔

وشاکھا افراد دوسروں کی کامیابی سے جلنے اور حسد کرنے والے ہوسکتے ہیں' خاص طور پر وشاکھا کا عقربی حصہ اس حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتا ہے' ان میں دوستوں کے حلقے کا سخت فقدان ہوسکتا ہے اور وہ خود کو الگ تھلگ اور دنیا میں تنہا محسوس کرسکتے ہیں' تلخی اور آزردگی نتیجہ ہوسکتی ہے' قمر اس منزل کے آخری قدم پر ہبوط یافتہ ہے' اس حقیقت کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔ اگر ایسا قمر زائچے میں راہو کیتو یا کسی اور منحوس سیارے سے متاثرہ بھی ہو تو زندگی میں بہت سی بدنصیبیاں ہوسکتی ہیں یا ایسا شخص جرائم اور منشیات کی جانب راغب ہوسکتا ہے۔ وشاکھا کے عقربی قدم کی بہ نسبت میزانی قدم زیادہ بہتر ثابت ہوتے ہیں۔

وشاکھا کی فطرت راکھشس ہے اور جنسی بھوک شدید ہوتی ہے لہٰذا رومانوی معاملات میں جنسی رجحان اور ہرجائی پن کے مسائل واقع ہوسکتے ہیں۔ قبل از وقت شادی میں بے وفائی اور مایوسی ہوسکتی ہے۔

دیو مالا میں یہ کرشنا کے ساتھ رادھا کے معاشقے کی کہانی کا عکاس ہے اگرچہ رادھا کا معاشقہ اخلاقی اعتبار سے مشکوک ہو سکتا ہے اس کی خصوصیت محبوب کے لیے بے لوث محبت بھی ہے' کرشنا اپنی گوپیوں سے بے لوث محبت کا خواہش مند تھا' یہ پختہ فوری نتیجہ نہیں دیتا بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

خواتین کے لیے وشاکھا کا چوتھا قدم انتہائی نامناسب اور خطرناک ہو سکتا ہے کیوں کہ قمر کی ہوط یافتگی اپنا اثر ضرور دکھاتی ہے، ترسسا میں عیاشی پسند زہرہ کے اثرات ایسی خواتین کو جنسی خواہشات کا غلام اور منشیات کی طرف راغب کر سکتے ہیں، اگر بروقت شادی نہ ہو تو وہ قبل از شادی جنسی تجربات سے گزر سکتی ہیں اور نامناسب حالات انہیں جسم فروشی کی جانب لے جاسکتے ہیں۔

وشاکھا کے چار قدم

پہلا قدم 20 درجہ میزان سے 23.20 درجہ میزان تک دراز ہے اور خاندانی رشتہ داروں کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور ہوتے ہیں' حاسدانہ جذبات رکھتے ہیں' ان سے غیر مہذب باتوں یا حرکات کی توقع رکھی جاسکتی ہے' کاروباری معاملات میں اور ایسٹرولوجی میں باصلاحیت ہوتے ہیں، کھانسی اور بلغمی امراض انہیں پریشان کرتے ہیں، اگر قمر اس قدم پر ہو اور متاثرہ ہو تو ماں سے جدائی یا محرومی کا امکان پایا جاتا ہے، خصوصاً نوعمری میں، یہ لوگ مویشیوں کی تجارت سے اچھا فائدہ حاصل کرتے ہیں۔

دوسرا قدم 23.20 درجہ میزان سے 26.40 درجہ میزان تک دراز ہے یہ بھی خاندان کے قریبی عزیزوں اور رشتہ داروں کے لیے نحس ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد پستہ قامت' چالاک' ڈپلومیٹ قسم کے ہوتے ہیں' دوسروں کے ساتھیوں یا عورتوں مردوں میں دلچسپی لیتے ہیں' سائنس کا علم ایسٹرولوجی اور دست شناسی وغیرہ کی جانب رغبت رکھتے ہیں۔

تیسرا قدم 26.40 درجہ میزان سے 0 درجہ عقرب تک دراز ہے اور فتنہ وفساد کے مسائل جہاں موجود ہوں امن آشتی کی ضرورت ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مضبوط' خوش باش' گفتار کے غازی' سرخی مائل رنگت کے حامل' صاف دل اور علم ریاضی میں باصلاحیت ہوتے ہیں' تھوڑے سے جھکے ہوئے جسم کے مالک۔

چوتھا قدم 0 درجہ عقرب سے 3.20 درجہ عقرب تک دراز ہے اور یہاں بھی فتنہ و فساد کے مسائل موجود ہیں' امن کی ضرورت ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوش بیان' نیک اور پاکیزہ خیالات کے حامل' عقل مند فنکارانہ صلاحیت رکھنے والے' خوش قسمت اور نیک کام کرنے والے ہوتے ہیں۔

وشاکھا میں طالع

اگر طالع کے درجات وشاکھا پچھتر میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ جارح اور بے صبر' امیر' عقل مند' باتونی اور آسانی سے غصہ میں آ جانے والا ہوگا۔ ایسے شخص کو دوسرے لوگوں سے معاملات طے کرنے میں ہوشیاری کو فروغ دینے کی ضرورت ہوگی۔ تنگ مزاجی کے ساتھ سیاسی رجحان بھی مشاہدے میں آئے گا۔ عبادات میں دلچسپی' صوفیانہ رنگ اور علم نجوم سے واقفیت بھی مشاہدے میں آتی ہے۔

مشہور شخصیات میں شہنشاہ فرانس نپولین بوناپاٹ' ایڈولف ہٹلر' شاہ حسین آف اردن' جیکو لین کینیڈی' محترمہ بے نظیر بھٹو' جسٹس افتخار محمد چوہدری' عمران خان' جنرل راحیل شریف' ایسٹرولوجر ڈیوڈ فراولے' برطانوی وزیر اعظم مارگریٹ تھیچر' اداکار کلنٹ ایسٹ ووڈ' بل برائنز' اداکارہ مادھوری ڈکشٹ' بھارتی کامیڈین جونی لیور شامل ہیں۔

وشاکھا میں شمس

اگر سیارہ شمس اس پچھتر میں ہو تو پرعزم' بے چین فطرت اور گھمنا بناتا ہے' ایسے لوگ باطن بینی کا وصف رکھتے ہیں' بااختیار ہوتے ہیں' ان کے ساتھ کچھ پیچیدہ مسائل ہو سکتے ہیں' فطرت میں خود غرضی کا رجحان نمایاں ہوگا۔ منشیات کی جانب رغبت بھی پائی جاتی ہے۔

مشہور شخصیات میں چنگیز خان' ترکی سلطان سلیمان ذیشان' مہاراجہ رنجیت سنگھ' برطانوی پرنس چارلس' بھارتی سیاست داں ایل کے ایڈوانی اور پنڈت جواہر لال نہرو' مولانا ابوالکلام آزاد' بہائی مذہب کا بانی بہا اللہ' ایرانی صدر حسن روحانی' سائنسداں میری کیوری' مصنف دستو وسکی' علامہ ڈاکٹر محمد اقبال' سیاستدان ایاز پلیجو' اداکار رچرڈ برٹن' اداکارہ ڈیمی مور' کیتھرائن ہیپ برن' جونی مچل' کارل ساگان' بھارتی اداکار کمل ہاسن' اداکارہ زینت امان' جوہی چاولہ' مالا سنہا شامل ہیں۔

وشاکھا میں قمر

اگر قمر منزل وشاکھا میں ہو تو ایک انتہائی ذہین، شگفتہ شخصیت سامنے آتی ہے، دوسروں کو قائل کر دینے والے انداز میں گفتگو، ہجوم کو اپنی طرف متوجہ کر لینا یعنی لیڈر شپ کی صلاحیت، تمام مذاہب کو ایک نظر سے دیکھنا، سچائی پسندی، سیاسی رجحان، انسان دوستی جیسے اوصاف مشاہدے میں آتے ہیں۔ اکثر یہ لوگ اپنے خاندان سے دور رہتے ہیں لیکن ان کی شخصیت کا منفی پہلو بھی نمایاں ہو سکتا ہے ایسی صورت میں یہ جھگڑالو، دوسروں سے جلنے والے، دوسروں کا مال ہڑپ کرنے والے ہو سکتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں ترک سلطان سلیمان ذیشان، مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر، ماہر فلکیات ابو ریحان البیرونی، جرمن آمر ایڈولف ہٹلر، سروجنی نائیڈو، امریکی صدر جمی کارٹر، نیلسن منڈیلا، وارن بیٹی، محترمہ بے نظیر بھٹو، خان عبدالولی خان، ایسٹرولوجر رابرٹ ہینڈ، رفیع پیرزادہ، اداکارہ جوہی چاؤلہ، ملیکا شراوت، ہالی ووڈ اسٹار الزبتھ ٹیلر، کرکٹر برائن لارا، عالمی شہرت یافتہ جرائم پیشہ بلی دی کڈ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ خوش شکل، ذہین اور جچتی ہیں، اگر آپ اس بچھتر کے چوتھے قدم پر پیدا ہوئے ہیں اور آپ کا قمر دیگر نحس سیاروی اثرات سے متاثرہ نہیں ہے تو یقیناً بے حد خوش نصیب ہیں کیوں کہ مشتری اور مریخ کے امتزاج میں ہم آہنگی پائی جاتی ہے لہٰذا قسمت ہمیشہ آپ کا ساتھ دے گی اور زندگی کے مثبت پہلو سامنے آئیں گے لیکن خیال رہے کہ چوتھے قدم پر قمر کو ہبوط ہوتا ہے۔ لہٰذا منفی رجحانات پر قابو پانے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے، خصوصاً حسد اور جلن، انتہا پسندی اور جارحیت، نفرت اور انتقام کے مسائل جنم لے سکتے ہیں۔

آپ نہایت شیریں گفتار ہوں گے، گھریلو سرگرمیوں میں دلچسپی لیں گے اور دفتری یا ایسے کام دھندے کے معاملات میں ماہر ہوں گے، گھمنڈی، خود پسند یا ضدی نہیں ہوں گے البتہ آخری قدم پر پیدائش ایسے مسائل لا سکتی ہے۔

آپ نمود و نمائش اور زیادہ طمطراق کے قائل نہیں ہوں گے، سادگی کو پسند کریں

گے' آپ کی شخصیت پرکشش ہوگی' صنف مخالف میں مقبول ہوں گے۔

آپ کو شاعری سے دلچسپی ہوگی' اگر عمدہ سیاروی امتزاج زائچے میں موجود ہوں تو اچھے ادیب یا شاعر ہو سکتے ہیں' خاص طور پر جب قمر زہرہ کے ساتھ ہو' ادب و فن کی تعلیم کا رجحان پیدا ہوگا۔

اگر آپ اس منزل کے پہلے حصے میں پیدا ہوئے ہیں جو برج میزان میں ہے تو آپ کو بعض معاملات میں خاصی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے گا کیوں کہ مشتری اور زہرہ کا امتزاج روحانیت اور مادیت کے درمیان کشمکش کا باعث بنتا ہے یعنی آپ کی وہی مثال ہوگی کہ بقول غالب

ایماں مجھے روکے ہے تو کھینچے ہے مجھے کفر

روحانیت اور مادیت کی اس کشمکش میں اکثر مادیت' روحانیت پر غالب آجاتی ہے لیکن دوسری صورت بھی ممکن ہے کہ روحانیت غالب آجائے اور انسان دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر کے رہبانیت ،فقیری یا تارک الدنیا ہونے کو ترجیح دے۔

اگر عطارد بھی اس نچھتر میں موجود ہو تو آپ آرکیٹکٹ یا سونے کے زیورات بنانے میں مہارت حاصل کر سکتے ہیں، بشمس یا کیتو اگر قمر کو متاثر کریں تو تعلیم معمولی ہوگی لیکن آپ بہت ذہین ہوں گے اور تعلیمی کمی اپنی ذہانت اور ہوشیاری سے پوری کریں گے۔

یہ نچھتر خواتین کے لیے بھی غیر معمولی کشش اور خوبیوں کا حامل ہے۔ وہ شیریں گفتار اور سادگی پسند ہوتی ہیں' گھریلو کام کاج یا دفتری امور کی انجام دہی میں مہارت کا ثبوت دیتی ہیں۔ فطری حسن کی مالک ہوتی ہیں' بلکہ بعض صورتوں میں ان کا حسن و جمال ان کی سہیلیوں یا قریبی عزیزوں میں حسد وجلن کا باعث بن جاتا ہے' مذہبی ارکان پر پختہ ایمان رکھتی ہیں' مردوں کو ان میں ایک مقناطیسی کشش محسوس ہوتی ہے جو کبھی کبھی ان کے لئے وبال جان بھی بن جاتی ہے۔ اپنے شوہر سے بے حد محبت کرتی ہیں اور سسرالیوں سے بھی انہیں محبت وشفقت ملتی ہے' اکثر مقدس مقامات کی زیارت کرتی ہیں۔

وشاکھا کے پیشے اور صحت

پیشے: ریسرچ کرنے والے' سائنس داں' انجینئر ،ملٹری لیڈر' ادیب' مقرر'

سیاستداں' قانون داں' شاعر' فائر مین، غلے کے بیوپاری، بزنس مین وغیرہ۔

مردانہ صحت : سینے' بازو اور پیٹ کے مسائل' فالج اور دمے کے امراض کا حملہ ہوسکتا ہے۔

زنانہ صحت : گردے اور گھینگا کی تکالیف ہوسکتی ہیں۔ ایسی خواتین ہم جنس پرستی کی طرف مائل ہوسکتی ہیں اگر زائچہ میں دیگر نحس اثرات موجود ہوں۔ امراض پوشیدہ' ہارمونز ڈسٹربینس کے مسائل' بچوں کی پیدائش کے مسائل۔

❖ ❖ ❖

سترہواں پچھتر انورادھا (Anuradha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Anuradha	F	♄	♏	Tama	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Dhama	Umbrella	Mtra	Stomach	Sudra

آپ کی پیدائش منطقۃ البروج کی سترھویں منزل انورادھا میں ہوئی ہے جو برج عقرب میں 3:20 درجے سے شروع ہوکر 16:40 درجے پر ختم ہوتی ہے۔اس منزل میں ایک سیدھ میں تین ستارے ہیں اوراس کے چاروں قدم برج عقرب میں ہیں۔اس پچھتر کا ایک ستارہ الفاسنیفاوری ہمارے نظام شمسی کا قریب ترین ثابت ستارہ ہے۔

انورادھا کے ستاروں کی تشریح دیوتاؤں کو پیش کیے جانے والے نذرانوں کی ایک قطار سے کی گئی ہے' اس کی بنیادی علامت کنول کا پھول یا ایک محراب ہے جو زندگی کی آزمائشوں اور کٹھنائیوں کے درمیان کھلنے کی اہلیت اور استقامت کی عکاسی کرتا ہے اس پچھتر کا حکمران استاد زمانہ زحل ہے جو انورادھا میں روحانی چیلنجز کا سامنا کرنے کو ظاہر کرتا ہے۔ پورا پچھتر برج عقرب میں واقع ہے جس پر غضب ناک اور جنگ جو مریخ کی حکمرانی ہے۔

زحل اور مریخ متضاد مزاج کے حامل ہیں اور یہ تضاد انورادھا کے حاملین میں بھی نمایاں نظر آتا ہے' زحل کے صبر و استقامت کے ساتھ مریخ کی ترنگ' دلیری اور جرات مندانہ جذبہ یہ مشاہدے میں آتا ہے یہ لوگ سفر کرنا پسند کرتے ہیں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ

جاتے رہتے ہیں وہ غیر ممالک میں رہتے ہیں اور اپنے وطن سے دور رہ کر کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ انورادھا والے عام طور سے اچھی صحت اور مضبوط قویٰ کے مالک ہوتے ہیں''کامیابی کا ستارہ'' کہلائے جانے والے انورادھا کے لوگ تنظیمی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہیں اور دوسروں کو فعال بناتے ہیں۔

دیومالا کے مطابق یہ پچھتر انسانیت میں تعاون کو آگے بڑھاتا ہے' مروت' اخلاص' بندگی اور محبت عطا کرتا ہے، عبادت کرنے کی طاقت دیتا ہے، تعلقات میں توازن پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے ان لوگوں کی نیز دوسروں کی قدر افزائی ہوتی ہے۔

اس پچھتر کا دوسرا اہم دیوتا یا دیوی رادھا ہے جو اس پچھتر کی توانائی کی نسوانی تجسیم ہے جو خالق کائنات کی بندگی کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے' یہ کرشنا کی بیوی ہے' انورادھا کی فطرت ''دیوا'' ہے۔ اس کی حیوانی علامت مادہ ہرن یا خرگوش ہے اور سمت جنوب ہے۔ انورادھا میں اپنے اہداف پر پوری توجہ کے باوجود دوستی کرنے اور اسے برقرار رکھنے کی اہلیت ہے۔ اس کا بنیادی محرک راست بازی ہے' دوسرے لوگوں کے ساتھ دوستانہ تعاون کر کے شہرت اور پہچان حاصل کی جا سکتی ہے۔

تاریک رخ

انورادھا کے منفی پہلوؤں میں دوسروں کے ساتھ حسد اور دوسروں کو قابو کرنے کی خواہش کے مسائل نمایاں ہو سکتے ہیں، عقرب ایک ثابت برج ہے جو لوگوں اور زندگی کے واقعات کو سنبھالنا پسند کرتا ہے لیکن یہ لوگ شاذ و نادر ہی اپنی رہائش سے مطمئن رہتے ہیں اور دوسری جگہ چلے جاتے ہیں، ان کی زندگی کے ابتدائی دور میں خطرات اور سختیاں ہو سکتی ہیں، اپنی غرض کے لیے پُر اسرار طاقتوں کا ناجائز استعمال ہو سکتا ہے، ایک ساحرانہ پوشیدہ توانائی ان کے اندر موجود ہوتی ہے، ان کی شخصیت میں برداشت کی کمی اور غصے کے مسائل بھی مشاہدے میں آتے ہیں، عراقی صدر صدام حسین کا پیدائشی قمر اسی پچھتر میں سیارہ مریخ اور راہو سے حالتِ قران میں ہے، عقرب قمر کا ہبوطی برج ہے، یہاں مادرانہ شفقت کے فقدان کی وجہ سے یاس انگیز فطرت کا تجربہ ہو سکتا ہے، ان لوگوں کو چاہیے کہ اپنی غذا پر توجہ دیں کیوں کہ ان سے بھوک اور پیاس برداشت نہیں ہوتی، عام طور پر ان میں زندگی کی

بھوک بھی بہت ہوتی ہے۔

انورادھا کے چار قدم

پہلا قدم 3.20 درجہ عقرب سے 6.40 درجہ عقرب تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے'
اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد سچائی پسند اور نیک کام کرنے والے ہوتے ہیں' کسی قانون داں کی طرح باصلاحیت' قدیم موضوعات کا علم رکھنے والے لیکن خراب مشوروں پر کان دھرنے والے۔

دوسرا قدم 6.40 درجہ عقرب سے 10 درجہ عقرب تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد لالچی لیکن مہربان ہوتے ہیں' مذہبی رجحان کے حامل اور خوش قسمت ہوتے ہیں' غیر ممالک میں رہتے ہیں۔

تیسرا قدم 10 درجہ عقرب سے 13.20 درجہ عقرب تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے'
اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد عقل مند اور سچے ہوتے ہیں' پُر عزم اور جرأت مند لیکن مضحکہ خیز' علم نجوم میں دلچسپی لیتے ہیں۔

چوتھا قدم 13.20 درجہ عقرب سے 16.40 درجہ عقرب تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد غصہ ور' دلیر اور سچے ہوتے ہیں لیکن کشش سے عاری اور بد معاشی پر کمربستہ۔

انورادھا میں طالع

اگر طالع کے درجات پچھتر انورادھا میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ آوارہ گرد یا سیلانی ہوسکتا ہے' بعض افراد خود کو روحانی کاموں کے لیے وقف کر دیتے ہیں' ان لوگوں سے بھوک پیاس برداشت نہیں ہوتی۔ مہربان' خوش شکل' افسردہ مزاج ہوتے ہیں اور اپنی جائے پیدائش سے اکثر دور رہتے ہیں' ایسا شخص خاندان کو پسند کرسکتا ہے' مجلس یا سوسائٹی سے پہچانا جاتا ہے اور سماجی اعتبار سے تھوڑا عجیب وغریب یا بے ڈھنگا ہوتا ہے' مزاج میں جوشیلا پن یا کوئی نفسیاتی مسئلہ' کھمنی فطرت' موڈی' آزاد جنسی تعلقات کا حامی ہوتا ہے' خوراک کے معاملات پر انہیں خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔

مشہور شخصیات میں مہاراجہ رنجیت سنگھ' فلمی نغمے' بابائے نفسیات سگمنڈ فرائڈ' ہیلن کیلر' مولانا ابوالکلام آزاد' ماہر نجوم رافیل' مشہور جادوگر ہوسے ماتا ہری' معروف پیش کو

جین ڈکسن، جنرل پرویز مشرف، بھارتی سیاستدان اٹل بہاری واجپائی، معروف شاعر مرزا غالب، مارشل آرٹ فیم بروس لی، اداکار مارلن برانڈو، دھرمیندر، اداکارہ شرلے ٹمپل، الزبتھ ٹیلر، جیمز ڈین، اداکارہ آشا پاریکھ، اسکواش پلیئر جہانگیر خان، کلاسیکل فنکار بھیم سین جوشی شامل ہیں۔

انورادھا میں شمس

اگر سیارہ شمس انورادھا پچھتر میں ہو تو قائدانہ صلاحیت، سیاست میں دلچسپی ظاہر ہوتی ہے، ایسے لوگ کامیاب، دولت مند، معتبر، ذمہ دار، ثابت قدم، مضبوط ہوتے ہیں، جسمانی محنت کے کھیلوں میں حصہ لیتے ہیں، اہم گروپ سے الحاق کرتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں فاتح سومنات سلطان محمود غزنوی، بابا گورونانک، مغل اعظم اکبر، جھانسی کی رانی، برطانوی وزیر اعظم سرونسٹن چرچل، فرانسیسی صدر جنرل ڈیگال، بھارتی وزیر اعظم اندرا گاندھی، اٹل بہاری واجپائی، مشہور پیش گو ایڈگر کیسی، شاعرہ پروین شاکر، عالمی شہرت یافتہ جرائم پیشہ بلی دی کڈ، مکی ماؤس، ٹینس اسٹار بورس بیکر، اداکار پریم ناتھ، جمی ہینڈرکس، اداکارہ جوڈی فوسٹر، ٹینا ٹرنز، گلوکارہ گیتا دت شامل ہیں۔

انورادھا میں قمر

سیارہ قمر اگر انورادھا میں ہو تو صاحب زائچہ عقل مند، رحم دل، محنتی، دلیر، دولت مند، کرشماتی شخصیت کا مالک اور مشکل صورت حال کو سنبھالنے والا ہوتا ہے، اسے ماں کے رشتہ داروں سے مسائل ہوتے ہیں، یہ لوگ خواہ کیسی بھی صورت حال ہو، آگے بڑھنے پر دھیان دیتے ہیں، انورادھا میں قمر تقریباً ایسے ہی اثرات دیتا ہے جیسے انورادھا میں طالع کے درجات دیتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں سکندر اعظم، چنگیز خان، پیٹر دی گریٹ، مغل شہزادہ دارا شکوہ، رضا شاہ پہلوی، صدام حسین، شاہ مردان شاہ پیر پگارا، ولیم شیکسپیئر، ڈاکٹر روتھ فاؤ، شاعر منیر نیازی، عالمی شہرت یافتہ ستار نواز روی شنکر، گلوکار محمد رفیع، اسٹیفا لین، اداکارہ سارہ لورین، باکسر مائیک ٹائی سن، کرکٹر کپل دیو، ڈان ابو سالم شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ سیارہ زحل اور مریخ کی مشترکہ خوبیوں کے مالک ہیں لیکن چوں کہ عقرب ایک جذباتی برج ہے اور جذبات واحساسات کی شدت بھی آپ پر غالب ہے' مریخی قوت تمام کی تمام آپ کے اندر موجود ہے۔ آپ مریخ کے عزم اور حوصلے اور مضبوطی کے ساتھ ساتھ سیارہ زحل کے صبر اور خود کو وقف کردینے والی صلاحیت کے حامل ہیں جس کی وجہ سے انتھک محنت اور جدوجہد آپ کی فطرت کا حصہ ہے' دنیا کے غیر معمولی کارنامے انجام دینے والے افراد چاند کی اس منزل میں پیدا ہوئے ہیں۔

آپ چمک دمک اور شان وشوکت پسند کرتے ہیں۔ شہرت بھی حاصل کریں گے۔ اپنے دشمنوں کو تباہ وبرباد کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ پرجوش اور ماہر فنکار ہیں، ساتھ ہی شہوت پرست بھی۔ آپ کو موسیقی اور دیگر فنون لطیفہ سے بھی دلچسپی ہوگی' تخلیقی صلاحیتیں بے پناہ ہیں بعض مشہور موسیقار یا رقاص اسی پختھتر میں پیدا ہوئے ہیں۔ اپنی ازدواجی زندگی میں آپ ایک ذمہ دار شوہر اور خاندان کے سربراہ ثابت ہوں گے۔ مذہب سے بھی لگاؤ ہوگا' آپ کو ایک مثالی باپ کہا جاسکتا ہے۔

خواتین کے لیے بھی یہ ایک اچھا پختھتر ہے' وہ دل کی صاف اور تحمل مزاج ہوتی ہیں ان کی زندگی میں غرور اور گھمنڈ کو زیادہ دخل نہیں ہوتا' فیشن اور نمودونمائش کی زندگی کی قائل نہیں ہوتیں بلکہ سادگی پسند ہوتی ہیں' پسندیدہ اور دلکش شخصیت کی مالک' سماجی یا سیاسی شعبہ میں ترقی کرتی ہیں ملکوتی حسن کی مالک' نہایت پرکشش اور [illegible] آواز شخصیت کی حامل' یہ بھی موسیقی اور فنون لطیفہ میں دلچسپی لیتی ہیں۔ اپنے شوہر سے بے حد محبت کرتی ہیں اور مذہبی رجحان رکھتی ہیں۔ ایک مثالی ماں ہوتی ہیں اور سسرالیوں سے بنا کر رکھنے کی کوشش کرتی ہیں۔

زحل کے اثرات کی وجہ سے آپ کو بچپن میں صحت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے لیکن عمر کے ساتھ ساتھ آپ مضبوط ہوجاتے ہیں اور اپنی بیماریوں پر قابو پالیتے ہیں۔

انورادھا کے پیشے اور صحت

مردانہ صحت: دمہ، دانتوں کی تکلیف، نمونیہ، کھانسی، نزلہ، اسہر اور سردی

سے پیدا ہونے والی تکالیف، قبض اور حلق کی تکلیف بھی ہو سکتی ہے۔

زنانہ صحت : ماہانہ نظام کی بے قاعدگیاں' رحم سے متعلق تکالیف اور ماہانہ نظام کے دوران میں شدید تکالیف، سر کا درد وغیرہ۔

پیشے : بزنس مینجمنٹ' تنظیمی صلاحیت' سیر و سیاحت سے متعلق کام' ڈینٹسٹ' پلمبر' فوجداری کے وکلاء' اداکار' موسیقار' انجینئرنگ' اجتماعات کی منصوبہ بندی کرنے والے وغیرہ۔

❖❖❖

اٹھارہواں پچھتر جیشٹھا (Jyeshtha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Jyeshtha	F	☿	♏	Satva	Rakhshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Artha	Umbrella	Indra	Right Torso	Servant

اٹھارہویں قمری منزل جیشٹھا ہے جو برج عقرب میں 16:40 درجے سے 30 درجے تک پھیلی ہوئی ہے۔اس میں تین ستارے ہیں جن میں سے روشن ترین سرخ ستارہ انتارلیس ہے۔

اس کا حاکم سیارہ عطارد ہے جبکہ مریخ برج عقرب کا حاکم ہے' اس طرح اس پچھتر میں مریخ اور عطارد کی توانائی یک جائی ہے۔

اس کے چاروں قدم برج عقرب میں ہیں۔یہ منطقۃ البروج کا ایک بہترین امتزاج ہے۔

سرخ ستارے انتارلیس کو مریخ کے ساتھ گڈ مڈ کر دیا جاتا ہے حالانکہ معنوی اعتبار سے یہ مریخ کا حریف ہے۔ یہ برج عقرب میں واقع ہے' اس پر بھی مریخ کی حکمرانی ہے۔

اس پچھتر میں طاقت' آزادی اور خطرے کے احساس کا امتزاج پایا جاتا ہے۔

جیشٹھا کو "سردار ستارہ" یا "سب سے پرانا" یا "سب سے بڑا" بھی کہا جاتا ہے'

اس کی علامت "آویزہ یا چھتری" ہے' اسے دائرہ کی شکل کے تعویذ سے بھی تشبیہ دی گئی ہے جو دشنو کی مقامی نمائندگی کرتا ہے۔

اس کا حاکم عطارد ذہن اور ذہانت پر حکمران ہے' اپنی فطرت میں یہ آسیبی (راکھ

سَسس) ہے' اس کا بنیادی محرک مادی ترقی ہے' حیوانی علامت زہرن یا خرگوش ہے، ہمنجرا، درشت، آگے دیکھنے والا اوسط بینائی کا حامل ہے جبکہ سمت مغرب ہے۔

جیش ٹھا کو سب سے پرانا' سب سے طاقتور اور سب سے زیادہ تعریف کے قابل سمجھا گیا ہے' دیو مالائی تشریح کے مطابق چاند دیوتا یعنی سوما کی بڑی ملکہ بھی جیش ٹھا ہے جو اپنے شوہر کو سب سے زیادہ محبوب تھی اور اس کی دوسری بیویوں پر سبقت لے گئی تھی' دلچسپ امر یہ ہے کہ جیش ٹھا بیوی' پسندیدہ روہنی کی مدمقابل ہے' دیو مالا کے مطابق اسے اُبھرنے اور نمایاں ہونے والا کہا گیا ہے۔

اس میں فتح کرنے اور جنگ میں باہمت رہنے کی طاقت ہے لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ اپنے زور بازو کے بجائے' ہمت اور عیاری سے فتح حاصل کرنے کا رجحان مشاہدے میں آتا ہے۔

تاریک رخ

جیشٹھا کا تاریک پہلو خاصا تشویش ناک ہے' اگر یہ متاثرہ ہو تو غربت اور ذلت کا سبب بن سکتا ہے' امریکہ کا مشہور خبطی ارب پتی ہاورڈ ہیوز اس کی مثال ہے اس کا پیدائشی قمر جیشٹھا میں واقع ہے۔

ان لوگوں میں منفی اثرات کی وجہ سے عجیب وغریب عادتیں یا رجحانات پیدا ہوتے ہیں جو ابتدائی زندگی سے نمایاں ہونے لگتے ہیں' ان کا حلقہ احباب محدود ہو سکتا ہے یا وہ تنہائی پسند اور دوسروں سے الگ تھلگ رہنے لگتے ہیں' ایک گھنی یا منافقانہ فطرت کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

ایک عجیب تضاد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ سختی سے مذہب کی پیروی کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی مادی آسائشوں کے متوالے بھی ہوتے ہیں۔

جیشٹھا کا بنیادی محرک جیسا کہ بتایا گیا ہے' مادی ترقی ہے' یہ خود خیالی اور خود توقیری کے مابین ایک باطنی جنگ میں مصروف رہتے ہیں' ان کو گھمنڈ' تکبر اور انانیت کی روک تھام کرنا چاہیے۔

یہ لوگ چڑچڑے' بدمزاج اور جھگڑالو فطرت کے ہو سکتے ہیں' یہ مختصر شخصی قوت

کے اعلیٰ مقام تک رسائی کی اجازت دیتا ہے لیکن اس کے لیے بڑے کنٹرول اور ذاتی جدوجہد کی ضرورت ہوتی ہے۔

جیشٹھا کے چار قدم

پہلا قدم 16.40 درجہ عقرب سے 20 درجہ عقرب تک دراز ہے اور سعد اور نحس ملے جلے اثرات کا حامل ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد پُر مزاح لیکن مغرور ہوتے ہیں' لکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور تصنیف و تالیف کی طرف متوجہ ہوتے ہیں' باعزت زندگی گزارتے ہیں۔

دوسرا قدم 20 درجہ عقرب سے 23.20 درجہ عقرب تک دراز ہے اور نحس اثر رکھتا ہے جس کی وجہ سے دولت سے محرومی ظاہر ہوتی ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد صاف ستھرے اور خوش بیان ہوتے ہیں' زندگی میں کامیابیاں حاصل کرتے ہیں اور انہیں صحت کے مسائل کے علاوہ کوئی اور دکھ نہیں ہوتا۔

تیسرا قدم 23.20 درجہ عقرب سے 26.40 درجہ عقرب تک دراز ہے اور باپ کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد ظالم طبیعت کے حامل اور چڑچڑے ہوتے ہیں' گھر کے افراد سے تلخیاں پیدا ہوتی ہیں' زمین یا جانوروں کے مالک' آنکھوں کی تکلیف میں مبتلا یا کسی بیمار عضو کی وجہ سے پریشان۔

چوتھا قدم 26.40 درجہ عقرب سے 0 درجہ قوس تک دراز ہے اور ماں کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد ظالم اور جھگڑالو ہوتے ہیں' زندگی میں بہت مصائب سہتے ہیں' بیماریوں میں مبتلا یا اکثر مفلوج۔

جیشٹھا میں طالع

اگر طالع کے درجات پچھتر جیشٹھا میں طلوع ہوں تو اس کی آسیبی فطرت بھرپور طاقت اور تیزی کا مظاہرہ کرتی ہے' صاحب زائچہ ایک لیڈر ہو سکتا ہے لیکن اس کے خونی رشتے اس کے لیے پریشانی کا باعث ہوتے ہیں اپنے موقف یا مقصد پر قائم رہتا ہے' کثرت اولاد یا کثرت احباب بھی مشاہدے میں آ سکتی ہے۔ معزز لوگوں میں پذیرائی ہوتی ہے'

ظاہری طور پر ایسا شخص معزز لیکن اپنے باطن میں بدکردار اور ہوائے نفسانی کا شکار ہو سکتا ہے۔ اپنے مذہب پر پوری توجہ' لکھنے کی صلاحیت یا ہنر' بچوں سے محبت کرنے والا' مخیر اور لوگوں میں مقبول ہوتا ہے۔

مشہور شخصیات میں مصری صدر جمال عبدالناصر' عظیم ایسٹرولوجر سیفاریل' شہرہ آفاق پامسٹ کیرو' امریکی دانشور نوم چومسکی' پرنسز شہزادی ڈیانا' بھارتی سیاستداں ایل کے ایڈوانی' ہرمن ہیسی' بوب ڈیلن' سنگر ایلوس پریسلے' پروڈیوسر اور ڈائریکٹر یش چوپڑا' مہیش بھٹ' اداکارہ راکیل ویلچ' جوڈی فوسٹر شامل ہیں۔

جیشٹھا میں شمس

اگر سیارہ شمس اس پچھتر میں ہو تو ایسے لوگ شہرت حاصل کرتے ہیں لیکن تنہائی کی خواہش بھی نمایاں ہوتی ہے' یہ لوگ پُرعزم فطرت کے حامل' محنتی' اعلیٰ ساجی حیثیت کے مالک' عمدہ انگیزیکیو صلاحیت کے حامل' اختراع پسند ذہن رکھنے والے اور تصوراتی ہوتے ہیں' فیملی کی ذمہ داریاں پوری کرتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں سینٹ آگسٹائن' ٹیپو سلطان' مولانا محمد علی جوہر' برطانوی وزیراعظم سرونسٹن چرچل' کشمیری رہنما شیخ عبداللہ' امریکی دانشور نوم چومسکی' سابق چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری' سونیا گاندھی' بھگوان شری رجنیش' شاعر اور ماہر لسانیات جون ایلیا' اداکار دلیپ کمار' فرینک سناترا' کرک ڈگلس' موتی لال' راج کپور' دھرمیندر' اداکارہ شرمیلا ٹیگور' رقاصہ پدمنی' پاکستانی اداکارہ سارہ لورین' پروڈیوسر والٹ ڈزنی' ایسٹرولوجر رابرٹ ہینڈ' اسکواش لیجنڈ جہانگیر خان شامل ہیں۔

جیشٹھا میں قمر

اگر قمر جیشٹھا پچھتر میں ہو تو ایک دلچسپ اور متضاد قسم کی شخصیت مشاہدے میں آتی ہے' ہمیں ایک قانع' صالح اور بہت چڑچڑا شخص نظر آتا ہے' اس پچھتر کا تعلق بااثر شخصیات' عالی نسب والوں' دولت مندوں' مشہور لوگوں' جنگی ہیروز' بادشاہوں' کمانڈروں اور چوروں سے ہے۔

اس پختمز میں پاکبازی کے ساتھ کبھی کبھی چڑچڑاپن بھی مشاہدے میں آتا ہے' موسیقی کی خداداد صلاحیت موجود ہوتی ہے' برداشت کی قوت لیکن ضدی' جاب یا پروفیشن کی تبدیلی' زندگی کے ابتدائی دور میں مشکلات' مصائب اور اذیتیں' بہت دولت یا غریب' الغرض اس پختمز کے عجیب متضاد رنگ مختلف کرداروں میں نظر آتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں عیسائی فرقے کا بانی مارٹن لوتھر' ماہر فلکیات کوپرنیکس' عظیم سائنس داں البرٹ آئن اسٹائن' اطالوی فلسفی نطشے' عظیم جرمن موسیقار موزارٹ' بیتھوون' عظیم مصور ونسنٹ وین گوگ' امریکی ارب پتی ہاورڈ ہیوز' بدنام زمانہ لارنس آف عربیہ' الپسیو' ٹیڈ بنڈی اور ٹائیگر ووڈز' بھارتی وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی' پاکستانی سیاستدان اوردانشور رسول بخش پلیجو' اداکارہ بیجتر اسین' موسیقار خیام شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

عطارد اور مریخ کی مشترکہ خوبیاں آپ کو ایک نصب العین رکھنے والا مثالی انسان بناتی ہیں جس کا تعلق آئیڈیوں اور ان کے نفاذ سے ہے۔ اپنی ذہنی سطح کے لحاظ سے آپ جارحیت پسند ہیں۔ دوسروں سے عمدہ تعلقات قائم کر سکتے ہیں۔ تقریر کی اچھی صلاحیت موجود ہے۔

آپ باتیں کرنے کے شوقین ہیں لہٰذا کسی راز کو راز رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ آپ کو چاہئے کہ ڈپلومیسی اور مصلحت سے کام لیں' اپنی زبان پر قابو پائیں اور اپنے مزاج کو کنٹرول کریں۔ کسی گروپ یا ٹیم کے ساتھ کام کرنے میں آپ کو دشواری پیش آتی ہے لہٰذا آپ کو اجتماعی سرگرمیوں میں خود کو ایڈجسٹ کرنا سیکھنا چاہیے۔

اگرچہ آپ صاف ذہن اور سنجیدہ رویہ کے مالک ایک بردبار شخص ہیں لیکن لوگ آپ کی مثبت خوبیاں دیکھنے سے قاصر رہیں گے' آپ نمودونمائش کے قائل نہیں ہوں گے' مشکل صورت حال کا سامنا کرنے سے گھبرائیں گے' کھلے دل کے ہوں گے اور دوسروں سے کوئی بات نہیں چھپائیں گے۔

آپ گرم مزاج اور ہٹ دھرم ہو سکتے ہیں' اس کی وجہ سے آپ کو بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے اور زندگی میں ترقی کے راستے مسدود ہو سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے ضمیر پر بھروسا ہوگا اور اپنے اندازوں پر انحصار کریں گے' دوسروں سے مشورہ لیتے ہوئے شرمائیں گے' اصول کی خاطر کئی معاملات میں موقع محل پر غور کیے بغیر فوری فیصلہ کرنے کے عادی ہوں گے جس کی وجہ سے آپ غیر محفوظ اور غیر متوقع طور پر پریشان کن صورت حال میں گھر سکتے ہیں۔

آپ کا گرم مزاج آپ کے دوستوں اور بہی خواہوں کے لئے بھی پریشان کن ہو سکتا ہے اور انہیں مصیبت میں ڈال سکتا ہے' اپنی بدمزاجی کے باعث رشتے داروں سے بھی تعلقات خراب کر سکتے ہیں' بظاہر آپ پُرغرور اور گھمنڈی محسوس ہوں گے لیکن آپ کی قربت حاصل کرنے پر یہ معاملہ بالکل برعکس ہو سکتا ہے۔

آپ کو تمام ادویات اور الکوحل خود سے دور رکھنا چاہیے کیوں کہ آپ فوراً بگڑ سکتے ہیں' یہ صورت حال آپ کی پیشہ وارانہ اور گھریلو زندگی میں بھی مسائل پیدا کر سکتی ہے۔

ممکن ہے آپ کو کم عمری ہی میں اپنا گھر چھوڑ کر کسی دور دراز مقام پر رہائش اختیار کرنی پڑے جس کی وجہ تعلیمی یا روزگار کے معاملات ہو سکتے ہیں' آپ کو صرف اور صرف اپنی محنت سے روزی کمانی پڑے گی' اپنے کام سے مخلص ہونے کی وجہ سے بہت جلد اچھی پوزیشن پر پہنچ جائیں گے لیکن آپ کثرت سے پیشہ اور ملازمت بدلتے رہیں گے' اس کے بعد استحکام اور آسودگی کا دور آئے گا البتہ 18 سال سے 26 سال تک کی عمر کا دور انتہائی آزمائشی ہوگا' اس دوران میں آپ کو مالی مسائل اور ذہنی کرب سے گزرنا پڑے گا اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ جیشٹھا کے تحت پیدا ہونے والے اپنی الگ شناخت اور وجود قائم رکھنا چاہتے ہیں۔

آپ کی بیوی بالا دست ہوگی اور وہ آپ پر پابندیاں لگا سکتی ہے اس کی خراب صحت یا کسی اور ناگزیر وجہ سے علیحدگی آپ کے ذہن کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے' آپ کو اپنی والدہ اور بھائی بہنوں کی طرف سے فوائد حاصل نہیں ہو سکیں گے اور بھائی بہنوں سے امتیاز پیدا ہو سکتا ہے اس کی وجہ بھی یہی ہوگی کہ آپ اپنی الگ شناخت اور وجود برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔

اس نچھتر میں پیدا ہونے والی خواتین بھی اپنی الگ شناخت اور وجود کو برقرار رکھنے کی کوشش میں بعض مسائل کا شکار ہوتی ہیں' خاص طور پر سسرال میں ان کے لیے ایڈجسٹ کرنا مشکل ثابت ہوتا ہے' اکثر وہ شادی کے بعد کسی دوسرے شہر یا ملک جا کر آباد

ہوتی ہیں۔بعض اوقات ان کے مسائل کو سمجھنے میں ان کے شوہر بھی ناکام رہتے ہیں اور اس وجہ سے ازدواجی زندگی بھی دشوار ہوسکتی ہے' انہیں اکثر اپنے شوہروں سے شکایات رہتی ہیں خصوصاً مالی معاملات میں تنگ دستی کا سامنا ہوتا ہے۔ان خواتین کی شادی اگر پختہ میچنگ کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہو تو ازدواجی زندگی میں بڑی مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔یہ جوشِ جذبات میں اپنا گھر تباہ کرسکتی ہیں۔

جیش ٹھا کے پیشے اور صحت

پیشے : مینجمنٹ' آرمی لیڈر، طاقت ور بیوروکریٹ' موسیقار' رقاص' ماڈل' سراغ رساں یا جاسوس' انجینئر' دانشور یا فلسفی یا پھر کوئی منفی پیشہ یعنی جرائم کا راستہ۔

مردانہ صحت : جسمانی حرارت کا بڑھنا، بخار، پیچش، ٹھنڈ کے اثرات، کھانسی، دمہ، پھیپھڑوں کے کینسر' پیٹ کی تکالیف، بازوؤں اور شانوں میں درد وغیرہ۔ان لوگوں کو کوئی نہ کوئی عارضہ لاحق رہتا ہے۔

زنانہ صحت : اس منزل میں پیدا ہونے والی خواتین بچے دانی سے متعلق امراض میں مبتلا رہتی ہیں۔ان میں غدودوں کے بڑھنے یا بازوؤں اور شانوں میں درد کا بھی رجحان پایا جاتا ہے' تولیدی اعضاء سے متعلق خرابیاں بانجھ پن بھی پیدا کرسکتی ہیں۔

❖❖❖

انیسواں پچھتر مُولا (Mula)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Mula	~	♀	♐	Tama	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Kama	Crouching Lion	Nritta	Left Torso	Butcher

یہ دائرہ بروج کا انیسواں پچھتر ہے جو 0 درجہ قوس سے 13:20 درجہ قوس تک پھیلا ہوا ہے'اس کے چاروں قدم برج قوس میں ہیں۔

یہ پچھتروں کے آخری گروپ کے آغاز کی نشاندہی کرتا ہے' مُولا کی ''جڑ'' کے طور پر ترجمانی کی جاتی ہے اور اس کی علامت یا نشان جڑوں کے ایک بندھے ہوئے گچھے کی ہے' اسے شیر کی دُم بھی کہا جاتا ہے' یہ ستاروں کے ایک جھرمٹ میں واقع ہے جو عقرب کی دُم کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور ستارہ اوفیکس (OPHIUEUS) کے قریب واقع ہے جو کہکشانی مرکز کی نشاندہی کرتا ہے' یہ مادہ پرستی کے خاتمے اور روحانیت کے آغاز کی نشاندہی کرتا ہے۔ مُولا کو ''جڑ والا ستارہ'' یا ''اوریجنل ستارہ'' یا ''بنیادی ستارہ'' بھی کہتے ہیں۔

!س قمری منزل کا حاکم کیتو ہے، اپنے اوصاف میں مذکر اور نفسانی ہے، فطرت آسیبی (راکھشس)' حیوانی علامت نر کتا' بنیادی محرک خواہش، نیچے دیکھنا، دُرشتگی اور سمت شمال ہے۔

مُولا پچھتر ایک گہری فلسفیانہ فطرت اور ایک متجسس ذہن کی نشان دہی کرتا ہے جو کسی بھی موضوع کی جڑوں کی چھان بین کر کے لطف اندوز ہوتا ہے چونکہ پورا پچھتر برج قوس میں واقع ہے جس پر سیارہ مشتری کی حکمرانی ہے لہٰذا ایسا صاحب زائچہ مُولا کے ذریعے

بہت دولت اور عیش وعشرت سے لطف اندوز ہوتا ہے۔
یہ پنچھتر شہرت اور دولت کے ذریعے بدچلنی اور اوباشی کو بھی جنم دے سکتا ہے۔
امریکی ادب پچی ہاورڈ ہیوز کا پیدائشی شمس اور جمی سوا گارٹ کا طالع اسی پنچھتر میں واقع ہے۔

دیو مالائی تصورات کے مطابق اس پنچھتر کی دیوی ترتیی ہے جو تباہی اور بربادی کی دیوی ہے' مردوں کی سلطنت میں رہتی ہے' اس پنچھتر کو اکثر قصابوں' تشدد اور ظلم سے وابستہ کیا جاتا ہے' گھمنڈ' انانیت' شہوت اور غصے کا یہاں مشاہدہ ہوتا ہے' ترتیی کے معنی آفت کے ہیں اور یہ ایسے شخص کی نشان دہی کرتا ہے جو بدقسمتی' بدبختی' بلا اور مصیبت کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہو۔ ترتیی چونکہ تباہی کی دیوی ہے لہٰذا یہ تباہ و برباد اور تاخت و تاراج کرنے کی طاقت رکھتی ہے' یہ منسوخی یا برخاستگی کی ضرورت کو ظاہر کرتا ہے تاکہ ایک نئی زندگی شروع کی جاسکے' اس کو ترتی کی ضد بھی کہا جاتا ہے' ہندو دیو مالا میں اس کی تشریح کے لئے ''کالی'' کی مثال بھی دی جاتی ہے جو ایک غضب ناک دیوی ہے اور انسانی کھوپڑیوں کا ہار پہنے رہتی ہے' جہالت کے شروں کی نمائندگی کرتی ہے۔

دیو مالائی تشریح کا لب لباب اگرچہ خاصا منفی ہے، شاید اس کی وجہ ہندو مائیتھا لوجی کے بگڑے ہوئے عقائد ہیں، حقیقت یہ ہے کہ یہ پنچھتر دنیا کے اہم ترین اور غیر معمولی افراد کی نشان دہی کرتا ہے، یہ لوگ اپنی زندگی میں غیر معمولی کارنامے اور انسانی بھلائی کے کام کرنے والوں میں شامل ہیں، علامہ ڈاکٹر محمد اقبال بھی اسی پنچھتر میں پیدا ہوئے تھے، اصل بات یہ ہے کہ اس پنچھتر میں اچھائی اور برائی دونوں ہی نوعیت کے اثرات موجود ہیں، اگر صاحب زائچہ اپنے سیارگان کا مثبت اثر قبول کرتا ہے تو اس پنچھتر کے حامل افراد اپنی غیر معمولی صلاحیتوں سے خود بھی فائدہ اٹھاتے ہیں اور دنیا کو بھی فائدہ پہنچاتے ہیں، اس کے برعکس صورت حال میں یہ لوگ بدترین بھی ثابت ہوسکتے ہیں۔

تاریک رُخ

مولا پنچھتر درد جگاتا ہے لیکن یہ درد انسان کو خدا ترسی کی طرف لے جانے کے

لیے پیدا کیا جاتا ہے، انسان کو آفاقی مدد حاصل کرنے کا شعور دیتا ہے' مُولا افراد روحانی راستے کے پیروکار ہو سکتے ہیں' وہ انا کی حیوانیت کو روحانیت میں ڈھالنا سیکھتے ہیں' اس پچھتر کی حیوانی علامت نرکتا اور فطرت آسیبی ایک غیر معمولی شخصیت کو ظاہر کرتی ہے' یہ ایک تیز یا خوفناک پچھتر ہے جس کا تعلق سحر و جادو' بھوت یا آسیب کو بھگانے' سزا دینے' حتیٰ کہ قتل سے ہو سکتا ہے اس کے اثر کے تحت طاقتور' دلیرانہ' نڈر سرگرمیاں واقع ہو سکتی ہیں، مُولا کے زیر اثر پیدا ہونے والوں کو چاہیے کہ وہ اپنے جذبوں کو کنٹرول کریں' ان کے لیے درد ناگزیر اور بھٹکنا اختیاری ہے۔

مُولا کے چار قدم

پہلا قدم صفر درجہ قوس سے 03:20 درجہ قوس تک دراز ہے، والدین کو متاثر کرتا ہے لہٰذا اسعد تصور نہیں ہوتا، اس قدم کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد صاحب علم، خود کو کسی اہم کاز کے لیے وقف کر دینے والے لیکن مغرور، کاہل اور کنجوس ہوتے ہیں، ان کے چند بچے ہوتے ہیں۔

دوسرا قدم 03:20 درجہ قوس سے 06:40 درجہ قوس تک دراز ہے، اس کی نحوست باپ کو متاثر کرتی ہے، عموماً باپ سے کسی نہ کسی طور جدائی مشاہدے میں آتی ہیں، اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد سچے، نیک اور صاحب علم ہوتے ہیں، انہیں آنکھوں کی کوئی بیماری یا دل سے متعلق کوئی مرض لاحق ہو سکتا ہے۔

تیسرا قدم 06:40 درجہ قوس سے 10 درجہ قوس تک دراز ہے، دولت کے مسائل یا دولت سے محرومی ظاہر کرتا ہے، اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مضطرب اور اُداس فطرت کے حامل ہوتے ہیں لیکن خوب صورت اور وجیہ ہوتے ہیں، اپنے خاندان پر بوجھ بنتے ہیں، اگرچہ ان میں دیگر خرابیاں بھی موجود ہوں تو بعض شرمناک افعال میں ملوث ہوتے ہیں۔

چوتھا قدم 10 درجہ قوس سے 13:20 درجہ قوس تک دراز ہے، یہ ایک سعد اثر رکھتا ہے، اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مضبوط، نیک، سیانے اور چالاک ہوتے ہیں، اپنے حواس میں رہتے ہیں، مخالفین کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں، انہیں حلق سے متعلق امراض ہوتے ہیں، شاعرِ مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کی پیدائش مُولا کے اسی قدم پر ہوئی ہے۔

مُولا میں طالع

اگر طالع کے درجات مُولا پختر میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ زندگی کی اصل کو ڈھونڈتا ہوا اور متعلقہ بدقسمتی سے بندھا ہوا نظر آتا ہے' وہ پُر عزم اور آزاد منش ہوتا ہے، ایک جنگی انتشار کی نشان دہی ہوتی ہے' ممکن ہے سیاست میں دلچسپی ہو' دیکھنے میں خوب صورت لیکن صحت کے مسائل بہت ہوتے ہیں' قابل ہوتا ہے لیکن ذہنی تذبذب کا شکار رہتا ہے' قابل کسی فلسفی جیسا' ہنرمند اور چالاک' شکّی' غصہ کے مسائل' ازدواجی یا شراکتی معاملات میں مضطرب۔ زندگی میں منفی یا مثبت رجحانات کا اندازہ زائچہ کی دیگر علامتوں سے کیا جاسکتا ہے۔

مشہور شخصیات میں آخری نظام حیدرآباد میر عثمان علی خان، بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناح، نیلسن منڈیلا، مدر ٹریسا، جمی ہینڈرکس' جمی سواگارٹ' جم جونز' مشہور باکسر محمد علی کلے اور جو فریزر' اداکارہ صوفیہ لورین' بھارتی فلم ساز و ہدایت کار روی شاستارام، اداکارہ ریکھا، مشہور جرائم پیشہ بلی دی کڈ اور الکپون، شہرہ آفاق کرکٹر ڈان بریڈمین وغیرہ شامل ہیں۔

مُولا میں شمس

اگر شمس مُولا پختر میں ہو تو بڑی ڈائنامک شخصیت سامنے آتی ہے' شہرت' کامیابی' دولت' طاقت' مضبوطی اور آمرانہ فطرت کا ظہور ہوتا ہے۔ ان لوگوں میں نفسیاتی مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور صوفیانہ دلچسپیاں بھی نمایاں ہوسکتی ہیں' اہلیت' ہمت' انسانیت نوازی کا بھی مشاہدہ ہوتا ہے' یہ لوگ مہم جویانہ سرگرمیوں میں حصہ لیتے نظر آتے ہیں' اسٹھابلیک دلچسپیاں' روحانی لیڈر شپ' دوسروں کو اچھے مشورے دینا وغیرہ۔

مشہور شخصیات میں بانی پاکستان محمد علی جناح' روسی ڈکٹیٹر جوزاف اسٹالن، وزیراعظم نواز شریف' بھارتی سیاستدان اٹل بہاری واجپائی، میلکم ایکس، امریکی ارب پتی ہاورڈ ہیوز' ہنری ملر' شہرہ آفاق ہدایت کار اسٹیون اسپل برگ' اداکار بریڈ پٹ' اداکارہ ایوا گارڈنر، جین فونڈا' البرٹو ٹومبا' آرتھر کلارک' موسیقار نوشاد علی، گلوکار محمد رفیع، اداکار سلمان

خان محمد علی کلے، جرائم پیشہ ڈین الان وغیرہ۔

طالع میں قمر

قمر مولا پنجستر میں ہو تو صاحب زائچہ مغرور، انا پرست خاصا خوش حال، نرم مزاج، اہل دل، پرتعیش عادات کا مالک اور غیر متزلزل ذہن کا حامل ہوگا۔

اس پنجستر میں قمر کی تاثیرات روح کو متاثر کرتی ہیں اور روحانی شعور کی بیداری مشاہدہ میں آتی ہے، پرکشش شخصیت، خطابت کا اچھا ہنر، غیر ممالک میں کامیابی، دولت مندی، دوستوں کے ساتھ فیاضانہ سلوک اور مخیر فطرت نمایاں ہوتی ہے۔ روحانی مشاورت کے لیے یہ لوگ موزوں ہوتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں بہائی مذہب کے پیشوا بہاء اللہ، ولائی لامہ، علامہ ڈاکٹر محمد اقبال، انقلاب ایران کے بانی آیت اللہ خمینی، امریکی سیاستداں الگور، چاند پر پہلا قدم رکھنے والے نیل آرمسٹرانگ، کیپٹن رابرٹ اسکاٹ، سائنسداں تھامسٹ ایلوا یڈیسن، ناول نگار وکٹر ہیوگو، قائد تحریک الطاف حسین، سندھی نیشنلسٹ ایاز پلیجو، بلی گراہم، اداکار آرنلڈ شیوازینگر، جوڈی گارلینڈ وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

مشتری فہم و فراست اور عقل و دانش کا سیارہ ہے جب کہ کیتو (ذنب) سخت محنت کی نشان دہی کرتا ہے۔ چناں چہ آپ اپنی سخت محنت اور علم کے ذریعے فہم و دانش حاصل کرتے ہیں۔

زندگی گزارنے کا آپ کا اپنا اصول ہوتا ہے اور اس حوالے سے آپ کی ہٹ دھرمی کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، آپ طویل قامت اور اچھی جسمانی ساخت کے مالک ہو سکتے ہیں، امن پسند ہیں لیکن اپنے حق کے لئے لڑنے سے گریز نہیں کرتے، ایک گہری فلسفیانہ سوچ ہر معاملہ میں آپ کے پیش نظر رہتی ہے اور زندگی کے ہر معاملہ کو نہایت گہری نظر سے دیکھنے کا رجحان پایا جاتا ہے کسی بھی مسئلے کی چھان بین اور تحقیق آپ کے لیے لطف اندوز ہونے کا باعث ہوگی، آپ دلیر اور نڈر ہیں، خطرات سے کھیلنا جانتے ہیں، کسی مہم جوئی کے دوران میں آپ کے جوہر کھلتے ہیں۔

آپ کا ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ آپ اس بات کا سلیقہ نہیں رکھتے کہ دوسروں کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیے' لہٰذا پہلی ملاقات میں آپ دوسروں پر کوئی اچھا تاثر چھوڑنے میں کامیاب نہیں ہوتے' بلکہ بعض اوقات آپ کسی مصیبت میں پڑ جاتے ہیں' اپنی صاف دلی کی وجہ سے آپ موقع محل کی نزاکت کو مدنظر رکھے بغیر سچ بولنے کی کوشش کرتے ہیں' اس طرح کسی کی دل آزاری بھی ہو سکتی ہے اور آپ کے مخالفین یا دشمنوں میں اضافہ بھی ممکن ہے' آپ کو تھوڑی سی مصلحت اندیشی سیکھنا چاہیے۔

اگر زائچہ پیدائش میں قمر سے مریخ' شمس یا زحل ناظر ہوں تو آپ جج یا وکیل کا پیشہ اختیار کر سکتے ہیں' زہرہ کی اس پچھتر میں قمر کے ساتھ موجودگی فنکارانہ شعور دے گی' جبکہ مشتری کی موجودگی ایک بے مثال عالم بنانے میں مددگار ہوگی' راہو سیاست کا راستہ دکھاتا ہے یا پھر دھوکے فراڈ اور جرم کی راہ پر گامزن کر سکتا ہے' جبکہ کیتو روحانی دلچسپیوں کی طرف متوجہ کرے گا۔

مولا نا پچھتر میں پیدا ہونے والی خواتین زیادہ تعلیم حاصل نہیں کرتیں' آپ کو تعلیم سے کوئی خاص رغبت نہیں ہوگی' الا یہ کہ مشتری قمر سے ناظر ہو تو آپ ڈاکٹر ہو سکتی ہیں' یا کسی قابل رشک پوزیشن کی حامل ہوں گی اور آپ کا تعلیمی ریکارڈ عمدہ ہوگا' بعض خواتین اسپورٹس کی طرف متوجہ ہوتی ہیں اور مختلف کھیلوں میں نام کماتی ہیں' انہیں اپنی شادی کی زیادہ فکر نہیں ہوتی' وہ اپنی توانائی اپنے خاندان کے لیے وقف کر دیتی ہیں' اکثر ایسی خواتین کو اپنے شوہر سے علیحدہ ہونا پڑتا ہے لیکن عارضی طور پر' یہ نتیجہ کسی دوسری موافق سیاروی پوزیشن کی وجہ سے کالعدم بھی ہو سکتا ہے' آپ کی شادی میں تاخیر اور کچھ رکاوٹیں بھی ہو سکتی ہیں' اگر مریخ کی پوزیشن ناموافق ہو تو آپ کو گھریلو مسائل لاحق ہو سکتے ہیں۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں کہ مولا پچھتر میں پیدا ہونے والے مرد و خواتین اپنی فطرت اور مزاج میں غیر معمولی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں' یہ غیر معمولی خصوصیات اگر مثبت رخ اختیار کرلیں تو حیرت انگیز کارنامے ظہور میں آتے ہیں اور اگر منفی رخ اختیار کریں تو بھی غیر معمولی نوعیت کے گناہ اور جرائم سامنے آتے ہیں۔

مُولا کے پیشے اور صحت

پیشے: ادیب، خطیب، شاعر، فلسفی، روحانی استاد، قانون داں، سیاست داں، فارماسسٹ، بزنس مین، سیلز مین، ڈاکٹر، گل فروش، پھلوں کے بیج اور منشیات فروخت کرنے والے، انجینئر، سماج سدھار کا کام کرنے والے۔

مردانہ صحت: ہاضمے کی خرابیاں اور پیٹ کے دیگر مسائل، فالج کا حملہ، ٹی بی، شیاٹیکا، کولہے، رانوں، پاؤں کے مسائل، جگر کی خرابیاں اور بعض صورتوں میں ذہنی خرابیاں۔ اگر یہ لوگ ایک مرتبہ کسی نشے کی عادت میں مبتلا ہو جائیں تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنا انتہائی مشکل ہوگا لہٰذا انہیں چاہیے کہ ہر قسم کی نشہ آور چیزوں سے دور رہیں۔

زنانہ صحت: جوڑوں کے درد، کولہے اور پیٹھ سمیت بازوؤں اور شانوں کے درد۔

❖❖❖

بیسواں پچھتر پروشدھ
(Purva Ashadha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Purva Ashadha	F	☉	♐	Raja	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Moksha	Front of Quare	Apas	Back	Brahmin

پروشدھ دو ستاروں کوس بورلیس اور کوس آسٹرالس پر مشتمل ہے جو محراب کی کمان تشکیل دیتے ہیں' ان ستاروں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ پنکھے یا دھان کی بھوسی پھٹکنے والی چھاج جیسے لگتے ہیں۔

یہ منطقۃ البروج کی بیسویں منزل ہے۔اس کا حاکم سیارہ زہرہ ہے جبکہ برج قوس کا حاکم مشتری ہے۔اس کے چاروں قدم برج قوس میں ہیں' یہ منزل 13:20 درجے سے 26:40 درجے تک پھیلی ہوئی ہے۔

پروشدھ کے معنی ''ناقابل شکست'' یا ''نہ جھکنے ...'' ہیں۔ لہٰذا اسے ناقابل شکست ستارہ بھی کہا جاتا ہے' اس پچھتر پر زہرہ کی حاکمیت متبولیت کی عکاسی کرتی ہے یعنی صاحب زائچہ مقبول ہوتا ہے' یہاں مشتری کے ساتھ زہرہ کا اثر نہایت دلچسپ رنگ دکھاتا ہے' یہ لوگ بے حد مغرور ہوتے ہیں اور عوام الناس پر اثر انداز ہونے اور ان پر زور دینے کی اہلیت رکھتے ہیں' یہ پچھتر عام طور سے شہرت' دولت' زرخیزی اور عقل مندی لاتا ہے۔

پروشدھ کی علامت یا نشان ''پنکھا یا چھاج'' ہے' فطرت انسانی 'بنیادی محرک' روحانی آزادی' حیوانی علامت نر بندر اور سمت مشرق ہے۔

دیومالائی تصورات کے مطابق اس پچھتر کا دیوتا اُپاس ہے جو زمان و مکان کے پانی کی نمائندگی کرتا ہے' اسے عام پانی کی طرح بیان کیا گیا ہے جو ہر سو پھیلا ہوا ہے' انسانیت کے معاملات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے' اس کا تعلق کسی کی شہرت کے دور دور تک پھیلنے کے تصور سے بھی ہے' اس کی قوت تقویت پہنچانے والی ہے۔

اس پچھتر کو سمندروں' دریاؤں اور بارشوں سے بھی منسوب کیا گیا ہے' گویا اس کا اثر و نفوذ ہر شے میں ہے اور وہ اعلیٰ سچائی کے باطنی قانون کی نمائندگی کرتا ہے' اس پچھتر میں وجدان کے جھماکے ہو سکتے ہیں جو آفاقی قانون کی بصیرت عطا کرتے ہیں کہ یہ کس طرح کام کرتا ہے لیکن پانی کی مثالی تشبیہ سے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ اس پچھتر کی خاصیت آبی ہے' در حقیقت یہ ایک خاکی پچھتر ہے اور مذکر ہے۔

پروشدہ والے ایک گہری فلسفیانہ اور روحانی فطرت کو ظاہر کرسکتے ہیں' کیوں کہ انا کے بھوسے کو چھاج کے ذریعے پھٹک دیا گیا ہے' ان کا بنیادی محرک روحانی آزادی ہے لیکن اس آزادی کی حدود و قیود لامحدود ہو سکتی ہیں لہٰذا حدود مقرر کرنے کی ضرورت محسوس ہو سکتی ہے۔

بہرحال یہ لوگ آزاد فطرت کے مالک ہوتے ہیں' بحث و مباحثہ اور مناظرہ کرنے والے اور بحث میں کسی کو بھی شکست دے سکتے ہیں' ہٹیلے اور ضدی ہوتے ہیں' کسی کی بھی نہیں سنتے، اگر زائچے کے دیگر عوامل میں بگاڑ موجود ہو تو ایسے افراد نہایت کٹ حجت اور دوسروں پر اپنی رائے مسلط کرنے کے خبط میں مبتلا نظر آتے ہیں، ایسے لوگ اکثر زندگی میں ناکام ہوتے ہیں۔

تاریک رُخ

پروشدہ کا تاریک پہلو انانیت ہے' یہ لوگ حد سے زیادہ انا پرستی کے فریب میں مبتلا رہتے ہیں اور عام طور سے دوسروں کی رائے کو خاطر میں نہیں لاتے' کسی بحث و مباحثے یا مناظرہ کی صورت میں صرف اپنی بات اور اپنی سوچ کی بالادستی کا خناس انہیں درست اور اصولی نظریے سے ہٹا سکتا ہے' اس صورت حال کو عام زبان میں کٹ حجتی بھی کہا جاتا ہے' جیسا کہ پہلے نشان دہی کی گئی ہے کہ زائچے میں سیاروی بگاڑ اور نحس اثرات اس

صورت حال کو انتہا تک لے جا سکتے ہیں، شاید اسی وجہ سے اس پختر کو ''خوفناک ستارہ'' بھی کہا گیا ہے اور اس میں بعض اوقات انتہائی مذموم حرکتیں' جنگ' ہلاکتیں اور دھو کے بازی کا مشاہدہ بھی کیا گیا ہے۔

رسوائے زمانہ جرمن ڈکٹیٹر ہٹلر کا پیدائشی قمر اسی پختر میں تھا اور وہ اپنے سوا اور اپنے نظریات کے سوا کسی بات کو اہمیت نہیں دیتا تھا، اپنی قوم کو دنیا کی افضل ترین قوم سمجھنا ایک ذہنی خبط ہی تو ہے۔

اس منزل میں ذہنی جارحیت اور خود فریبی کا مشاہدہ بھی ہو سکتا ہے' اگر ایسا شخص خدا کی مرضی کے آگے سر تسلیم خم کر دے تو گھمنڈ اور انا کی صفائی ہو سکتی ہے اور اکثر مثبت طرز فکر کے لوگ جیسے علامہ اقبال کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ بصورت دیگر نتائج برعکس بھی ہو سکتے ہیں۔

پروشدھ کے چار قدم

پہلا قدم 13.20 درجہ قوس سے 16.40 درجہ قوس تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد نرم مزاج اور زنانہ عادت و اطوار کے مالک ہوتے ہیں' بعض زخموں جیسی شخصیت نظر آتے ہیں' غریبوں اور ضرورت مندوں کی حاجت روائی کرتے ہیں' منکسر المزاج لیکن دلیر ہوتے ہیں' ان کی زندگی مختصر ہوتی ہے اور اولاد میں چند بیٹے ہوتے ہیں' پانی سے متعلق کسی پیشے سے وابستہ ہو سکتے ہیں۔

دوسرا قدم 16.40 درجہ قوس سے 20 درجہ قوس تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد تابناک شخصیت کے مالک ہوتے ہیں' [illegible] مزاح لیکن تنگ مزاج اور مغرور [illegible] دیتے ہیں' [illegible] بیمار جیسے نظر [illegible] ہیں' ان [illegible] دل کو پسینہ بہت آتا ہے اور کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو سکتے ہیں جو لاعلاج ہو۔

تیسرا قدم 20 درجہ قوس سے 23.20 درجہ قوس تک دراز ہے اور والدین کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد دوسروں سے اچھی باتیں سیکھنے کے اہل ہوتے ہیں' صاف ستھرے رہتے ہیں' لیکن کمزور نظر آتے ہیں اور توند نمایاں ہوتی ہے' ماں کی زندگی مختصر ہوتی ہے اور ماموں کی صحت خراب رہتی ہے۔ زندگی میں اعلیٰ مقام حاصل کرتے ہیں، عام طور پر چالیس سال کی

عمر میں کامیابی ملتی ہے لیکن غیر متوقع اخراجات ان کے لیے مسئلہ بنتے ہیں۔

چوتھا قدم 23.20 درجہ قوس سے 26.40 درجہ قوس تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مضبوط' فیض رساں' سچے اور گہری آواز کے حامل ہوتے ہیں' باپ کی زندگی مختصر ہوتی ہے' دوسروں کی مخالفت کرتے ہیں' جلدی امراض کا شکار ہوتے ہیں۔

پرواشدھ میں طالع

اگر طالع کے درجات اس نچھتر میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ منکسر المزاج ہوگا' اس کے بہت سے دوست اور بچے ہوں گے اور اپنے شریک حیات کا وفادار ہوگا' ایسے لوگ تعلیمی معاملات میں آؤٹ آف نصاب دلچسپیوں میں مصروف نظر آتے ہیں اور ظاہری یا نمائشی یا احمقانہ رویہ کا اظہار ہوتا ہے' اس لیے تعلیمی معذوری بھی مشاہدہ میں آتی ہے' صاحب زائچہ کو اعلیٰ پوزیشن مل سکتی ہے اور وہ ملازمت میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے' اپنے رفقاء سے وفادار ثابت ہوتا ہے' انتہائی معزز لیکن متکبرانہ فطرت کا حامل' قانون اور سیاست میں گہری دلچسپی ظاہر ہوتی ہے۔

مشہور شخصیات میں راجہ رام موہن رائے' کشمیری سیاستداں فاروق عبداللہ' عاصمہ جہانگیر ایڈووکیٹ' جمز ارل جونز' پال نیومن' جے ایڈگر ہوور' اداکارہ کترینہ کیف' کرینہ کپور' ملیکا شراوت' کرکٹر ویون رچرڈز وغیرہ شامل ہیں۔

پرواشدھ میں شمس

اگر شمس پرواشدھ میں ہو تو گہری فلسفیانہ سوچ کے ساتھ سیاسی دلچسپی دیتا ہے' یہ لوگ قیادت کا ہنر جانتے ہیں' گفتگو کی عمدہ صلاحیت اور تقریر کا ہنر عام طور پر سست لیکن مستقل مزاج ہوتے ہیں' انسانیت نواز' مشہور' مخیر' اسپورٹس میں دلچسپی لینے والے' جوشیلے اور مسابقت باز۔

ان لوگوں کو اپنے خوشامدی دوستوں اور مشیروں سے ہوشیار رہنا چاہیے کیوں کہ وہ انہیں کسی غلط راہ پر ڈال سکتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں عظیم سائنس داں آئزک نیوٹن' روسی ڈکٹیٹر جوزف اسٹالن' امریکی صدر رچرڈ نکسن' مرزا اسداللہ خان غالب' مذہبی اسکالر غلام احمد پرویز' جین ڈکسن'

جے ایڈگر ہوور' ٹائیگر ووڈز' جمی بیکر' ذوالفقار علی بھٹو' ہدایت کار لیس سلیمان' موسیقار اے آر رحمان' اداکار رجیش کھنہ' میل گبسن' رچرڈ برٹن' نانا پاٹیکر' اداکارہ وِدیا بالن' پاشا باسو' میری ٹائیلر مور' باکسر فلائیڈ پیٹرسن' ڈان ابو سالم وغیرہ شامل ہیں۔

پروشدھ میں قمر

اگر چاند پروشدھ میں ہو تو بڑی نازک مزاجی کا مشاہدہ ہوتا ہے' سچ بولنے والے' پاکیزہ اور دولت مند لوگوں کی نشاندہی ہوتی ہے' ان لوگوں کا پانی سے کوئی نہ کوئی تعلق ہوسکتا ہے' اکثر آبی کام کرنے والے' مچھیرے' جہاز راں یا سمندروں اور دریاؤں کے نزدیک رہنے والے اس پچھتر کے زیر اثر ہوتے ہیں۔

یہ لوگ پرکشش شخصیت کے مالک' کرشماتی لیڈر' قائل کرنے کی طاقت کے مالک' ذہین لیکن ہٹ دھرم' آمر ہوسکتے ہیں' اعلیٰ کے درجے کے مبلغین' انتہائی فلسفیانہ فطرت کے مالک' لکھنے کا ہنر جاننے والے افراد کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ دوستوں سے گہری وابستگی نظر آتی ہے۔

مشہور شخصیات میں ایڈولف ہٹلر' بھگوان شری رجنیش' مصنف ارنسٹ ہمنگوے' سفارت کار اور وزیر خارجہ آغا شاہی' جان کارسن' ولیم جیمز' ایڈی البرٹ' موسیقار انیل بسواس اور سی رام چندر' گلوکارہ گیتادت' اداکارہ سائرہ بانو' ایشوریا رائے' اداکار موتی لال' کرکٹر سنتھ جے سوریا' سچن ٹنڈولکر شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

برج قوس کا حاکم مشتری ہے جو عقل و دانش کا سیارہ ہے اور یہ پچھتر سیارہ زہرہ کے زیر اثر ہے لہٰذا آپ خوش شکل' ذہین اور فنکارانہ رجحانات کے حامل ہیں' زہرہ اور مشتری کی مشترکہ خوبیوں کا بہترین امتزاج رکھتے ہیں اور عظیم مشورے دینے کی صلاحیت کے حامل ہیں تاہم آپ کے اندر خوب سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنے کے لئے منطقی جواز کا فقدان ہے اور بے سوچے سمجھے فیصلے کرنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔

اگر پیدائشی زائچے میں سیارہ مریخ متاثرہ ہو تو آپ جنگی' ضدی اور جھگڑالو

ہوں گے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ مثالی ذہانت کے مالک ہیں اور فوراً کسی نتیجہ پر پہنچنے کا رجحان رکھتے ہیں لیکن اکثر دوسروں کی بات پوری طرح سننے اور سمجھنے سے پہلے ہی کوئی نتیجہ اخذ کر لیتے ہیں' آپ کو پہلے تحمل اور صبر کے ساتھ غور سے دوسروں کی بات سننے کی عادت ڈالنی چاہیے' بحث و مباحثہ میں کوئی بھی آپ کو شکست نہیں دے سکتا' آپ دوسروں کو قائل کرنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آپ کسی بھی حالت میں مخالف کے سامنے گھٹنے نہیں ٹیکیں گے' چاہے آپ صحیح ہوں یا غلط۔

ایک طرف تو آپ دوسروں کو مشورے دے سکتے ہیں لیکن دوسری طرف خود کسی سے مشورہ نہیں لے سکتے اور دوسروں کے مشوروں کو مشکوک نظروں سے دیکھتے ہیں، کبھی کبھی آپ خود کو عقلِ کل سمجھنے کی غلطی بھی کرتے ہیں، اگر ایک بار کوئی نظریہ یا عقیدہ آپ کے دل و دماغ میں راسخ ہو جائے تو پھر اس پر سمجھوتا کرنا آپ کے لیے تقریباً ناممکن کام بن جاتا ہے۔

اگرچہ آپ ظاہر کرتے ہیں کہ بہت باہمت ہیں لیکن جب تک کوئی مشکل صورت حال پیش نہ آجائے' یہ حقیقت ثابت نہیں ہوتی۔

اکثر آپ کوئی فیصلہ نہیں کر پاتے یا پھر فیصلہ کرنے میں بہت وقت لیتے ہیں' آپ چھوٹی چھوٹی باتوں پر فیصلہ کرنے کے لیے غور کرتے رہتے ہیں لیکن کسی کے اُکسانے یا شہ دینے پر اکثر اوقات بلا سوچے سمجھے فوراً کوئی فیصلہ کر لیتے ہیں اور اس پر ڈٹ جاتے ہیں' چاہے وہ آپ کے اپنے حساب سے سراسر غلط ہی کیوں نہ ہو کوئی بھی آپ کو اپنا فیصلہ بدلنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ کچھ لوگ آپ کو گھمنڈی اور ہٹ دھرم سمجھ سکتے ہیں اور اس کی وجہ آپ کا مذکورہ بالا انداز ہے۔

آپ دوسروں کے لیے کسی لالچ یا صلے کے بغیر بہت کچھ کرنا چاہیں گے لیکن آپ پر بہت تنقید کی جائے گی' آپ انجان لوگوں سے ڈھیروں فائدے اٹھا سکتے ہیں لیکن کسی کے ساتھ مستقل تعلق رکھنے کے اہل نہیں ہوں گے۔

اگر آپ کسی خاص ہدف کو مدنظر رکھ کر پوری سنجیدگی سے کام کرنا چاہیں تو زندگی میں اعلیٰ حیثیت کے حامل ہو سکتے ہیں۔ ظاہری نمود و نمائش آپ پسند نہیں کریں گے' پاکیز

اور منکسر المزاج ہوں گے اور منافقت سے دور رہیں گے۔

آپ کے بعض کاموں کی وجہ سے دوسروں کی ترقی میں خلل پڑ سکتا ہے لیکن اس حوالے سے بھی آپ کا اپنا ایک جداگانہ فلسفہ ہو سکتا ہے' آپ انتہائی مذہبی یا مذہب کے حوالے سے شدت پسند ہو سکتے ہیں اور ہمیشہ مذہبی طبقے کی خدمت میں پیش پیش ہو سکتے ہیں لیکن صورت حال اس کے برعکس بھی ہو سکتی ہے یعنی آپ اپنے ہی کسی ذاتی نظریے اور فلسفے کے پیروکار ہو جائیں (غلام احمد پرویز' گورو رجنیش) مذہب سے مکمل لاتعلقی کا اعلان کر دیں' آپ کو نوادرات جمع کرنے کا شوق ہو سکتا ہے اور شاعری سے بھی دلچسپی ہو سکتی ہے۔

ویسے آپ جس شعبے کو بھی منتخب کریں اس میں بہت ترقی کر سکتے ہیں لیکن طب کا پیشہ یا فنون لطیفہ آپ کے لیے انتہائی مناسب ہیں' آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ جب تک آپ کے پاس قابل بھروسہ ملازمین یا منتظمین نہ ہوں' آپ کوئی کاروبار نہ کریں کیوں کہ آپ اکثر انتظامی نوعیت کی غلطیاں کر سکتے ہیں اور اس حوالے سے بھی اپنے نظریات دوسروں پر مسلط کر سکتے ہیں جب کہ مروجہ انتظامی اصول و قواعد درحقیقت کچھ اور ہوں۔

آپ کو پراسرار علوم یا فلسفے کے مطالعے میں بھی کشش محسوس ہوگی اور آپ اس میں بھی ترقی کر سکتے ہیں۔

32 سال تک کی عمر آزمائشوں اور غلطیوں کی ہوگی' اس کے بعد آپ رفتہ رفتہ کامیابی کا زینہ طے کرنے لگیں گے' 32 سال سے 50 سال کی عمر تک کا عرصہ بہت اچھا رہے گا۔

آپ کو اپنے والدین سے زیادہ مدد و تعاون نہیں ملے گا لیکن بھائی بہنوں سے اور خاص طور سے بھائیوں سے بہت فائدہ ہوگا۔

آپ اپنی زندگی کا بیشتر حصہ غیر ملک میں گزاریں گے' آپ کی ازدواجی زندگی کم و بیش خوش و خرم گزرے گی لیکن آپ ایک مشکل قسم کے شریک حیات ثابت ہو سکتے ہیں خواہ آپ عورت ہوں یا مرد' لہٰذا ضروری ہوگا کہ فریق ثانی آپ کے ساتھ ایڈجسٹ کرے کیوں کہ آپ خود ایڈجسٹ کرنا نہیں جانتے' اگر شادی میچنگ کو مدنظر رکھ کر نہ کی جائے تو ناکام ثابت ہو سکتی ہے۔

آپ کی شادی میں تاخیر ہو سکتی ہے اور بعض کیسوں میں دیکھا گیا ہے کہ شادی

ایک طرح سے کسی مقابلے میں انجام پاتی ہے' آپ کا زیادہ جھکاؤ شریک حیات اور اپنے سسرالیوں کی جانب ہوگا' ازدواجی زندگی میں باہمی طور پر نوک جھونک اور لڑائی جھگڑے چلتے رہیں گے' آپ کی اولاد انتہائی باصلاحیت اور معزز ہوگی جو خاندان کا نام روشن کرے گی لیکن اولاد زیادہ نہیں ہوگی۔ مختصر پروشدھ کے زیر اثر پیدا ہونے والی خواتین کے حالات بھی مندرجہ بالا بیان کے مطابق ہی ہوں گے، شادی اور ازدواجی زندگی میں یہ اکثر عدم اطمینان کا شکار ہوسکتی ہیں۔

پروشدھ کے پیشے اور صحت

پیشے: انجینئر، ادیب' خطیب' شاعر' مناظرہ کرنے والے' سیاستداں' قانون داں' اداکار' شپنگ انڈسٹری یا ٹریول انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے افراد' ایکسپورٹ امپورٹ کرنے والے' پل' ڈیم' نہریں وغیرہ تعمیر کرنے والے، قصاب، ماہی گیر اور سیلرز۔

مردانہ صحت: اس منزل کے تحت پیدا ہونے والوں میں ایک مخصوص بیماری کا رجحان پایا جاتا ہے جو نا قابلِ علاج ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ یہ لوگ اپنی صحت کا کوئی خاص خیال نہیں رکھتے' انہیں کالی کھانسی، سانس کی تکلیف، برونکائٹس، ٹی بی، دل کا دورہ اور ملیریا کی بیماریاں ہوسکتی ہیں۔ یہ لوگ گنٹھیا میں بھی مبتلا ہوسکتے ہیں اگر قمر کسی نحس اثر کا شکار ہو تو مندرجہ بالا تکالیف زیادہ شدید ہوسکتی ہیں۔ آپ کو اپنی صحت کا خیال ضرور رکھنا چاہیے اور موسمی امراض سے بھی محتاط رہنا چاہیے' آپ کو رانوں سے متعلق کوئی مسئلہ یا شیاٹیکا پین سے بھی پریشانی ہوسکتی ہے یا ریاحی امراض اور جنسی امراض بھی پریشان کر سکتے ہیں۔

زنانہ صحت: مردانہ امراض میں جو بیماریاں دی گئی ہیں ان کے علاوہ خواتین رحم سے متعلق تکالیف میں مبتلا ہوسکتی ہیں اور انہیں رانوں سے متعلق مسائل ہوسکتے ہیں۔

❖❖❖

اکیسواں پچھتر اتر شدھ
(Uttara Ashadha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Uttara Ashadha	F	☉	♐ ♑	Raja	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Moksha	Back of Quare	Yisvadev	Waist	Kshatriya

دائرۂ بروج کا اکیس واں پچھتر اتر شدھ 26:40 درجہ برج قوس سے 10 درجہ جدی تک پھیلا ہوا ہے' اس طرح یہ دو برجوں پر محیط ہے' اس کا پہلا قدم برج قوس میں اور باقی تین قدم برج جدی میں ہیں۔ یہ دو ثابت ستاروں پر مشتمل ہے۔

سیارہ شمس اس پچھتر کا حاکم ہے' اس کا نشان یا علامت ہاتھی دانت اور بستر ہے جو آرام اور امن کی علامت ہے، مذکر اور ثابت ہے، نجات اور اوپر دیکھنا، ساتھ ہی کمزور بینائی اس سے منسوب ہیں۔

یہ "عالمی ستارہ" کہلایا جانے والا پچھتر گہری انسانیت اور تمام نسلوں کے لیے منصف مزاجی کی عکاسی کرتا ہے' مشہور امریکی صدر ابراہام لنکن کا پیدائشی قمر اسی پچھتر میں تھا' اس کی فطرت انسانی ہے اور بنیادی محرک روحانی آزادی جب کہ حیوانی علامت قرنیوالا اور سمت جنوب ہے۔

دیومالائی تصورات کے مطابق اس پر وشنو دیوتا کی حکمرانی ہے' یہ دیوتا اچھائی' سچائی' قوت ارادی' مذہبی رسوم' وقت' خواہش' صبر و برداشت' آباؤ اجداد' کثرت اور خوشی سے منسوب ہیں' ان کی قوت ناقابل چیلنج ہے' چوں کہ پچھتر کا بنیادی محرک روحانی آزادی ہے

لہٰذا صاحب پچھتر نامعلوم روحانیت کی تلاش میں معروف رہ کر لطف اندوز ہوتے رہتے ہیں۔

اترشدھ پچھلے پچھتر پروشدھ کی بہ نسبت زبردست بصیرت اور زیادہ مستحکم' جارحانہ فطرت کو جنم دیتا ہے' یہ لوگ کسی بھی کام میں انتہائی انہماک کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اپنی سدھ بدھ کھو بیٹھتے ہیں' علم کے کسی پہلو میں گہرائی تک سرائیت کر جاتے ہیں۔

یہ لوگ عام طور پر زندگی میں فراوانی کے حامل ہوتے ہیں' قیادت کی خوبیاں اور لوگوں سے رابطہ کرنے کی اہلیت انہیں اچھا سیاست داں بناتی ہے' یہ جو بھی کام کرتے ہیں اس میں استقامت کا اظہار کرتے ہیں۔

اترشدھ کسی دیوتا جیسی مکمل سالمیت کے ظہور کی نمائندگی کرتا ہے' یہ ہمیں اپنی قوت' تعاون اور پہچان کی بلند چوٹی پر لے آتا ہے جس میں ہماری ذاتی کوششوں کا زیادہ دخل نہیں ہوتا' (جیسا کہ جیشٹھا میں ہوتا ہے) بلکہ دیگر تمام قوتوں کے اتحاد اور تعاون سے یہ مقام حاصل ہوتا ہے اس پچھتر کے حامل عام طور سے بڑے آدرش وادی لوگ ہوتے ہیں جن کے اہداف اونچے اور اوصاف نکھرے ہوئے ہوتے ہیں' فتح کا انحصار درست کاز پر ہے جو سب کے لیے مفید ہے۔

ان لوگوں کو اپنے کام یا پیشے میں مقصدیت کی ضرورت ہوتی ہے، کوئی بڑا مقصد اگر ان کے سامنے نہ ہو تو یہ کام میں دلچسپی نہیں لیتے، یہ بھی ضروری ہے کہ مقصدیت کا تعلق عالم انسانیت کی بھلائی اور فلاح و بہبود سے ہو ورنہ انہیں محسوس ہوتا ہے کہ ان کی زندگی ضائع ہو رہی ہے، اس پچھتر میں پیدا ہونے والی لڑکیوں کو اُس وقت پریشانی اور ڈپریشن کا شکار دیکھا گیا ہے جب وہ صرف گھریلو اُمور تک محدود کر دی گئی ہوں، خاص طور پر پچھتر کے پہلے قدم پر پیدا ہونے والی لڑکیاں محض ایک گھریلو عورت کے طور پر زندگی گزار کر مطمئن نہیں ہوتیں، اُن کا احساس یہ ہوتا ہے کہ بقول شاعر ''کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے''۔ اگر سسرالی ماحول اور شوہر انہیں روحانی آزادی نہ دے تو اُن کی سائیکی میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔

تاریک رُخ

اترشدھ کا تاریک پہلو ایک ایسی شخصیت ہو سکتا ہے جو مستقل فعال ہو جسے کسی پہلو

قرار نہ ہوا سے کاہلی کے برعکس صورت حال بھی قرار دیا جا سکتا ہے' ان لوگوں کو کسی بھی کام میں پوری طرح منہمک رہنے کی ضرورت ہے ورنہ بے حسی پیدا ہو سکتی ہے' وہ کوئی نیا کام شروع کر سکتے ہیں یا بڑا پروجیکٹ اور پھر اسے مکمل کرنے میں ناکام رہتے ہیں' ایک خود غرض' ضدی شخصیت' اس صورت میں واقع ہو سکتی ہے جب اتر شدھ متاثرہ ہو یا اس کا حاکم متاثرہ ہو۔

اس پچھتر کے جدی پہلو یعنی زحل کے اثر کا نتیجہ تنہائی یا مراقی فطرت کی صورت میں نکل سکتا ہے' اگر زحل کی پوزیشن اچھی نہ ہو اور قمر' طالع یا شمس' عطارد' زہرہ وغیرہ اس پچھتر میں ہوں تو مذکورہ بالا منسوبات کے مطابق منفی نتائج کی توقع کرنا چاہیے۔

اتر شدھ کے معنی ''بعد کی فتح'' کے ہیں جو زندگی کے اوائل میں نقصانات اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ زیادہ کامیابی کی عکاسی کرتا ہے' ان لوگوں کو زندگی کے اوائل میں مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ایسی صورت میں انہیں صبر سے کام لینا چاہیے' اس پچھتر کی ایک عجیب بات یہ ہے کہ اس کی حیوانی علامت نر نیولا ہے اور یہ واحد پچھتر ہے جس کی جوڑی کوئی مادہ حیوان نہیں ہے لہٰذا قبل از وقت شادی میں بعض مشکلات یا جنسی عدم مطابقت کا مشاہدہ ہو سکتا ہے اور اس پچھتر میں پیدا ہونے والے بعض افراد خواتین یا مرد مخصوص صورت حال میں شادی اور ازدواجی زندگی سے گریز کرتے ہیں، خصوصاً پچھتر کا پہلا قدم اس سلسلے میں خصوصی توجہ کا طالب ہے کیوں کہ یہ برج قوس میں گرتا ہے اور مشتری قوس کا حاکم ہے یہاں آئین و قانون یا مذہب و روحانیت اپنا اثر دکھاتی ہے اور پھر کوئی نرالی شخصیت بھی وجود میں آ سکتی ہے۔

نوٹ: ایک اٹھائیسواں پچھتر ابھیجیت کہلاتا ہے جو بعض اوقات اتر شدھ کے آخری درجات میں داخل کیا جاتا ہے' یہ عام حالات میں زائچہ کے تجزیے کے لیے استعمال نہیں ہوتا بلکہ مہورت یا الیکشن ایسٹرولوجی میں استعمال کیا جاتا ہے اسے ''لاگھو'' یا ہلکا پچھتر سمجھا جاتا ہے جو شفاء سفر یا کاروباری شروع کرنے کے لیے مبارک ہے۔

اتر شدھ کے چار قدم

پہلا قدم 26.40 درجہ قوس سے 0 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مخیر' کشادہ ذہن کے مالک اور سیانے ہوتے ہیں' عمدہ تحریر و تقریر کا ہنر

جانتے ہیں' اپنے اساتذہ اور مالکان یا حکمرانوں کے پسندیدہ ہوتے ہیں۔

دوسرا قدم 0 درجہ جدی سے 3.20 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوش بیان' مخیر ہوتے ہیں' ان کی تقریر میں پختگی ہوتی ہے لیکن لالچی اور مغرور ہو سکتے ہیں' تلخ اور گمراہ۔

تیسرا قدم 3.20 درجہ جدی سے 6.40 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور اور دوسروں پر ظلم ڈھانے والے ہو سکتے ہیں' بڑی بڑی آنکھیں' لمبا قد اور مائل بہ فربہی۔

چوتھا قدم 6.40 درجہ جدی سے 10 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مذہبی' سچے مخیر اور دولت مند ہوتے ہیں' انہیں پسند کیا جاتا ہے' معاشرے میں مشہور ہوتے ہیں۔

اتر شدھ میں طالع

اگر طالع کے درجات اتر شدھ میں طلوع ہوں تو یہ ایک مخلص اور مہربان شخص کی نمائندگی ہو گی جو ایک اچھا مشیر ہو گا' سیلانی ہو گا جس کے بہت سے دشمن اور بہت سے ہم

ناموافق پچھتر

وہ ناموافق پچھتر جب کسی اہم کام کا بیڑا نہیں اٹھانا چاہیے' یہ ہیں۔ 2'3'6'9'10'11'18'22 اور 26 یعنی بھرنی، کرتکا، اردرا، اشلیشا، ماگھ، پُروا پھالگنی ،جیشٹھا، سرونا اور اُتر بھدرا پد۔ اس میں پیدائش کے قمر کی پوزیشن سے دسواں اور 19واں پچھتر بھی شامل ہے۔

کسی بھی کام کا آغاز کرنے کے لیے ناموافق دن ہفتہ' اتوار اور منگل ہیں جن پر زحل' شمس اور مریخ کی بالترتیب حکمرانی ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ پچھتر ویدک سسٹم میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں اور تقریباً ہر چیز ہر معاملے پر حکمرانی کرتے ہیں لیکن قمر کے پچھتر کو خصوصی اہمیت حاصل ہے جو اچھے یا برے نصیب کی نشاندہی کرتا ہے۔

محبت ہوں گے' تفریح کا شائق' بہت ذہین' ایک اچھا عوامی خادم ہوگا' کثیر المطالعہ اور ہو سکتا ہے کہ وہ مشہور بھی ہو جائے' اس کا حلقہ احباب غیر معمولی طور پر وسیع ہو سکتا ہے اور اس کے نتیجہ میں دوستوں کے ساتھ آوارہ گردی کا رجحان بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ اکثر ایسے لوگ عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر علاقائی سطح پر کوئی ذمہ داری قبول کر لیتے ہیں' وہ کونسلر وغیرہ بنتے ہیں اور بعد میں مشہور ہوتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں رومن بادشاہ نیرو' آیت اللہ خمینی' انڈونیشیا کے سابق صدر سوئیکارنو' مشہور پاسٹ لوئس ہمین کیرو' پاپ اسٹار مائیکل جیکسن' اداکار کرک ڈگلس' ہنری ونکلر' اسٹیفن سونڈ ہیم' ٹینسی ولیمز' جین فونڈا وغیرہ شامل ہیں۔

اتر شدھ میں شمس

اگر شمس اس پچھتر میں ہو تو انسانیت دوست بناتا ہے' ایسے لوگ فطری طور پر روحانیت کی طرف راغب رہتے ہیں' سماجی قدروں کو بدلنے کی خواہش ان کے اندر انگڑائیاں لیتی ہے' عام طور پر یہ لوگ قابل' محقق اور فلسفیانہ فطرت کے زیر اثر بعض مخصوص کاموں میں دلچسپی لیتے نظر آتے ہیں' کسی خاص کاز کے لیے جدوجہد کرتے ہیں' زور آور اور اچھے مقرر ثابت ہوتے ہیں' مشہور ہوتے ہیں لیکن متنازع بھی ہو سکتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں رومن بادشاہ نیرو' بنجمن فرینکلن' ماہر فلکیات و منجم جوہانس کپلر' مارٹن لوتھر کنگ جونیئر' سندھی رہنما جی ایم سید' مصری صدر جمال عبدالناصر' ایلن ڈی جینریس' البرٹ شوئٹزر' کیون کوسٹنر' مصنف اور ہدایت کار کمال امروہوی' موسیقار او پی نیر' کلاسیکل گائیک اور نکار پر شاد نائز' باکسر محمد علی کلے' جیوفریز راور جارج فورمین' جرائم پیشہ ال کپون شامل ہیں۔

اتر شدھ میں قمر

چاند اگر اتر شدھ میں طلوع ہو تو صاحب پچھتر شائستہ اطوار کا حامل ہوگا' اس کے بہت سے دوست ہوں گے اور وہ شکر گزار اور منکسر المزاج ہوگا' ذہین' صالح' مخیر اور لوگوں میں مقبول ہوگا' اس کی گفتگو میں شگفتگی ہوگی' قیادت کی صلاحیت اور رجحان مشاہدہ میں آتا ہے'

فوج میں شجاعت کا مظاہرہ' عمر کے پینتیسویں سال کے بعد زیادہ کامیابی ملتی ہے' قبل از وقت شادی میں پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔

مشہور شخصیات میں نپولین بونا پارٹ' سیزرآگسٹس' امریکی صدر ابراہم لنکن' بدنام زمانہ نازی لیڈر ایڈولف ایشمن' سابق بھارتی وزیراعظم اندرا گاندھی' رابرٹ کینڈی' اٹل بہاری واجپائی' بلاول بھٹو زرداری' شیخ ایاز' کیری گرانٹ' کیٹ اسٹوپیز' بلی ہالی ڈے' اسٹین گروف' جان لینن' موسیقار نوشاد' کلاسیکل گائیک پنڈت جسراج' اداکارہ نوتن' کرشمہ کپور' ڈان ابوسالم وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ صحت مند جسم' گوری رنگت' باوقار اور کرشماتی شخصیت کے مالک ہیں' چوں کہ یہ منزل سیارہ شمس کے ماتحت ہے لہٰذا آپ ایماندار' راست باز اور دوسروں کی عزت کرنے والے' لین دین اور کاروبار میں دیانت دار ہیں۔ جذباتی معاملات میں بھی مستقل مزاج اور پراعتماد ثابت ہوتے ہیں۔ آپ آسانی سے دوست نہیں بناتے اور لوگوں پر بھروسہ کرنے میں بھی وقت لیتے ہیں۔

تعلیم یافتہ اور معزز طبقہ آپ کی عزت کرے گا' آپ کا رویہ انتہائی مہذب اور شائستہ ہوگا' آپ اپنے کام کے شعبے میں مشہور ہوں گے' مذہبی اور خدا ترس ہیں' آپ ہمیشہ تصویر کا روشن پہلو دیکھتے ہیں' خوش گمان اور پُرعزم ہیں' آپ پراسرار علوم کے مطالعے میں دلچسپی لیں گے' عام طور پر آپ کا قد درمیانہ اور جسم متناسب ہوگا' اعلیٰ ظرفی آپ کی شخصیت میں نمایاں نظر آئے گی' خوش حال ہوں گے' چہرے پر شادابی نمایاں رہے گی' آپ کی نگاہ دل میں اترنے والی ہوگی۔ تعلیم سے رغبت رہے گی اور فیملی میں بھی مشہور اور نمایاں نظر آئیں گے۔

آپ ایسا پیشہ اختیار کرنا چاہیں گے جس میں زیادہ سے زیادہ اختیارات حاصل ہوں لیکن ایسا اُس صورت میں ہوگا جب زحل اس پچھتر میں نہ ہو' اگر زحل اسی پچھتر میں ہو تو آپ کا پیشہ ملی جلی نوعیت کا ہوگا' یعنی آپ اکثر ملازمت یا کاروبار بدلتے رہیں گے۔

آپ دوسری شادی کرسکتے ہیں' عام طور پر شادی کا امکان عمر کے تیسویں سال

کے آس پاس ہوگا' ستائیس سال کی عمر تک آپ مالی مشکلات میں گھرے رہیں گے' اس کے بعد مالی حالت بہتر ہو جائے گی' آپ کے بہت سے بچے ہوں گے اور آپ کے بچے بھی اپنے پیشوں میں اور سوسائٹی میں اچھا مقام حاصل کریں گے لیکن آپ اپنے بڑے بیٹے کے ساتھ رہنا چاہیں گے' بچپن میں آپ کی صحت بہت خراب ہو سکتی ہے اور آپ کے والدین آپ کی صحت کی طرف سے مستقل فکرمند رہیں گے لیکن بیس سال کی عمر کے بعد آپ کی صحت بہتر ہونے لگے گی' عمر کے انیسویں اور بیسویں سال میں آپ کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں لیکن اس کے بعد پھر کوئی مسئلہ پیش نہیں آئے گا۔

اتر شدھ کے پیشے اور صحت

پیشے :اس نچھتر کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد عام طور پر ''پہل کار'' ہوتے ہیں' یعنی کسی نئے کام کی بنیاد رکھتے ہیں' جیسا کہ ہمیں امریکی صدر ابراہم لنکن اور موسیقار نوشاد کے معاملے میں نظر آتا ہے' یہ لوگ تحقیق' سائنس' فوج' شکار' باکسنگ یا کسی کاز کی خاطر لڑنے کے لیے مخصوص ہوتے ہیں' سرکاری ملازمت یا سماج سدھار کے کاموں میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں' لہٰذا فیلڈ مارشل' پہلوانی' باکسنگ' فوج میں شجاعت یا تحقیق کے کسی شعبہ میں نمایاں کارکردگی دکھاتے ہیں' یہ لوگ علم نجوم میں بھی دلچسپی لیتے ہیں۔

مردانہ صحت : پیٹ کے مسائل اور ہاتھوں پیروں پر فالج' کمزور بینائی آنکھوں میں نقص بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ ایگزیما یا دیگر جلدی امراض بھی انہیں پریشان کر سکتے ہیں' ہڈیوں کے مسائل اور گنٹھیا کی بیماری۔

زنانہ صحت: خواتین میں ہرنیا یا رحم سے متعلق مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

❖❖❖

بائیسواں پچھتر سَر وَنا (Shravan)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Shravan	M	☽	♉	Raja	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Artha	Arrow	Sri Yisnu	Genitals	Lowest

برج جدی کے دس درجے سے تیئس درجہ بیس دقیقہ تک پھیلا ہوا بائیسواں پچھتر سرون تین ستاروں پر مشتمل ہے' گویا پورا پچھتر برج جدی میں واقع ہے جس کا حاکم سیارہ زحل ہے' جبکہ سرون کا حاکم قمر ہے' یہ پچھتر ہمیں سچائی کی تجلی کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے جو دولت یا فریب کی دنیا نے ہم سے چھپا رکھی ہے' اس قمری منزل کو ''تحصیل کا ستارہ'' بھی کہتے ہیں' یہ علم کی دیوی سرسوتی سے بھی وابستہ ہے جو ''بہاؤ والی'' کہلاتی ہے اور انسانیت کے لیے علم' موسیقی اور فصاحت و بلاغت کی نمائندگی کرتی ہے۔

لفظ ''سرون'' سنسکرت سے لیا گیا ہے اور ''سماعت'' کے معنوں میں ہے' اس کی علامت کان' فطرت' دیا (سونے جیسا) بنیادی محرک مادی ترقی' حیوانی علامت مادہ بندر اور سمت شمال ہے۔

یہ پچھتر لطیف اور نازک ایتھری دائرہ اثر کو سننے کی اہلیت ظاہر کرتا ہے' دیو مالا کے مطابق کرشنا کی بانسری کی کائناتی آوازیں' گھنٹیاں یا کائناتی زیر بم' سرون والوں کو سنائی دے سکتے ہیں یہاں ابلاغ کے علم کی نمائندگی ہوتی ہے جو ہمیں مادی دنیا سے ماورا ہونے میں مدد دیتا ہے' یہاں ارتعاش اور دانائی کے الفاظ کا عرفان حاصل ہوتا ہے' اس پچھتر کی قوت رابطہ فراہم کرتی ہے۔

صاحب پختر لوگوں کو ان کے مناسب راستوں پر ایک دوسرے سے جوڑ سکتے ہیں' ویدک اور دیو مالائی تصورات بہت عجیب ہیں جن کی تشریح بہت سے الجھاؤ پیدا کرتی ہے' لہٰذا ہم اسے نظر انداز کرتے ہوئے پختر کی بنیادی خصوصیات پر بات کریں گے۔

سرون' بندگی اور انسانیت کی خدمت پر حکومت کرتا ہے' اس پختر کے زیر اثر اکثر مہربان اور بخیر فطرت کے لوگ پیدا ہوتے ہیں اور اسی حوالے سے دنیا میں ان کی پہچان ہوتی ہے' یہ لوگ اچھے مصنف اور معلم ہوتے ہیں' عام طور سے بہت فعال' محنتی اور اپنی تمام کاوشوں میں سچائی کے متلاشی رہتے ہیں' سفر کے شوقین ہوتے ہیں اور غیر ممالک میں رہتے یا تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

اس پختر کے زیر اثر پیدا ہونے والے پیدائش سے موت تک مستقل علم حاصل کرتے رہنا چاہتے ہیں' اس لیے ان لوگوں کے پاس عام طور پر ایک لائبریری بھی ہوتی ہے جہاں وہ اپنا قیمتی وقت مطالعہ میں گزارتے ہیں' سرون افراد کو تنہائی کی بہت ضرورت ہوتی ہے تا کہ وہ اکیلے میں غور و فکر کرسکیں' وہ اس اصول کے ساتھ زندہ رہتے ہیں کہ ''تنہائی عظمت کی قیمت ہے''۔

تاریک رُخ

سرون کا تاریک پہلو یہ ہے کہ وہ ضدی اور بے لچک ہو سکتے ہیں اس کی ایک وجہ برج جدی کا زحلی اثر ہے' ان لوگوں کے بہت سے دشمن ہو سکتے ہیں کیوں کہ یہ حاسد بھی ہوتے ہیں' ان کو گپیں ہانکنے اور دوسروں کی گپیں سننے کا شوق ہوتا ہے' یہ لوگ حساس ہوتے ہیں اور انہیں دوسروں کی رائے سے آسانی سے ٹھیس پہنچ جاتی ہے' زندگی کے ابتدائی دور میں انہیں فریب اور وہم کا تجربہ ہوسکتا ہے کیوں کہ وہ دنیا کے فریب کی چھان بین کرتے رہتے ہیں' ان کا بنیادی محرک ترقی ہے' ایک دفعہ وہ مالی تحفظ حاصل کرلیں تو پھر وہ اپنے آگہی کے اعلیٰ ادراک اور روحانی آزادی کے حصول کی کوششیں شروع کر دیتے ہیں' یہ لوگ عموماً زندگی کے وسط میں دولت مند ہو جاتے ہیں۔

سرون کے ایک معنی ''لنگڑا'' یا ''لنگڑانا'' کے بھی ہیں اور یہ لوگ اس مثال پر پورے اترتے ہیں یعنی زندگی کی دوڑ میں اکثر لنگڑا رہے ہوتے ہیں' پھر وقت کے ساتھ ساتھ

تجربے اور صبر سے اپنی رفتار میں اضافہ کرتے ہیں' احساس کمتری پر بھی عمر کے ساتھ ساتھ غالب آتے ہیں۔

سَروَنا کے چار قدم

پہلا قدم 10 درجہ جدی سے 13.20 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد صالح لیکن نکتہ چینی کرنے والے ہوتے ہیں' لمبا قد اور موٹاپے کی جانب مائل پُر جوش۔ ان لوگوں کو اپنڈکس کا مسئلہ ہو سکتا ہے' اولاد میں چند بیٹے۔

دوسرا قدم 13.20 درجہ جدی سے 16.40 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد بلے پتلے اور وقف شدہ ہوتے ہیں' خدام رکھتے ہیں' بے خبر اور لالچی ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 16.40 درجہ جدی سے 20 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مادّی کامیابیاں حاصل کرتے ہیں لیکن مقروض بھی ہوتے ہیں حالانکہ ان کے پاس پیسے بھی ہوتے ہیں' کمزور یا مریل سے نظر آتے ہیں' ان ذریعہ معاش نامناسب اور غلط ہو سکتا ہے۔

چوتھا قدم 20 درجہ جدی سے 23.20 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مخیر اور مذہبی ہوتے ہیں' زرعی زمینوں اور جائیداد کے مالک' رقاصاؤں سے دلچسپی رکھتے ہیں' رنگت میں ایسے ہوتے ہیں جیسے دھوپ سے جھلسے ہوئے۔

سَروَنا میں طالع

اگر طالع پیدائش سرون میں طلوع ہو تو ایسا شخص معزز اور مشہور ہوتا ہے لیکن اس کے بہت سے دشمن ہوتے ہیں' وہ کھلے ہاتھ سے خرچ کرنے والا' مذہبی اور انسانیت نواز ہوتا ہے' اسکالرشپ ایسے لوگوں کے لیے موزوں ہوتی ہے اگر' معاشرے میں عمدہ کردار ادا کرتے ہیں' اپنی تحقیق سے دنیا کو بہت کچھ دیتے ہیں' ان کے چند بچے ہوتے ہیں اور اکثر ایسے لوگ اپنی جائے پیدائش سے دور رہ کر زندگی گزارتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں جھانسی کی رانی' ہی جی جنگ' ایڈورڈ' ڈیوک آف ونڈسر' لارڈ بیڈن پاول' شطرنج کا عالمی چیمپئن بوبی فشر' جاسوسی ناول نگار آئن فلیمنگ' کمک ڈافر پھو

مہاراج' اداکار دلیپ کمار' ششی کپور' سنجیو کمار' اداکارہ منشیا کوئرالا' کاجل وغیرہ۔

سرونا میں شمس

اگر سیارہ شمس اس پچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ ایک عملی انسان ہوگا' ایسے لوگ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتے ہیں کیوں کہ ان کی عملی فطرت انہیں مستقل اپنے مقصد کے لیے متحرک رکھتی ہے' اپنے افسران کے ساتھ انہیں مشکلات پیش آتی ہیں اور بعض اوقات وہ باغیانہ کردار ادا کرتے ہیں' مضبوط قد کاٹھ کے مالک' اچھی صحت اور ابلاغ کے میدان میں خداداد صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں سینٹ جون آف آرک' شاعر لارڈ بائرن' اداکار پال نیومن' جیمز ڈین' امیتابھ بچن' موسیقار موزارٹ' خیام' کلاسیکل گائیک پنڈت جسراج' ایلن ایلڈا' جمائما خان' عاصمہ جہانگیر' اداکارہ وحیدہ رحمن' ایلن ایلڈا وغیرہ۔

سرونامیں قمر

سیارہ قمر اگر سرون پچھتر میں ہو تو صاحب زائچہ قابل' دولت مند اور مشہور ہوتا ہے' وہ ایک اچھا طالب علم ہوتا ہے اور شریک حیات کے معاملے میں بھی خوش قسمت ہوتا ہے' ذہین اور تخلیقی صلاحیتوں سے مالا مال' مختلف علوم و فنون میں دلچسپی' اچھا مقرر اور اچھا میزبان' مخیر' بااصول' انتہائی جوشیلا' مذہبی' کاملیت پسند اور سیاست میں دلچسپی لینے والا۔

مشہور شخصیات میں نقشبندیہ سلسلے کے بانی حضرت مجدد الف ثانی' فلسفی والٹیئر' سر آرتھر کانن ڈائل' ارب پتی ہنری فورڈ' صدر سوئیکارنو' آغا شاہی' مشہور ویدک اسکالر ڈیوڈ فراولے' محمد علی کلے' چارلس مینسن' بروس ولس' مصنف مستنصر حسین تارڑ' عاصمہ جہانگیر' رسوائے زمانہ راسپوٹین' پروڈیوسر ڈائریکٹر وی شانتا رام' گلوکارہ لتا منگیشکر' اداکار شاہ رخ خان' منوج کمار' سیف علی خان' کامیڈین عمر شریف' اداکارہ سادھنا' منشیا کوئرالا' کرینا کپور وغیرہ۔

آپ کی شخصیت

برج جدی کا حاکم مزاحمت اور روک ٹوک کرنے والا سیارہ زحل ہے اور پچھتر سرون کا حکمران پل پل رنگ بدلنے والا جذباتی قمر' اس طرح آپ کی شخصیت میں ایک

دلچسپ تضاد نظر آتا ہے کیوں کہ زحل اور چاند ایک دوسرے کے تقریباً برعکس خصائل کے حامل ہیں' لہٰذا آپ ان دونوں سیاروں کی خوبیوں اور خامیوں کے مجموعے کا اظہار کرتے ہیں۔

زحل کم آمیز بھی ہے اور عملی بھی اور چاند جذباتی، حساس اور متزلزل ہے۔ زحل کے اثرات قمر کو بھی استحکام، ایڈجسٹ ہونے کی صلاحیت اور مستقل مزاجی عطا کرتے ہیں۔

آپ چھریرے جسم کے مالک ہیں اور آپ کے اندر بچگانہ جوش وخروش بھی نہیں پایا جاتا۔ زحل کی نسبت سے سنجیدگی اور بردباری نمایاں ہے۔ اکثر لوگ مقدس نصاب اور تحریروں کے ماہر ہوتے ہیں اور بہت سے بیٹوں کے باپ ہوتے ہیں۔ آپ کا حلقہء احباب وسیع ہوگا اور آپ اپنے دشمنوں کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

آپ شائستہ مزاج اور نرم گفتار ہیں' اپنے ہر کام میں صفائی اور ستھرائی کو برقرار رکھیں گے' اصول اور اخلاقیات کے تحت زندگی بسر کرنا پسند کریں گے' اپنے ماحول میں بھی صفائی دیکھنا چاہیں گے اور ایسے لوگوں کو ناپسند کریں گے جنہیں صفائی' ستھرائی کا کوئی خیال نہیں ہوتا' آپ گندے حلیے میں نظر آنے والے کسی شخص کو ٹوکنے میں ذرا نہیں ہچکچائیں گے' آپ کو دوسروں کی حالات زار پر ترس آئے گا اور جہاں تک ہو سکے گا' ان کی مدد کریں گے' آپ کو کھانا بھی صاف ستھرا اور لذیذ چاہیے۔

خدا ترسی اور اپنے اساتذہ کا احترام بھی آپ کی نمایاں خصوصیت ہے' آپ حق کی فتح پر یقین رکھنے والے ہیں' ان لوگوں سے صلے یا اجر کی امید نہیں کریں گے جن پر آپ نے احسان کیا ہو یا جن کی مدد کی ہو' کچھ لوگ آپ کی فیاضی اور فراخ دلی سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے' اگر آپ کسی چور کو بھی پکڑیں گے تو یہ جاننے کی کوشش کریں گے کہ وہ کن حالات کے تحت چور بنا اور اگر آپ قائل ہوگئے کہ وہ سچ بول رہا ہے اور واقعی حالات نے اسے چور بنا دیا ہے تو آپ اسے معاف کر دیں گے۔

آپ کے چہرے پر سکون کی کیفیت ہوگی اور آپ اپنے ساتھ مشاورت کرنے والوں کے ذہن پر اثر انداز ہوں گے' لہٰذا آپ سیاست داں یا عوامی شخصیت بننے کے لیے موزوں ہیں' آپ کی مسکراہٹ میں ایک کشش ہوگی جو مقناطیس کی طرح لوگوں کو اپنی طرف کھینچے گی جو بھی آپ کے قریب آئے گا' آپ اس پر ایک ناقابل فراموش اثر چھوڑ دیں گے۔

آپ کی زندگی میں خواہ کیسے بھی نشیب وفراز آئیں' آپ اپنی پوزیشن کو برقرار رکھنے میں کامیاب رہیں گے' ممکن ہے آپ بہت بلند مقام پر نہ پہنچ سکیں لیکن آپ پستی میں بھی نہیں رہیں گے' دوسرے لفظوں میں آپ ایک اوسط درجے کی کامیاب زندگی گزاریں گے۔

اپنی عقل وفہم کے مظاہرے کی وجہ سے آپ دوسروں کی نظر میں معزز ہوں گے' ایک ہی وقت میں کئی کام نمٹانے کے اہل اور اپنے پیشے میں پاور اور اتھارٹی کے آرزومند' آپ بہت سی ذمہ داریاں اپنے شانوں پر لیں گے اور اس حوالے سے پیسے بھی خرچ کریں گے لہٰذا آپ کو ہمیشہ پیسوں کی ضرورت ہوگی' آپ اپنے بدترین دشمنوں سے بھی بدلہ لینا نہیں چاہیں گے بلکہ انصاف اور سزا کا معاملہ خدا پر چھوڑ دیں گے۔

اس منزل میں پیدا ہونے والی خواتین کے جسمانی خدوخال پرکشش ہوتے ہیں' ان کی مسکراہٹ دل آویز ہوتی ہے' بعض افراد کے چہرے پر کوئی نشان یا تل وغیرہ بھی ہو سکتا ہے' بعض لوگوں کے شانے کے نیچے سیاہ تل ہوتا ہے۔

آپ کو تیس سال کی عمر تک بہت سی تبدیلیوں سے گزرنا ہوگا' تیس سے پینتالیس سال کا درمیانی عرصہ زندگی کے تمام معاملات میں استحکام لاتا ہے۔

سرونا کے پیشے اور صحت

پیشے: ٹیچر' مقرر' تھراپسٹ' ماہر لسانیات' ایسٹرولوجر' مذہبی اسکالر' سیاستداں' بزنس مین' ماہر ارضیات اور ماحولیات' موسیقار' کرتب باز' سرکاری افسران' جیب کترے' پیش امام' پادری اور پنڈت وغیرہ۔

مردانہ صحت: ان لوگوں کو کان کی تکلیف یا اونچا سننے کے مسائل ہو سکتے ہیں' جلدی امراض' اگزیما' جوڑوں کے درد' گنٹھیا' گھٹنوں کی تکالیف' تولیدی اعضاء کی بیماریاں' ٹی بی اور بدہضمی کی شکایات ہو سکتی ہیں۔

زنانہ صحت: کان سے متعلق بیماریاں' جلدی امراض' اگزیما' ٹی بی اور پیپ پڑنا وغیرہ۔

تیسواں نچھتر دھنشٹھا (Dhanistha)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Dhanistha	F	♂	♑ ♒	Tama	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Dhama	Drum	Yasus	Anus	Servant

تیسویں قمری منزل دھنشٹھا چار ستاروں کے ایک چھوٹے سے گروپ پر مشتمل ہے جو ڈیلفینس اور ڈولفن کے سر میں واقع ہے' آدھا نچھتر برج جدی میں اور باقی نصف برج دلو میں ہے یعنی برج جدی کے تیئس درجہ بیس دقیقہ سے شروع ہو کر برج دلو کے چھ درجہ چالیس دقیقہ پر ختم ہوتا ہے' جدی اور دلو کا حاکم زحل ہے جبکہ غضب ناک اور ڈائنا مک مریخ دھنشٹھا کا حکمران ہے۔

دھنشٹھا کو "دھمنی کا ستارہ" کہتے ہیں اور اس کی علامت "طبلہ" ہے' عام طور سے اس نچھتر میں موسیقی سے محبت اور گانے بجانے کی صلاحیت کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ بعض نام ور موسیقار اور گلوکار اس نچھتر کے حامل رہے ہیں۔

یہ قمری منزل بے پناہ دولت کے ساتھ ایک مشکل ازدواجی تعلق یا زندگی کی نشاندہی کرتی ہے' شہزادی ڈیانا اور اداکارہ مارلن منرو کا پیدائشی قمر اسی منزل میں ہے اور اداکار امیتابھ بچن کا طالع بھی اسی نچھتر میں ہے، کہا جاتا ہے کہ دولت ان لوگوں کے پیچھے بھاگتی ہے جس کا مشاہدہ امیتابھ کے کیس میں کیا جا سکتا ہے۔

دھنشٹھا نچھتر کی دیو مالا بھی بہت الجھی ہوئی ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ توانائی اور روشنی اور کرہ ارض کے آٹھ دیوتا اس نچھتر سے منسوب ہیں جو مادی سطح پر مددگار ہوتے

ہیں اور طاقت کی فراوانی کے ساتھ شہرت عطا کرتے ہیں، ان دیوتاؤں کے نام سورج، چاند، زمین، آگ، خلاء، ہوا، آسمان اور پنچستر ہیں، بہتر ہوگا کہ دیو مالائی تشریحات سے صرف نظر کیا جائے۔

دھنشٹھا لوگ بصیرت، سماعت اور سچائی کے ادراک کی خداداد صلاحیت رکھتے ہیں' یہ لوگ آزاد سوچ کے مالک ہو سکتے ہیں اور کسی عام کاز کے لیے لوگوں کو متحد کر سکتے ہیں' یہاں عالمی ہمدردی اور مروت کا تجربہ ہو سکتا ہے۔

روحانی جنگجو سیارہ مریخ کی وجہ سے ایک مضبوط اور مہم جو فطرت بھی موجود ہے' سیارہ مریخ اس پنچستر میں شرف یافتہ بھی ہے' اس کی حیوانی علامت ایک دلیر مادہ شیر (شیرنی) ہے' اس کی فطرت آسیبی یعنی راکھشس ہے' بنیادی محرک' راست بازی اور سمت مشرق ہے، یہ مذکر ہے اور زراعت، روحانیات کا رجحان رکھتا ہے، اوپر دیکھتا ہے لیکن اندھا ہے، اس کے مقامات یادگار عمارتیں ہیں۔

یہ لوگ بڑی شہرت اور نمایاں پہچان حاصل کرنے کے قابل ہوتے ہیں اور اپنے ذرائع کو یکجا کرنے کے اہل ہوتے ہیں' اس طرح وہ اور بھی عملی ہو جاتے ہیں' عام طور سے انہیں اپنے گھر سے دور روزگار ملتا ہے۔

تاریک رُخ

دھنشٹھا کا تاریک پہلو مادہ پرستی کی طرف جھکاؤ ہے' اگر یہ پنچستر کسی اعتبار سے متاثرہ ہو یا مریخ زائچے میں متاثرہ ہو تو ایسا صاحب زائچہ اپنی ذات کے لیے سب کچھ حاصل کرنے کے جتن کر سکتا ہے اور اس کی خواہشات نفسانی بہت بڑھ سکتی ہیں جیسا کہ راسپوٹین کے کیس میں مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

وہ انتہائی پرعزم' لالچی اور دوسروں کی دولت سے حسد کرنے والا خود پسند اور خود پرست ہو سکتا ہے' اس میں ''نرگسیت'' کا رجحان بھی پروان چڑھ سکتا ہے یعنی چاہے جانے کی شدید خواہش۔

مریخ کی حاکمیت کی وجہ سے بے رحمی' بے مروتی' سنگ دلی اور کینہ پروری کا رجحان ہو سکتا ہے۔

اس پچھتر کی فطرت آسیبی یعنی بھوت پریت والی ہے لہٰذا جن خواتین کا پیدائشی قمر اس پچھتر میں واقع ہو ان کی شادی میں تاخیر یا ازدواجی زندگی میں مشکلات اکثر دیکھی جاتی ہے (شہزادی ڈیانا) الگ تھلگ رہنے والا مزاج اور گھمنڈی فطرت یہاں پیدا ہوسکتی ہے' ان لوگوں کو صبر اور استقامت سے کام لینا چاہیے تاکہ زندگی کے ابتدائی زمانے میں مشکل وقت اور آزمائش پر قابو پانے میں مدد مل سکے۔

واضح رہے کہ جن لوگوں کا پیدائشی قمر اس پچھتر میں ہوگا ان کی زندگی کے ابتدائی دور مریخ اور راہو کے ہوں گے اور بہر حال کم سنی میں ان ادوار کا تجربہ سخت ہوسکتا ہے، خصوصاً اس صورت میں کوئی نہایت ہی تلخ تجربات ہوں گے، جب مریخ زائچے کا منحوس حاکم ہو اور راہو منحوس گھروں پر قابض ہو، ایسی صورت میں بچپن اور جوانی تلخیوں سے بھرپور ہوتا ہے لیکن بعد ازاں جب یہ لوگ مشتری کے دور میں داخل ہوتے ہیں تو حالات میں تبدیلی آجاتی ہے۔

دھنشٹھا کے چار قدم

پہلا قدم 23.20 درجہ جدی سے 26.40 درجہ جدی تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد کی ٹھوڑی نوکیلی ہوتی ہے' یہ لوگ بے صبر لیکن پرعزم ہوتے ہیں' ظالم اور جھگڑالو ہوسکتے ہیں، اگر زحل اور مریخ بھی چاند کے ساتھ یہاں موجود ہوں تو ان کو زندگی میں شدید ناموافق صورت حال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ابتدائی عمر میں صحت پر منفی اثرات پڑ سکتے ہیں، دس سال کی عمر میں کوئی حادثہ پیش آسکتا ہے اور 12 سال کی عمر میں کسی تیز دھار یا نوکیلی شے سے زخمی ہوسکتے ہیں، بہر حال یہ لوگ نہایت بے چین، مضطرب اور سیماب صفت ہوتے ہیں۔

دوسرا قدم 26.40 درجہ جدی سے 0 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد سچے' پُرجوش اور چالاک ہوتے ہیں' ذہنی طور پر مستحکم لیکن جھگڑالو۔

تیسرا قدم 0 درجہ دلو سے 3.20 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ خوش اطوار اور دولت مند ہوتے ہیں لیکن مغرور بھی ہوتے ہیں' اپنے ملازمین اور ماتحتوں کا اچھی طرح خیال رکھتے ہیں' ان کا رنگ صاف ہوتا ہے' اپنے نظریات میں کٹر ہوتے ہیں' اس قدم پر پیدا ہونے والے بعض افراد کبڑے پن کے نقص کا شکار بھی ہوسکتے ہیں۔

چوتھا قدم 3.20 درجہ دلو سے 6.40 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور اور ظالم ہو سکتے ہیں' غیر مذہبی رجحانات کے حامل' داستان گو یا گپیں ہانکنے والے' ان کے جسم پر بالوں کی زیادتی ہوتی ہے۔

دھنشٹھا میں طالع

اگر طالع دھنشٹھا میں واقع ہو تو ایک ایسے شخص کی نشاندہی کرتا ہے جو ہیرو یا شجاع فطرت کا مالک ہوگا جس کا مزاج اس کے رفیق سے مختلف ہو سکتا ہے' وہ تخیر اور شاہانہ مزاج کا حامل ہوگا' ممکن ہے وہ سچا نہ ہو' اگر طالع نحس سیارگان سے متاثرہ ہو تو ایسا شخص جلد باز' مغرور اور نقصان پہنچانے والا ہو سکتا ہے' بصورت دیگر انسانیت دوست' آدرش وادی' صالح' پرعزم' خوش فہم' دولت مند' فلسفیانہ مزاج' آزاد سوچ اور پرتجسس ذہن کا مالک ہوگا۔

مشہور شخصیات میں سلطان محمود غزنوی' سلطان صلاح الدین ایوبی' امریکی صدر ابراہام لنکن' ارب پتی جے پی مورگن' کارل مارکس' والٹ ڈزنی' اداکار اجیتابھ بچن' گلوکار سہگل' اداکارہ مدھو بالا' مشہور جرائم پیشہ کارن فیلڈ بورنی وغیرہ شامل ہیں۔

دھنشٹھا میں شمس

اگر شمس اس نچھتر میں ہو تو جرأت مند بناتا ہے' متجسس ذہن' اسٹیبلشمنٹ صلاحیتیں' محنتی' فلسفیانہ فطرت اور غصے کے مسائل بھی سامنے آتے ہیں' ایسے لوگ سماجی مسائل میں دلچسپی لیتے ہیں' دولت مند اور کامیاب ہوتے ہیں' اکثر سر پھرے اس نچھتر میں شمس کے تحت پیدا ہوتے ہیں' یہ لوگ دباؤ سے بھرپور زندگی گزارتے ہیں اور بعض اوقات نامعقول بھی ثابت ہوتے ہیں۔ اگر شمس زائچے میں متاثرہ ہو تو منفی خصوصیات اور رجحانات دیتا ہے۔

مشہور شخصیات میں سلطان صلاح الدین ایوبی' مرزا غلام احمد قادیانی' سروجنی نائیڈو' بھارتی صدر ذاکر حسین' امریکی صدر ابراہام لنکن اور رونالڈ ریگن' سائنسداں تھامس اے ایڈیسن' جان میکنرو' کرکٹر محمد اظہر الدین' مائیکل جورڈن' برٹ رینالڈس' اداکارہ مدھو بالا' امرتا سنگھ' کلاسیکل فنکار بھیم سین جوشی وغیرہ شامل ہیں۔

دھنشٹھا میں قمر

قمر جب اس نچھتر میں ہو تو دولت مند بناتا ہے' ایسے لوگ تحفے تحائف دینے میں

آزاد خیز، جرأت مند اور جلد باز ہوتے ہیں، علم نجوم، موسیقی اور شاعری کا شوق رکھتے ہیں، صوفیانہ رجحان بھی ان لوگوں میں پایا جاتا ہے، اکثر متنازع بنتے ہیں، انہیں کسی معاملے میں قائل کرنا مشکل ہوتا ہے، ان کی شادی میں تاخیر یا مشکلات ہوتی ہیں، بہت سے دوست بناتے ہیں اور ضدی ہوتے ہیں مگر یہاں بھی قمر کا نحوست سے پاک ہونا ضروری ہے بصورت دیگر صاحب زائچہ منفی رجحانات کا شکار ہو سکتا ہے۔

دھنشٹھا میں قمر منکسر المزاج بناتا ہے، خواجہ سرا بھی اس پچھتر میں نظر آتے ہیں، عموماً یہ لوگ خواتین میں غیر مقبول ہوتے ہیں، خیر، دولت مند، امن پسند ہوتے ہیں اور ضبط نفس کا رجحان رکھتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں شہنشاہ اکبر، مولانا ابوالکلام آزاد، فرانسیسی فلسفی ژاں پال سارتر، روسی آمر جوزف اسٹالن، روسی وزیر اعظم نکیتا خروشچیف، سہراب مودی، برطانوی شہزادی ڈیانا، موسیقار او پی نیّر، اے آر رحمان، اداکارہ راکھی گلزار، اداکارہ مارلن منرو اور ووڈی ایلن، سلمان خان، کلاسیکل گائیک اونکار پرشاد نائر، وشنو دپلسکر شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ فیاض، مال دار، مہم جو اور موسیقی کے شوقین ہیں، اپنی اصل عمر سے کم لگتے ہیں، ذہین اور ہمہ گیر ہیں، خود کو مختلف کاموں میں مصروف رکھتے ہیں اور دیانت دار بھی ہیں، صرف اپنے کام سے سروکار رکھتے ہیں، بہت عمدہ رویے کے مالک، عملی، دولت مند، طاقت ور اور رحم دل ہیں اگر آپ کا قمر تمام نحوستوں سے پاک ہے، ورنہ مندرجہ بالا خوبیوں کے برعکس بھی ہو سکتے ہیں۔

آپ اپنے ذمہ لینے والے ہر کام میں ماہر اور انتہائی ذہین ہیں، مختلف علوم حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں اور ہمیشہ اپنے بل بوتے پر زندگی گزارنا پسند کریں گے، آخری لمحے تک اپنی ناپسندیدگی یا بدمزگی ظاہر کرنے سے پرہیز کریں گے، ہاتھی کا انتقام بڑا مشہور ہے اور شاید یہ مثال آپ پر بھی صادق آتی ہے جب آپ کسی شخص کے ہاتھوں بہت زیادہ پریشان ہوتے ہیں اور تھک آ جاتے ہیں تو مناسب موقع کی تاک میں رہتے ہیں اور پھر جب موقع ملتا ہے تو اسے ضائع نہیں کرتے۔

عام طور پر اس پنچتر میں پیدا ہونے والے چھریرے جسم کے مالک اور کشیدہ قامت ہوتے ہیں' بہت کم گٹھے ہوئے جسم کے لوگ نظر آتے ہیں' اکثر سائنس داں اور مورخ بھی اس پنچتر میں پیدا ہوئے ہیں۔

آپ سیکرٹ سروس یا کسی ایگزیکٹیو کے پرائیویٹ سیکرٹری کے طور پر بھی موزوں رہیں گے' آپ کا تعلیمی پس منظر کیسا بھی ہو' آپ کی ذہانت ہر شک وشبے سے بالاتر ہوگی۔

آپ بحث مباحثے میں بھی دوسروں سے بہت آگے ہوں گے' لہٰذا وکالت کا پیشہ بھی آپ کے لیے مناسب ہے' عام طور پر عمر کے چوبیسویں سال کے بعد آمدن کے معاملات میں بہتری آئے گی' آپ کو دوسروں پر اعتبار کرنے سے پہلے بہت محتاط رہنا ہوگا۔

اپنے خاندانی حلقے میں آپ منتظم اعلیٰ ہوں گے' آپ کو اپنے رشتے داروں سے بہت سی مشکلات اور پریشانیاں مل سکتی ہیں' اپنے بہن بھائیوں سے بہت محبت کریں گے۔

اگر آپ کے زائچے میں سیارگان اچھی پوزیشن میں ہوں تو آپ کو وراثت میں بہت جائیداد ملے گی لیکن اپنے سسرالیوں سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا البتہ شریک حیات کی قسمت سے دولت ملے گی اور حقیقت یہ ہے کہ آپ کی مالی حیثیت میں بہتری بھی شادی کے بعد آئے گی۔

نوٹ : اگر سورج اور عطارد دھنشٹھا والوں کے زائچے میں حالت قران میں ہوں تو شادی میں تاخیر ہوتی ہے یا سرے سے شادی ہوتی ہی نہیں۔ اسی طرح اگر مریخ اور زہرہ کسی نحس پنچتر میں ہوں تو بیوی سے جدائی یا علیحدگی اختیار کرنی پڑے گی۔

دھنشٹھا کے پیشے اور صحت

پیشے : میوزیشین' شاعر' ڈاکٹر اور سرجن' خزانچی' بینکار' پراپرٹی منیجر' بروکر' ریئل اسٹیٹ کا کاروبار کرنے والے' انجینئر' کان کن' سائنس داں' محقق اور آرگنائزر وغیرہ۔

مردانہ صحت : آپ کی صحت بہت اچھی نہیں ہوگی اور آپ کو اپنی صحت کی زیادہ پروا بھی نہیں ہوگی البتہ جب کوئی بیماری اپنی انتہا کو پہنچ جائے تو آپ تیک ودو کریں

گے لیکن جب تھوڑا سا خود کو بہتر محسوس کرنے لگیں تو دوبارہ بے پروائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے کام میں معروف ہو جائیں گے' آپ کو خون کی کمی کی شکایات، کالی کھانسی کا رجحان' پیٹھ کی تکلیف' گھٹنوں اور ٹخنوں کی تکلیف' گنٹھیا' دل کی تکلیف' ہائپر ٹیشن' بواسیر اور جریان خون کے مسائل پریشان کر سکتے ہیں لیکن آپ کی بیماریاں طول نہیں کھینچتیں۔

زنانہ صحت: مندرجہ بالا مردانہ امراض کے علاوہ خون کی کمی، رحم سے متعلق شکایات اور ماہانہ نظام کی بے قاعدگیاں۔

❖❖❖

چوبیسواں پچھتر ست بھیشا
(Satabishak)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Satabishak	~	Ω	♒	Tama	Rakshasa

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Dhama	Flower	Yaruna	Right Thigh	Butcher

برج دلو کے چھ درجہ چالیس دقیقہ سے بیس درجہ دلو تک چوبیس واں پچھتر ست بھیشا پھیلا ہوا ہے' اس کے چاروں قدم سیارہ زحل کے برج دلو میں واقع ہیں جسے دیوتاؤں کا معالج سمجھا جاتا ہے جو مقدس برتن سے آب حیات اُنڈیل رہا ہے' یہ پچھتر مدھم ستاروں کے ایک بڑے سے گروپ میں تشکیل پاتا ہے۔

ست بھیشا کے معنی ''سو معالج'' یا ''سو مسیحا'' کے ہیں' انسانیت کے لیے شفا بخشی کا عمل اس پچھتر سے منسوب ہے' اسے ''سو ستارے'' بھی کہا جاتا ہے جو اس قمری منزل کی شاہانہ خوبی کی عکاسی ہے' یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ بادشاہ کا خوش قسمت ستارہ ہے' اس پچھتر میں پیدا ہونے والے لوگ زبردست قوت حیات اور جرأت کے مالک ہوتے ہیں اور اپنے دشمنوں کو شکست دے کر فتح یاب ہوتے ہیں۔

دیو مالا کے مطابق ست بھیشا کا دیوتا ''ورونا'' بارش اور فلکی پانی کا حکمران ہے' وہ دانائی عطا کرنے والا اور ادویات کا بھی حکمران ہے' ورونا شفا بخشی کی قوت پیدا کرتا ہے وہ ایک زبردست عارفانہ مسیحائی کا حامل ہے لیکن مایا یا فریب کا آقا بھی ہے' کہا جاتا ہے کہ وہ سحر انگیز شفا یابی کا مالک' فطری اور اخلاقی اصولوں کو برقرار رکھنے والا اور اس کی

حفاظت کرنے والا ہے۔

ست بھیشا پر راہو حکمران ہے' اس کا بنیادی محرک راست بازی اور علامت ایک خالی دائرہ' سومعالج' ستارے یا پھول' فطرت آسیبی (راکھشس)' حیوانی علامت مادہ گھوڑا (گھوڑی) اور سمت جنوب ہے۔

اپنے بنیادی محرک راست بازی کی وجہ سے اچھا انصاف اور سزا بھی فراہم کرتا ہے' اگر چہ وہ گناہ' قرضوں' چوٹ اور امراض کا دیوتا ہے جو نہ صرف آفات لاسکتا ہے بلکہ انہیں دور بھی کرسکتا ہے' بشرطیہ کہ ہم پورے خلوص اور ایمانداری کے ساتھ اس کے بنیادی محرک راست بازی پر عمل کریں' دیو مالا میں اسے انسانیت اور دیوتاؤں کے درمیان ایک مضبوط بندھن کی نمائندگی کا شرف حاصل ہے۔

ست بھیشا کے معنی ''سو پھول'' کے بھی ہیں جو جڑی بوٹیوں کے علم کی نشاندہی کرتا ہے' ایمانداری' محنت اور عزم اس پچھتر کی شناخت ہیں۔

''نقاب پوش ستارہ'' کہلایا جانے والا یہ پچھتر فطرتاً تھوڑا سا گھنا ہوتا ہے اور اپنے بعض پہلوؤں کو دوسروں سے پوشیدہ رکھتا ہے۔

اس کی ایک علامت خلا کا احاطہ کرنے والا ایک دائرہ ہے جو انضباط' آزادی اور تنہائی کی ضرورت کی عکاسی کرتا ہے' اس میں پیدا ہونے والے لوگ آزاد ہوتے ہیں جنہیں تنہائی کی شدید ضرورت ہوتی ہے' یہاں ایک گہرے فلسفیانہ عارفانہ ذہن کا تجربہ ہوسکتا ہے' ان افراد کے لیے مراقبہ ضروری ہوتا ہے جوان کی روحانی پرورش و پرداخت کرتا ہے' کیوں کہ ست بھیشا ''کنڈالنی شکتی'' راہو (ناگ دیوتا) کی بیداری کے ذریعے تخلیقی توانائی کی چوٹی یا ''تاج چکرا'' سے جڑا ہوا ہے' راہو اور کیتو ایک بڑے سانپ (اژدھا) کے سر اور دُم کی نمائندگی کرتے ہیں اور کنڈالنی شکتی اس سے وابستہ ہے' اس کی توانائی اور زندگی کے انتہائی مثبت یا منفی پہلوؤں کی یہاں نمائندگی ہوتی ہے جو اس پچھتر کے زیر اثر نمایاں ہوسکتے ہیں۔

ست بھیشا عام طور سے بحران میں شفا عطا کرتا ہے جو اعادہ شباب پر منتج ہے۔

تاریک رخ

ست بھیشا کا تاریک پہلو تنہائی اور یاسیت (ڈپریشن) ہے' یہ لوگ بندش یا پابندی

محسوس کرسکتے ہیں اور زندگی کو محض ایک ڈیوٹی سمجھ سکتے ہیں' اگر ایسا شخص یہ محسوس کرے کہ وہ بندش اور پابندی کا شکار ہوکر رہ گیا ہے تو اس کے نتیجے میں بے حسی' مظلومیت اور مفلوج ہونے کا احساس پیدا ہوسکتا ہے۔

ست بھیشا والے راہو کے دور میں پیدا ہوتے ہیں جو ایک مشکل اور غیر مستحکم بچپن سے گزرنے کی عکاسی ہے' برج دلو پر زحل حکومت کرتا ہے جس میں یہ پچھتر واقع ہے' لہٰذا زندگی کے ابتدائی دنوں میں رکاوٹ یا بندش دیتا ہے۔ جیسا کہ مشہور ادا کار امیتابھ بچن کے ساتھ ہوا، ابتدا میں انہیں فلم انڈسٹری میں سخت نامناسب رویوں کا سامنا کرنا پڑا، بعض بڑے ڈائریکٹروں نے انہیں کوئی اہم کردار دینے سے انکار کردیا تھا۔

یہ پچھتر اپنی فطرت میں آسیبی ہے لہٰذا درشت گفتگو اور اکھڑ مزاجی کا یہاں مشاہدہ کیا جاسکتا ہے' کہا جاتا ہے کہ ست بھیشا میں چاند کے تحت پیدا ہونے والوں کی پرانی بیماریوں کو دور کرنے کے لیے''سو معالجوں کی ضرورت ہوتی ہے'' لہٰذا یہ لوگ اپنے علاج معالجے کے دوران میں بہت سے معالج تبدیل کرتے رہتے ہیں اور عموماً کسی معالج سے مطمئن نہیں ہوتے' کسی ایسے نسخے یا عمل کی تلاش میں رہتے ہیں جو اچانک ان کی ساری بیماریوں کو ختم کردے یا اچانک ان کی زندگی کو بدل کر رکھ دے' اس تلاش میں یہ لوگ ایسی روحانی شخصیات کی کھوج میں مارے مارے پھرتے ہیں جو صرف ایک نظر ڈال کر یا پھونک مار کر کوئی معجزہ یا کرامت دکھادے اس چکر میں اکثر دھوکے بھی کھاتے ہیں مگر اس تلاش سے باز نہیں آتے' ان لوگوں کے لیے آرام دہ اور مثالی منزل اشونی سمجھی جاتی ہے۔

ست بھیشا کے چار قدم

پہلا قدم 6.40 درجہ دلو سے 10 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوش باش' دولت مند' فیض رساں' سچے ہوتے ہیں' قابل لوگوں کی قدردانی کرتے ہیں اور جانوروں پر مہربان ہوتے ہیں۔

دوسرا قدم 10 درجہ دلو سے 13.20 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور اور گناہ گار ہوسکتے ہیں' بڑی بڑی باتیں کرنے والے اور گپ باز' یہ

لوگ ذخیرہ اندوزی کا رجحان رکھتے ہیں۔

تیسرا قدم 13.20 درجہ دلو سے 16.40 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ امیر وکبیر ہوتے ہیں لیکن اپنی خصلت میں کمینے اور ہوس کے غلام ہوتے ہیں' اکثر کیسوں میں یہ لوگ دل کے امراض کی وجہ سے موت کا شکار ہوتے ہیں۔

چوتھا قدم 16.40 درجہ دلو سے 20 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ مغرور ہوتے ہیں لیکن خوش باش اور دوسروں کا خیال رکھنے والے' دوسروں کے کام آنے والے' اپنی برادری یا خاندان سے ان کے تعلقات کشیدہ ہوتے ہیں۔

ست بھیشا میں طالع

اگر طالع کے درجات ست بھیشا میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ کی پوزیشن ایک خدمت گار کی ہوتی ہے' مختصر فیملی' خاموش طبع' منکسر المزاج اور فلسفہ میں دلچسپی یا بالطبیت اور ایسٹرولوجی کی جانب میلان' دھوکے بازی اور گیم کھیلنے میں باصلاحیت' ایسے لوگ تعلیمی مقاصد کے لیے سفر کرتے ہیں' سیاست میں دلچسپی لیتے ہیں' یہ لوگ نفسیات کی طرف متوجہ ہو سکتے ہیں' اگر طالع متاثرہ نہ ہو یا پختر کا حاکم متاثرہ نہ ہو' ایمان دار اور اچھے خدمت گار ثابت ہوتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں بابا گرونانک' روسی ادیب میکسم گورکی' ویدک ماہر نجوم ڈاکٹر بی وی رامن' بھارتی صحافی اور سیاست داں بابو راؤ پٹیل' حسین الیگزینڈر' والٹر مونڈیٹ' ڈونالڈ بریڈلے' وِنسنٹ پرائس' وٹنی ہیوسٹن' مشہور شاعر افتخار عارف' ہدایت کار الفریڈ ہچکاک' ایس سلیمان' موسیقار نصرت فتح علی خان' اداکار اشوک کمار' امیتابھ بچن' عامر خان' اداکارہ وجنتی مالا شامل ہیں۔

ست بھیشا میں شمس

اگر شمس منزل ست بھیشا میں ہو تو تخلیقی جینئس بناتا ہے' اعلیٰ ذہانت' قابل' محنتی اور فلسفیانہ فطرت کا حامل' ان لوگوں کو بیرونی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہوتی ہے' دیکھنے میں بیمار جیسے نظر آتے ہیں' خاموش طبع اور اظہار ذات میں دشواری محسوس کرتے ہیں' بعض مشہور اور

اعلیٰ درجے کے معالجین کا شمس اسی پنجتر میں تھا' یہ دلیر ہوتے ہیں لیکن ان کے ظاہر و باطن کا اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے۔

مشہور شخصیات میں رومن بادشاہ کیلی گولا' جاپانی شہنشاہ ہیرو ہیٹو' سابق روسی صدر گورباچوف' ڈاکٹر عشرت العباد' روڈولف اسٹینر' سڈنی پوئٹر' جارج ہیریسن' ٹیڈ کینیڈی' لارڈ البرٹ بیڈن پاؤل' پاکستانی سیاست داں رسول بخش پلیجو' بھارتی سیاست داں مرار جی ڈیسائی' جے للیتا' ناول نگار وکٹر ہیوگو' مستنصر حسین تارڑ' گلوکار طلعت محمود' بالی ووڈ اسٹار ایلز بتھ ٹیلر' اداکارہ دیویا بھارتی' وینا ملک' سیکس اسکینڈل میں مشہور کرسٹائن کیلر وغیرہ شامل ہیں۔

ست بھیشا میں قمر

اگر چاند منزل ست بھیشا میں ہو تو صاحب زائچہ دلیر اور اپنے مخالفین پر غالب آنے کا اہل ہوتا ہے' ایسے شخص کو قائل کرنا مشکل ہے' اگر چہ وہ سچا اور حق کا علم بردار ہوگا' اور حق کی آواز بلند کرنے میں اپنی جان کی قربانی سے بھی گریز نہیں کرے گا' ''بے لوث خدمت'' اس کا اصول ہوگا' شدید غصہ لیکن پھر جلد ہی خود پر کنٹرول' عمدہ حافظہ' لکھنے کا ہنر' علم نجوم اور نفسیات میں دلچسپی' جرأت مند' اڑیل اور بلند فطرت کا مالک' اگر قمر نحوست اثر ہو تو فطری خصائل منفی رخ اختیار کر سکتے ہیں' جس کی مثال وینا ملک ہے۔

مشہور شخصیات میں سینٹ جون آف آرک' بنجمن فرینکلن' مائیکل اینجلو' گوئٹے' پال نیومن' رابن ولیمز' الویس پریسلے' جے ایڈگر ہوور' ایسٹرولوجر دُ اس گورووانی' جنرل اشفاق پرویز کیانی' حنا ربانی کھر' اداکار گورودت' شمی کپور' آدرے ہپ برن' ہدایت کار ستیہ جیت رے' برصغیر میں فلم سازی کا آغاز کرنے والے دادا صاحب پھالکے' آغا حشر کاشمیری' اداکارہ نرگس' وحیدہ رحمٰن' کترینہ کیف' وینا ملک وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ بہت باوقار نظر آتے ہیں اور درحقیقت بہت ہی سادہ اور بااصول ہیں' ایک سادہ زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں' لیکن آسانی سے ناتو معاف کرتے ہیں اور نہ ہی بھولتے ہیں' انتہائی مادہ پرست ہونے کے باوجود آپ مذہبی اور خدا ترس بھی ہیں۔

آپ حق کے علم بردار اور حق کی آواز بلند کرنے والے انسان ہیں' حق کی خاطر اپنی جان بھی قربان دینے سے گریز نہیں کریں گے' آپ چوں کہ بعض خاص اصولوں کے ساتھ پیدا ہوئے ہیں لہٰذا اکثر آپ کو دوسروں کو کنٹرول کرنا پڑے گا' کیوں کہ اپنی زندگی میں آپ اپنے اصولوں سے انحراف نہیں کرسکتے اور آپ کا اصول'' بےلوث خدمت'' ہے۔

اپنے اصولوں کے تحت آپ نہایت سخت گیر' ظالم اور کبھی کبھی بے ضمیر بھی ہوسکتے ہیں' آپ مذہبی روایات کی پیروی کرنے پر اصرار کرسکتے ہیں' آپ ضدی' بے لچک' یا ناقابل شکست ٹائپ ہوں گے' اگر آپ نے ایک مرتبہ کوئی فیصلہ کرلیا تو دوسروں کے لیے آپ کو فیصلہ بدلنے پر مجبور کرنا آسان نہیں ہوگا' اگر آپ کو اکسایا جائے تو آپ کسی غضب ناک بپھلڈ آگ کی طرح اٹھ کھڑے ہوں گے لیکن بعدازاں غصہ بہت جلد ٹھنڈا پڑ جائے گا۔

اگرچہ آپ بہت ذہین اور زندگی کے تقریباً تمام شعبوں میں اہل ہوں گے' دل کے نرم' نیکی اور بدی کا مکمل کیریکٹر ہوں گے' آپ دکھاوے کے قائل نہیں ہوں گے' اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے میں بھی ہچکچائیں گے لیکن بہرحال آپ کی دلچسپ اور پرکشش باتوں کی وجہ سے آپ کی صلاحیتیں اُجاگر ہوجائیں گی۔ آپ کی باتیں انتہائی دلچسپ اور معلوماتی ہوں گی۔

جسمانی طور پر آپ نرم اور یادداشت غیر معمولی ہوگی' چوڑی پیشانی' پرکشش آنکھیں' روشن خدوخال' نمایاں ناک اور زیادہ عمر میں بڑھا ہوا پیٹ' پہلی نظر میں آپ اشرافیہ سے تعلق رکھنے والے لگیں گے۔

عمر کے چونتیس برس تک آپ کو اپنی پیشہ وارانہ فیلڈ میں آزمائشی مدت سے گزرنا پڑے گا اس کے بعد کا عرصہ مسلسل ترقی کا ہوگا' آپ علم نجوم' نفسیات اور مسیحائی کے لیے بہت موزوں ہیں' نوجوانی میں آپ کی ادبی صلاحیتیں اجاگر ہونے لگیں گی' آپ بہت اچھی اور اعلیٰ تعلیم حاصل کریں گے۔

اس منزل میں پیدا ہونے والی خواتین کے لیے ایک نارمل رومین کی زندگی گزارنا مشکل ثابت ہوتا ہے' ان کا ٹیلنٹ ہمیشہ انہیں بے چین رکھتا ہے اور اپنا اظہار چاہتا ہے' اس حوالے سے کوئی رکاوٹ یا پابندی محسوس کریں تو بغاوت پر آمادہ ہوجاتی ہیں اور کسی حد تک بھی جاسکتی ہیں' لہٰذا بعض خواتین کی شادی میں تاخیر ہوتی ہے یا وہ شادی ہی نہیں کرتیں اور شادی کے بعد اگر عدم

اطمینان کا شکار ہوں تو ازدواجی زندگی نہایت تلخ ہو جاتی ہے یا اس کا اختتام علیحدگی پر ہوتا ہے۔

ست بھیشا کے پیشے اور صحت

پیشے: ماہر فلکیات وجوم فزیشن، معالج، ادیب، شاعر، اداکار، موسیقار، محقق، کلرک، سیکرٹری، انجینئر، الیکٹریشن، تنظیمی امور انجام دینے والے، مچھلیوں کے بیوپاری، شکاری، دھوبی، تاجر، سیاست داں وغیرہ۔

مردانہ صحت: یہ لوگ بظاہر بہت صحت مند نظر آئیں گے لیکن اس بات سے زیادہ خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے، ان لوگوں میں پیشاب کی بیماریوں، سانس کی تکلیف اور ذیابیطس کا رجحان پایا جاتا ہے، چوں کہ یہ لوگ جنسی لذت کے حصول میں زیادہ سرگرم رہنے کے رجحانات رکھتے ہیں لہٰذا ان میں دوسروں سے منتقل ہونے والی جنسی بیماریاں بھی پیدا ہوسکتی ہیں، جوڑوں کے مسائل یا درد قولنج سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ ان لوگوں کو سرد موسم سے ہونے والی اتفاقی بیماریاں بھی لاحق ہوسکتی ہیں، گنٹھیا، ریاحی امراض، دل کی تکلیف، ہائپرٹینشن، گھٹنوں، پنڈلیوں کے مسائل، ہڈی کا فریکچر وغیرہ۔

زنانہ صحت: درد قولنج، سینے کا درد، پیشاب اور رحم سے متعلق بیماریاں، نفسیاتی مسائل جو اکثر اوقات آسیبی رنگ اختیار کر لیتے ہیں۔

❖❖❖

پچیسواں نچھتر پُروبھدرپد
(Purva Bhadrapad)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Purva Bhadrapad	M	♃	♒ ♓	Satva	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Artha	Front Legs of Cot	Ajaikapad	Left Thigh	Brahmin

Purva Bhadra

برج دلو کا اختتام اور برج حوت کا آغاز پچیسویں نچھتر پُروبھدرپد سے ہورہا ہے' یہ بیس درجہ دلو سے تین درجہ بیس دقیقہ برج حوت تک دراز ہے' درحقیقت اس کا زیادہ حصہ یعنی تین قدم برج دلو میں ہیں اور صرف ایک قدم برج حوت میں گرتا ہے' یہ دو اہم ثابت ستاروں پر مشتمل ہے جن کے نام مَرکب اور شیعت ہیں' اس قمری منزل کے نشان یا علامتیں بھی ایک سے زیادہ ہیں جن میں تلوار' مسہری کے دو اگلے پائے یا جنازے کی چارپائی کے اگلے پائے یا دو چہرے والا آدمی وغیرہ۔

پُروبھدرپد کے معنی ''اگلے خوش قسمت پائے'' ہیں۔ چوں کہ یہ منزل دو برجوں کے سنگم پر واقع ہے لہٰذا اس کے زیادہ حصہ پر زحل اور کم حصے پر مشتری حکمران ہے لیکن پوری منزل کا حکمران مشتری ہے' اس کی فطرت انسانی اور بنیادی محرک مادی ترقی ہے جبکہ حیوانی علامت نر شیر اور سمت مغرب ہے۔

اس نچھتر کی دیومالا بھی خاصی الجھی ہوئی اور پیچیدہ ہندو عقائد پر مشتمل ہے' اسے طوفانوں کے دیوتا اور آگ کے دیوتا سے بھی منسوب کیا جاتا ہے لیکن یہاں ہم دیومالائی تشریحات سے صرف نظر کریں گے۔

دیو مالائی تشریح کا لب لباب یہ ہے کہ اس پچھتر کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد جوشیلے، جذبہ شوق سے سرشار، سرپھرے اور خودسر ہوتے ہیں، ان کا خصوصی موضوع باطنیت یا صوفی ازم ہوگا اور وہ عام طور پر اپنی باطنی کیفیات کے زیر اثر ہوں گے، ایسے کاموں اور پروفیشن میں کبھی مطمئن نہیں ہوتے جوان کے روحانی میلان کے مطابق نہ ہوں، اکثر یہ کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ دولت اُن کے اہداف میں شامل نہیں ہیں، کسی حد تک ان کی یہ بات دُرست ہوتی ہے لیکن چوں کہ بنیادی محرک مادّی ترقی ہے لہٰذا مادہ پرستی بھی نمایاں رہتی ہے، یہ لوگ چرب زبان اور پیسہ کمانے میں ماہر ہوتے ہیں، اگر روحانی میلان کے مطابق کارکردگی دکھانے کا موقع ملے تو غیر معمولی کامیابیاں حاصل کرتے ہیں اور دولت کے ساتھ شہرت بھی حاصل کرتے ہیں، دوسری صورت میں ناکام رہتے ہیں اور غربت کا شکار ہوتے ہیں۔

پُروبھدر پد سے اگلا پچھتر اتر بھدر پد ہے جو مکمل طور پر برج حوت میں پھیلا ہوا ہے' ان دونوں پچھتروں کی جوڑی کو' جھلسا دینے والا یا جلانے والا' قرار دیا جاتا ہے' دونوں قمری منازل ایک آتشی مزاج اور انتہائی فعال فطرت کو جنم دیتی ہیں۔

پُروبھدر پد مستقبل کے لیے ایک آئیڈیل یا وژن پر فوکس (ارتکاز) کرنے کی مضبوط خواہش کو ظاہر کرتا ہے' اس کے حامل افراد عالمی اہداف کے لیے کام کرنا پسند کرتے ہیں تا کہ انسانیت کا بول بالا ہو' اس کا حاکم سیارہ مشتری ہے اسی لیے اسے برہما یا دانشور طبقے سے جوڑا جاتا ہے۔

یہ لوگ بہت آزاد اور خودانحصار ہوتے ہیں جو گہری فلسفیانہ دانائی اور سوچنے میں اوریجنلٹی کے حامل ہوتے ہیں' سماجی اصولوں اور بندشوں سے دور بھاگنا پسند کرتے ہیں' وہ اپنے ہی طبلے کی تھاپ پر رقصاں رہتے ہیں اور اپنی ہی دُھن میں مگن' اپنے ہی راستے پر گامزن' اپنی ہی منزل کی جانب سفر کرنا پسند کرتے ہیں' وہ اس خیال پر یقین رکھتے ہیں کہ'' شکست خوردہ راستے' شکست خوردہ لوگوں کے لیے ہوتے ہیں''

تاریک رُخ

پُروبھدر پد کا تاریک پہلو ایک غصہ ور' موڈی اور بے تاب شخصیت ہے یہ

لوگ سنکی، جھگی ہو سکتے ہیں جو درشت لہجے میں بات کرتے یا تنقید کرتے ہیں، وہ دوسروں کو اپنے نصب العین کے مطابق، اپنے اصولوں اور فلسفوں کی پیروی کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں اور زائچے کی مجموعی صورت حال اس کوشش میں شدت پسندی کا عنصر بھی لا سکتی ہے، ایسی صورت بہرحال ان کے لیے مناسب نہیں ہوتی۔

پُروبھدر پد والوں کو اگر زندگی کے پریشان کن واقعات سے واسطہ پڑ جائے تو وہ خوف زدہ، نروس اور ذہنی طور پر پریشان ہو سکتے ہیں، اکثر وہ غیر مستحکم اور متزلزل ذہن کے مالک ہوتے ہیں، ان کے اہداف میں روحانیت میں اضافہ کرنا شامل ہے تاکہ وہ خود غرضانہ رویے سے باہر نکل سکیں، یہاں درد، مسائل بھگتنا، چوٹ لگنا، حادثات یا حملے کے واقعات مشاہدے میں آ سکتے ہیں، دو چہرے والے آدمی کی علامت نمایاں ہوتی ہے، وہ مسائل کو مختلف نقطہ نظر سے دیکھنے کے قابل ہوتے ہیں لیکن اس عمل میں وہ خود دوسروں کو ''دو چہرہ'' لگ سکتے ہیں۔

پُروبھدر پد کے چار قدم

پہلا قدم 20 درجہ دلو سے 23.20 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد طویل قامت اور بھاری بھرکم ہو سکتے ہیں، حاسد، لڑاکا اور جنگ جو یانہ فطرت مشاہدے میں آتی ہے، دوسروں کے ساتھیوں سے قریب ہونے کی کوشش کرتے ہیں اور اس سلسلے میں عورت یا مرد کی کوئی قید نہیں ہے۔

دوسرا قدم 23.20 درجہ دلو سے 26.40 درجہ دلو تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد جنس مخالف کو پسند کرتے ہیں، بھرپور مادی خوشیوں کے حامل اور حکومت سے دولت کے حصول میں آسانی۔

تیسرا قدم 26.40 درجہ دلو سے 0 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد منکسر المزاج لیکن کنجوس ہوتے ہیں، خوش شکل اور اپنے منصوبوں میں مصروف لمبی عمر پاتے ہیں۔

چوتھا قدم 0 درجہ حوت سے 3.20 درجہ حوت تک دراز ہے اور تھوڑا سا عیب رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد ذمہ دار لیکن تھوڑے سے پیچیدہ ہوتے ہیں، اپنے کسی خاص

منصوبے میں معروف اور پُرکشش ہوتے ہیں اُن کی عمر لمبی ہوتی ہے۔

پُروبھدر پد میں طالع

اگر طالع کے درجات اس پچھتر میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ غیر روایتی‘ اپنے کام میں مگن رہنے والا ہوگا‘ فلسفے کے بارے میں سنجیدہ‘ انتہائی ذہنی تناؤ کا شکار‘ جنس مخالف سے خلاف معمول حد تک وابستہ‘ اکثر رہائش بدلتا رہتا ہے‘ حکومت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں اور اکثر عمر لمبی ہوتی ہے‘ اچھا مقرر‘ سفر کرنے کا شوقین زبردست جنسی کشش کا حامل۔

مشہور شخصیات میں حضرت مولانا اشرف علی تھانوی‘ سابق شاہ ایران رضا شاہ پہلوی‘ ٹیلی فون کا موجد الیگزینڈر گراہم بیل‘ سائنس داں پیری کیوری‘ ایسٹرولوجر ایونجلین ایڈم‘ بدنام فحش ناول نگار ایگزویرا ہولینڈز‘ گلوکار رنگو اسٹار‘ اداکار نارمن میلر‘ میری ٹائکر مور‘ ڈین مارٹن اور ورلڈ چیک چوپڑائی وی اسٹار سارالورین سابقہ مونالیزا شامل ہیں۔

پُروبھدر پد میں شمس

اگر اس پچھتر میں شمس ہو تو تخلیقی ذہانت دیتا ہے‘ یہ لوگ ایسے کاموں کی طرف راغب ہوتے ہیں جس میں جزئیات پر توجہ کی ضرورت ہوتی ہے‘ یہ لوگ معمولات پسند ہوتے ہیں لیکن انہیں ورائٹی کی بھی ضرورت ہوتی ہے‘ لکھنے میں مہارت رکھتے ہیں‘ موڈی اور آزاد فطرت کے مالک ہوتے ہیں‘ تنہائی بھی ان کے لیے ضروری ہے۔

مشہور شخصیات میں ماہر فلکیات نکولس کوپرنیکس‘ الگزینڈر گراہم بیل‘ عظیم سائنس داں البرٹ آئن اسٹائن‘ سابق بھارتی صدر ذاکر حسین‘ سید شاہ مردان شاہ (پیر صاحب پگارا)‘ شطرنج کا عالمی چیمپئن بوبی فشر‘ روسی خلاباز یوری گگارین‘ اداکار ہلی کرسٹل‘ جیری لوئس‘ جیمز ٹیلر‘ مائیکل کین‘ بالی ووڈ اسٹار عامر خان‘ کرکٹر ویون رچرڈز وغیرہ شامل ہیں۔

پُروبھدر پد میں قمر

چاند جب اس پچھتر میں طلوع ہوتا ہے تو بڑی دلچسپ اور حیرت انگیز شخصیات کی رونمائی ہوتی ہے‘ صاحب زائچہ دولت مند لیکن کنجوس ہوتا ہے‘ اپنے کاموں کی انجام دہی میں ہوشیار اور اکثر و بیشتر زن مرید ٹائپ‘ یہ لوگ خداداد وجدانی صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں‘

روحانی گہرائی کے ساتھ پراسرار علوم کا شوق رکھتے ہیں' ادیب اور اسکالر ہوتے ہیں' سنکی ہونے کے ساتھ بزلہ سنجی بھی نمایاں رہتی ہے۔

مشہور شخصیات میں امیر تیمور گورگانی' منجم پیش گو ناسٹرڈیمس' مولانا اشرف علی تھانوی' مارٹن لوتھر کنگ جونیئر' اکلٹ سائنس کا ماہر السٹیر کراؤلی' سائنس داں مادام میری کیوری' ہیلن کیلر' کشمیری رہنما شیخ عبداللہ' بھارتی سیاست داں دیوگوڈا' موتی لال نہرو' شامی صدر بشارالاسد' کھلاڑی اور اداکار او جے سمپسن' جیلر ی گرین' رابرٹ ڈی نیرو' گروچو مارکس' راج کمار' رشی کپور' اداکارہ ایوا گارڈنز' کلاسیکل گائک استاد عنایت علی خان' پاپ سنگر مائیکل جیکسن' بھارتی گلوکار انوپ جلوٹا وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ بڑی آسانی سے ذہنی دباؤ کا شکار ہو جاتے ہیں لیکن خوش حال بھی ہوتے ہیں۔ ایمان داری اور خلوص آپ کی اہم خصوصیات ہیں' آپ کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جو راست بازی اور اصولوں پر یقین رکھتے ہیں' خداداد قائدانہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور دوسروں سے کام لینے کے اہل ہیں' لہٰذا جب آپ اختیارات اور طاقت کے مالک ہوں گے تو کامیاب رہیں گے' آپ خوش فہمی کی جیتی جاگتی تصویر ہیں۔

اگرچہ آپ عالمی انسانیت کے علم ..دار ہوں گے لیکن اس وقت تک کسی کی مدد کرنے کے لیے آگے نہیں بڑھیں گے جب تک قائل نہ ہو جائیں کہ دست سوال دراز کرنے والا واقعی آپ کی مہربانی' ہمدردی اور فراخدلی کا حق دار ہے' آپ کے رویے میں ایک خاص نوعیت کی شائستگی ہوگی۔

آپ دبلے یا موٹے نہیں ہوں گے' کشیدہ قامت یا کوتاہ قامت نہیں ہوں گے' بعض مخصوص کیسوں میں بہت دبلے پتلے بھی دیکھنے میں آئے ہیں' آپ خوش شکل ہوں گے' سائنسی یا ٹیکنکی شعبہ میں مہارت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں لہٰذا ٹیچنگ یا شماریات کے شعبے بھی آپ کے لیے مناسب رہیں گے' علم نجوم' اکلٹ سائنسز' روحانیات یا کوئی ریسرچ ورک بھی آپ کے لیے مناسب ہے' اکثر سائنس داں یا ریسرچ کرنے والے اس پچھتر میں پیدا ہوئے ہیں۔

اس پچھتر میں پیدا ہونے والی خواتین اپنے شوہر سے بہت محبت کرتی ہیں اور امور

خانہ داری میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتی ہیں' ان کے بچے لائق ہوتے ہیں اور وہ اپنے بچوں سے بہت فوائد حاصل کرتی ہیں' پُر وبھدر پد میں پیدا ہونے والی لڑکیوں کی شادی اگر ایسے لڑکے سے ہو جو روہنی نچھتر میں پیدا ہوا ہو تو کثیرالاولادی ظاہر ہوتی ہے۔

پُر وبھدر پد کے تین قدم چوں کہ برج دلو میں ہیں جس کا حاکم زحل ہے لہٰذا اس دوران میں پیدا ہونے والے افراد چھریرے جسم کے مالک، طویل قامت اور خاموش طبع ہوتے ہیں۔آخری قدم جو برج حوت میں ہے اس میں پیدا ہونے والے افراد درمیانہ قد اور صحت مند جسم کے مالک ہوتے ہیں۔ان لوگوں کو اپنے حواس اور اعضا پر پورا کنٹرول ہوتا ہے۔یہ لوگ ذہین اور فن، کی تمام شکلوں کے ماہر ہوتے ہیں اور اپنے دشمنوں کو تباہ کر دیتے ہیں۔

پُر وبھدر پد کے پیشے اور صحت

پیشے: محقق' عالم دین' ماہر علم نجوم' پُر اسرار علوم کے ماہر' ساحر' انتظامی منصوبہ ساز' بزنس مین' ماہر شماریات' فزیشن' سیاست داں، جواری، گڈریے، چور' باکسر اور پہلوان وغیرہ۔

مردانہ صحت: یہ لوگ فالج کے حملے کا شکار ہو سکتے ہیں، اس کے علاوہ تیزابیت اور ذیابیطس کا رجحان بھی پایا جاتا ہے' ان کے ساتھ پسلیوں اور ایڑیوں کے مسائل بھی ہو سکتے ہیں' پیروں میں پسینہ آنا' جگر کے امراض' استقا' لو بلڈ پریشر' ٹخنوں کی سوجن' مرگی اور اختلاج کا شکار ہو سکتے ہیں۔

زنانہ صحت: اس منزل میں پیدا ہونے والی خواتین میں لو بلڈ پریشر، ذراسی، ٹخنوں کی سوجن، اپی لیپسی اور اختلاج، پیروں میں پسینہ آنا اور بڑھے ہوئے جگر یا السر کا رجحان پایا جاتا ہے۔

❖❖❖

چھبیسواں پچھتر اتر بھدر پد
(Uttara Bhadrapad)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Uttara Bhadrapad	M	♄	♓	Tama	Manushya

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Kama	Back Legs of Cot	Ahirbudhnya	Lower Legs	Kshatriya

مکمل طور پر برج حوت میں واقع چھبیسواں پچھتر اتر بھدر پد حوت کے 3 درجہ 20 دقیقہ سے شروع ہوتا ہے اور 16 درجہ 40 دقیقہ تک دراز ہے' یہ دو بڑے ثابت ستاروں پگاس اور اینڈرومیڈ پر مشتمل ہے' اس سے پچھلا پچھتر پرو بھدر پد کے ثابت سیارے اس سے ملے ہوئے ہیں اور باہمی طور پر ترتیب کا زاویہ تشکیل دیتے ہیں جس کی وجہ سے مسہری یا جنازے کی چار پائی کا منظر سامنے آتا ہے' پچیسویں اور چھبیسویں پچھتر کو اسی لیے جڑواں پچھتر بھی کہا جاتا ہے' یہ دونوں قمری منازل مل کر 2 سروں والے آدمی کی خاکہ کشی کرتی ہیں' آگ دیوتا ان سے منسوب ہے' ان دونوں پچھتروں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یا آتشی مزاج کے حامل ہیں اور جھلسا دینے والے یا آتشی جوڑے کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

اتر بھدر پد والے عام طور سے اپنے غصے کا زیادہ اظہار کرتے ہیں لیکن پرو بھدر پد کی بہ نسبت کم جارحیت پسند ہوتے ہیں' سیارہ زحل اس پچھتر کا حاکم ہے جو ان کو زیادہ نظم و ضبط اپنے جذبات اور رویے پر قابو پانے کا اہل بناتا ہے' یہ لوگ اپنے غصے پر قابو پانے اور اپنی تکالیف دکھ درد برداشت کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

اس پچھتر کو "جنگ جو ستارہ" کہتے ہیں اور اس کے حامل زیادہ طاقتور اور ان

لوگوں کی حفاظت کرنے کے اہل ہوتے ہیں جوان کے قریب ہوتے ہیں۔

اتر بھدر پد کی علامت چار پائی کے دو پائے' 2 سروں والا آدمی ہے' فطرت انسانی اور مذکر ہے، بنیادی محرک خواہش ہے' حیوانی علامت گائے اور سمت شمال ہے، اچھی بینائی، اوپر دیکھنا۔

اتر بھدر پد کے معنی ''بایاں خوبصورت پاؤں'' یا ''بعد کا خوش قسمت پاؤں والا'' ہیں' وہ پاؤں جو برج حوت سے جڑے ہوئے ہیں اور جن کا آغاز برج دلو سے ہوا ہے' یہ پاؤں دور دراز مقامات کے سفر سے محبت کی نمائندگی کرتے ہیں۔

یہ لوگ عام طور سے شگفتہ مزاج' دولت مند' مخیر اور فیاض ہوتے ہیں' اس نچھتر میں زحل اور مشتری کا امتزاج پایا جاتا ہے اور دونوں کے مشترکہ اثر کی وجہ سے یہ لوگ فطری طور پر ایک مذہبی شخصیت جیسی خصوصیات ظاہر کرتے ہیں جو ان کی روحانی نشوونما پر زور یا تاکید کی عکاسی ہوتی ہے۔

دیو مالا کے مطابق اس نچھتر کا تعلق جس دیوتا سے ہے اسے ''گہرے سمندر کا سانپ'' کہا گیا ہے اور وہ ایک مبارک سانپ ہے جو شو کی فوج سے وابستہ ہے' اس کی طاقت کائناتی بارش برساتا ہے' زرخیزی' کنڈالنی توانائی اور تنہائی کی ضرورت یہاں مشاہدے میں آتی ہے' اس کے ساتھ ہی اس نچھتر میں زبردست نفسیاتی اہلیت اور سانپ جیسی کوالٹی ہوسکتی ہے جو اتر بھدر پد افراد کو زندگی کے تمام کونے کھدروں کی چھان بین کی اجازت دیتی ہے۔

اس منزل کے تحت پیدا ہونے والی عورتیں ترقی' خوشحالی اور تعیشات کی دیوی لکشمی کی حیرت انگیز خوبیوں کا اظہار کرسکتی ہیں' اس منزل کا اثر مادی خوشیاں' بچے اور دولت عطا کرتا ہے اور اچھی صحت بھی' اس کی حیوانی علامت ''گائے'' کو ہندو سماج میں ایک مقدس جانور سمجھا جاتا ہے' اتر بھدر پد عورتوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ''خاندانی ہیرا'' ہیں۔

اس نچھتر کے حامل افراد چوں کہ روحانیت کے زیر اثر رہتے ہیں' لہٰذا خود کو ہر طرح کے زندگی اور دنیاوی معاملات سے مکمل طور پر الگ کر لیتے ہیں اور دنیاوی معاملات سے پوری طرح الگ تھلگ نظر آتے ہیں۔

تاریک رُخ

اتر بھدر پد کا تاریک پہلو اس کے بجوواں پر بھدر پد کے مماثل ہے۔ غصہ' اضطراب اور جارحیت پسندی دیکھی جا سکتی ہے لیکن کم درجے کی' یہ لوگ اپنے تاریک پہلو میں نہایت گھُنّے' مکار اور گپیں ہانکنے والے ہوتے ہیں۔ اگر یہ پختر متاثرہ ہو تو ایک کاہل' بے پروا اور غیر ذمہ دار فطرت پروان چڑھ سکتی ہے' اس کا بنیادی محرک کیوں کہ خواہش ہے جس کے سبب یہ لوگ منفی اثرات کے تحت خواہشات کے غلام بھی ہو سکتے ہیں اور جنس یا نشے کی لت میں مبتلا ہو سکتے ہیں' ان کی جنگ جو یانہ صلاحیت حالت غضب میں نہایت خطرناک ثابت ہوتی ہے' یہ اپنے دشمنوں کو نیست و نابود کر سکتے ہیں۔

زحل کے اثر کی وجہ سے ان کی کامیابیوں میں تاخیر ہو سکتی ہے لہٰذا انہیں چاہیے کہ صبر و تحمل اختیار کریں' انہیں تنہائی اور الگ تھلگ رہنے کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ اپنے روحانی اور دنیاوی اہداف کو مکمل کر سکیں۔

اتر بھدر پد کے چار قدم

پہلا قدم 3.20 درجہ حوت سے 6.40 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوبصورت' تابناک اور دولت مند ہوتے ہیں' لوگوں میں مقبول اور سچے ہوتے ہیں، روشن خیال، محبت کرنے والے اور ہوشیار ہوتے ہیں انہیں اولاد کی خوشیاں، خاندان اور دوستوں کا تعاون نصیب ہوتا ہے۔

دوسرا قدم 6.40 درجہ حوت سے 10 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد دبلے پتلے اور معقول ہوتے ہیں' وہ نیک' صلاحیت کے حامل' سیدھے راستے پر چلنے والے اور وسیع علم کے مالک ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 10 درجہ حوت سے 13.20 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد احمق' غصہ ور اور جھوٹے ہوتے ہیں' وہ لوگوں کے مقروض رہتے ہیں' عموماً بالوں کی رنگت سرخ ہوتی ہے۔

چوتھا قدم 13.20 درجہ حوت سے 16.40 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد کشادہ ذہن کے مالک' داستان گو لیکن حاسد اور بے صبرے

ہوتے ہیں' رقم اکٹھا کرنے میں معروف رہتے ہیں۔

اتر بھدر پد میں طالع

اگر طالع کے درجات اس نچھتر میں ہوں تو صاحب زائچہ کو بچوں سے خوشیاں ملتی ہیں' خلاف معمول یا پُر اسرار چیزوں کو پسند کرتا ہے' بزدل ہوتا ہے' خوش بیان اور دولت کا لالچی ہوتا ہے' اس کے مستقل دشمن ہوتے ہیں اور متلون مزاج ہوتا ہے' یہ لوگ تقریر میں خوش بیان' خاندان سے محبت کرنے والے اور سفر کے شوقین ہوتے ہیں' انسانیت نواز فطرت' پُر اسرار علوم سے دلچسپی اور اس میں مہارت' تقریر و تحریر کی صلاحیت' شاعر لیکن متزلزل فطرت کے مالک' نوادرات کے شوقین۔

مشہور افراد میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی' رابندر ناتھ ٹیگور' رابرٹ ریڈ فورڈ' والٹ وٹ مین' بلی گراہم' جون بائز' رابرٹ ڈوال' باربرا اسٹر لینڈ' اداکارہ لارا دوتا' کلاسیکل گائک نرتا کاربائی' استاد عنایت علی خاں وغیرہ شامل ہیں۔

اتر بھدر پد میں شمس

اگر سورج اس نچھتر میں ہو تو ذہین' تیز فہم' فیاض اور خیر بنا تا ہے' یہ لوگ پر امن فطرت کے مالک اور صوفیانہ ذہن رکھنے والے ہوتے ہیں' تحریر کی عمدہ صلاحیت رکھتے ہیں' تخلیقی کام کرتے ہیں' نرم گفتار اور روحانی اسکالر ہوتے ہیں' گھمنا پن اور مکاری بھی موجود ہوسکتی ہے۔

مشہور شخصیات میں سلطان صلاح الدین ایوبی' مولانا اشرف علی تھانوی' شہزادہ دارا شکوہ' مشہور پیش گو ایڈگر کیسی' ایسٹرولوجر سیفاریل' رافیل' روسی ادیب میکسم گورکی' شیخ ایاز' مشہور شاعر افتخار عارف' اداکار ششی کپور' سنیل دت' دادا پھالکے' ڈرامہ نگار رفیع پیرزادہ' مشہور شہنائی نواز بسم اللہ خان' ایلٹن جان' وکٹر فریبک' ٹموتھی ڈالٹن اور بروس ولیس' نازی لیڈر ایڈولف ایشمین شامل ہیں۔

اتر بھدر پد میں قمر

جب چاند اس ستارے میں قیام کرتا ہے تو صاحب زائچہ تقریر میں ہوشیار' خوش

باش اور صالح ہوتا ہے' بچوں کے ساتھ زندگی سے لطف اندوز ہوتا ہے' دشمنوں پر غالب آتا ہے اور خدمت کرنا پسند کرتا ہے' یہ لوگ نیک دل اور پرکشش شخصیت کے مالک' عقلمند ہوتے ہیں' ان کے چہرے پر معصومیت نظر آتی ہے' اپنے غصے پر قابو پانا جانتے ہیں' شادی سے انہیں خوشی ملتی ہے۔

مشہور شخصیات میں رومن امپائر کا بانی قیصر آگسٹس' سابق امریکی صدر ابراہام لنکن' نازی لیڈر ہنرک ہملر' بھارتی وزیراعظم اندرا گاندھی' صدر ذاکر حسین' پی وی نرسمہا راؤ' ادب بچی بل گیٹس' ایرانی صدر حسن روحانی' رابرٹ کینیڈی' ہیلری کلنٹن' فلم ساز اور ادیب کمال امروہی' کسوٹی فیم عبیداللہ بیگ' ہدایت کار ایس سلیمان' سیسل بی ڈیمل' اداکار کمل ہاسن' کامیڈین جونی لیور' اداکارہ ہیما مالنی' موسیقار وسنت ڈیسائی وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ اگرچہ بہت سیدھے سادھے اور غیر ذمہ دار لگتے ہیں لیکن جب کاروباری معاملہ ہو تو بہت ذہانت کا ثبوت دیتے ہیں۔ آپ اچھے لیڈر ہیں اور سماجی حیثیت سے قطع نظر سب سے یکساں سلوک کرتے ہیں۔ اگرچہ بہت جلد غصے میں آجاتے ہیں لیکن فیاض ہیں۔ آپ کا تلفظ صاف ہے اور بہت اچھے مقرر ہیں۔

اگر مشتری مضبوط اور زحل کمزور ہو تو آپ کی شخصیت کے مثبت پہلو سامنے آتے ہیں۔ اگر صورت حال برعکس ہو یعنی مشتری کمزور اور زحل طاقت ور ہو تو شخصیت کے منفی پہلو نمایاں ہوں گے۔

آپ رتبے اور مرتبے کا خیال رکھے بغیر ادنیٰ اور اعلیٰ سب سے یکساں تعلقات رکھیں گے' آپ کا دل صاف اور بے داغ ہوگا' دوسروں کو پریشان کرنا پسند نہیں کریں گے' آپ کی صرف ایک خرابی ہے وہ یہ کہ آپ بے حد تنگ مزاج ہیں' غصہ آپ کی ناک پر دھرا رہتا ہے لیکن غصے کی یہ نوعیت دائمی نہیں ہے' آپ غصے پر قابو پانا جانتے ہیں' اپنے چاہنے والوں کے لیے اپنی جان بھی قربان کر سکتے ہیں لیکن آپ کے جذبات کو ٹھیس پہنچے تو آپ شیر بن جائیں گے۔

فہم و فراست اور علم آپ کی شخصیت کا لازمی جزو ہے' ایک خطیب کی حیثیت سے آپ لوگوں کو متاثر کرنے اور اونچی پوزیشن حاصل کرنے کے اہل ہیں' دشمنوں کو شکست دینے اور تباہ

کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں' پرکشش اور حسین خواتین کی رفاقت سے لطف اندوز ہوں گے' پرکشش اور معصوم چہرے کے مالک ہوں گے' ایک پیدائشی مقناطیسی کشش لوگوں کو آپ کی طرف متوجہ رکھے گی' اگر آپ کسی کی طرف مسکرا کر دیکھ لیں تو ضرور وہ آپ سے متاثر ہوگا۔

آپ بیک وقت کئی موضاعات پر مہارت حاصل کریں گے' اگر آپ نے زیادہ تعلیم حاصل نہ بھی کی ہو تو آپ کی علمیت اور قابلیت کسی انتہائی قابل اور پڑھے لکھے شخص کے مساوی ہوگی' علوم و فنون میں آپ کی بڑی دلچسپی رہے گی اور طویل مضامین یا کتابیں لکھنے کے اہل ہیں۔

کام کے میدان میں آپ اپنی غیر معمولی صلاحیت اور اہلیت کی بنیاد پر بلند مقام حاصل کریں گے' سخت محنتی ہوں گے اور انتھک کام کریں گے' اگر آپ کوئی کام اپنے ذمہ لے لیں تو اسے پایہ تکمیل تک پہنچائے بغیر نہیں رہیں گے' اگر آپ کو ناکامی سے دوچار ہونا پڑے تو بھی آپ پریشان نہیں ہوں گے' ملازمت میں بھی آپ کوئی بلند مقام حاصل کر سکیں گے' اکثر کیسز میں دیکھا گیا ہے کہ اس تخت میں پیدا ہونے والے لوگ معمولی یا اوسط درجے کی پوزیشن سے آغاز کرتے ہیں اور اعلیٰ پوزیشن پر پہنچ جاتے ہیں' ہمیشہ تعریف' ستائش اور عزت کے حق دار ٹھہرتے ہیں۔

یہ بات بھی مشاہدے میں آئی ہے کہ زندگی میں آپ کو استحکام اور ترقی شادی کے بعد حاصل ہوتی ہے' آپ 18 یا 19 سال کی عمر میں کمانا شروع کر سکتے ہیں' آپ کی زندگی میں انیسویں' بیسویں' اٹھائیسویں' تیسویں' سینتیسویں اور بیالیسویں سال کی عمر میں پیشہ وارانہ شعبے میں اہم تبدیلیاں رونما ہوں گی۔

اگرچہ آپ اپنے والدین نمایاں شخصیت اور مذہبی کٹر پن کی وجہ سے ان کی تعریف کریں گے لیکن آپ کو ان سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا' آپ کو ان کی شفقت اور محبت سے محرومی کا احساس ہو سکتا ہے' روزی کمانے کے لیے آپ کو اپنے آبائی مقام سے دور جانا پڑے گا۔

آپ کی ازدواجی زندگی خوشیوں سے بھرپور ہوگی اور شریک حیات بھی نہایت موزوں ہوگا / ہوگی۔ آپ کے بچے انتہائی فرماں بردار اور عزت کرنے والے ہوں گے'

امکان ہے کہ آپ اپنے پوتوں اور نواسوں کی بہار بھی دیکھیں' آپ اپنے خاندان کے لیے ایک ہیرا ہوں گے یا ہوں گی۔

اُتر بھدر پد کے پیشے اور صحت

پیشے : حکمران، فلاحی کام کرنے والے، غیر منافع بخش اداروں کے مالک، امپورٹ، ایکسپورٹ، سفری انڈسٹری، مذہبی کام، عالم دین، صوفی، سادھو، راہب، ماہر نجوم، ادیب، فلسفی، اُستاد، کلرک، ڈبے بنانے والے، کارپینٹر وغیرہ۔

مردانہ صحت : آپ کی صحت اچھی ہوگی لیکن آپ کو اپنی صحت کی کوئی خاص پروا نہیں ہوگی، البتہ جب بیمار ہوں گے تو فکر کریں گے، آپ اعصابی نظام سے متعلق شدید نوعیت کے مسائل سے دوچار ہو سکتے ہیں، نظام ہضم کی خرابیاں بھی آپ کو پریشان کر سکتی ہیں اس کے علاوہ فالج، بواسیر، قبض، الرجی، جگر کی خرابیاں اور ہرنیا کا رجحان پایا جاتا ہے۔

زنانہ صحت : اس منزل میں پیدا ہونے والی خواتین میں گنٹھیا کے درد، سخت بدہضمی، قبض، ہرنیا اور ٹی بی کے ہلکے اثرات پائے جاتے ہیں۔

❖❖❖

ستائیسواں پچھتر ریوتی (Reviti)

Name	Sex	Lord	Sign	Guna	Gana
Reviti	F	☿	♓	Satva	Deva

Type	Symbol	Demigod	Body Part	Caste
Moksha	Fish	Pushan	Anklrs	Sudra

آخری پچھتر ریوتی برج حوت کی جنوبی دُم میں 32 مدھم ستاروں پر مشتمل ہے اس کے چاروں قدم برج حوت میں ہیں۔ یہ چاند کی آخری منزل ہے جو برج حوت میں 16:40 سے 30 درجے تک پھیلی ہوئی ہے اس کا تعلق اختتام تکمیل اور وقت کے اتمام سے ہے۔

برج حوت کا حاکم سیارہ مشتری ہے لیکن ریوتی پر ذہانت اور ابلاغ کا سیارہ عطارد حکمران ہے اس کی علامت ایک طبلہ ہے جو وقت کی منادی کرتا ہے دوسرا نشان ایک مچھلی ہے جو غذا کی عالمی فراہمی کی نشاندہی کرتی ہے خیال رہے کہ مچھلی ایک عالمی خوراک ہے۔

ریوتی کے معنی ''دولت مند'' کے ہیں اور عام طور سے افراط یا ہر سطح پر ترقی سے جُوا ہوا ہے۔ ریوتی روحانی نشوونما کے لیے مبارک ستارہ ہے سیارہ زہرہ کو اسی پچھتر میں شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے یہ وجدان کی زبردست صلاحیت پیدا کرتا ہے اس پچھتر کا بنیادی محرک ''روحانی آزادی'' ہے یہ گہرے یقین اور خدا کی بندگی سے بھی جُوا ہوا ہے اسے آفاقی ماں کا عظیم بطن بھی کہا جاتا ہے جو اختتام یا خاتمے کے ساتھ ہی نئی شروعات کو ظاہر کرتا ہے اس کی فطرت ''دیوا'' ہے حیوانی علامت مادہ ہاتھی اور سمت مشرق ہے۔

دیومالا کے مطابق اس کا مرکزی دیوتا پشان ''پالن ہار'' یا پرورش کرنے والا ہے

جسے مویشیوں کے ریوڑ کا محافظ سمجھا جاتا ہے' یہ کھوئی ہوئی چیزوں اور جانوروں کو واپس دلانے میں بھی مدد کرتا ہے' یہ کسی چیز کی تلاش شروع کرنے یا لمبے سفر کے لیے موافق پچھتر ہے' اس کے دیوتا پشان کو میدانوں اور ریوڑوں کا دیوتا سمجھا جاتا ہے' یہ زرخیزی' نشوونما میں تیزی' افراط اور پناہ فراہم کرنے سے جُڑا ہوا ہے۔ اس کے پاس غذا کی طاقت ہے' اسے دیوتاؤں کی مقدس گایوں کا رکھوالا اور تمام جانوروں کو غذا اور تحفظ فراہم کرنے والے بھی سمجھا جاتا ہے' اسی لیے ریوتی پچھتر میں جانوروں سے محبت کا تجربہ ہو سکتا ہے' اس کی حیوانی علامت ہاتھی' بھارت کا دوسرا مقدس جانور ہے۔

اس قمری منزل میں تخلیقی ذہانت کی افراط ہے' حاکم سیارہ عطارد ذہانت سے منسوب ہے اور برج حوت کا حاکم مشتری علم ہے' زہرہ یہاں شرف یافتہ ہے' ریوتی میں موسیقی' رقص' ڈرامہ اور ادب کا شوق پیدا ہو سکتا ہے' یہ امر دلچسپ ہے کہ عظیم سائنس داں البرٹ آئن اسٹائن کا پیدائشی زہرہ اس پچھتر میں واقع ہے اور اس نے اپنے زہرہ کے دور میں ''نظریہ اضافیت'' تحریر کیا تھا' آئن اسٹائن کہا کرتا تھا کہ وہ ہمیشہ خود کو سائنس داں کے بجائے ایک آرٹسٹ سمجھتا ہے۔

اس پچھتر میں زبردست دولت اور مادّی ترقی دریافت ہوتی ہے' ریوتی تمام مخلص لوگوں کو مناسب غذا فراہم کرنے کے ذریعے ان کی کوششوں میں مدد کرتا ہے' صاحب زائچہ کو عموماً دوسروں کی دولت کا کوئی لالچ نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ کسی کی کامیابی سے جلتے ہیں' یہ بڑے ہمدرد لوگ ہوتے ہیں جن میں انسانیت کو دکھوں سے آزاد کرنے کی عظیم خواہش ہوتی ہے' ریوتی نرم فطرت رکھتا ہے۔

اس منزل پر وجدانی اور روشن خیال برج حوت کے اثرات ہیں جس پر مشتری کی حکمرانی ہے۔ مشتری اور عطارد سیاروں کے مختلف گروپ سے تعلق رکھتے ہیں جس کے نتیجے میں ریوتی میں پیدا ہونے والے افراد ان دونوں سیاروں کے ملے جلے اوصاف کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ لوگ بہت ہی ذہین اور کاروباری مہارت کے ساتھ ساتھ گہری بصیرت اور وجدان کے حامل ہوتے ہیں۔ صحت مند' اپنے حواس پر قابو رکھنے والے' جائز ذرائع سے دولت مند بنتے ہیں اور عام طور سے زندگی میں کامیاب رہتے ہیں۔ یہ لوگ زیادہ عرصے تک

کسی ایک جاب سے وابستہ نہیں رہتے۔

اس منزل میں پیدا ہونے والے افراد معاشرے کے ہر طبقے میں بہت مقبول اور خوش شکل ہوتے ہیں۔ ان میں جرأت اور دلیری کی کمی نہیں ہوتی۔ ان کے دل میں اپنے آس پاس رہنے والوں کے لئے گہری ہمدردی ہوتی ہے۔

تاریک رخ

ریوتی کا تاریک پہلو برائے نام ہے کیوں کہ اس کا مزاج دیوا جیسا ہے' اگر یہ متاثرہ ہو تو ایسے شخص کو زندگی میں شروع میں مایوسی اور پیروں کی بیماری کا سامنا ہو سکتا ہے' احساس کمتری اور اپنی کم مائگی کا احساس ہو سکتا ہے' یہ لوگ فطرتاً بہت حساس ہوتے ہیں اور دوسروں کے احساسات کو جذب کرتے ہیں' گرم مزاجی بھی ان لوگوں کا مسئلہ ہو سکتی ہے اور اگر انہیں اشتعال دلایا جائے تو بہت ہٹ دھرم اور اڑیل ہو سکتے ہیں' یہ لوگ شریک دست نگر ہوتے ہیں جو اپنے سے زیادہ دوسروں کی فلاح و بہبود کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں' انہیں تنہائی اور کسی ایسے شخص کی ضرورت ہوتی ہے جو انہیں تلخ زمینی حقائق سے تحفظ دے سکے' انہیں پانی کے نزدیک رہنے سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے جس سے ان کی حساسیت اور ہمدردانہ فطرت کو تسکین ملتی ہے' یہ لوگ آج کی دنیا میں کل کے مُنر کے حامل ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو منشیات سے دور رہنا چاہیے کیوں کہ یہ کسی بھی چیز کے عادی ہو سکتے ہیں۔

ریوتی کے چار قدم

پہلا قدم 16.40 درجہ حوت سے 20 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد خوش باش' قابل لیکن چالاک ہوتے ہیں' ان کی سوچ میں کج روی ... رہتے ہیں' جلد چکنی ہوتی

دوسرا قدم 20 درجہ حوت سے 23.20 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ ٹھوس ذہن رکھتے ہیں لیکن بے صبرے اور ڈھیلی ذہنیت کے مالک ہوتے ہیں یعنی کچھ ڈھل مل یقین ٹائپ' اکثر مقروض' چوری کی عادت میں مبتلا ہو سکتے ہیں' ان کا چہرہ چمک دار ہوتا ہے۔

تیسرا قدم 23.20 درجہ حوت سے 26.40 درجہ حوت تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے'

اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ کھلے دل کے مالک ہوتے ہیں لیکن صاف گو نہیں ہوتے' غریب' بداطوار اور گناہ گار۔

چوتھا قدم 26.40 درجہ حوت سے 0 درجہ حمل تک دراز ہے اور اولاد کو متاثر کرتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد ہمت ور' سچے' دلیر اور ذہین ہوتے ہیں' صاف ستھر پن پسند کرتے ہیں لیکن بنجر ہوتے ہیں۔

ریوتی میں طالع

اگر یہ نچھتر طالع پر ہو تو صاحب زائچہ کی عمر لمبی ہوتی ہے' وہ کشش ہوتا ہے اور جنس مخالف کے آگے گھٹنے ٹیک دیتا ہے' شجاع' امیر' مغرور' خوددار اور بعض اوقات حاسد ہوتا ہے' صاف ستھرے اور مضبوط جسم کا مالک ہوتا ہے' ملن سار ہوتا ہے اور ایک اچھا استاد بنتا ہے' اپنی ذمہ دارانہ فطرت کی وجہ سے یہ لوگ لیڈر شپ کا ہنر بھی جانتے ہیں' ان کے بہت سے دوست ہوسکتے ہیں اور یہ لوگ سفر کرنے کے شوقین بھی ہوتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں نازی لیڈر ہنرک ہملر' بھارتی سیاست داں گلزاری لال نندا' سابق روسی صدر میخائل گورباچوف' صدر جنرل آئزن ہاور' ناتھ بگور' اداکارہ سمیتا پاٹل' شبانہ اعظمی' پروین بوبی وغیرہ شامل ہیں۔

ریوتی میں شمس

اگر شمس ریوتی نچھتر میں طلوع ہو تو صاحب زائچہ حساس اور فنکارانہ فطرت کا مالک ہوتا ہے' ایک پر مزاح لیکن نفسیاتی ٹائپ شخصیت سامنے آتی ہے' یہ لوگ پولیٹیکل سائنس' فلسفہ اور قانون میں دلچسپی لیتے ہیں' تھیٹر اور سفر کرنے کے شوقین ہوتے ہیں' خلاف معمول شہرت حاصل کرتے ہیں' ان کی خواہشات بدلتی رہتی ہیں۔

مشہور شخصیات میں نظام حیدرآباد میر عثمان علی خان' ماہر فلکیات اور اسٹرولوجر رافیل' لنڈاگڈ مین' مشہور شاعر ولیم ورڈز ورتھ' منیر نیازی' روسی ادیب گوگول' مرکی سیاست داں الگور' اداکار مارلن برانڈو' لیڈی مرفی' ہالی ووڈ اسٹار اومر شریف' پاکستانی کرکیٹر اعجاز احمد' ساتی' گلوکار کندن لال سہگل' مشہور ستار نواز روی شنکر' ستار نواز بڑے غلام علی خاں' اداکارہ پروین بوبی' پچتر اسین وغیرہ شامل ہیں۔

ریوتی میں قمر

چاند جب اس منزل میں ہوتو ایک صاف ستھرا' ہمت ور' متناسب جسم کا مالک' صاحب زائچہ سامنے آتا ہے جسے سب پسند کرتے ہیں' وہ آزاد منش' پُر عزم' دولت مند اور بہت عقل مند ہوتا ہے' مذہب اور تصوف سے دلچسپی' پالتو جانوروں سے محبت' اسے قدیم تہذیبوں سے دلچسپی ہوتی ہے' جرأت مند' خوبصورت' مقناطیسی کشش کا حامل' مشتری اور عطارد کا امتزاج ریوتی میں پیدا ہونے والے افراد میں دونوں سیاروں کے ملے جلے اوصاف کا اظہار کرتا ہے' یہ لوگ بے پناہ ذہین اور کاروباری معارت کے ساتھ ساتھ گہری بصیرت اور وجدان کے حامل ہوتے ہیں' جائز ذرائع سے دولت مند بنتے ہیں اور عام طور سے زندگی میں کامیاب رہتے ہیں لیکن ایک خرابی یہ ہے کہ زیادہ عرصے تک کسی ایک جاب سے وابستہ نہیں رہتے۔

یہ لوگ معاشرے کے ہر طبقے میں مقبول ہو سکتے ہیں' ان میں جراءت اور دلیری کی بھی کمی نہیں ہوتی' اپنے آس پاس رہنے والوں کے لیے گہری ہمدردی رکھتے ہیں' عام طور پر غیر ممالک میں کامیابی حاصل کرتے ہیں' اچھی جگہ شادی کرتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں سینٹ آگسٹائن' بابا گورونانک' میر عثمان علی خاں' قائد اعظم محمد علی جناح' چارلس ڈیگال' مشہور شاعر مرزا غالب' ایسٹرولوجر ایلن لیو' استاد امجد علی خاں' نصرت فتح علی خاں' اداکار مارلن برانڈو' جیمز ٹیلر' رابندر ناتھ ٹیگور' جم جونز' روڈنی کنگ' وٹنی ہیوسٹن' اداکار دیوانند' ابھیشک بچن' اداکارہ انجلینا جولی' دیویا بھارتی' جرائم پیشہ الکپون وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ تھوڑے سے ضدی ہوں گے' دوسروں پر دھونس جمانا پسند کریں گے لیکن آپ خدا ترس بھی ہیں' مذہبی ثقافت اور اصولوں پر عمل کرنے کے معاملے میں سخت اور کٹر ہیں' توہم پرستی بھی آپ کے مزاج کا حصہ ہے' آپ بے حد حساس اور نازک مزاج ہیں' بعض اوقات کوئی چھوٹی سی بات آپ کے دل میں چبھ جاتی ہے اور پھر دیر تک تکلیف کا باعث بنتی ہے' ایسی صورت میں آپ کو تنہائی کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

ریوتی میں آپ کا چاند بے حد نزاکت کا حامل ہے' اگر متاثرہ ہو یا کوئی نحس سیارہ بھی یہاں موجود ہو (زحل' مریخ' شمس' راہو' کیتو) تو صورت حال خاصی مختلف اور پیچیدہ نوعیت کی ہوسکتی ہے' آپ کی شخصیت اور فطرت پر انتہائی نامناسب اور منفی اثر پڑسکتا ہے' آپ کی بہترین صفات تبدیل ہو کر بدترین رنگ اختیار کرسکتی ہیں جیسا کہ بعض جرائم پیشہ افراد کے زائچے میں مشاہدہ ہوا ہے۔ آپ کے رجحانات منشیات' سیکس یا جرائم کی طرف بھی ہوسکتے ہیں اور فطری روحانی آزادی کا جذبہ بھی کوئی منفی رخ اختیار کرسکتا ہے۔

آپ حسین و جمیل ہیں اور آپ کی مقناطیسی کشش اور سحر انگیز شخصیت دوسروں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے' آپ کو ہزاروں میں پہچانا جاسکتا ہے' آپ کا رجحان فنون لطیفہ کی جانب ہوسکتا ہے اور آپ ادب یا ریاضی کی تعلیم حاصل کرسکتے ہیں۔ جہاں تک پیشہ وارانہ شعبوں کا تعلق ہے آپ عام نوعیت کے کاموں سے اپنے کریئر کا آغاز کریں گے' مثلاً ٹیلی فون آپریٹر' منیجر' کلرک یا کسی کمپنی کے نمائندے کی حیثیت سے اگر سات سیارے' سعد نظر وصول کررہے ہوں تو آپ سفیر یا اپنے ملک کی ثقافت یا سیاسی معاملات کی نمائندگی کرنے والے شخص بھی ہوسکتے ہیں' ان تمام باتوں کے باوجود آپ کے اندر جو تخلیقی جوہر موجود ہے وہ آپ کو ہمیشہ مضطرب اور عدم اطمینان کا شکار رکھے گا' تاوقتیکہ آپ کے تخلیقی جوہر کو اظہار کا موقع نہ ملے اور یہ جوہر کسی بھی خاص شعبے سے متعلق اظہار چاہتا ہے' میوزک' گلوکاری' اداکاری' سائنس' ریسرچ یا دیگر ادب اور آرٹ کے شعبے۔

آپ کو کسی ایسے لڑکے یا لڑکی سے شادی نہیں کرنا چاہیے جس کا چاند اردرا اچھتر میں ہو' کیوں کہ آپ دونوں میں ہم آہنگی نہیں ہوسکے گی اور اس کا نتیجہ علیحدگی بھی ہوسکتا ہے' آپ کی حساسیت اور نازک مزاجی ایک بہت ہم آہنگ شریک حیات کا تقاضا کرتی ہے بصورت دیگر ازدواجی زندگی اطمینان بخش نہیں ہوسکتی۔

ریوتی کے پیشے اور صحت

پیشے: ذاتی بزنس، ٹیلر، حکمران، سیاح، اداکار' کامیڈین' سیاست داں' انسانیت کے لیے کام کرنے والے یا دیہی منصوبہ ساز' صحافی' ایڈیٹر' پبلشر' ٹریول ایجنٹ'

فلائٹ اٹینڈنٹ' نفسیاتی معالج' حکومتی ارکان' ٹیلی فون آپریٹر' سفیر' استاد وغیرہ۔

مردانہ صحت : آپ پیروں' آنتوں یا پیٹ سے متعلق امراض کا شکار ہو سکتے ہیں' بخار، پیچش یا دانتوں کی بیماریاں، آنتوں کا السر اور کان کی تکالیف کا رجحان پایا جاتا ہے' بعض بچپن کی بیماریاں بھی پریشان کر سکتی ہیں' حساس نروس سسٹم کے مسائل' بے خوابی' ڈراؤنے خواب اور توہم پرستی وغیرہ۔

زنانہ صحت : پیروں میں کوئی نقص، آنتوں کا السر یا پیٹ کی تکالیف، بعض کیسوں میں بہرا پن بھی دیکھا گیا ہے' حساس نروس سسٹم کی وجہ سے نفسیاتی مسائل جو بے خوابی' ڈراؤنے خوابوں اور آسیبی یا جادوئی اثرات سے نمو جاتے ہیں' بعض کیسوں میں ایسی خواتین شک اور وہم کا بہت زیادہ شکار ہوتی ہیں۔

❖❖❖

نمایاں شناخت واثرات

بنیادی صفات کے مطابق پچھتروں کی مختلف طریقوں سے درجہ بندی کی گئی ہے' اسے بھی ذہن نشین رکھنے کی ضرورت ہے مثلاً ''بنیادی محرکات'' کی تقسیم کچھ اس طرح کی گئی ہے۔

کاما: یعنی شہوانی خواہشات۔

ارتھا: یعنی ماڈی خواہشات۔

دھرما: یعنی روحانی اصولوں پرمبنی زندگی۔

موشکا: یعنی پیدائش اور موت سے آزادی' اسی تقسیم میں جنس' ذات' نوع وغیرہ شامل ہیں۔

واضح رہے کہ پچھتر بارہ برجوں کا ہی حصہ ہیں اور ان کی تشریح میں برجوں کے اثر اور سیاروں کے اثر کو نظر انداز نہیں کیا جاتا' حقیقت یہ ہے کہ پچھتروں کا اگر برجوں سے موازنہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ وہ زیادہ گہرے اثر کے حامل ہوتے ہیں' بروج محض ایک ڈھیر یا مجموعہ اثرات ہیں لیکن پچھتر اس مجموعہ اثرات کے الگ الگ مخصوص اثر کی نشاندہی کرتا ہے۔

سیارے کائناتی تخلیقی طاقت ہیں' تمام سیارے مخصوص قوتوں کو خارج کرتے ہیں اور یہ اپنا اثر منطقۃ البروجی میدان پر مرتب کرتے ہیں' یہ خصوصی دائرہ جسے برجوں پر تقسیم کیا گیا ہے اس میں پچھتر اثرات کا منفی یا مثبت میدان ہیں جبکہ سیارے اس میدان کے کھلاڑی ہیں' بروج اور پچھتر ضروری ماحول پیدا کرتے ہیں جبکہ سیارے فعلی قوت ہیں۔

پراکریتی یعنی زنانہ تخلیقی تحریک وہ قوت ہے جو دائرہ بروج کے عمومی پس منظر کو برقرار رکھتی ہے' دوسرے معنوں میں وہ بنیادی حالات پیدا کرتی ہے جس پر ''پُرش'' یعنی مردانہ آگہی کا عنصر معروف عمل ہوتا ہے' یہاں ثمر باری اور نشوونما کی نشاندہی ہوتی ہے اور یہ سب قوانین فطرت کے عین مطابق ہے۔

دائرہ بروج کے پچھتر یا بروج اثباتی تخلیقی اہلیت ہیں جبکہ سیارے تخلیق کار یا تحریکی

قوت ہیں' سیارے فعال اسباب ہیں جبکہ بروج اور پچھتر فعالیت یا ایکشن کی مادّی سطح ہیں' گویا مفعول ہیں' پچھتر اور بروج اُفقی بازو تشکیل دیتے ہیں جبکہ سیارے کائناتی تخلیق کے کراس کی عمودی بازو کی نمائندگی کرتے ہیں۔

ویدک ایسٹرولوجی میں شخصیت کے اوصاف شمسی برج سے زیادہ پیدائشی ستارے (قمری پچھتر) سے معلوم کیے جاتے ہیں' سیاروں کے پچھتروں کی پوزیشن کا معائنہ مکمل زائچہ پیدائش سے بھی کیا جاتا ہے لہٰذا پچھتر کا استعمال ویدک علم نجوم میں بے حد اہم ہے' دائرہ بروج سے بھی بہت زیادہ۔

انڈین ویدک سسٹم کے ماہرین کا کہنا ہے کہ پچھتر ''مسکن'' کی نمائندگی کرتا ہے جس میں ہماری محنت (ہمارے کرما) کا پھل ٹرانسفر اور اسٹور کیا جاتا ہے' پچھتر کرما کے پھل بانٹتا ہے جس میں سب سے اعلیٰ پھل ہماری عبادت اور ریاضت کا ہے' اسی نظریے کو علامہ اقبال نے بھی بیان کیا ہے کچھ ہاتھ نہیں آتا' بے آہ سحر گاہی۔

ویدک ایسٹرولوجی میں سیاروی ادوار (پیریڈ سسٹم) کا ایک طریقہ استعمال ہوتا ہے جس کے تحت دور اکبر' دور اصغر' دور صغیر اور اس سے بھی چھوٹے چھوٹے مزید دور استخراج کیے جاتے ہیں' یہاں تک کہ صاحب زائچہ کے روزمرہ اُمور کا روزنامچہ گھنٹوں اور منٹوں کے حساب سے تیار کیا جاسکتا ہے' اس کا بنیادی حساب بھی قمری پچھتر سے ہی کیا جاتا ہے۔

اس حوالے سے سب سے مشہور اور اہم سلسلۂ ادوار کو ''ومشوتری دشا'' کہا جاتا ہے جو سیاروی پوزیشن کی ایک سو بیس سالہ گردش پر مشتمل ہے' اس کے ذریعے ہماری پوری زندگی میں سیاروں کے اثرات کو جانا اور پرکھا جاتا ہے' اس طرح یہ معلوم کرنے میں آسانی ہوتی ہے کہ سیارے کس طرح ہماری زندگی کے مختلف مراحل میں وقت کے ذریعے اپنے اثرات تقسیم کرتے ہیں۔

یہ طریق کار یونانی یا کسی اور سسٹم میں نہیں ہے' حضرت کاش البرنی نے اس طریقے کو یونانی سسٹم میں داخل کرنے کی کوشش کی تھی' بعد میں کلیم حجازی مرحوم نے بھی اس کی پیروی کی لیکن دونوں حضرات اس سلسلے کو زیادہ آگے نہیں بڑھا سکے کیوں کہ دونوں کا اصل میدان علم نجوم نہیں تھا۔

سعد پچھتر کا انتخاب

ہم کسی خاص لمحے میں جو بھی کام شروع کرتے ہیں وہ اس جگہ کے گرد و پیش اور وقت کے لمحے سے تعلق کے اوصاف کا حامل ہوتا ہے' ہر لمحے کی اپنی ایک خاص اہلیت ہوتی ہے لہٰذا کسی درست یا مبارک وقت میں شروع کیا جانے والا کام زیادہ بآور اور نتیجہ خیز ہوتا ہے' خراب وقت یا لمحہ یقیناً بے فائدہ یا بے نتیجہ اور نقصان دہ ہوگا' یہ وہ کائناتی سچائی ہے جس سے انکار ناممکن ہے' اس سچائی کے منکر ہمیشہ منہ کی کھاتے ہیں' اسلامی تعلیمات سچائی کا اعتراف کرتی ہیں' ایک حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ ہر کام کا وقت مقرر ہے۔

درحقیقت کسی بھی اہم کام کی شروعات کا اپنا ایک پیدائشی زائچہ ہوتا ہے اور اس زائچے میں اس کام کی زندگی دیکھی جاسکتی ہے جب کسی کام کو شروع کرنے کے لیے کسی مبارک وقت کا انتخاب کر رہے ہوں تو چاند کو کسی موافق پچھتر میں رکھنا ضروری ہے۔

یہ جاننے کے لیے کہ کون سے پچھتر خاص طور سے آپ کے لیے اور آپ کے منتخب کام کے لیے مبارک ہیں' سب سے پہلے آپ کا پیدائشی ستارہ یعنی جنم پچھتر دیکھنا ضروری ہے' یہ بڑی آسانی سے آپ کے پیدائش زائچے سے لیا جاسکتا ہے' آپ دیکھیں آپ کا قمر زائچے میں کس برج میں اور کس پچھتر کے کون سے قدم پر ہے، اسے ہمیشہ یاد رکھیں خصوصاً اس کتاب کا مطالعہ کرتے ہوئے آپ کو اس کی شدید ضرورت محسوس ہوگی، اگر اپنے ارد گرد موجود دوست احباب کے پچھتر بھی معلوم کرلیں تو آپ کو ان کے فطری رجحانات اور خوبیوں یا خامیوں کے بارے میں بھرپور آگاہی حاصل ہوسکے گی، خاص طور پر اپنے بچوں کے پیدائشی پچھتر معلوم کر کے آپ زندگی میں اُن کی دُرست رہنمائی کا فریضہ انجام دے سکتے ہیں۔

اگر ہم اپنا پیدائشی پچھتر معلوم کرلیں تو ہمارے لیے یہ جاننا آسان ہوگا کہ دوسرے کون سے پچھتر ہمارے لیے سعد اور مبارک ہیں یا نحس اور ضرر رساں ہیں' ہم یہاں کسی مخصوص زائچے کی تخصیص کے بغیر پچھتروں کے بنیادی اوصاف پر روشنی ڈالیں گے۔

قمر یعنی چاند روزانہ کسی نہ کسی منزل (پچھتر) سے گزر رہا ہوتا ہے' کسی بھی معیاری تقویم یا جنتری سے یہ معلوم ہوسکتا ہے کہ چاند کس وقت' کس منزل میں ہوگا' آج کل انٹرنیٹ کی سہولت کی وجہ سے ویدک ایسٹرولوجی کی بے شمار سائٹس دستیاب ہے جن کے

ذریعے آپ یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس منزل کے مطابق خاص نوعیت کی سرگرمیاں زیادہ ثمر بار ہو سکتی ہیں' ذیل میں منازل قمری کی خوبیوں اور روزمرہ کے واقعات کی ایک فہرست دی جا رہی ہے جوان کے اثر کے تحت ہم آہنگ ہیں۔

ہلکے سبک رفتار پچھتر

لاگھو یا شپرا (ہلکا اور سبک رفتار) پچھتر اشونی' پشیا' ہست اور ابھی جیت ہلکے یا سبک رفتار پچھتر ہیں' یہ خاص طور سے سفر' اسپورٹس کی سرگرمیوں' شفایابی یا دوا دینے کے لیے اچھے ہیں' جب قمر ان میں سے کسی پچھتر سے گزر رہا ہو تو کوئی کاروبار' تجارت' قرض لینے یا ادا کرنے یا مارکیٹنگ کے لیے بھی اس دوران میں کوشش کرنا چاہیے۔

دھیمے' نرم یا نازک پچھتر

مرگسر' چترا' انورادھا اور ریوتی نرم و نازک اور دھیمے پچھتر کہلاتے ہیں' یہ منازل قمری موسیقی' رقص اور ڈرامے کی تعلیم یا ایسے دیگر پروگراموں کے انعقاد کے لیے مبارک ہیں' شادی بیاہ' نئے کپڑے خریدنے اور پہننے کے لیے بھی یہ اچھے پچھتر ہیں' اس وقت میں محبت کے عملی مظاہرے اور رومانی سرگرمیوں سے بھی لطف اندوز ہوا جا سکتا ہے' نئی دوستیاں اور موج مستی بھی اس دوران میں مناسب ہوگی' یہاں بھی شفا بخشی کا اثر موجود ہے اور یہ نئی روح پھونک دیتے ہیں۔

ثابت اور مستحکم پچھتر

روہنی' اترا پھالگنی' اترا شدھ اور اترا بھدرا ساکت اور استحکام دینے والے پچھتر ہیں' اس وقت گھر کی بنیاد رکھنا یا کسی کاروبار' انجمن یا ادارے کی بنیاد رکھنا مبارک ثابت ہوتا ہے' ایسے کاموں کے لیے یہ قمری منازل موزوں اور مناسب ہیں جہاں استحکام اور ثبات پر زور ہے' زمین میں ہل چلانے' بیج ڈالنے' شجر کاری اور زرعی پراپرٹی خریدنے کے لیے بھی یہ اچھے پچھتر ہیں' نکاح و شادی یا کاروباری شراکت کا آغاز بھی ان پچھتروں میں بہتر ہوگا۔

عارضی یا حرکت پذیر پچھتر

پنرو سو' سواتی' سرونا' دھنشٹھا اور ست بھیشا حرکت پذیر پچھتر ہیں' ان کا اثر عارضی

ہوتا ہے' یہ آٹو موبائل یا دوسری، گاڑیوں کی خرید و فروخت' جلسے جلوس میں شرکت' محافل و مجالس کا انعقاد اور باغبانی کے لیے موزوں ہیں' ان کے اثرات کے تحت رہائش یا کریئر کی تبدیلی اور زندگی میں دیگر اہم تبدیلیاں آسانی سے واقع ہوتی ہیں۔

تند و تیز پچھتر

اشلیشا' اردرا' جیشٹھا اور مُولا تند و تیز اور خطرناک سمجھے جاتے ہیں' اس وقت دوستوں میں علیحدگی یا لڑائی جھگڑا' طلاق یا کسی پر مقدمہ وغیرہ کیا جاسکتا ہے' اس کے لیے یہ پچھتر موافق و مناسب ہیں' طاقت ور اور بے خوف سرگرمیاں ان پچھتروں کے اثر کے تحت واقع ہوسکتی ہے' اس وقت میں جادوٹونے' جن بھوت وغیرہ کے عملیات بھی کیے جاسکتے ہیں۔ ان پچھتروں کا تعلق کالے جادو' سحر و آسیب حتیٰ کہ قتل و غارت سے بھی ہوسکتا ہے۔

غضب ناک یا سنگین پچھتر

بھرنی' ماگھ' پروپھالگنی' پروشدھا اور پروبھدرپدا اپنی غضب ناکی اور سنگینی کے لیے مشہور ہیں' ان پچھتروں کا تعلق تخریب کاری جیسے آگ لگانا' زہر دینا اور دیگر پرفریب یا سنگین نوعیت کے کاموں سے ہے' قید و بند' جیل یا دوسری قسم کی نظر بندی کا ان منزلوں میں تجربہ ہوسکتا ہے۔

ملے جلے پچھتر

کرتکا اور وشاکھا ملے جلے اثرات رکھتے ہیں' یہ روزمرہ کی سرگرمیوں کے لیے عام طور سے مناسب ہیں' کرتکا آگ سے متعلق کاموں یا سرگرمیوں کے لیے اچھا ہے' مثلاً کھانا پکانا وغیرہ یا بھٹے میں اینٹیں یا مٹی کے برتن پکانا وغیرہ۔ ڈھلائی اور لوہار کے کاموں کے لیے بھی یہ اچھی منزل ہے۔

روزمرہ ضروریات

ذیل میں مخصوص کاموں سے متعلق پچھتروں کی تفصیل دی جارہی ہے جو روزمرہ کی سرگرمیوں اور واقعات کی نشاندہی کرتی ہے۔

گھر خریدنا: مرگسر' پتر وسو' اشلیشا' ماگھ' پروپھالگنی' وشاکھا' مولا' ریوتی۔

شادی: روہنی' مرگسر' اتر پھالگنی' ہست' سواتی' انورادھا' اتر شدھ' اتر بھدر پد اور ریوتی کے پہلے تین قدم۔

مسجد یا عبادت گاہ کا افتتاح: روہنی' مرگسر' پنروسو' پشیا' اتر پھالگنی' ہست' سواتی اور اتر شدھ۔

گھر کی بنیاد: روہنی' مرگسر' اتر پھالگنی' ہست' چترا' دھنشٹھا' اتر شدھ اور سرونا۔

فلکیاتی یا روحانی علوم سیکھنے کے لیے: اشونی' پنروسو' پشیا' ہست' انورادھا' جیشٹھا' اتر شدھ' دھنشٹا' ست بھیشا' اتر بھدر پد' ریوتی۔

شجر کاری اور بیج بونے کے لیے: اشونی' روہنی' پشیا' ماگھ' اتر پھالگنی' ہست' چترا' انورادھا' مولا' اتر شدھ اور ریوتی۔

علاج معالجے کے لیے: اشونی' روہنی' مرگسر' پنروسو' پشیا' چترا' سواتی' انورادھا' اتر شدھ' سرونا' دھنشٹا' ست بھیشا' اتر بھدر پد' ریوتی۔

آپریشن کے لیے: اردرا' اشلیشا' جیشٹھا' مولا۔ مریخ مضبوط ہو اور آٹھویں گھر پر کوئی قابض نہ ہو' چاند بڑھ رہا ہو لیکن پورا چاند نہ ہو۔

میڈیسن کا مطالعہ کرنے کے لیے: دھنشٹھا اور ست بھیشا۔

مذہبی کتب کا مطالعہ کرنے کے لیے: پشیا' سواتی' سرونا۔

سفر کا آغاز کرنے کے لیے: اشونی' مرگسر' پنروسو' پشیا' ہست' انورادھا' مولا' سرونا' دھنشٹھا اور ریوتی۔

وصیت تیار کرنے کے لیے: پشیا یا پشیا۔

نوٹ: ڈاکٹر بی وی رامن لکھتے ہیں ''پشیا یا پشیا (آٹھواں پچھتر) تمام پچھتروں میں سب سے موافق پچھتر ہے' کہا جاتا ہے کہ تقریباً تمام خرابیوں اور برائیوں کو یا بہت سے مخالفانہ امتزاجات سے پیدا ہونے والی خامیوں کو غیر جانبدار بناتا ہے' پشیا میں منفی قوتوں پر غالب آنے اور اپنی سعد فطرت کو مسلط کرنے کی قوت ہے لیکن اپنے تمام تر مثبت اثر کے باوجود پشیا کو شادی کے لیے نحس سمجھا جاتا ہے'' ڈاکٹر رامن مزید لکھتے ہیں ''پشیا ایک نہایت عمدہ پچھتر ہے اور عالمی طور پر تمام مقاصد کے لیے ہے' سوائے شادی کے''۔

منازل سے متعلقہ اشیاء

1۔اشونی: گھوڑے، سواری، گاڑیاں اور ذرائع نقل وحمل۔

2۔بھرنی: کنواں، بھوسے والا اناج، دیہات۔

3۔کرتکا: موسیقی، سفید پھول، منتر و طلسم۔

4۔روھنی: گلاب، سیب، جواہرات، گائے، بیوٹی پارلر، سامان آرائش و زیبائش، بازار۔

5۔مرگسر: پھل، چڑیاں، گارمنٹس، پھول، قیمتی پتھر اور پرفیوم۔

6۔اردرا: قلعہ، بھوسے والا اناج، دھواں دھار بارش۔

7۔پنروسو: اسلحہ، بہترین غلہ۔

8۔پشیا: گنا، باجرا، گندم، چاول، انجیر کا درخت اور پیپل۔

9۔اشلیشیا: بھوسے والا اناج، جڑیں، پھل، زہر، جڑی بوٹیاں اور سانپ۔

10۔ماگھ: غلہ، اناج رکھنے کی جگہ، بغیر سبزی والی غذائیں۔

11۔پرو پھالگنی: نمک، آگ، سامانِ تجارت، تیل، کپاس، شہد، بچے، رقم کا لین دین کرنے والے یا رقم تبدیل کرنے والے، تلے ہوئے کھانے۔

12۔اتر پھالگنی: ہاتھی، پتھر، آگ، غلہ، نمک، بے آب مقامات، صحرا۔

13۔ہست: نیم کا درخت، زیورات، بھوسے والا اناج اور ہاتھی۔

14۔چترا: ناریل، غلہ، چڑیاں، رنگے ہوئے برتن اور عورتیں۔

15۔سواتی: چڑیاں، گھوڑے، گیس، ہرن، سبزی۔

16۔وشاکھا: کپاس، تِل، پتھر اور زعفران۔

17۔انورادھا: اُون، زیورات، گھوڑے، گاڑیاں، گیسز۔

18۔جیشیٹھا: دولت، بھینس، فر، اسلحہ، اونچی فصیلیں۔

19۔ **مولا**: بیج، اسلحہ، دوائیں، پھل اور جڑی بوٹیاں۔

20۔ **پرو شدہ**: آگ، پھل، آبی پھول اور پھل، جانور۔

21۔ **اتر شدہ**: ہاتھی، گھوڑے، پتھر، کامرس، وہ چیزیں جو ہٹائی نہ جا سکیں جیسے درخت۔

22۔ **سرونا**: دواؤں میں استعمال ہونے والی جڑی بوٹیاں، آک، سواری۔

23۔ **دھنشیتا**: زیورات۔

24۔ **ست بھیشا**: آبی مخلوق، آبی پیداوار، رسی، جال۔

25۔ **پرو بھدر**: آم کا درخت، جانوروں کا باڑا، آگ۔

26۔ **اتر بھدر**: ہاتھی، پتھر، لیموں، عمدہ اور مہنگا اناج، جڑیں اور پھل، سونا، عورتیں۔

27۔ **ریوتی**: پانی میں پیدا ہونے والی چیزیں، نمک، زیورات، پھل، موتی، جواہرات، کنول، گھونگا۔

بنیادی پچھتر

بنیادی طور پر قمر کے پچھتر کو بہت اہمیت دی جاتی ہے لیکن طالع پیدائش کا پچھتر اور دیگر سیارگان کے پچھتر یا زائچہ کے بارہ گھروں کے پچھتر بھی اپنی اپنی جگہ ایک جداگانہ اہمیت رکھتے ہیں، خاص طور پر وقتی زائچہ میں انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور جڑواں بچوں کے زائچوں میں پچھتر اور کوارٹر کی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے' انڈیا کے جدید نظریات کے حامل عظیم ماہر فلکیات کرشنا مورتی جو ایک نئے اسکول آف تھاٹ کے بانی ہیں، ان کا متعارف کرایا ہوا تمام سسٹم ہی پچھتر اور اس کے حاکموں پر انحصار کرتا ہے' دنیا بھر میں ان کا سسٹم ''کے پی سسٹم'' کے نام سے مشہور ہے۔

کرشنا مورتی ان ماہرین نجوم میں سے ہیں جنہوں نے کلاسیکل ویدک نظریات سے بغاوت کی اور اپنی برسوں کی تحقیق اور مشاہدے کے بعد علم نجوم کو ایک نیا راستہ دکھایا' آج دنیا بھر کے ایسٹرولوجیکل سافٹ ویئرز میں ''کے پی سسٹم'' کا ہونا بھی ضروری قرار پایا ہے، جڑواں بچوں کا درست زائچہ اسی سسٹم کے تحت بنانا چاہیے۔

❖❖❖

تقابلی زائچہ

دو افراد کے باہمی تعلقات اور فلاح و بہبود

برصغیر انڈو پاک میں شریک حیات کے انتخاب کا حق دستور کے مطابق خاندان کے بڑوں کو حاصل ہے اور اکثر جوڑے بچپن ہی میں منتخب کر لیے جاتے ہیں' قدیم زمانے سے یہی رواج رہا ہے لیکن جدید دور میں بہت کچھ تبدیل ہوگیا ہے اور ہو رہا ہے' انڈیا میں آج بھی علم نجوم کے اصولوں کو اہمیت دی جاتی ہے اور ان کی پیروی کی جاتی ہے لیکن پاکستان میں بہر حال ایسا نہیں ہے۔

اس بات کی اہمیت دنیا کے ہر معاشرے میں موجود ہے کہ لڑکا لڑکی کی شادی کامیاب رہے' وہ پھلیں پھولیں' صاحب اولاد ہوں' ترقی کریں، خوشحال ہوں اور باہمی طور پر محبت و خلوص سے زندگی گزاریں' اگر ان حوالوں سے شادی کے بعد کوئی بھی خرابی سامنے آتی ہے تو زندگی تباہ کن حد تک متاثر ہوتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں اکثریت ایسی کسی خرابی کا ذمہ دار کسی تیسرے فرد کو ٹھہراتی ہے یا سحر و جادو' آسیب و جنات کی طرف خیال جاتا ہے اور اس کی وجہ بھی ہمارے گلی کوچوں میں موجود نام نہاد عامل' پیر فقیر اور مولوی حضرات ہیں جن کا علم انتہائی محدود اور ناقص ہوتا ہے، وہ جب کچھ سمجھ میں نہ آئے تو اپنے طور پر سحر و جادو یا آسیب و جنات کا فتویٰ دے کر بندے کا اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق روحانی علاج شروع کر دیتے ہیں اور پھر یہ علاج معالجہ عمر بھر جاری رہتا ہے۔

ویدک سسٹم میں دونوں فریقین کے تقابلی زائچے بنائے جاتے ہیں اور بیشتر اصول و قواعد پیدائشی قمر یعنی جنم راشی کی پوزیشن پر مبنی ہیں' کسی جوڑے کی موزونیت کا تخمینہ لگانے کے لیے دس قمری تقابل کو مدنظر رکھنا پڑتا ہے جو یہ ہیں۔

"دھینم' رجو' گنم' راسی' یونی' مہندرم' استری' دھیرگھم' راسی' وھیپاتی' دسیام اور

ودھائی'' (اس کے علاوہ بھی کچھ دوسرے تقابلی سوالات ہیں جن پر غور کیا جاتا ہے، جنوبی ہندوستان میں 12 تقابلی سوالات کا جائزہ لیا جاتا ہے)

یہ دس وہ بنیادی سوالات ہیں جن کے جوابات اثبات میں ہونا چاہیے اور ان میں سے بھی ترتیب کے لحاظ سے سب سے اہم پہلے پانچ ہیں اور ان پانچ میں کسی بھی صورت میں منفی جواب نہیں ہونا چاہیے ورنہ دونوں کی پارٹنر شپ کسی نہ کسی بڑی خرابی کا شکار ہوگی، دونوں فریقین کے پیدائشی قمری زوڈیکل پوزیشن کا پتا لگانے کے بعد درج ذیل تقابلی اصولوں کو مدنظر رکھا جائے۔

دھینم (قسمت)

دس سوالوں میں سے یا دس اہم نکات میں سے پہلا دھینم ہے جو دونوں کی یکجائی کی صورت میں خوش قسمتی یا بدقسمتی کا اظہار کرتا ہے، اصول یہ ہے کہ دلہن کے قمری نچھتر سے دولہا کے قمری نچھتر تک شمار کریں، گنتی ہمیشہ آگے کی طرف ہوگی، ہر چکر کے 9 نچھتروں پر جن پر پیدائش کا قمر قابض ہو، اس سے قطع نظر کہ وہ 27 کی پوری فہرست میں کہاں گرتا ہے، ہمیشہ پہلا ہوتا ہے، مثال کے طور پر دلہن کا قمری نچھتر اشونی ہے اور اشونی سے نواں نچھتر اشلیشا ہوگا جو دونوں کی بہتر قسمت کی نشان دہی ہوگی۔

ہر شخص کے پیدائشی نچھتر کے بعد دوسرا نچھتر دولت کی نشان دہی کرتا ہے، تیسرا مصیبت کی علامت ہے، چوتھا صحت وتندرستی کی ضمانت فراہم کرتا ہے، پانچواں رکاوٹوں کو جنم دیتا ہے، آٹھواں دوستی کے رجحان کا حامل ہے اور نواں عظیم دوستی و محبت کا پیامبر ہے، یہ بنیادی اصول ہمیشہ ذہن میں رہنا چاہیے۔

ایک خوش بخت شادی کے لیے دولہا کے قمری نچھتر کو دلہن کے قمری نچھتر سے دوسرا، چوتھا، چھٹا یا آٹھواں، نواں ہونا چاہیے۔

دوسری اہم بات یہ ہے کہ اگر مرد کا قمری نچھتر لڑکی کے قمری نچھتر سے تیسرا، پانچواں یا ساتواں ہو تو دونوں کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان ہوگا۔

ذیل میں نچھتروں کی خصوصیات کے حوالے سے کچھ اصول دیے جا رہے ہیں جو ایک عام اندازے کے لیے عمومی گائیڈ لائن فراہم کرتے ہیں لیکن یہ ضروری ہے کہ زائچے

میں قمر کی پوزیشن کو مدنظر رکھا جائے کہ وہ کمزور ہے یا طاقت ور ورنہ مندرجہ ذیل تشریح میں فرق واقع ہوگا، مثلاً اگر ایک پچھتر دولت کی علامت ہے تو بنیادی زائچے میں کچھ دوسرے اثرات اس کی نفی بھی کر سکتے ہیں، اس صورت میں صرف پچھتر کی بنیاد پر کی گئی پیش گوئی غلط ثابت ہو سکتی ہے لیکن اگر زائچے میں قمر کی پوزیشن مضبوط ہو اور وہ حاکمِ اعلیٰ کے طور پر کردار ادا کر رہا ہو تو قمر کے دورِ غیر معمولی کامیابی دینے والے ہوں گے۔

پچھتر کے مختصر اثرات

1-اشونی: صاحب زائچہ عورت یا مرد زیورات وجواہر کا شوقین، دیکھنے میں خوش شکل، سب لوگ اسے پسند کریں گے، چالاک اور ذہین۔

2-بھرنی: آخر وقت تک اپنے مقاصد کی تکمیل میں مصروف، راست باز، چالاک، خوش باش اور صحت مند۔

3-کرتکا: بہت بڑا پیٹو، شادی شدہ عورتوں کی صحبت کا شوقین (مشکوک کردار) ذہین اور مشہور۔

4-روہنی: راست باز، کھرا اور سچا، خوش مزاج، خوش گفتار، پختہ ذہن اور دیکھنے میں خوش جمال۔

5-مرگسرا: متلون مزاج، پل پل بدلتے موڈ کا مالک، تیز فہم، بزدل، خوش بیان، محنتی، دولت مند اور شہوت پرست۔

6-اردرا: فریبی، بے ایمان، گھمنڈی، ناشکرگزار، شریر اور گناہ گار۔

7-پنر وسو: ملنسار، کاہل، آسانی سے مطمئن ہو جانے والا، کھانے پینے کا شوقین، مرض سے متاثرہ، علم کا شوقین۔

8-پشیا: ضبطِ نفس کرنے والا، مستقل مزاج، سب لوگ اسے پسند کریں گے، قابل، دولت مند اور نیکی کی طرف مائل۔

9-اشلیشا: غیر مخلص، غیر سنجیدہ، ذخیرہ کرنے کی طرف مائل، گناہ گار، ناشکرگزار اور دھوکے باز، وہمی اور بدگمان۔

10-ماگھ: صاحب زائچہ دولت مند، اس کے بہت سے خدام ہوں گے، زندگی سے لطف اندوز ہوگا، مذہبی اور بے حد محنتی۔

11-**پُروا بھالگنی**: شیریں گفتار، فیاض، ہنس مکھ، گھومنے پھرنے کا شوقین اور اپنے بادشاہ، مالک یا باس کا وفادار۔

12-**اُتر بھالگنی**: صاحب زائچہ کو سب لوگ پسند کریں، اپنے علم سے پیسہ کمائے، خوش باش اور موج مستی کا دلدادہ۔

13-**هست**: صاحب پختہ محنتی لیکن بے صبرا، نشیات کا شوقین، بے رحم اور چور۔

14-**چترا**: خوبصورت ملبوسات اور پھولوں کا شوقین، خوش نما آنکھوں اور خوبصورت جسم کا مالک، سیاست اور سفارت کاری کا اہل۔

15-**سواتی**: شرمیلا، کاروبار میں چالاک، بامروت، شیریں گفتار اور نیک سیرت، ہمیشہ متحرک اور فعال۔

16-**وشاکھا**: حاسد، لالچی، ہنس مکھ، چرب زبان اور جھگڑالو۔

17-**انورادھا**: دولت مند اور متمول، غیر ممالک میں رہائش، بھوک برداشت نہیں ہوگی، ایک جگہ سے دوسری جگہ گھومنا پھرنا۔

18-**جیشتھا**: محدود دوست اور حلقہ احباب، قناعت پسند اور آسودہ لیکن چڑچڑا مزاج۔

19-**مولا**: مغرور، دولت مند، خوش باش، نرم اور مستقل مزاج، عیش و عشرت کی زندگی کا دلدادہ، جھگڑالو۔

20-**پُروشدھ**: شریک حیات ملنسار، مغرور، مضبوط دوست۔

21-**اُترشدھ**: خوش اطوار، راست باز، بہت سے دوست اور بڑا حلقہ احباب، شکر گزار اور ملنسار۔

22-**سرونا**: خوش حال اور قابل، بیوی یا شوہر آزاد خیال، امیر وکبیر، مشہور۔

23-**دھنشٹھا**: آزاد خیال، فیاض، دولت مند، جراٴت مند لیکن لالچی اور موسیقی کا شوقین، رنگین مزاج۔

24-**ست بھیشا**: راست باز لیکن بدقسمت، دشمنوں پر غالب، دلیر اور اس پر فتح پانا مشکل ہوگا۔

25-**پُروبھدرپد**: مصیبت زدہ، جورو کا غلام، دولت مند اور چالاک لیکن کنجوس، جگتی، اپنی بات پر اڑنے والا۔

26۔ **اُتر بھدر پد** :چرب زبان(گفتگو میں چالاک)،خوش باش، دشمنوں پر غالب اور نیک سیرت، کثیرالاولاد۔

27۔ **ریوتی**: متناسب جسم، سب کا پسندیدہ، جرأت مند، صاف اور کھرا، صحت مند۔

اس مختصر تفصیل کے علاوہ کسی عورت یا مرد کے نچھتر کا تفصیلی جائزہ کتاب میں موجود نچھتر کی مکمل تفصیلات کے ذریعے بھی کیا جاسکتا ہے۔ آیئے اب نچھتر میچنگ کے دیگر تقابلی سوالات پر نظر ڈالتے ہیں۔

❖❖❖

نامراد جوڑے

مندرجہ ذیل نچھتروں کی باہمی شراکت زندگی میں نامرادی کی نشان دہی کرتی ہے۔ان کے اشتراک سے گریز لازم ہے۔ بہ صورت دیگر تباہ کن نتائج کا سامنا ہوسکتا ہے۔

کرتکا اور اشلیشا

اشونی اور سواتی

چترا اور پرواشادھا

انورادھا اور دھنشٹا

دھنشٹا اور بھرنی

ستابھیشا اور کرتکا

بامراد جوڑے

بامراد اور خوشحال جوڑوں کے لیے مندرجہ ذیل نچھتروں کا اشتراک بہت خوب ہے،ایسے جوڑوں کواولیت دینا چاہیے۔

ارادرا اور اترپھالگنی

پرواپھالگنی اور انورادھا

چترا اور پشیا

پنروسو اور ہست

ایک اور اصول ذہن میں رہے، اگر دولہا کا قمری نچھتر دلہن کے قمری نچھتر سے 9 نچھتروں سے زیادہ آگے بڑھا ہوا ہو تو شادی بامراد ہوگی، ماسوا ان موقعوں کے۔

اگر دولہا کا قمری نچھتر دلہن کے قمری نچھتر سے آگے بڑھے ہوئے بارھویں نچھتر

کے پہلے قدم پر ہو یا آگے بڑے ہوئے چودھویں پچھتر کے چوتھے قدم پر ہو یا سولہویں پچھتر کے تیسرے قدم پر ہو تو شادی کامیاب نہیں رہے گی۔

ایک ہی پچھتر کی جوڑی

اگر دونوں فریقین یعنی دولہا اور دلہن کی پیدائش ایک ہی قمری پچھتر میں ہوئی ہو تو عام طور پر اسے بہتر سمجھا جاتا ہے لیکن بعض ایسی صورتیں بھی ہیں جن میں گریز لازم ہے۔

1۔ اگر دونوں کا پچھتر ایک ہی ہو اور وہ 4، 6، 10، 13، 16، 22، 26یا27 واں پچھتر ہو تو شادی مبارک اور بامراد ہوگی۔

2۔ اگر دونوں کا قمری پچھتر 1، 3، 5، 7، 8، 11، 12، 14، 17، 20، 21 واں ہو تو یہ اشتراک اوسط درجے کا ہوگا۔

3۔ اگر دونوں کا قمری پچھتر 2، 9، 15، 18، 19، 23، 24 یا 25 واں ہو تو ایسے اشتراک سے گریز لازم ہے۔

ایک ہی برج کے پچھتر

ایسی صورت حال بھی پیش آسکتی ہے جب دولہا اور دلہن دونوں کا تعلق ایک ہی پچھتر سے ہو اور وہ پچھتر ایک ہی برج سے تعلق رکھتا ہو ایسی صورت میں بعض پچھتر منحوس ثابت ہوتے ہیں اُن سے بچنا چاہیے اور وہ یہ ہیں۔

2 اور 3

8 اور 9

23 اور 24

❖ ❖ ❖

قمری تقابل

ایک شادی یا شراکت کو بامراد بنانے کے لیے دولہا کا پیدائشی قمر زوڈیکل طول البلد میں دلہن کے پیدائشی چاند سے پہلے ہونا چاہیے۔

اگر لڑکے کا قمری پچھتر لڑکی کے قمری پچھتر کے بعد ہو تو بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے' ایک بامراد شادی یا شراکت ممکن ہے' بشرطیکہ دلہن کا پیدائشی قمری پچھتر 1' 3' 5' 10' 13' 15' 20' 24 میں ہو۔

مخصوص پچھتروں کی جوڑیاں

کسی بھی جوڑے کے پیدائشی قمری پچھتر سے تعلق رکھنے والے مخصوص پچھتروں کے جوڑے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔

باہمی خلوص اور خوشی کے لیے: 20 اور 26۔ 21 اور 27۔

خوشحالی اور تونگری کے لیے: 2 اور 8۔ 19 اور 25۔

ناچاقی اور نااتفاقی کے لیے: 27 اور 6۔ 18 اور 12۔ 16 اور 22۔

میاں بیوی کی علیحدہ سکونت کے لیے: 11 اور 12۔

بیوگی کے لیے: 26 اور 5۔

بہت سے بیٹوں کے لیے: 4 اور 10۔ 25 اور 4۔

نانجار بیٹوں کے لیے: 16 اور 10۔

بہت سی بیٹیوں کے لیے: 1 اور 7۔ 17 اور 21۔

موت اور مالی نقصان کے لیے: 12 اور 5۔ 13 اور 9۔

رجّو (ازدواجی خوشیاں اور عمر)

ازدواجی زندگی میں خوشی اور دولہا دلہن کی عمر کا تعین رجّو کے تقابلی مطالعے سے

کیا جاتا ہے' اس کے لیے پچھتروں کو 5 گروپ میں تقسیم کیا گیا ہے جو درج ذیل ہیں لیکن اس کے پوائنٹ نہیں لیے جاتے۔

پدھ: پچھتر نمبر 1'9'10'18'19'27۔

اُورد: پچھتر نمبر 2'8'11'17'20'26۔

نابھی: پچھتر نمبر 3'7'12'16'21'25۔

کانت: پچھتر نمبر 4'6'13'15'22'24۔

سیرو: پچھتر نمبر 5'14'23۔

اب اصول یہ ہے کہ ایک بامراد شادی کے لیے دونوں فریقین کے قمری پچھتر ایک ہی گروپ سے نہیں ہونے چاہئیں' اگر وہ ایک ہی رجو گروپ میں ہوں تو نتائج درج ذیل ہوں گے۔

اگر دونوں کا تعلق پدھ گروپ سے ہے تو غیر ممالک کے سفر کی ترغیب ہوگی جس کے نتیجے میں سماجی حیثیت سے محرومی یا آزاد خیالی سامنے آئے گی۔

اگر دونوں کا تعلق اُورد گروپ سے ہے تو نتیجہ جائیداد سے محرومی اور ذاتی جائیداد کے حصول میں ناکامی ہوتا ہے۔

اگر دونوں کا تعلق نابھی گروپ سے ہو تو اولاد سے محرومی کی پیش گوئی کی جاتی ہے۔

اگر دونوں تعلق کانت گروپ سے ہو تو بیوی کی موت سے پیشگی آگاہی ہوتی ہے۔

اگر دونوں کا تعلق سیرو گروپ سے ہو تو شوہر کی موت سے پیشگی آگاہی ہوتی ہے۔

❖❖❖

گنم (دولت)

پیدائشی قمری نچھتر میں تیسرا نہایت اہم تقابل گنم ہے جو دولت اور باہمی روحانی لگاؤ کی نشاندہی کرتا ہے'یہ نہایت اہمیت کا حامل ہے، اس کا جواب نفی میں نہیں ہونا چاہیے۔

اس حوالے سے نچھتروں کو تین گروپ میں تقسیم کیا گیا ہے جو درج ذیل ہیں۔

دیوا گنم: 1'5'7'8'13'15'17'22'27۔

منش گنم: 2'4'6'11'26۔

راکھشش گنم: 3'9'10'14'16'18'19'23'24۔

اس تقسیم میں ''دیوا'' سے مراد اعلیٰ درجے کی پاکیزہ صفات ہیں جب کہ ''منش'' سے مراد عام انسانی صفات ہیں اور ''راکھشش'' سے مراد غیر انسانی اور ماورائی صفات ہیں یعنی بھوت وغیرہ۔

اگر مرد اور عورت کے قمری نچھتر ایک ہی گنم سے تعلق رکھتے ہوں تو یہ نہایت اعلیٰ درجے کی موزونیت ہوگی اور دونوں کے درمیان نہایت عمدہ روحانی ہم آہنگی رہے گی اور کسی بھی قسم کے ذاتی اختلافات جنم نہیں لیں گے بلکہ دونوں ہمیشہ شیر وشکر اور ایک دوسرے سے حقیقی محبت وخلوص رکھیں گے۔

اگر دونوں کے قمری نچھتر مختلف گنم سے تعلق رکھتے ہوں اور مرد کا نچھتر دیوا گنم سے ہو، عورت کا منش گنم سے تو بھی مناسب ہوگا اور شادی کامیاب رہے گی لیکن دونوں کے درمیان فطری سوچ میں ہم آہنگی نہیں ہوگی یعنی ایک کا رجحان اگر مذہب اور روحانیت کی جانب ہوگا تو دوسرے کا مادیت کی طرف۔

اگر مرد کا قمری نچھتر دیوا گنم میں ہو اور عورت کا راکھشش گنم میں ہو تو شادی بامراد نہیں ہوگی بلکہ دکھ، تکالیف اور مسائل موجود رہیں گے۔

عورت کا کردار بنیادی نوعیت کا اور نہایت اہم ہے، اسے خاندان کی فلاح و

بہبود کے لیے کردار ادا کرتا ہوتا ہے، اگر اس کا تعلق راکھشس گنم سے ہوگا تو وہ مرد اور اس کے خاندان کے لیے مستقل مسائل پیدا کرے گی، اگر مرد کا تعلق راکھشس گنم سے ہوگا تو وہ عورت کی زندگی برباد کرے گا، دنگا فساد اور شدت پسندانہ طرزِ عمل سے اُس کی زندگی کو مشکل بنا دے گا۔

اگر مرد کا پچھتر منش گنم میں ہو اور عورت کا راکھشس گنم میں ہو تو شادی انتہائی نقصان دہ بلکہ دونوں فریقین کے لیے تباہ کن ثابت ہوگی، خیال رہے کہ عورت کا راکھشس جنم میں ہونا عام طور پر فیملی لائف کے لیے خاصا خطرناک خیال کیا جاتا ہے، اس صورت میں اگر مرد کا پچھتر راکھشس ہو تو عورت نباہ کر لے گی۔

بعض صورتوں میں کچھ رعایت بھی دی گئی ہے مثلاً اگر دونوں فریقین کے قمری برج کا حاکم ایک ہی ہو یا دونوں باہم دوست ہوں تو گنم کے منحوس یا مخالف اثرات ختم ہو جائیں گے؛ اگر دونوں کے قمر مخالف برجوں میں ہوں تب بھی یہ نحس اثرات ختم ہو جائیں گے؛ اسی طرح اگر مرد کا قمری پچھتر عورت کے قمری پچھتر سے 14 پچھتر سے زیادہ آگے بڑھا ہوا ہو تو راکھشس اور منش کا منحوس امتزاج بے اثر ہو جائے گا۔

❖ ❖ ❖

راسی (قمری برج)

اہمیت کے لحاظ سے چوتھا تقابلی جائزہ ''راسی'' ہے، یہ فیملی کے پھلنے پھولنے اور دونوں فریقین کے باہمی اختلافات یا مزاجی ہم آہنگی کو ظاہر کرتا ہے، اس حوالے سے قمری بروج (Moon Signs) کی پوزیشن کو مدنظر رکھا جاتا ہے جو موافق بھی ہو سکتی ہے اور ناموافق بھی۔

1۔ اگر دلہن کا قمری برج، دولہا کے قمری برج سے دوسرا ہو تو یہ لمبی عمر کی نشاندہی کرتا ہے اور دونوں کے درمیان باہمی محبت کو فروغ دیتا ہے لیکن یہ پوزیشن تنگدستی کی نشاندہی بھی کرتی ہے، اگر دونوں کے زائچے میں ''دھن یوگ''، موجود ہو یا مالی فروانی سے متعلق دیگر یوگ بھی ہوں تو صورت حال مختلف ہوگی۔

2۔ اگر دولہا کا قمری برج دلہن کے قمری برج سے دوسرا ہو تو یہ نہایت منحوس ہے دونوں میں ہرگز محبت اور ہم آہنگی نہیں ہوگی (اگر یہ دوسرا برج جفت ہو تو یہ نحوست ختم ہو جائے گی)۔

3۔ اگر دلہن کا قمری برج دولہا کے قمری برج سے تیسرا ہو تو شادی سے خوشیاں ملیں گی لیکن اس کے برعکس جبکہ دولہا کا قمری برج دلہن کے قمری برج سے تیسرا ہو تو یہ مصیبت کا پیامبر ہے۔

4۔ اگر دلہن کا قمری برج دولہا کے قمری برج سے چوتھا ہو تو مال و دولت زیادہ ہوگی جبکہ اس کے برعکس اگر دولہا کا قمری برج دلہن کے قمری برج سے چوتھا ہو تو غربت کا منہ دیکھنا پڑے گا۔

5۔ اگر دولہا کا قمری برج دلہن کے قمری برج سے پانچواں ہو تو بیوگی کی نشاندہی ہوتی ہے، اس کے برعکس اگر دلہن کا قمری برج دولہا کے قمری برج سے پانچواں ہو تو خوشحالی اور خوشیاں حاصل ہوتی ہیں۔

6۔ اگر دلہن کا قمری برج دولہا کے قمری برج سے چھٹا ہو تو بیٹے زیادہ ہوں گے، اگر دولہا کا قمری برج دلہن کے قمری برج سے چھٹا ہو تو بیٹوں سے محروم ہونے کی نشاندہی ہوتی

ہے اور اگر دونوں کے قمری بروج کے حاکم باہم دوست نہ ہوں تو اس اشتراک سے گریز کرنا بہتر ہے، خاص طور پر دونوں قمری بروج کے حاکموں کے درمیان دوستی اور دشمنی کے اصول کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

7۔ اگر دونوں کے قمری بروج باہم ایک دوسرے کے مقابل ہوں مثلاً حمل اور میزان، جوزا اور قوس، سرطان اور جدی وغیرہ تو لمبی عمر اور خوش وخرم ازدواجی زندگی کی نشاندہی ہوتی ہے۔

8۔ مندرجہ بالا چاند کی پوزیشن کے لیے دیے گئے اصولوں میں نحس اثرات جن کی نشاندہی کی گئی ہے، ختم ہو سکتے ہیں اگر دونوں فریقین کے قمری بروجوں کے حاکم ایک ہی ہوں مثلاً حمل وعقرب، ثور ومیزان وغیرہ یا باہم دوست سیارے ہوں۔

❖❖❖

یونی (جنسی تقابل)

قمری پختر کا یہ تقابل اہمیت میں پانچواں ہے اور یقین کیا جاتا ہے کہ اولاد خصوصاً اولادِ نرینہ کے حوالے سے نہایت اہم ہے، اس تقابلی جائزے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، اس کے پوائنٹس شمار کیے جاتے ہیں۔

لفظ ''یونی'' کے لغوی معنی نسوانی تولیدی اعضاء کے ہیں لہٰذا شادی کے لیے یہ تقابل جنسی تعلق پر مبنی ہے جس کی نشاندہی مختلف پختروں کی ہم آہنگی یا مخالفت سے کی گئی ہے، یہاں پختروں کی حیوانی علامت سے کام لیا گیا ہے اور یہ حیوانی علامتیں جو مختلف حیوانوں مثلاً گھوڑا، ہاتھی، سانپ، شیر، گائے، بندر وغیرہ ہیں، اپنے اندر معنویت کی ایک قابلِ غور دنیا رکھتی ہے، اہلِ نظر ہی اس کا عرفان حاصل کر سکتے ہیں، کیوں کہ یہ انسان کی سیکس لائف کے مسائل کو سمجھنے میں مددگار و معاون ہیں، دونوں فریقین اپنے جنسی تعلقات میں کس رویے اور طرزِ عمل کا اظہار کرتے ہیں، اس تقابلی جائزے سے سمجھا جا سکتا ہے۔

بنیادی اصول یہ ہے کہ پختر کی ایک ہی حیوانی علامت رکھنے والے عورت اور مرد بہتر طور پر ''ہم صحبت'' ہوتے ہیں اور نسلی ارتقاء کا شاندار سلسلہ شروع ہوتا ہے، اس حوالے سے پختروں کی حیوانی علامتیں ذیلی پختروں میں اعلیٰ درجے کی ہم آہنگی ظاہر کرتی ہیں۔

1 اور 24۔2 اور 27۔3 اور 8۔4 اور 5 وغیرہ۔

اگر دو مخالف یا دشمن حیوانی علامتیں ایک جگہ اکٹھی ہو جائیں تو دونوں کے جنسی تعلقات ناآسودگی، تشنگی اور تضاد کا شکار ہوں گے، خاص طور پر بندر اور بھیڑ، ہرن اور ہاتھی، گھوڑا اور بھینسا، گائے اور شیر، چوہا اور بلی، سانپ اور چوہا، کتا اور ہرن اس حوالے سے مخالف اور متضاد پختر ہیں، ان کی جوڑی بنانے سے گریز کرنا چاہیے، ورنہ دونوں کے درمیان بے رغبتی اور بے اولادی ہو سکتی ہے۔

3۔ایسے پختر جن کی حیوانی علامت ایک نہ ہو اور نہ ہی باہم مخالف اور متضاد ہوں غیر جانبدار سمجھے جاتے ہیں اور اوسط درجے کے جنسی تعلق کی نشاندہی کرتے ہیں۔

مہند ہرم (لگاؤ)

یہ ازدواجی امتزاج باہمی لگاؤ اور خوش حالی میں اضافہ کرتا ہے اور عمر بھی طویل ہوتی ہے، اس کے لیے اصول یہ ہے کہ مرد کے قمری نچھتر کو عورت کے نچھتر سے چوتھے، ساتویں، دسویں، تیرھویں، سولھویں، انیسویں یا پچیسویں ہونا چاہیے یا اس سے آگے ہونا چاہیے۔

استری دھیرگم (فلاح و بہبود)

ازدواجی تقابل کے اصول دونوں افراد کے عمومی فلاح و بہبود اور خوش حالی کو آگے بڑھانے کی سفارش کرتے ہیں، اس کے لیے اصول یہ ہے کہ مرد کے قمری نچھتر سے دلہن کے قمری نچھتر کو 3 1 نچھتر پیچھے ہونا چاہیے۔

رسیادھیاتی (خوراک)

اس ازدواجی تقابل کا تعلق زمین میں پیدا ہونے والی غذا کے ذریعے خوش حالی اور ترقی کی نشان دہی سے ہے اور اس سلسلے میں دونوں فریقین کے قمری بروج کے حاکموں کے درمیان ہم آہنگی کا جائزہ لیا جاتا ہے، اس معاملے میں جو اصول مقرر ہیں وہ عام طور پر سیارگان کے درمیان باہمی دوستی، دشمنی یا غیر جانب داری کے مروجہ اصولوں سے مختلف ہیں، لہٰذا ان اصولوں کو کسی اور جگہ استعمال نہیں کرنا چاہیے، یہ صرف ازدواجی تقابلی جائزے کے لیے مخصوص ہیں۔

مرد اور عورت کے قمری بروج کے حاکموں کی ہم آہنگی درج ذیل شیڈول کے مطابق دیکھی جائے۔

شمس: صرف مشتری سے دوستی

قمر: صرف عطارد اور مشتری سے دوستی

مریخ: صرف عطارد اور زہرہ سے دوستی

عطارد: شمس کے سواسب سے دوستی

مشتری: مریخ کے سواسب سے دوستی

زہرہ: شمس اور قمر کے سوا سب سے دوستی

زحل: مشتری کے سوا سب سے دوستی

یہ تقابلی جائزہ خاصا عجیب ہے اور اس میں بعض پیچیدگیاں ہیں، اس لیے بعض موقعوں پر اسے نظر انداز بھی کیا جاتا ہے لیکن تجربے نے ثابت کیا ہے کہ اس کی اہمیت اپنی جگہ مسلّم الثبوت ہے، عام طور پر قمری برج کی پوزیشن کے درمیان یہ تعلقات ہمیشہ باہم دوستانہ نہیں ہوتے، اگر کسی مرد کا قمر حوت میں ہو تو اسے اپنا موزوں جوڑا اس عورت میں مل جائے گا جس کا قمر سوائے حمل یا عقرب کے کسی بھی برج میں ہو لیکن اگر کسی عورت کا قمر جدی یا دلو میں ہو تو اسے ایسا کوئی مرد نہیں ملے گا جس کا قمر حوت میں من پسند ہو، زحل کی حاکیت والے بروج میں قمر دونوں طرف سے ان برجوں کے لیے پسندیدہ نہیں ہوگا جن پر مریخ، قمر، شمس اور مشتری کی حکومت ہو، بہترین تعلقات ظاہر ہے، وہ ہیں جو باہم دوست ہیں۔

وسیام (ترقی و خوشحالی)

نواں از دواجی تقابل خوشحالی اور ترقی کی تائید کرتا ہے، اس معاملے میں بھی عورت اور مرد کے قمری بروج کی ہم آہنگی کو مدنظر رکھا جاتا ہے، اگر یہ بروج ہم آہنگ ہوں تو جوڑے کے درمیان ہم آہنگی اور باہمی کشش کی پیش گوئی کی جا سکتی ہے، یہ باہم بدل پذیر ہو سکتے ہیں یعنی زحل کے برجوں کے گروپنگ دونوں فریقین پر لاگو ہوتی ہے۔

حمل: اسد اور عقرب

میزان: جدی

ثور: میزان اور اسد

عقرب: سنبلہ

جوزا: سنبلہ

قوس: حوت

سرطان: عقرب اور قوس

جدی: دلو اور حمل

اسد: میزان

دلو: حمل

سنبلہ: جوزا اور حوت

حوت: جدی

ودھائی (ممنوعات)

کچھ نچھتروں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ایک دوسرے کو متاثر کرتے ہیں لہٰذا ایسے ممنوعہ نچھتروں کے جوڑے بنانے سے گریز کرنا چاہیے' اس کی فہرست درج ذیل ہے۔

1اور 18۔2اور 17۔3اور 16۔4اور 15۔6اور 22۔7اور 21۔8اور 20۔9اور 19۔10اور 27۔11اور 26۔12اور 25۔13اور 24۔

باقی نچھتر ایک مجذوم 5' 14' 23 پر مشتمل ہیں اور اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ 3 میں سے کسی بھی 2 کا امتزاج بھی نحس ہے' معاندانہ یا مخالف نچھتروں کے اس اصول میں استثنا اس صورت میں ہوتا ہے کہ جب قمر مخالف برجوں میں ہو یا ان برجوں میں جن پر ان کی حاکمیت ہے یا ان کے دوست سیاروں کی حکمرانی ہے' اس صورت میں ایک مطابقت پذیری ممکن ہے۔

10 تقابلی جائزے میں جس کا ابھی تذکرہ کیا گیا ہے یہ ضروری ہے کہ کم از کم 5 میں اتفاق ہو' اس سے کم اتفاقی صورت میں عمومی ہم آہنگی کے فقدان کی نشاندہی ہوتی ہے' ایسی صورت میں گریز کرنا چاہیے' بہرحال دونوں افراد کے زائچے میں مخصوص سیاروں کے درمیان موجود تعلقات کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید تخمینہ بھی لگایا جاسکتا ہے۔

❖❖❖

مزید تقابلی جائزہ

مرد کے زائچے میں قمر اور زہرہ نہایت اہم ہیں، اگر مرد کا قمر عورت کے زائچے میں اس کے شمس سے قران میں ہو یا اس کے مقابل ہو یا دیگر مضبوط نظرات کا حامل ہو تو شادی کے موافق اور موزوں ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، اسی طرح اگر مرد کا زہرہ اور عورت کے مریخ کے درمیان قران یا مقابلہ یا دیگر مضبوط نظرات ہوں تو کامیاب شادی کے امکانات کی نوید دی جاسکتی ہے۔

عورت کے زائچے میں شمس اور مریخ سب سے اہم ہیں، اس کے شمس کو مرد کے زائچے میں قمر کے ساتھ ایک مضبوط نظر تشکیل دینا چاہیے، اس کے مریخ کو مرد کے زہرہ کا مضبوط ناظر ہونا چاہیے۔ اگر ایسی کوئی نظر نہ ہو تو سیارگان کے قران، مقابلے یا تریخ پر جو فطری دوست ہوں، غور کرنا چاہیے، اگر دو دشمن سیاروں کے درمیان مضبوط نظرات نہ ہوں تو شادی کے کامیاب ہونے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔

ورن (ذات پات)

شادی سے متعلق اور بھی کئی چیزیں قابل غور ہیں لیکن ان کا تعلق ہندو سماج کی قدیم روایات سے ہے مثلاً مرد کی ذات عورت کے مقابلے میں ہمیشہ برتر اور بلند ہونی چاہیے، دوسرے لفظوں میں عورت اپنے شوہر کی عزت کرے اور اسے اہمیت دے، اس حوالے سے ویدک ایسٹرولوجی میں ذات پات کا قدیم ہندو نظریہ بھی موجود ہے لیکن ہم ایسے نظریات کے مقابلے میں جدید تحقیق کے اصولوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ مثلاً ایک تقابلی جائزہ دونوں فریقین کا ذات پات کے حوالے سے کیا جاتا ہے جسے ''ورن'' کہتے ہیں، اس کی بنیاد بروج اور بچھتروں میں ذات پات کی تقسیم سے متعلق ہے، یہ جوڑے کے روحانی فروغ کی علامت بھی جانی ہے، اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سرطان، عقرب اور حوت کو براہمن ذات سے منسوب کیا گیا ہے گویا یہ بروج

مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے مخصوص ہیں۔

برج اسد، قوس اور میزان کو کھتری قرار دیا گیا ہے، ان کا تعلق سیاست اور جنگ جوئی سے ہے۔

برج حمل، جوزا اور دلو کی ذات ویسیا ہے یعنی بزنس کمیونٹی۔

برج ثور، سنبلہ اور جدی کو شودر قرار دیا گیا ہے یعنی ہاتھ سے مزدوری کرنے والے اور خدمت گار۔

اب اگر عورت کا تعلق اعلیٰ کیٹیگری میں ہو یعنی اس کی ذات برہمن ہو یا کھتری ہو اور مرد شودر ہو تو اس تعلق کو مناسب نہیں سمجھا جائے گا لیکن اگر مرد کی ذات اعلیٰ ہو اور عورت لو کیٹیگری میں ہو تو مناسب سمجھا جائے گا، اگر دونوں ایک ہی کیٹیگری میں ہوں تو یہ بھی مناسب ہوگا، یہی صورت پچھتروں میں بھی موجود ہے اور اس کا خیال رکھا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ یہ تمام اصول وقواعد کلاسیکی نظریات کے تحت ہیں، اس حوالے سے جدید محققین نے ان پر اعتراضات بھی کیے ہیں اور بہت سی باتوں سے اختلاف کیا ہے، ہمارا تعلق بھی ایسٹرولوجی کے جدید سوچ کے حامل افراد میں ہے اور اس پچھتر میچنگ کے 100 فیصد نتائج ہمارے مطالعے میں نہیں آئے لہٰذا ہم اس حوالے سے اپنا مختلف نظریہ رکھتے ہیں جو اپنی دوسری کتاب میں دیا ہے کیوں کہ یہ کتاب مکمل طور پر کلاسیکی نظریات کے ماتحت ہے لہٰذا پچھتر میچنگ کے روایتی اصول وقواعد بیان کر دیے گئے ہیں، ضروری نہیں ہے کہ ان تمام نتائج کو آنکھیں بند کر کے قبول کر لیا جائے لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اکثر قواعد کو نظرانداز کرنا ممکن نہیں ہوتا، مثلاً ایک دیوایا منش اور راکھشش کے درمیان ہونے والے فساد سے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، اسی طرح قمری برجوں کے بارے میں بیان کیے گئے اصولوں کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، اگر رجوع کے مسائل سامنے آئیں تو وہ بھی نظرانداز نہیں ہو سکتے، بہر حال کتاب کے بنیادی موضوع کو مدنظر رکھتے ہوئے شادی جیسے اہم شعبے کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا تھا اور اس حوالے سے پچھتر میچنگ کے اصول بیان کرنا ضروری تھا۔

یونانی منازلِ قمر

خواص واثرات وطلسمات

شمس کا ایک چکر دائرۃ البروج کے بارہ برجوں میں مکمل ہوتا ہے اور یہ تقریباً ایک سال کے عرصے پر محیط ہے، یہی صورت سیارہ قمر کی بھی ہے جو بارہ بروج کا دورہ تقریباً 28 دن میں پورا کر لیتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ان بارہ بروج میں قمر کا اپنا بھی ایک ''دائرہ بروج'' ہے، جسے منازلِ قمری کہا جاتا ہے۔

قدیم زمانوں سے ماہرینِ فلکیات اس کا مشاہدہ اور مطالعہ کر رہے ہیں، اس حوالے سے مشرق ومغرب کی کوئی قید نہیں ہے، چاند کی منزلیں قدیم ہندوستان کے ماہرینِ فلکیات کی نظر میں بھی اہمیت کی حامل رہی ہیں اور مصری، یونانی یا بابلی ماہرینِ فلکیات بھی اس حوالے سے غور وفکر کرتے رہے ہیں، قدیم ماہرینِ نجوم سورج کی بارہ بروج میں گردش کے علاوہ 28 منازلِ قمری کے بارے میں بھی جانتے تھے اور انہوں نے انہیں استعمال بھی کیا، یہ موسموں کی تبدیلی، سفر میں معاونت و مدد اور کسی واقع کے ظہور پذیر ہونے کے حوالے سے مخصوص علامات کی نشان دہی کرتی ہیں لہٰذا پیدائشی، انتخابی یا دنیاوی علمِ نجوم میں بے حد معاون و مددگار قرار دی جاتی ہیں، اس کے علاوہ سحر کاری یا روحانی مشاغل واعمال کے لیے بھی ان کی تاثیرات مؤثر و مستند تسلیم کی گئی ہیں، اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ منازلِ قمری دائرۃ البروج میں ''سب ڈویژن'' کی حیثیت رکھتی ہیں، ن کا آغاز صفر درجہ حمل سے ہوتا ہے، چاند اپنے ماہانہ سفر کے دوران میں ہر منزل سے گزرتے ہوئے ایک مختلف اثر پیدا کرتا ہے۔

طلوعِ اسلام کے بعد مسلمان منجمین نے اس معاملے کو زیادہ اہمیت دی اور اپنی تحقیق کا مرکز بنایا کیوں کہ اُن کی نظر میں قرآنِ کریم کی یہ آیت موجود تھی جس میں ارشادِ ربانی ہے کہ ''ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کر دی ہیں، ان منزلوں میں حرکت کرتا ہوا وہ یہاں تک گھٹ جاتا ہے کہ کھجور کی سوکھی ہوئی شاخ کے مانند ہو جاتا ہے یعنی ہلال بن جاتا ہے''۔

وَالقَمَرَ قَدَّرنٰهُ مَنَازِلَ حتٰی عَادَ کَا العُرجونِ القَدِیمُ

عرب منجمین سے پہلے انڈین منجمین اور مصری منجم اگر چہ یہ کام انجام دے چکے تھے لیکن دونوں کے کام میں کافی فرق تھا بلکہ جدید تحقیقات کے مطابق یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یونانی، مصری اور بابلی ماہرین فلکیات نے منازل قمری کی تقسیم کا فارمولا انڈین ماہرین فلکیات سے ہی لیا تھا اور اس میں اپنی ذاتی تحقیقات کے مطابق مزید ترمیم واضافے کیے تھے، قدیم انڈین ماہر فلکیات اور ریاضی داں دائرۂ بروج کے 360 درجات کو 27 منازل قمری پر تقسیم کرتے ہیں جب کہ مصری، یونانی اور بابلی 28 منازل قمری کو ترجیح دیتے ہیں لیکن اس کی تقسیم کا دُرست فارمولا اور دیگر اصول وقواعد سب سے پہلے مسلم منجمین نے ہی مرتب کیے، خاص طور پر اس حوالے سے اسپین میں اُس وقت زیادہ تحقیقی کام ہوا جب وہاں اسلامی، عیسائی اور یہودی نظریات باہم کافی قریب آگئے تھے۔

مسلمانوں میں تقریباً آٹھویں صدی عیسوی سے فلکیاتی علوم کی تحقیق کا کام شروع ہوا، اس دور کے قابلِ ذکر مصنفین میں ماشاءاللہ ابن عطاری، ابوعلی خیاط (835-770ء) ابومعشر الفلکی (885-786ء)، ال قلندر، ال کندی (865-795ء)، ال فرقانی (840ء)، ال قبیصی (976ء)، علی ابن ابی الرجال (1020ء)، ال بیرونی (1048-973ء)، جابر ابن حیان (836ء)، ال صوفی، ثابت ابن قرہ اور المجریطی شامل ہیں۔

اسی زمانے میں علامہ المجریطی کی تصنیف ''غیاط الحکیم'' سامنے آئی جسے یورپ میں ''عقل و دانش کا منبع'' کہا گیا، یہی وہ اہم ترین کتاب ہے جس کا ترجمہ سب سے پہلے یورپ میں ہوا اور بعد ازاں تمام یورپی ماہر فلکیات اور روحانیات اس سے استفادہ کرتے رہے اور آج تک یہ سلسلہ جاری ہے، سب سے پہلے یورپ کے ساحرِ اعظم ہنرک کارنیلیس اگرپا (Heinrich Cornelius Agrippa) نے منازل قمری پر سب سے زیادہ توجہ دی، اس کی پیدائش 1486ء میں ہوئی تھی، اگرپا نے منازل قمری کی درست پیائش پر بھی کام کیا اور منازل کے نقوش وطلسم پر بھی تجربات کیے، اس سلسلے میں اس نے خاص طور پر علامہ المجریطی کی کتاب سے استفادہ کیا جس کا جرمن زبان میں ترجمہ ہو چکا تھا، اگرپا جرمنی میں پیدا ہوا تھا۔

آج کے زمانے میں امریکی ماہرین طلسمات و نجوم کرسٹو فر وارناک نے علامہ المجریطی

کی کتاب غیاۃ الحکیم کا انگلش میں ترجمہ کیا ہے اور طلسماتی اشکال بھی پیش کی ہیں ، یہ کتاب پکاٹرکس (The Picatrix) کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

منازل قمری کی تقسیم کا ایک دائرہ شیخ محی الدین ابن عربی کی کُتب میں بھی موجود ہے جس میں آپ نے منازل قمری کے صوفیانہ مقامات کی نشان دہی کی ہے اور عربی حروف تہجی ہر منزل قمر کے ساتھ مقرر کیے ہیں۔

واضح رہے کہ قدیم زمانے سے منازل قمری سے زندگی کے اہم کاموں میں مدد لی جاتی تھی ، موسموں کی پیش گوئی اور زندگی کے دیگر اُموری انجام دہی میں قمری منزل کا خیال رکھا جاتا تھا ، اس کے علاوہ الواح ونقوش اور طلاسم کی تیاری میں بھی منازل قمری کی اہمیت بہت زیادہ ہے ، 28 منازل قمری کی الواح وطلسم موجود ہیں جن کے تیر بہدف ہونے میں کوئی کلام نہیں۔

فی الحال ہم یہاں علی ابن ابی الرجال کی مرتب کردہ منازل قمری اور ان کے خواص واثرات پیش کر رہے ہیں اس کے ساتھ ہی منازل قمری کے ساتھ قدیم ویدک منجمین کی آرا بھی دی جا رہی ہیں لیکن منازل کے خواص واثرات میں ویدک اور عرب منجمین کے درمیان کہیں کہیں اختلاف رائے بھی موجود ہے۔

واضح رہے کہ ہم نے اس اختلاف کو واضح کرنے کے لیے ہی ویدک نظریات کو شامل کیا ہے ، ورنہ درحقیقت جدید ویدک علم نجوم اور یونانی علم نجوم کے درمیان منازل قمری کے مسائل بہت زیادہ اختلافی ہیں۔

ویدک علم نجوم منازل قمری کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے لیکن آج کے جدید ویسٹرن ایسٹرولوجر انہیں زیادہ اہمیت نہیں دیتے البتہ مغرب میں کلاسیکل یونانی اور عرب ایسٹرولوجی کے پیروکار آج بھی منازل قمری کی اہمیت کے قائل ہیں۔

خیال رہے کہ جس دور میں منازل قمری کے اثرات وخواص مرتب کیے گئے ، اس دور کی ضروریات اور اہم معاملات کو پیش نظر رکھا گیا ، آج کے زمانے میں انسانی ضروریات اور دیگر معاملات اُس زمانے کی نسبت سے بہت مختلف ہیں لہٰذا جدید ضروریات کے لیے ہمیں فہم وفراست سے کام لینا ہوگا یعنی منازل کے مخصوص اثرات کی گہرائی کو سمجھنا ہوگا تا کہ آج کے دور میں ان سے فائدہ اُٹھانا ممکن ہو سکے۔

نوٹ: منازل قمری کی دائرۃ البروج پر تقسیم بھی ایک متنازع موضوع ہے ، ویدک سسٹم چوں کہ

27 منازل قمری سے بحث کرتا ہے لہٰذا وہ 13 درجہ 20 دقیقہ ایک منزل کی حد مقرر کرتے ہیں لیکن اہلِ یونان و عرب کے نزدیک 28 منازلِ قمری کی تقسیم کا فارمولا خاصا مختلف ہے، اس حوالے سے عرب اور دیگر غیر مسلم ماہرین نے تقسیم کے کئی فارمولے متعارف کرائے ہیں لہٰذا ہم کسی نئی بحث میں پڑنے کے بجائے پاکستان میں مروج طریقہ کار کو ہی اولیت دیں گے، پاکستانی جنتریوں میں منازل کی ابتدا اور انتہا کی نشان دہی واضح طور پر موجود ہوتی ہے، شائقین استفادے کے لیے ان کی پیروی کرسکتے ہیں۔

❖ ❖ ❖

میں اس طلسمی تصویر کو کندہ کر کے منزل کے مؤکل کا نام اور دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اس طلسم کو شاہی گوند کا بخور دیا جائے اور موم سے سیل کر دیا جائے۔

البطین

یونانی اور عرب نظریہ:

دوسری منزل بطین ہے اور سیارہ زہرہ سے منسوب ہے، اسے مینڈھے کا پیٹ کہا گیا ہے۔

غلام خریدنے اور قیدیوں کے لیے نحس، جہاز رانی اور شادی سے بھی منع کیا گیا ہے۔ خزانے کی تلاش میں معاون ہو سکتی ہے اور قیدیوں کو کنٹرول کرنے کا باعث ہوتی ہے۔

ویدک نظریہ:

درخت لگانے یا فصل کی بوائی اور سفر کرنے کے لیے سعد ہے۔

طلسم البطین

امراً و حکام یا سلاطین کے غیض و غضب سے محفوظ رہنے کے لیے اور ان سے مصالحت کے لیے منزل بطین کا طلسم کام میں لایا جاتا ہے۔

موم سفید اور مصطگی کی آمیزش سے بادشاہ یا حکام کا پتلا بنایا جائے یا تانبے کی لوح پر بادشاہ کی شبیہہ کندہ کی جائے جس کے سر پر تاج رکھا ہو۔

چاند جب منزل بطین میں ہو اور سعد نظرات رکھتا ہو تو ساعتِ زہرہ میں یہ عمل تیار کیا جائے، منزل کے مؤکل کا نام اور مطلوبہ شخص کا نام لکھا جائے، کھی کوار کا بخور دیا جائے، بعد ازاں سفید موم اور مصطگی کے آمیزے میں لپیٹ کر رکھا جائے۔

الثّریّا

یونانی اور عرب نظریہ:

تیسری منزل ثریا ہے، یہ سیارہ مریخ سے منسوب ہے، اسے خوشۂ پروین کا نام دیا گیا ہے۔

یہ منزل سدھائے ہوئے جانوروں کی خریداری اور شکار کے لیے یا آگ سے متعلق تمام معاملات کے لیے بہتر ہے، اچھے کاموں کے لیے سعد ہے۔

شادی کرنا اور شراکت کے لیے مبارک ہے، خاص طور پر ان لوگوں کے ساتھ جو زیادہ طاقت ور ہوں۔

جہاز رانوں، شکاریوں، کیمیاگروں اور ساحروں کے لیے فائدہ بخش ہے، جنگلی مویشیوں کی خریداری، درخت لگانے، فصل بونے یا نیا کپڑا پہننے کے لیے نحس، اس عرصے میں اگر گرفتاری ہو تو قید و بند سخت اور طویل ہوگی، آبی سفر خوف و خطرہ لائے گا۔

ویدک نظریہ:

سفر، تجارت اور دشمنوں سے لاتعلق رہنا اچھا ہے۔

طلسم الثُریا

ازدواجی خوشیوں اور خوش بختی کے لیے تیسری منزل ثُریا کا طلسم تیار کیا جاتا ہے، چاندی کی انگوٹھی یا یا گول لوح پر ایک عورت کی تصویر کندہ کی جائے جو عمدہ لباس میں ملبوس، ایک کرسی پر بیٹھی ہو، اس کا داہنا ہاتھ اس کے سر کے اوپر بلند ہو ساتھ ہی منزل کے موکل کا نام تحریر کیا جائے، اگر دو افراد کے درمیان ازدواجی خوشیاں مطلوب ہوں تو دونوں کا نام مع

والدہ لکھا جائے۔

چاند منزل ثریا میں ہو اور سعد نظرات رکھتا ہو، خصوصاً زہرہ اور مشتری سے تثلیث یا تسدیس کی نظر ہو اور مریخ بھی مخالف نہ ہو، زحل کے نحس اثرات سے قمر پاک ہو، منزل ثریا طالع میں ہو یا پانچویں، گیارھویں گھر پر ہو تو ساعتِ زہرہ یا مریخ میں یہ عمل کیا جائے۔

مشک، کافور اور زنسل کی خوشبویات اور بخور استعمال کریں۔

واضح رہے کہ قمر کو اس منزل میں شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے، اس منزل میں ایک ایسا طلسم بھی تیار کیا جاتا ہے جو شوبزنس میں عروج و ترقی، شہرت و دولت کے حصول کے لیے ہے، اس طلسم کی تیاری کے لیے ایک ایسی تصویر بنائی جاتی ہے جس میں خوب صورت لڑکیاں رقص و موسیقی سے لطف اندوز ہو رہی ہوں۔ طالع ثور تین درجہ طلوع ہو اور قمر بھی تین درجہ ثور پر ہو، نحوست سے پاک ہو، مشتری پانچویں گھر میں ہو، زہرہ قمر سے ناظر ہو تو اس تصویر کو چاندی کی تختی پر یا سفید عقیق پر کندہ کیا جائے اور پھر سات راتوں تک چاند کے سامنے رکھ کر اس کی تنجیم کی جائے۔ اُس وقت کافور اور لوبان کا بخور جلایا جائے۔

الدبران

یونانی اور عرب نظریہ:

منزل دبران برج ثور کے 8 درجہ 24 دقیقہ 2 ثانیہ سے شروع ہوتی ہے، سیارہ زہرہ سے منسوب ہے، اسے ثور کی آنکھ کہا گیا ہے۔

کنواں کھودنے اور تعمیرات کے لیے سعد ہے، غلاموں کی خرید و فروخت (ملازم رکھنے) کے لیے بہتر ہے، اس وقت میں رکھے گئے ملازمین یا غلام وفادار ہوں گے، مویشیوں کی خریداری فائدہ بخش رہے گی، بادشاہوں، نوابوں یا اعلیٰ حکام و عہدے داروں کی رفاقت کے لیے سعد ہے، طاقت اور اعزاز کے حصول کے لیے کوشش کریں، شادی یا منگنی کے لیے نحس ہے کیوں کہ عورت کسی اور کو ترجیح دے گی، پارٹنرشپ بھی ناموافق ہوگی، خاص طور سے طاقت ور افراد کے ساتھ۔

الشرطین

یونانی اور عرب نظریہ:

چاند کی پہلی منزل شرطین ہے جو سیارہ مشتری سے منسوب ہے، اس کی ابتدا صفر درجہ حمل سے ہوتی ہے، اس کا حاکم سیارہ مشتری ہے، اسے مینڈھے کا سینگ کہا گیا ہے۔

یہ منزل سدھائے ہوئے جانوروں کی خریداری، سفر بطور خاص بحری سفر، بال یا ناخن کٹوانے کے لیے، اسلحہ بنانے، درخت لگانے اور نئے کپڑے پہننے کے لیے سعد ہے، اس منزل میں عدم اتفاق یا اختلاف رائے کا امکان ہوتا ہے، سفر کا سبب پیدا ہوتا ہے۔

منگنی یا شادی یا پارٹنرشپ کے لیے اور غلاموں کی خریداری کے لیے نحس ایسے غلام برے ہوں گے، نافرماں ہوں گے اور بھاگ جائیں گے، اگر پکڑے گئے تو سخت سزا پائیں گے۔

ویدک نظریہ:

علاج معالجے اور ادویات کے استعمال یا مویشیوں کو چارہ کھلانے، سفر کرنے کے لیے سعد، سوائے دوسری ساعت کے۔ ذنب سے منسوب ہے۔

طلسم الشرطین

چاند کی پہلی منزل میں نحوست اور تباہی کے لیے ایک مخصوص طلسم تیار کیا جاتا ہے، جسے لوہے کی انگوٹھی یا لوح پر کندہ کرتے ہیں، ایک سیاہ فام شخص کی تصویر بنائی جاتی ہے جس میں سیاہ بالوں کا لبادہ پہنا ہوا ہو اور کمر میں گول پٹکا باندھ رکھا ہو، دائیں ہاتھ میں ایک نیزہ ہو جسے کسی پر پھینکنے کے لیے تول رہا ہو۔

خاص وقت میں جب قمر منزل شرطین میں ہو اور نحس نظرات رکھتا ہو، ساعت مریخ

ویدک نظریہ:
فصل بونے، نئے کپڑے پہننے، عورتوں اور نسوانی اشیاء کے حصول، کسی عمارت کو ڈھانے اور نئی عمارت تعمیر کرنے، سفر کرنے کے لیے سعد ہے، سوائے دن کے تیسرے پہر کے۔

طلسم الدبران

دو افراد کے درمیان علیحدگی، کسی کی بدخواہی یا انتقام لینے کے لیے اس منزل میں طلسم تیار کیا جاتا ہے۔
سُرخ موم سے ایک سپاہی کا پُتلا بنایا جاتا ہے جو گھوڑے پر سوار ہو اور اس کے داہنے ہاتھ میں ایک سانپ ہو، دوسری صورت میں تانبے کی چوکور تختی پر بھی یہ نقش کندہ کیا جاسکتا ہے، ساتھ ہی منزل کے مؤکل اور دشمن کا نام لکھا جائے یا جن افراد کے درمیان علیحدگی مقصود ہو، اُن کے نام مع والدہ لکھے جائیں۔
چاند منزل دبران میں ہو اور نحس نظرات رکھتا ہو، منزل دبران طالع سے چھٹے یا آٹھویں گھر میں ہو، زہرہ نحوست میں ہو یا نحس نظرات رکھتا ہو اُس وقت ساعتِ زہرہ میں یہ عمل کیا جائے۔
سیندور اور شلجمی گوند کا بخور دیا جائے اور سُرخ موم سے طلسم کو سیل کر دیا جائے۔

الہقعہ

یونانی اور عرب نظریہ:
پانچویں منزل کی ابتدا برج ثور کے 21 درجہ 25 دقیقہ 44 ثانیہ سے ہے، سیارہ قمر سے منسوب ہے۔

غلاموں کی خریداری یا ملازم رکھنے کے لیے سعد ہے کیوں کہ وہ مخلص اور وفادار ہوں گے، تعمیر وترقی، آبی سفر، سر دھونے، غسل کرنے اور حجامت بنوانے کے لیے بہتر ہے، نیک ارادہ اور صحت عطا کرتی ہے، اخلاقی اور دینی تعلیم کے لیے موافق ہے۔

پارٹنرشپ کے لیے نحس ہے، اس منزل میں گرفتاری طویل قید کا نتیجہ ہوسکتی ہے۔

ویدک نظریہ:

ادویات سازی، قانون کی تعلیم دینے، سفر، شادی یا منگنی کے لیے سعد۔

طلسم الھقعہ

اس منزل کا طلسم بادشاہوں اور اعلیٰ افسران کی عنایات اور نوازشات کے حصول کے لیے تیار کیا جاتا ہے، معاشرے میں عزت و احترام کا حصول بھی مقصد ہوسکتا ہے۔

چاندی کی انگوٹھی یا گول لوح پر ایک آدمی کا سر بنایا جائے اور منزل کے مؤکل کا نام لکھا جائے اور بخور صندل سفید کا دیا جائے۔

چاند منزل الھقعہ میں ہو اور سعد نظرات رکھتا ہو، طالع سے دسویں گھر میں ہو اُس وقت ساعتِ زہرہ میں یہ عمل کیا جائے، زہرہ نحوست سے پاک ہو اور سعد بروج میں ہو۔

الھنعہ

یونانی اور عرب نظریہ:

چھٹی منزل، 0 درجہ 12 دقیقہ 20 ثانیہ برج جوزا سے شروع ہوتی ہے، اس کا حاکم شمس ہے، "ایک بے حد روشن ستارہ" اسے کہا گیا ہے۔

نیا کام شروع کرنے اور پارٹنرشپ کے لیے سعد، شراکت دار اتفاق کریں گے،

ایمان دار اور وفادار ہوں گے، آبی سفر کے لیے بھی بہتر ہے، حالاں کہ تاخیر ہوگی، دوا لینے، آپریشن اور زخم بھرنے کے لیے ناموافق، نئے کپڑے اس دوران میں پہنے گئے تو جلد پھٹ جائیں گے اگر کسی الزام یا جرم میں گرفتاری ہوئی تو تین دن میں رہائی ملے گی یا پھر لمبی قید ہوگی۔

ویدک نظریہ:

سپاہیوں کی بھرتی، گھڑسوار فوج کے لیے، اعلانِ جنگ کرنے، تنخواہ میں اضافے کا مطالبہ کرنے، کسی شہر یا قلعہ کے محاصرے کے لیے، دشمنوں اور بدذاتوں کا قلع قمع کرنے کے لیے بہتر ہے، فصل بونے، قرض مانگنے اور دفن کرنے کے لیے نحس ہے۔

طلسم الہنعہ

اس منزل میں ہر اچھی خواہش کے حصول کے لیے طلسم تیار کیے جاتے ہیں، خاص طور پر دو افراد کے درمیان محبت اور جوش وجذبہ پیدا کرنے کے لیے۔

اس مقصد کے لیے سفید موم سے دو مجسمے بنائے جاتے ہیں یا چاندی کی گول لوح پر عورت اور مرد کی تصویر اس طرح بنائی جاتی ہے کہ وہ باہم بغل گیر ہوں۔

چاند منزل ہنعہ میں ہو، عطارد کسی سعد برج میں ہو، چاند نحوست سے پاک ہو اور منزل ہنعہ طالع میں ہو یا پانچویں، گیارھویں گھر میں ہو، بخور عنبر اور گھی گوار کا استعمال کیا جائے، بعدازاں لوح کو عنبر سے معطر کیا جائے اور موم سے سربہ مہر کردیا جائے۔

الذراعہ

یونانی اور عرب نظریہ:

ساتویں منزل کی ابتدا 17 درجہ 8 دقیقہ 36 ثانیہ برج جوزا سے ہوگی، سیارہ زحل اس کا

حاکم ہے، یہ جوزا کا بازو کہلاتی ہے۔

پارٹنر شپ کے لیے سعد جو اچھی اور فائدہ مند ہوگی، شراکت دار پسندیدہ اور وفادار ہوں گے۔ سر دھونے، بال کٹوانے اور نئے کپڑے پہننے کے لیے، غلاموں اور مویشیوں کی خریداری کے لیے، دشمنوں کو بری طرح مغلوب کرنے یا صلح کرنے کے لیے بہتر وقت ہوگا، سفر کے لیے بھی موافق ہے لیکن واپسی میں تاخیر ہوگی۔

زمین کی خریداری، علاج چھوڑنے کے لیے نحس۔ اس منزل میں اگر گرفتاری ہو تو تین دن میں رہا نہ ہوا تو قید ہی میں مرجائے گا، اسی طرح اگر وہ کسی کے خوف سے فرار ہوا ہو تو اسے دوبارہ اسی کا سامنا کرنا ہوگا۔

ویدک نظریہ:

ہل چلانے اور بونے کے لیے، نئے کپڑے پہننے یا عورتوں کے لیے زیورات بنوانے کے لیے سعد، گھڑ سوار فوجوں کے دستے کے لیے مبارک وقت ہے، سفر کے لیے نحس ہے، سوائے رات کے تیسرے پہر کے۔

ساتویں منزل تمام نیک مقاصد کے لیے موافق ہے، محبت، دوستی اور جائز مقاصد کے حصول کے لیے طلسم تیار کیے جاتے ہیں۔

اس منزل میں مکھیوں سے نجات کے لیے بھی طلسم تیار ہوتا ہے، نیک مقاصد کے لیے مثلاً کسی جائز شے کے حصول کے لیے چاندی کی گول لوح پر ایک مرد کی تصویر کندہ کی جاتی ہے جو قیمتی کپڑوں میں ملبوس ہو اور اپنے دونوں ہاتھ اس طرح آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے ہو جیسے دعا مانگ رہا ہے، عمدہ خوشبویات سے اسے معطر کیا جاتا ہے۔

چاند ساتویں منزل میں ہو اور عطارد طاقت ور ہو، دونوں نحوست سے پاک ہوں یعنی برج ہبوط، زوال وغیرہ میں نہ ہوں اور تحت الشعاع بھی نہ ہوں، بخور، لوبان اور مصطگی

کا ضروری ہوگا۔

النثرہ

یونانی اور عرب نظریہ:

آٹھویں منزل نثرہ کی ابتدا 12 درجہ 51 دقیقہ 26 ثانیہ سرطان سے ہے، قمر اس کا حاکم ہے، اسے ''دھند'' کا نام دیا گیا ہے۔

بحری یا کسی بیرونی سفر اور واپسی کے سفر میں تیزی، منگنی یا شادی کچھ عرصے تک چلے گی، پھر نا چاقی اور علیحدگی ہو جائے گی۔

یہ محبت، دوستی اور ہم سفروں کی صحبت کا باعث ہوتی ہے، غلام یا ملازم کے معاملے میں دھوکا ہوگا، وہ اپنے مالک پر الزام لگائے گا اور بھاگ جائے گا۔

کوئی پارٹنر شپ شروع ہوگی تو دونوں طرف سے دھوکے بازی ہوگی، اس منزل میں گرفتاری لمبی قید لاتی ہے، چوہوں کو بھگانے اور قیدیوں کو ابتلا میں ڈالنے کا باعث ہے۔

ویدک نظریہ:

علاج معالجے یا دوا کے استعمال کے لیے، سلائی کے لیے کپڑے کاٹنے کے لیے، زیورات پہننے کے لیے سعد، بارش سے فائدہ ہوگا، تباہی نہیں پھیلے گی۔ سفر کے لیے نحس، سوائے رات کے آخری تیسرے پہر کے۔

طلسم النثرہ

آٹھویں منزل میں فتوحات کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے۔ ٹن کی تختی پر ایک عقاب کا نقش کندہ کریں جس کا چہرہ انسان کا ہو، منزل کے مؤکل کا نام ساتھ لکھیں۔

چاند آٹھویں منزل میں ہو اور طالع سرطان یا میزان ہو، قمر شمس یا مریخ سے تثلیث وتسدیس کی نظر رکھتا ہو، ساعت قمر میں عمل تیار کریں اور بخور گندھک کا جلائیں۔

طلسم الطُرفہ

یونانی اور عرب نظریہ:

نویں منزل 12 درجہ 51 دقیقہ 26 ثانیہ برج سرطان سے شروع ہوگی، اس کا حاکم مشتری ہے، اسے اسد کی آنکھ کہتے ہیں۔

بیرونی سفر یا بحری سفر اور واپسی کے لیے مبارک۔ دروازوں کو مضبوط کرنے، قفل بنانے، گندم بونے، بستر لگانے یا چادر تبدیل کرنے کے لیے سعد ہے۔

پارٹنرشپ کے لیے نحس، چوں کہ دونوں طرف سے دھوکے بازی ہوگی۔ حجامت یا نئے کپڑے پہننے یا خریدنے کے لیے ناموافق کیوں کہ ان کپڑوں کو زیب تن کرنے سے وہ ڈوب کر ہلاک ہوگا، اس عرصے میں گرفتاری لمبی قید کا باعث ہوگی۔

ویدک نظریہ:

سفر، فصل کی بوائی، کسی کو کچھ سوچنے، امانت رکھوانے یا کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے نحس۔

طلسم الطُرفہ

کسی کو کم زور یا بیمار کرنے کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے اور ایک ایسے شخص کی تصویر بنائی جاتی ہے جو اپنے اعضائے مخصوصہ سے محروم ہو اور دونوں ہاتھوں سے آنکھیں چھپا رہا ہو، بخور رال کا استعمال کیا جاتا ہے۔

ایسے خراب اور نقصان پہنچانے والے عمل کی تفصیلات میں جانا ہم ضروری نہیں سمجھتے کیوں کہ فی زمانہ شر پھیلانے والوں کی پہلے ہی کوئی کمی نہیں ہے۔

الجبہ

یونانی اور عرب نظریہ:

دسویں منزل کی ابتدا 25 درجہ 44 دقیقہ 51 ثانیہ برج سرطان سے ہوگی، سیارہ مریخ اس کا حاکم ہے، اسے اسد کی گردن کہا گیا ہے۔

تعمیرات اور پارٹنر شپ کے لیے سعد کیوں کہ تعمیر یا پارٹنر شپ میں پائیداری ہوگی، سب پارٹیوں کو فائدہ ہوگا، محبت پیدا کرنا، فائدہ پہنچانا اور دشمنوں کے خلاف مدد کرنا اس کا خاصہ ہے، بادشاہ، سردار یا اعلیٰ حکام سے محتاط رہیں، اس دوران میں گرفتاری لمبی اور سخت سزا کا موجب ہوگی۔

ویدک نظریہ:

منگنی، شادی اور میٹھی چیزیں تیار کرنے کے لیے سعد۔ سفر، زیورات پہننے، نئے کپڑے پہننے، کسی کو کچھ سونپنے یا امانت رکھوانے کے لیے نحس۔

طلسم الجبہ

ندیم زمانے سے دسویں منزل میں بچے کی پیدائش میں آسانی کے واسطے طلسم تیار کئے جاتے تھے، اس مقصد کے لیے تانبے کی انگوٹھی یا لوح پر ببر شیر کے سر کا نقش کندہ کیا جاتا ہے اور اسے عنبر کا بخور دیتے ہیں، ساعت مریخ میں یہ کام کیا جائے، جب قمر منزل الجبہ میں ہو اور زائچے کے پانچویں گھر میں یا گیارھویں گھر میں طلوع ہو، قمر نحوست سے پاک ہو

خاص طور پر زحل سے نظر ساقط ہو۔

الزہرہ

یونانی اور عرب نظریہ:

گیارھویں منزل زہرہ 8 درجہ 34 دقیقہ، 28 ثانیہ برج اسد سے شروع ہوگی، اس کا حاکم قمر ہے، اس منزل کو "شیر کی ایال" کہا گیا ہے۔

شراکت سے فائدہ ہوگا، پارٹنر شپ کے لیے بہتر ہے، تعمیرات اور بنیاد رکھنے کے لیے سعد ہے کیوں کہ پائیداری ہوگی، بال کٹوانا بہتر ہوگا۔

ویدک نظریہ:

بوائی اور شجر کاری یا محاصرہ کرنے کے لیے سعد، کاروبار یا سفر سے لاتعلق رہنا بہتر ہوگا، قیدیوں کی رہائی ناموافق ہوگی۔

طلسم الزہرہ

اس میں بادشاہوں یا مذہبی پیشواؤں کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے، سونے کی گول لوح پر ببر شیر کی تصویر بنائی جاتی ہے جس پر ایک بارعب شخص سوار ہے، بائیں ہاتھ سے اس نے شیر کا کان پکڑا ہوا ہو، داہنے ہاتھ میں سونے کا کڑا ہو، بعض لوگ صرف شیر کی تصویر بناتے ہیں جس نے اپنے اگلے دونوں ہاتھوں سے تلوار تھام رکھی ہے اور تلوار کا رُخ آسمان کی جانب ہو۔

چاند گیارھویں منزل میں دسویں گھر میں ہو، شمس یا مریخ سے اور زہرہ سے تسدیس یا تثلیث کی نظر ہو، زحل سے مذکورہ بالا سیارگان کی نظر نحس نہ ہو، اس وقت ساعتِ زہرہ، قمر یا شمس میں اس طلسم کو تیار کیا جائے اور بخور زعفران کا دیا جائے، اس طلسم کو موم میں محفوظ کر کے

پاس رکھا جائے۔

الصرفہ

یونانی اور عرب نظریہ:

بارھویں منزل صرفہ 21 درجہ، 25 دقیقہ، 44 ثانیہ برج اسد سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ شمس ہے، اس منزل کو "شیر کی دُم" کہا گیا ہے۔

غلاموں اور مویشیوں کی خریداری یا ملازم رکھنے کے لیے سعد ہے، یہ فصل کے پھلنے پھولنے میں اور پودوں کے بارآور ہونے میں مددگار ہے لیکن جہاز رانی کے لیے رکاوٹ کا سبب ہے۔ ملازموں، قیدیوں اور ساتھیوں کی فلاح و بہبود کے لیے بہتر ہے۔

اس عرصے میں زیادہ خوش خوراکی نقصان دہ ہے، پیٹ میں تکلیف کا باعث ہوگی، اگر کسی کو کوئی شے دی ہو تو واپس نہیں ملے گی، ملی بھی تو بہت مشکل اور دیر سے ملے گی، بحری سفر طویل، مشکل اور خطرناک ہوگا لیکن مہلک نہیں ہوگا۔

ویدک نظریہ:

تعمیر شروع کرنے، زمینوں کی ترتیب و دیکھ بھال، بوائی اور شجرکاری، شادی، نئے کپڑے یا زیورات کے لیے دن کے پہلے اور تیسرے پہر سعد۔

طلسم الصرفہ

جدائی کے اعمال کے لیے موزوں ہیں، دو افراد کے درمیان بغض و عداوت پیدا کرتی ہے، اس مقصد کے لیے سیسے کی ایک مہر بنائی جاتی ہے جس پر ایک آدمی کی تصویر اژدھے سے لڑتے ہوئے کندہ کی جاتی ہے اور اسے ہینگ اور شیر کے بالوں کا بخور دیا جاتا ہے۔

العوا

یونانی اور عرب نظریہ:

تیرھویں منزل عواہ 4 درجہ 12 دقیقہ 6 ثانیہ برج سنبلہ سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ زہرہ ہے۔

غلام خریدنے یا ملازم رکھنے کے لیے سعد، وہ اچھا وفادار اور ایماندار ہوگا، تعمیر شروع کرنے، موج مستی اور ہنسی مذاق کرنے، کسی بادشاہ یا کسی مشہور ہستی سے ملاقات کرنے، نیا کپڑا کاٹنے، دوائیں لینے، غسل کرنے یا بال کٹوانے کے لیے موافق ہے۔ کسی فاحشہ سے شادی کرنا ناموافق نہیں ہوگا اگر کسی کنواری سے شادی کی تو کچھ عرصہ تک برقرار رہے گی، بحری سفر کے بعد واپسی میں تاخیر ہوگی، اگر گرفتار ہوئے تو قید میں زخمی ہونے کا خطرہ ہوگا۔

ویدک نظریہ:

ہل چلانے، بوائی کرنے، سفر کرنے، شادی کرنے، قیدیوں کو آزاد کرنے کے لیے سعد۔

طلسم العوا

تیرھویں منزل شادی شدہ جوڑوں میں اتفاق و محبت پیدا کرنے اور بستہ مرد کو کھولنے کے لیے موافق ہے، عموماً عیاش طبع لوگ اس منزل کے طلاسم تیار کرتے ہیں کیوں کہ اس منزل میں زبردست شہوانی اثرات پائے جاتے ہیں، ان مقاصد کے لیے لال موم سے مرد اور سفید موم سے عورت کی شبیہ بنائی جاتی ہے اور دونوں کو باہم برہنہ بغل گیر کر کے عنبر اور گھی گوار کا بخور دیا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ اسی منزل میں سیارہ عطارد کو شرف ہوتا ہے اور زہرہ حالتِ ہبوط سے گزرتا ہے، اگر ذاتی کشش اور مقناطیسی کے حصول کی خواہش ہو تو قمر جب اس منزل میں آئے اور زہرہ بھی ہمراہ ہو، اُس وقت موم کے علاوہ تانبے یا چاندی کی تختی پر بھی مذکورہ بالا اشکالی نقش کندہ کیا جاسکتا ہے اور اس کے چاروں طرف ج اور غ کے حروف لکھے جائیں، نقش کی پشت پر مؤکل کا نام اور طلسم قمر بھی کندہ کیا جائے، گُگل کوار اور لوبان کا بخور دیا جائے، جب تک چاند اس منزل میں رہے، روزانہ تنجیم کی جائے اور مذکورہ بالا بخور جلایا جائے، بعد ازاں اس لوح کو موم میں لپیٹ کر محفوظ رکھا جائے۔

اگر مقصود محض کشش و مقناطیسیت کا حصول ہو تو تصویری شکل میں عورت اور مرد کو حالتِ رقص و مستی میں دکھایا جائے، اگر مقصود قوت باہ ہو تو دونوں کو باہم برہنہ بغل گیر دکھایا جائے۔

السماک

یونانی اور عرب نظریہ:

چودھویں منزل 17 درجہ، 8 دقیقہ، 12 ثانیہ سے شروع ہورہی ہے، اس کا حاکم سیارہ زحل ہے، اسے سنبلہ کا کان کہا گیا ہے۔

بحری سفر یا شراکت داری کے لیے سعد، وہ منافع بخش اور ہم آہنگ ہوگی، غلام کی خریداری یا ملازم رکھنے کے لیے سعد ہے، وہ نیک، ایماندار اور قابلِ عزت ہوگا۔ کنواری سے شادی زیادہ عرصہ قائم نہیں رہ سکے گی اور کسی فاحشہ سے شادی کرنا موافق نہیں ہوگا۔ شادی شدہ افراد کے درمیان محبت پیدا کرنے کے لیے مفید ہے، بیماروں کا علاج معالجہ شفایابی کا باعث ہوگا، جہاز رانی کے لیے فائدہ مند ہے لیکن زمینی سفر میں رکاوٹ پیدا ہوسکتی ہے، اگر گرفتاری ہوئی تو جلد رہا ہو جائے گا یا فرار ہو جائے گا۔

ویدک نظریہ:

کسی ایسی عورت سے شادی کرنا اچھا ہے جو کنواری نہ ہو، ادویات کا استعمال، بوائی اور شجر کاری کے لیے سعد۔ سفر کرنے اور کسی کو کچھ سونپنے یا ذمہ داری دینے کے لیے نحس۔

طلسم السماک

یہ منزل بھی تخریبی امور میں نمایاں ہے، مرد اور عورت کے درمیان علیحدگی یا طلاق کے طلسم تیار کیے جاتے ہیں، سرخ تانبے کی چوکور تختی پر ایک کتے کی تصویر کندہ کی جاتی ہے جو اپنی دم کو کاٹ رہا ہو، اس لوح کو کالے کتے اور کالی بلی کے بالوں کا بخور دیا جاتا ہے۔

الغفر ا

یونانی اور عرب نظریہ:

پندرھویں منزل کی ابتدا 30 درجہ سنبلہ سے ہوگی، اس کا حاکم [illegible] پروانہ پوشش'' کہا گیا ہے۔

گھر تبدیل کرنے یا گھر کو اپنی ضروریات کے مطابق بنانے اور اس کی آرائش و زیبائش کرنے، کسی نیک کام کی کوشش کے لیے، خرید و فروخت کے لیے سعد۔ خزانے کی تلاش گڑھے کھودنے کے لیے فائدہ مند ہے لیکن مویشیوں اور غلاموں کے لیے نہیں بلکہ انہیں فروخت کرنے کے لیے بہتر ہے، خراب اور نقصان پہنچانے والے ملازمین سے نجات کے لیے بہتر ہے۔ یہ طلاق، نا اتفاقی پیدا کرنے اور گھروں اور دشمنوں کو تباہ کرنے میں معاون ہے۔

آبی یا زمینی سفر اور شادی کے لیے نحس، شادی، محبت و یگانگت کے ساتھ برقرار نہیں رہ سکے گی یا بہت تھوڑے عرصے کے لیے برقرار رہے گی، شراکت داری میں فراڈ

اور نا اتفاقی ہوگی، اُدھار دی جانے والی رقم واپس نہیں ملے گی، حجامت بنوانے کے لیے نا موافق ہے۔

ویدک نظریہ:

کنواں یا گڑھا کھودنے اور صرف بادی بیماریوں کے علاج کے لیے سعد، سفر کے لیے نحس۔

طلسم الغفرا

15ویں منزل اعمال تسخیر، کشادگی رزق اور دیگر نیک مقاصد کے لیے طلسمات کی تیاری میں معاون ہے، اس وقت چاندی کی لوح پر ایک آدمی کی تصویر بنائی جائے جو خط لکھ رہا ہو، جائفل اور لوبان تر کا بخور دیا جائے، منزل کے موکل کا نام اور مقصد بھی تحریر کیا جائے، بعدازاں اسے موم سے سیل کر دیا جائے۔

الزبانہ

یونانی اور عرب نظریہ:

سولہویں منزل 12 درجہ 51 دقیقہ 26 ثانیہ سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ عطارد ہے، "عقرب کا ڈنک" کہلاتی ہے۔

خریدا جانے والا غلام یا ملازم، مخلص، وفادار اور ایماندار ہوگا، قیدیوں کو آزاد کرانے میں مددگار ہے۔

شادی اور شراکت کے لیے نحس ہے کیوں کہ آگے چل کر بے ایمانی اور باہمی شکوک وشبہات سے واسطہ پڑے گا، اس منزل میں پکڑا گیا تو جلد رہا ہو جائے گا۔ سفر، شادی

فصلوں اور مال تجارت میں رُکاوٹ کا باعث ہے۔

ویدک نظریہ:

سفر، کاروبار، بوائی، کپڑا کاٹنے یا نئے کپڑے پہننے، زیورات وادویات کے استعمال کے لیے نحس۔

طلسم الزبانہ

منزل زبانہ کاروباری ترقی سے متعلق طلسمات کے لیے مشہور ہے، ثابت کوکب اسپیکا (Spica) اسی منزل میں تقریباً 24 درجے پر موجود ہے، اسے دولت کا ستارہ بھی کہا جاتا ہے، چاندی پر ایک آدمی کی تصویر بنائی جائے جو کرسی پر خوش باش بیٹھا ہو یا تخت نشین ہو، ایک ہاتھ میں ترازو تھام رکھا ہو اور اس کے آگے دولت کا ڈھیر ہو۔

اس طلسم کی تیاری کے لیے طالع میزان، قوس، جدی کا انتخاب کیا جائے اور قمر کے نحوست سے پاک ہونے کو یقینی بنایا جائے، سعد نظرات کا خیال رکھا جائے، طالع کے مالک کا قوی ہونا بھی ضروری ہے اور عطارد و زہرہ بھی باقوت ہوں، قمر ثابت کوکب اسپیکا سے قران میں ہو، اس طلسم کو خوشبودار مسالوں کا بخور دیا جاتا ہے۔

یونانی اور عرب نظریہ:

سترہویں منزل 25 درجہ 42 دقیقہ، 52 ثانیہ سے شروع ہوگی، اس کا حاکم مریخ ہے، اسے "عقرب کا تاج" کہا گیا ہے۔

شروع کی گئی تعمیر پائیدار ہوگی، دو افراد کے درمیان تنازع طے کراتا، محبت کو

پروان چڑھانا اور محبت شروع کرنا موافق ہوگا، یہ بالکل ٹھوس ہوگی اور ہمیشہ قائم رہے گی، تمام ادویات کا استعمال موافق رہے گا۔

بحری سفر کی ابتدا سے پریشانی اور رنج وغم ہوگا لیکن زندگی کو کوئی خطرہ نہ ہوگا۔ شراکت داری نااتفاقی کا باعث ہوگی، شادی کرے گا تو اُس کی بیوی باکرہ نہیں ہوگی، غلاموں کی فروخت اور بال کٹوانا ناموافق ہوگا۔

ویدک نظریہ:

گلہ بانی، مویشیوں کی خریداری، چارہ بدلنے، نئے زیورات پہننے اور شہروں کا محاصرہ کرنے کے لیے سعد۔

طلسم الاکلیل

سترہویں منزل سعادت ونحوست کا امتزاج رکھتی ہے، چوروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ رہنے کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے، فولاد کی تختی پر بندر کی شبیہ کندہ کر کے اسے بندر کے بالوں کا بخور دیتے ہیں، یہ عمل ساعتِ مریخ میں تیار کرنا چاہیے اور مریخ باقوت ہو قمر سے سعد نظر رکھتا ہو۔

القلب

یونانی اور عرب نظریہ:

18ویں منزل کی ابتدا 8 درجہ 28 دقیقہ 2 ثانیہ سے ہوگی، اس کا حاکم شمس ہے، اسے ''عقرب کا دل'' کہا گیا ہے۔

شراکت کی کئی تعبیرات ٹھوس ہوں گی، شجرکاری اور ادویات کا استعمال موافق رہے گا، اگر کوئی شادی کرے اور مریخ اس منزل میں جا بیٹھے ساتھ ہو تو وہ عورت کنواری نہیں

ہوگی، قیدیوں کی رہائی اور دینی اور اخلاقی تعلیم کے لیے موافق ہے۔

اگر کسی بحری جہاز میں داخل ہوا تو واپس باہر آ جائے گا، غلاموں کی فروخت، نئے کپڑے پہننے، بال کٹوانے کے لیے نحس ہے، پارٹنرشپ نااتفاقی پر منتج ہوگی۔ نااتفاقی اور سرکشی کے اسباب پیدا ہوتے ہیں، صاحب حیثیت افراد اور طاقت ور لوگوں کے خلاف سازش کرنے اور دشمنوں سے بدلہ لینے کا سبب بنتی ہے۔

ویدک نظریہ:

زمینوں کے انتظام اور انہیں خریدنے کے لیے، تعمیرات کے لیے، اختیارات اور عزت کے حصول کے لیے سعد ہے۔ اگر بارش ہوئی تو فائدے مند اور مبارک ہوگی، مشرق کی سمت سفر کرنا بہتر ہوگا۔

طلسم القلب

18 ویں منزل اعمال خیر کے لیے موزوں ہے، خصوصاً علاج معالجے میں معاون و مددگار ہے، اس وقت میں بخار، پیٹ کے درد اور دوسری تکالیف سے نجات کے لیے تانبے کی ایک مہر بنائی جائے جس پر سانپ کی تصویر کندہ کریں جس کی دُم اوپر اٹھی ہوئی ہو، مہر کو بارہ سنگھے کے سینگ کا بخور دیا جائے، قدیم زمانے میں عاملین یہ مہر بنا کر پاس رکھتے تھے اور ضرورت مندوں کو کاغذ پر اس مہر کا نقش ثبت کر کے دیا کرتے تھے۔

الشولہ

یونانی اور عرب نظریہ:

19 ویں منزل شولہ کی ابتدا 21 درجہ 25 دقیقہ 44 ثانیہ سے ہوگی، اس کا حاکم سیارہ

مشتری ہے، اسے ''عقرب کی دُم'' کہا گیا ہے۔

اگر شادی کرے تو اس کی بیوی کنواری نہیں ہوگی، شہروں کا محاصرہ کرنے اور انہیں فتح کرنے، لوگوں کو بے دخل کرنے اور جہاز رانوں کو تباہ کرنے، قیدیوں کی ہلاکت و تباہی میں مددگار ہے۔

سفر کے لیے نحس ہے، اس کا نتیجہ جہاز کی تباہی یا دیگر شدید نوعیت کے نقصانات کی صورت میں نکلے گا، شراکت داری میں اختلافات ہوں گے، غلاموں کی فروخت یا ملازم کو نکالنا ناموافق ہوگا، قیدی کے لیے برا وقت ہے۔

ویدک نظریہ:

دشمنوں کے خلاف کارروائی کرنے، شہروں کا محاصرہ کرنے، سفر کرنے بوائی اور شجرکاری کے لیے سعد ہے، کسی کو کوئی ذمہ داری سونپنا یا امانت رکھوانا نحس ہے۔

یہ سعد ہے، عملِ تسخیر و ترقی کے لیے بھی موزوں ہے، قدیم زمانے میں بچوں کی پیدائش میں آسانی اور خواتین کے مخصوص امراض خصوصاً ماہواری کے اجرا کے لیے طلسم تیار کیے جاتے تھے۔

تانبے کی گول مہر تیار کی جائے اور اس پر ایسی عورت کا نقش کندہ کیا جائے جو دونوں ہاتھوں سے چہرہ چھپائے ہوئے ہو، اس طلسم کو ثعلبی گوند کی خوشبو سے معطر کیا جائے۔

خیال رہے کہ منزل شولہ کا آغاز برج عقرب سے ہوتا ہے اور اختتام برج قوس میں، اس طلسم کی تیاری منزل کے ابتدائی حصے میں مناسب ہے جب قمر عقرب میں ہو، مریخ باقوت ہو، قمر سے ناظر ہو اور زہرہ و مشتری بھی زائچے میں سعد مقام رکھتے ہوں، تحت الشعاع نہ ہوں، ساعتِ مشتری، مریخ، قمر یا شمس کا انتخاب کیا جائے۔

النعائم

یونانی اور عرب نظریہ:

20 ویں منزل 4 درجہ 27 دقیقہ 10 ثانیہ سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ عطارد ہے، اسے شمشیر کا نام دیا گیا ہے۔

چھوٹے جانور خریدنا بہتر ہوگا، مائع اشیاء کا کاروبار فائدہ بخش ہوگا، جنگلی جانوروں کو سدھانے، جیلوں کو مضبوط بنانے میں مددگار ہے۔

شادی یا شراکت داری کے لیے ناموافق ہے، اس دوران میں گرفتاری نحس ثابت ہوگی، معاشرے کی دولت کے لیے تباہی کا باعث ہے، کسی شخص کو کسی خاص مقام پر آنے کے لیے مجبور کرتی ہے۔

ویدک نظریہ:

جانوروں کی خریداری مبارک ہے، بارش سے فائدہ ہوگا، کوئی نقصان نہیں ہوگا، سفر سے گریز کریں۔

طلسم النعائم

20 ویں منزل سعد ہے، اعمال حُب وتسخیر کے لیے موزوں ہے، اس منزل کا ایک خاص طلسم شکار میں کامیابی اور دوسروں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے مشہور ہے، ٹن کی دھات پر "قنطور" (جسم گھوڑے کا اور سر انسان کا) کی شبیہہ کندہ کی جاتی ہے اور اسے بھیڑیے کے سر کے بالوں کا بخور دیا جاتا ہے۔

البلدہ

یونانی اور عرب نظریہ:

21ویں منزل 17 درجہ 8 دقیقہ 36 ثانیہ قوس سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ زحل ہے، اسے ''صحرا'' کا نام دیا گیا ہے۔

سفر، فصلوں کی بوائی، تعمیرات کے لیے سعد ہے۔

شادی طلاق کا سبب ہوگی، اس منزل میں عورت مطلقہ، بیوہ ہو جائے تو پھر شادی نہیں کرے گی، ملازم رکھنے یا غلام خریدنے سے پرہیز کریں کیوں کہ وہ صرف اپنا بھلا سوچیں گے اور مالک کے تابع دار نہیں ہوں گے۔

ویدک نظریہ:

تعمیرات کا آغاز، بوائی، زمین اور مویشی خریدنا، عام خریداری یا خواتین کے کپڑے اور زیورات تیار کرانا سعد ہے، سفر کرنے سے پرہیز کریں۔

طلسم البلدہ

21ویں منزل نحوست کا اثر رکھتی ہے، دشمن کو تباہ کرنے کے لیے طلسم تیار کیے جاتے ہیں، سیسے کی ہشت پہلو تختی پر ایسے شخص کی تصویر بنائی جاتی ہے جس کے آگے پیچھے دو چہرے ہوتے ہیں، یعنی وہ دونوں طرف دیکھ سکتا ہے، اس تختی کو گندھک کا بخور دے کر ایک پیتل کے باکس میں رکھ دیا جاتا ہے، ساتھ ہی تھوڑی سی گندھک، سنگِ موسیٰ اور دشمن کے بال بھی رکھ دیے جاتے ہیں، اگر کسی شہر کی تباہی مقصود ہو تو اُس شہر کی مٹی ساتھ رکھ دی جاتی ہے اور شہر کے

وسط میں دفن کردیا جاتا ہے۔

الذابح

یونانی اور عرب نظریہ:

22ویں منزل کی ابتدا30 درجہ قوس سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ زحل ہے، اسے ''گڈریا'' کہا گیا ہے۔

شراکت داری فائدے مند ہوگی، کسی بحری جہاز پر داخلہ اچھا ہوگا، اگر چہ وہاں سے واپس چلے جانے کی زبردست خواہش اور بے چینی ہوگی۔ ملازموں اور قیدیوں کو بھگانے میں مددگار ہے اور بیماروں کی شفایابی کے لیے مؤثر ہے۔

اگر کوئی آدمی منگنی کرے گا تو شادی سے پہلے منگنی توڑ دے گا اور 6 ماہ کے اندر فوت ہوجانے کا اندیشہ ہوگا یا پھر شادی کے بعد دونوں کے درمیان ہمیشہ جھگڑا ہوگا اور زندگی برباد ہوگی، بیوی شوہر سے بدسلوکی کرے گی۔ غلاموں کی خریداری یا ملازم رکھنا نحس ہے، وہ اپنے مالک کا برا چاہیں گے اور بھاگ جائیں گے، فطرتاً کمینے ہوں گے۔

ویدک نظریہ:

ادویات کے استعمال، سفر اور نئے کپڑے پہننے کے لیے سعد سوائے دن کے تیسرے پہر کے۔

طلسم الذابح

22ویں منزل میں اعمالِ نحس مؤثر ہوتے ہیں، غلاموں اور ملازمین کو اپنا تابع رکھنے کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے، لوہے کی چوکور لوح پر ایسے شخص کی تصویر بنائی جاتی ہے جس کے سر پر

ہیلمٹ نما ٹوپی ہو یا اُس کے گلے میں "جُوا" پڑا ہو، یہ طلسم ساعتِ زحل میں کندہ کیا جاتا ہے اور اسے سُنبل کا بخور دیتے ہیں۔

البلعہ

یونانی اور عرب نظریہ:

23 ویں منزل 12 درجہ 51 دقیقہ 26 ثانیہ جدی سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ مریخ ہے۔

کاروباری شراکت کے لیے سعد۔

شادی کے لیے نحس کیوں کہ بیوی شوہر سے بدسلوکی کرے گی اور دونوں زیادہ عرصہ ساتھ نہیں رہ سکیں گے، مختصر بحری سفر نحس ہوگا، غلاموں کی خرید یا ملازمت میں رکھنا نحس ہے، کسی گرفتاری کی صورت میں جلد چھوٹ جائے گا۔

ویدک نظریہ:

دواؤں کے استعمال، نئے زیورات اور کپڑے پہننے کے لیے سعد، دن کے تیسرے پہر سفر کرنا اچھا ہوگا، کسی کو کچھ سونپنا یا ذمہ داری دینا یا امانت رکھوانا نحس ہوگا۔

طلسم البلعہ

23 ویں منزل اعمالِ نحس کے لیے ہے، طلسمات فتنہ و فساد اور بغض و عداوت اس سے منسوب ہیں، تباہی اور ویرانی کے لیے لوہے کی مہر تیار کی جاتی ہے جس پر ایک بلی کی شبیہہ کندہ کی جاتی ہے، جس کا سر گھٹے کا ہوتا ہے، اسے گھٹے کے سر کے بالوں کا بخور دیا جاتا ہے اور اُس زمین

میں دفن کر دیا جاتا ہے جہاں تباہی اور ویرانی مقصود ہو۔

السعد السعود

یونانی اور عرب نظریہ:

24 ویں منزل کی ابتدا 25 درجہ 42 دقیقہ 52 ثانیہ جدی سے ہوگی، اس کا حاکم سیارہ عطارد ہے، اسے ''قسمت کا ستارہ'' کہا گیا۔

غلاموں کی خریداری یا ملازم رکھنے کے لیے بہتر ہے، وہ وفادار اور مضبوط ہوں گے، شادی شدہ افراد کو فیض پہنچانے اور سپاہیوں کی فتح کے لیے بہتر ہے۔

کاروباری شراکت نقصان اور جھگڑے پر ختم ہوگی، جہاز پر سوار ہونا یا شادی کے لیے نحس ہے، اس منزل میں گرفتاری جلد رہائی کا باعث ہوگی۔ سرکاری کاموں میں مداخلت اور انہیں روبہ عمل لانے میں رُکاوٹ۔

ویدک نظریہ:

دوا کے استعمال، فوج یا سپاہیوں کو باہر بھیجنے کے لیے سعد، سفر سے پرہیز کریں، مال تجارت، زیورات پہننے، نئے کپڑے پہننے اور شادی کرنے کے لیے نحس ہے۔

طلسم السعد السعود

یہ منزل سعد اعمال حُب و تسخیر کے لیے معاون ہے، قدیم زمانے میں مویشیوں کی تعداد میں اضافے کے لیے طلسم تیار کیا جاتا تھا، کسی مینڈھے، سانڈ یا بکرے کے سینگ یا اُس مویشی کے سینگ کو لیا جاتا تھا جس کی تعداد میں اضافہ مقصود ہو، اس سینگ کو جلا کر لوہے کی کھوکھلی مہر میں سربہ مہر کر دیا جاتا ہے اور اُس پر ایک ایسی عورت کی تصویر کندہ کی جاتی ہے جو

اپنے لڑکے کو دودھ پلا رہی ہو، اس مہر کو گلے کے سینئر مویشی کے گلے میں ڈال دیا جاتا ہے۔
ذہانت اور علمی تدبّر سے کام لے کر کاروباری ترقی کے لیے جفری طلسم تیار کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ مندرجہ بالا طلسم کی حکمت کو سمجھ کر جفری قواعد سے فائدہ اُٹھایا جائے۔

الاخبیہ

یونانی اور عرب نظریہ:

25 ویں منزل 8 درجہ 34 دقیقہ 28 ثانیہ برج دلو سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ زہرہ ہے، اسے "خیمہ" کہا گیا ہے۔

غلام خریدنا یا ملازم رکھنا سعد ہے چوں کہ وہ مضبوط، وفادار اور مخلص ہوں گے، تعمیر کی ابتدا مبارک ہوگی کیوں کہ وہ مضبوط اور پائیدار رہے گی، سفر کرنا بھی موافق ہوگا لیکن اس میں تاخیر ہوگی۔ محاصرہ کرنے اور انتقام لینے کے لیے موافق ہے، دشمنوں کی تباہی کا سامان کرتی ہے۔

پارٹنرشپ اور شادی کے لیے نحس ہے کیوں کہ اس کا انجام برا اور نقصان دہ ہوگا، شادی صرف کچھ عرصہ برقرار رہے گی۔ مباشرت کے خلاف ہے اور سحر و جادو کا امکان پایا جاتا ہے، مرد کے ہر عضو کی بندش ہوتی ہے تاکہ وہ اپنا کام نہ کر سکے، پیغام رساں عجلت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

ویدک نظریہ:

شہروں کا محاصرہ کرنے، خیمہ زن ہونے، کسی جھگڑے میں پڑنے، دشمنوں کو نقصان پہنچانے، اُن کا تعاقب کرنے اور سفیر روانہ کرنے کے لیے سعد ہے، جنوب کی سمت سفر کرنا موافق ہوگا، شادی، بوائی، مال تجارت یا مویشی خریدنے کے لیے نحس ہے۔

طلسم الاخبیہ

اعمال کیمیا و سیمیا کے لیے موزوں ہے، درختوں اور فصلوں کی حفاظت کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے۔

انجیر کے درخت کی لکڑی پر ایک آدمی کی تصویر کندہ کی جاتی ہے جو شجرکاری کر رہا ہو، اسے انجیر کی لکڑی کا بخور دیا جاتا ہے اور انجیر کے پھولوں کی خوشبو سے معطر رکھا جاتا ہے، بعد ازاں مطلوبہ درخت یا کھیت میں کسی اونچے مقام پر لٹکا دیا جاتا ہے۔

المقدم

یونانی اور عرب نظریہ:

26ویں منزل برج دلو کے 21 درجہ 25 دقیقہ 44 ثانیہ سے شروع ہوگی، اس کا حاکم سیارہ مشتری ہے، اسے "پہلی نقاشی" کا نام دیا گیا ہے۔

غلام خریدنا، ملازم رکھنا، جہاز میں داخل ہونا اور تعمیرات کا آغاز سعد ہے کیوں کہ وہ مضبوط اور پائیدار ہوگی، قیدیوں کی صحت کے لیے بہتر ہے، محبت، اتحاد و یگانگت کا باعث ہے۔

سفر میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ شادی صرف کچھ عرصہ برقرار رہے گی، اس منزل میں گرفتاری ہو تو لمبی قید ہوگی، عمارتوں اور جیلوں کو تباہ کرتی ہے۔

ویدک نظریہ:

دن کے ابتدائی تیسرے حصے میں سفر کرنا سعد ہوگا، باقی دن نہ تو سفر اور نہ ہی کسی کام کی شروعات کے لیے بہتر ہے۔

اعمالِ حُب وتسخیر کے لیے موزوں ہے، دوسروں کی نوازشات کا حصول ممکن بنانے کے لیے طلسم تیار کیے جاتے ہیں، اس مقصد کے لیے چاندی کی گول لوح تیار کی جاتی ہے اور اُس پر ایسی عورت کی شبیہ کندہ کی جاتی ہے جو غسل کرتے ہوئے اپنے بال سنوار رہی ہو، زعفران و مشک کا بخور دیا جاتا ہے اور چاندی پر کندہ کرنے کی صورت میں سفید موم اور مصطگی کے آمیزے میں سیل کر کے رکھا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ زہرہ کو برج حوت میں شرف ہوتا ہے اور حوت کا حاکم مشتری اس منزل کا حاکم ہے، قمر اور زہرہ جب اس منزل میں حالتِ قران میں ہوں اور مریخ اپنے برج شرف یا ذاتی برج میں ہو اُس وقت اس منزل میں جنسی قوت میں اضافے کے لیے اشکالی نقوش وطلسم تیار کیے جاتے ہیں، اس مقصد کے لیے بھی عورت و مرد کی برہنہ تصاویر باہم بغل گیر چاندی کی لوح پر کندہ کی جائے اور اسے لوبان، کافور و مستگی کا بخور کیا جائے جب تک قمر اس منزل میں رہے، بخورات جلا کر لوح کی تنجیم کی جاتی رہے، بعد ازاں محفوظ کر لیا جائے۔

یونانی اور عرب نظریہ:

27 ویں منزل کا آغاز برج حوت کے 4 درجہ 17 دقیقہ 10 ثانیہ سے ہوگا، اس کا حاکم سیارہ شمس ہے، اسے ''دوسری نقاشی'' کا نام دیا گیا ہے۔

کاروباری شراکت کا آغاز تو اچھا ہوگا لیکن انجام نقصان دہ اور برا ہوگا، فصلوں، مالیات اور ذاتی کاروبار کے فوائد میں اضافہ۔ ضعف اور ناتوانی کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔

آبی سفر میں خطرات ہوں گے، غلاموں کی خریداری یا ملازم رکھنے کے لیے نحس ہے، اس دوران میں گرفتاری ہوئی تو قید طویل ہو سکتی ہے، عمارتوں کی تعمیر میں رکاوٹ، جہاز رانوں کے لیے خطرات، دوسروں سے بگاڑ پیدا کرنے یا انہیں تنگ کرنے کے لیے مددگار ہے۔

ویدک نظریہ:

فصل کی بوائی، تجارت کے لیے فائدے مند، شادی کے لیے سعد، سفر سے پرہیز کریں، سوائے رات کے تیسرے پہر کے، باقی عرصے میں سفر کرنا بہت برا ہے، کسی کو کچھ سونپنا یا کوئی بھی شے ادھار دینا نحس ہے۔

طلسم الموخر

27 ویں منزل اپنے اثرات میں نحس ہے، اعمال عداوت کے لیے موزوں ہے، قدیم زمانے میں چشموں، تالابوں اور کنوؤں کے پانی کو خشک کرنے اور تباہی و بربادی کے لیے طلسم تیار کیے جاتے تھے، اس مقصد کے لیے ایسے آدمی کی تصویر بنائی جاتی تھی جس کے کاندھوں پر پَر نکلے ہوئے ہوں اور اس کے ہاتھ میں خالی کشکول ہو جس میں سوراخ ہو۔

آج کے زمانے میں ایسے فضول طلسمات کی کوئی ضرورت نہیں ہے البتہ اس منزل کی مناسبت سے جائز ضروریات کے لیے جفری طلاسم ترتیب دیے جاسکتے ہیں۔

الرشا

یونانی اور عرب نظریہ:

28 ویں منزل کا آغاز برج حوت کے 17 درجہ 8 دقیقہ 26 ثانیہ سے ہوگا اور اختتام 30 درجہ برج حوت پر ہے، اس کا حاکم سیارہ قمر ہے، اسے "مچھلیاں" کہا گیا ہے۔

کاروباری پارٹنرشپ کا آغاز اچھا اور انجام برا ہوگا، مال تجارت اور فصلوں میں اضافے کا باعث ہے، شادی شدہ جوڑوں کی خوشیوں کا سبب بنتا ہے، مسافروں کو خطرناک مقامات سے تحفظ عطا کرتا ہے۔

خریدا گیا غلام یا ملازم مغرور اور بدفطرت ہوگا، اس عرصے میں گرفتاری ہو تو رہائی مشکل ہوتی ہے، قید و بند کو پائیداری ملتی ہے، مالی نقصانات کا اندیشہ رہتا ہے۔

ویدک نظریہ:

کاروبار، بوائی، دوا، علاج معالجہ اور شادی کے لیے سعد، سفر سے پرہیز کریں، کسی کو کچھ سونپنا یا اُدھار دینا نحس ہوگا۔

طلسم الرشا

تمام نیک اعمال کے لیے اور خصوصاً طلسمات حب و تسخیر کے لیے موزوں ہے، مچھلی کے شکار کے لیے قدیم زمانے سے ایک طلسم مشہور ہے، شکار سے پہلے اسے پانی میں ڈالنے سے تمام مچھلیاں ایک جگہ اکٹھا ہو جاتی ہیں۔

تانبے کی گول لوح پر مچھلی کی تصویر کندہ کی جاتی ہے اور اسے سمندری مچھلی کی کھال کی دھونی دی جاتی ہے، اس طلسم کو طالع حوت میں اس وقت تیار کیا جائے جب قمر طالع کے درجات سے قران کرے، مشتری اور نیپچون سے نحس نظرات نہ ہوں، قمر عروج ماہ کا ہو اور نحوست سے پاک ہو۔

طلسم حُب و تسخیر کے لیے قمر اور زہرہ کا اس منزل میں قران مؤثر ثابت ہوگا، زحل سے قمر و زہرہ کی نظر ساقط ہو، اُس وقت مرد کی تصویر بنائی جائیں جو خواتین کے جھرمٹ میں بیٹھا ہو، اگر خواتین شہرت و مقبولیت چاہتی ہوں تو تصویر برعکس ہوگی یعنی ایک خاتون مردوں کے جھرمٹ میں دکھائی جائے گی، اس طلسم کو ہاموکل کندہ کرنے کے بعد تو سامنے رکھ کر تجسیم کی جائے۔

❖❖❖

حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہو تو اُسے حق ہوگا
کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضا)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کے لیے تیار کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ قبل ازیں پانچ روپے کے شرفِ مشتری کے نوٹ **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کر کے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیض یاب کیا۔ **12** سال کے بعد کائنات میں خیر و برکت کی لہریں نصیب یاوری، رزق و دولت ارزاں ہیں۔ انہی ساعتوں کو حامل **شاہ زنجانی** نے آپ کے لیے سمیٹ لیا ہے۔ شرفِ مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہو جائے گا۔ اس نوٹ کی کی **(Key)** اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔ تبھی شرفِ مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔ جس طرح **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** کے ابجد قمری **786** ہیں اور مفرد عدد **3** ہے۔ اسی طرح **اللہ** کے ذاتی نام کے اعداد **66** جس کا مفرد بھی **3** ہے۔ سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ روحانی تحقیق کے مطابق مشتری اللہ، اولیاء اللہ، انبیاء، ولی، قطب، ابدال، رجال الغیب، غوث، قلندروں کا نمبر **3** سے رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ شرفِ مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کے لیے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لے کر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔ آپ اللہ سے تجارت کر کے یقینی نفع پا سکتے ہیں۔

نوٹ: حاصل کرنے کے خواہاں بہن بھائی **2** ہزار **50** روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ ان کی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں **1900** روپے ہدیہ دے کر رسید کے ساتھ شرفِ مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کر دیا جائے گا۔ اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کے ساتھ **100** روپے کے علاوہ **50** روپے ڈاک خرچ ارسال کر دیں۔

علم نجوم قدیم جدید بین الاقوامی علم ہے۔ اہل ہند اِسے وید یا ساگر یعنی تمام علوم کی ماں کہتے ہیں۔ ایک اچھا نجومی بننے کے لیے مزید علوم بھی آنے چاہئیں۔ مثلاً فہم القرآن. علم جغرافیہ، علم نفسیات، علم طب، طب نبویؐ سے آشنائی، عربی، فارسی، انگلش زبانوں سے بھی قدرے آشنائی۔ علم الفلکیات (آسٹرانومی یا فلکیات سائنسی علم ہے. جبکہ علم نجوم سائنسی علم کے ساتھ ستاروں کی آسمانی گردش کے ردِعمل کے طور سے اخذ کیے گئے کسی کلیہ قاعدے کے تحت علم کو علم نجوم کا درجہ دیا جاتا ہے۔ بلاشبہ علم نجوم بھی ایک سائنسی علم ہے۔) ایک اچھے منجم کی عالمی حالات و واقعات پر نظر ہونی چاہیے۔ یہ صدی جدید علوم (کمپیوٹر) کی صدی ہے۔ قدیم قلمی نسخوں، کتب سے نکل کر یہ علم اب کمپیوٹر کی زبان میں بھی بتدریج منتقل ہو رہا ہے۔ آج کے ماہر علم نجوم کو کمپیوٹر سے نجوم کے متعلقہ پروگرام چلانے کی مہارت ہونی چاہیے۔ پیچیدہ نجومی حسابات کمپیوٹر نے آسان کر دیے ہیں۔